اکٹیا ریسموسا۔ ریٹھوں کی اور ہسٹیریائی اینٹھن کی جس میں اعصاب اور عضلات اور پٹھے مبتلا ہوتے ہیں۔ بہت ہی غمگین یا جذبات غم میں دبا ہوا۔ ایام حیض شروع ہونے سے پہلے تمام علامات کی زیادتی۔ اس دوائی میں تکلیف کا سبب عموماً ایام حیض کی بے قاعدگی یا رحم یا بیضہ دانی کی دوسری بیماریاں ہوتی ہیں۔

ایسافیٹڈا۔ جب درد پیٹ میں سے باؤگولا اٹھنے کی وجہ سے ہو۔ دورے کے دوران کھائی ہوئی خوراک کی قے پیشاب کی تکالیف۔ باؤگولا جو کر دباؤ کے ساتھ حلق میں پھنسا ہوا یا گلے میں پھنسا ہوا معلوم ہو۔ متلی مریضہ اکثر نگلنے کی کوشش کرے۔

سکوٹا وائروسا۔ احساس کے نہ ہونے کے جن میں غیر ارادی طور پر پٹھوں کا پھڑکنا اور دھچکے لگنا۔ خاص طور پر بازوؤں اور انگلیوں کے۔

پلوتھوس۔ مدر ٹنکچر کے دس قطرے دیجئے۔ ہسٹیریا کی خاص دوائی ہے۔

سناموتم۔ جب دورہ ڈکاروں، متلی۔ قے کے ساتھ ختم ہو تو ایام حیض دوران میں بہت زیادہ اور زیادہ عرصے تک خونِ حیض جاری رہے۔

میگنیشیا میور۔ تشنج۔ غش کھانا۔ باؤگولا رحم کے حصّہ میں نیچے کی طرف دباؤ۔ رحم کا تشنج۔ خونِ حیض سیاہ درد کمر کے ہمراہ۔ بر پاخانہ کے بعد لیکوریا۔ اور رحم کا تشنج۔ نظام انہضام درہم برہم۔ دوپہر یا شام کے کھانے کے بعد غش کھانا۔ ڈکاروں سے افاقہ۔ ادھر ادھر چلنے سے دل کی دھڑکن کو افاقہ۔

سنیشو اورئیں۔ ہسٹیریا حیض کے دبنے سے۔

اپیکاک۔ ہسٹیریا متلی اور قے کے ہمراہ۔

ویلیریانہ۔ اعصابی ہیجان۔ نچلا نہ بیٹھ سکے یا سکون سے نہ بیٹھ سکے۔ پھاڑنے والے درد جن کو حرکت سے افاقہ ہو۔

نکس ماسکاٹا۔ یادداشت کا کھو دینا۔ پچھلے واقعات کو بھول جائے کہ وہ تمام دن اپنے بیٹے سے باتیں کرتی رہی ہے۔ جب اسے چھیڑا جائے تو یہ بھول جائے کہ وہ ابھی ابھی کیا رہی تھی

اونگھ۔ غنودگی۔ غشی۔ مریض کیحالت حیرانی و پریشانی۔ عجیب وغریب ماحول۔ خواب جیسی کیفیت یا بیہوشی پیدا کرنے والی حالت سے تبدیل ہو کر غیر حاضر دماغ۔ نیند آخر کار بدہوشی۔ جذبات و احساسات کا کھو دینا واقع ہو جاتا ہے۔ بدلنے والی کیفیت، ایک وقت ہنسے اور دوسرے لمحے غمگین ہو جائے۔ سمجھنے میں غلطیاں کرے۔ چیزیں اپنے قد سے بڑی معلوم ہوں لیکن جب ان کو مستقل مزاجی سے دیکھے تو صحیح معلوم ہوں۔ سر اور داڑھی و ٹھوڑی کا چھاتی پر گرنا۔ یہ اس طرح گھومتا ہے جیسے کہ یہ بہت بڑا ہو۔ مسا اور گلے میں خشکی۔ دل کی دھڑکن بہت ابھارہ۔

ہائیوسائیمس۔ معمولی تشنج یا بغیر تشنج کے ہسٹیریا کے دورے۔ دو، دو، تین تین گھنٹے پر محیط ہسٹیریا کے لمبے دورے۔ دورے کے دوران مریض بدل بدل کر چلائے اور ہنسے۔ پیٹ پر انگلی تک لگانا برداشت نہ کرے۔

ماسکس۔ موزوں ہے جب مریض جلد ہی بیہوش ہو جائے۔ ایک رخسار سرخ اور ٹھنڈا دوسرا زرد اور گرم۔ پرجوش۔ برا بھلا کہنے والا۔ بیہوش کرنے والی ٹھنڈک حلق اور پھیپھڑوں کا تشنج۔

پلاٹینا۔ تشدد کے جنون میں کارآمد دوائی ہے یا مغرور طبیعت رکھنے والے مریض۔

للیم ٹگرینم۔ ہسٹیریائی عورتوں کے لئے، وہ اچھے طریقہ سے نہ بولیں یا اچھے الفاظ بولنے میں استعمال نہ کریں۔ بہت ہی زیادہ چڑچڑی۔ خیالی پلاؤ سے پُر۔ پاگل پن۔ مذہبی جنون۔ اور تصورات دل کی بیماریوں کے ہمراہ نیچے کی طرف کھچاؤ جیسے کہ تمام اعضاء نیچے کھینچ رہے ہوں۔

گیسٹوریم۔ نامکمل ہسٹیریا سے پہلے اعصابی دورے۔ پٹھوں کا پھڑکنا۔ بہت زیادہ کمزوری کے ساتھ۔ دباؤ سے تکالیف میں آفاقہ۔

حیض کا قولنج زرد اور ٹھنڈے پسینے

تھائرائیڈینم۔ بازوں اور چہرے کی سوجن یا استسقاء ہسٹیریا کے ہمراہ۔ حیض کے وقت ہسٹیریا کے حملے۔ ہسٹیریائی دوروں کے رجحان کے علاج کے مندرجہ ذیل ادویات بچا سکتی ہیں۔ زنکم ویلر ۳x، سیپیا ۳۰x، ماسکس ۶x، کالی فاس ۳۰x۔ اور سکوٹیلیریا ٹنکچر یا پہلی ڈائیلیوشن۔

امونیا کارب :- تنگیٔ تنفس۔ بیہوشی کے دورے۔ بے چینی اور حرکت سے ناتوانی یا شدید کمزوری کے ساتھ ہسٹریا ۲۰۰ یا اس سے اوپر کی پوٹینسی دیجئے۔

نیٹرم میور۔ اگنیشیا کی مزمن ہے، جب اگنیشیا عمل کرنا بند کردے تو یہ دی جانی چاہیئے۔ ادل بدل کر روئے اور ہنسے۔ اپنی محبت کے جواب کے جذبات کو قابو نہ رکھ سکے۔ شادی شدہ آدمی گھریلو نوکرانی کی محبت میں گرفتار ہو جائے۔ وہ جانتی ہے کہ وہ عقلمند نہیں ہے لیکن اس سے بچ بھی نہ سکے۔ اس سے بچ بھی نہ سکے، اس دوا کا استعمال اس کے دماغ کو ٹھیک کردے گا۔

ٹیرنٹولا ہسپانیولا۔ گانے اور ناچنے کی نہ رکنے والی خواہش۔ ناچنے کا جنون۔ سر کو مارے، بالوں کو نوچے، کپڑوں کو پھاڑے۔ چیزوں کو تباہ کرے۔ اپنے آپ کو اور دوسروں کو مارے۔ بوڑھے لوگوں کو منہ چڑائے۔ دورے، بیہوشی اور نیند پر منتج ہوں۔

کونیم۔ جنسی افعال سے رکنے پر ہسٹریا۔

کاسٹیکم۔ دوران حیض مرض میں زیادتی۔ خشک ٹھنڈی ہوا لگنے سے زیادتی مرض۔

ضعف عقل۔

ٹیوبرکولینم اس دوائی کے ساتھ علاج شروع کرنا چاہیئے۔ علامات کے ساتھ دوسری ادویات کے ساتھ ا۔ ایم طاقت پندرہ دن میں ایک دفعہ دیں۔

برائیٹا کارب ۔ ضعفِ عقل کی چوٹی کی دوا ہے۔ بچے ذہنی اور جسمانی طور پر لمبے ہونے اور نہ بڑھیں یا نشوونما نہ ہو۔ پیٹ پھولا ہوا ہو۔ ٹھنڈ سے جلد متاثر ہوں۔ گلے کے غدود (لوزتین) سوجے ہوئے۔ یہ ا۔ ایم ٹیوبرکولینم سے ادل بدل کر دیجا سکتی ہے

کلکیریا کارب ۔ پریشان، تشویش مند۔ شام کے وقت زیادہ پریشانی۔ دلائل کے نہ ہونے سے ڈرے۔ بدقسمتی سے ڈرے۔ بھولنے والا پریشان کم حوصلہ۔ دل کی دھڑکن کے ساتھ پریشانی ضد۔ ہٹ۔

برائیٹا میور۔ جو بچے منہ کھول کر چلیں اور ناک میں بولیں۔ دیکھنے میں بے وقوف۔

کلکیریا فاس ۔ کمزور۔ دُبلے پتلے اور خون کی کمی والے مریض چڑچڑے ہر وقت کسی دوسری

جگہ جانا چاہیں۔

سفلینم۔ درمیان کی دوائی جبکہ ٹیوبرکولینم اور بریٹا کارب مکمل طور پر شفا نہ دے سکیں یا جب وہ غیر مؤثر ثابت ہوں یہ ضروری ہے کہ مندرجہ بالا ادویات کے ساتھ ادل بدل کر یہ دوائی دیجائے۔

ایتھوزا۔ ضعیف العقل بچے جو دماغی بھراؤ کی وجہ سے سمجھ نہ سکیں۔ اگر وہ ایک حد تک کسی امتحان کی تیاری کر رہے ہوں وہ مزید پڑھائی بے فائدہ محسوس کریں۔ جو کچھ پڑھایا گیا ہو وہ گڈ مڈ معلوم ہو اور یاد نہ رکھ سکے۔

تحریکات

آئیوڈم۔ گرم مزاج مریضوں میں جو ہمیشہ ٹھنڈی ہوا۔ ٹھنڈے پانی سے نہانے سے شدید تحریکات محسوس کریں، بغیر کسی وجہ کے کسی پٹینا چاہیں۔ اپنے آپ کو قتل کرنے کی تحریک لیکن مزاحمت کرے۔ کسی کو مارنے یا تباہ کرنے کی نہ رکنے والی اچانک خواہش یا تحریک۔

آرم میٹ۔ اپنے کو بلندی یا کھڑکی سے گرا کر خودکشی کرنے کی تحریک۔ خودکشی کے خیالات کود جانے کی تحریک۔

ہکسوامیکا۔ خودکشی کرنا چاہے لیکن حوصلہ نہ پائے۔ اپنے بچے کو آگ میں گرانے کی تحریک۔

آرسینک البم۔ حجام جو کہ سرد مزاج مریض ہو گرم کمرے میں رہنا چاہے۔ شیو کے دوران میں اپنے گاہک کو اُسترے سے قتل کرنا چاہے۔

آرجنٹم نائٹریکم۔ دریا میں چھلانگ لگانے یا کھڑکی سے کود جانے کی تحریک۔

لائی سین۔ اپنے گوشت میں چاقو گھونپنے کی تحریک۔

اسٹیلاگوایم۔ خودکشی کرنے کی تحریک خاص طور پر پانی میں ڈوب کر۔

الیومنا۔ جب تیز دھار آلہ یا خون دیکھے اندر سے خواہش اٹھے اپنے آپ کو قتل کرنے کی۔

پلاٹینم۔ اپنے بچے کو قتل کرنے کی تحریک یا جوش۔ اپنے خاوند کو قتل کرنے کی نہ رکنے والی خواہش جیسے کہ وہ ٹوٹ کر محبت کرتی ہو اور اطمینان کیساتھ خوشی خوشی زندگی گذار رہی ہو۔

سٹیفسیگریا۔ کسی آدمی پر چیزیں دے مارنے کی تحریک جس نے معمولی سی بات بھی طبیعت

کے خلاف کی ہو یا خیالی غصے سے چڑچڑا پن۔
ہیپر سلفر۔ تشدد کرنے کی تحریک یا خواہش اور قتل کرنے کی خواہش بغیر کسی ناراضگی گے اور بغیر کسی وجہ کے اس دوائی اور آرسینکم ایلبم میں زیادتی مرض کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے۔ دونوں ٹھنڈا یا سرد اور ٹھنڈ سے متاثر ہونے والی ادویات ہیں وہ گرمی اور حرارت چاہتے ہیں جبکہ آئیوڈم کا مریض گرم ہوتا ہے اور ٹھنڈے ماحول میں رہنا چاہتا ہے۔
مرکیورس سال۔ جو کوئی اس عورت سے اختلاف کرے اس کو مارنے کی خواہش۔ مارنے کی خواہش یا خودکشی کی خواہش یا چیزوں پر تشدد کرنے کی خواہش۔ ڈر ہے کہ عقل کھو بیٹھے گا۔ جو تحریک کی تکمیل کیلئے۔

بے رُخی ۔ بے اعتنائی ۔ بے پرواہی

امبر گریسیا۔ ہر چیز سے بے رخی۔ خوشی سے، غمی سے، لوگوں سے وغیرہ وغیرہ۔ ایسی چیزیں جو دوسروں کا دل توڑ دیں، ان سے بھی بے رخی۔
ایسڈ فاس۔ جب جنسی شاغل کی زیادتی سے کمزوری لاحق ہو جانے کے بعد زندگی کے معاملات سے بے رُخی ہو۔ ہر چیز سے دماغ بے اعتنائی برتے۔ زندگی میں یا بیرونی دنیا میں دلچسپی نہ دکھائے۔

آرنیکا	دماغ کی چوٹ
سکوٹا	کے بعد بے رُخی

فاسفورس۔ خراب نوشی کے بُرے اثرات کیوجہ سے اپنے بہت ہی پیارے دوستوں سے بے رخی اختیار کرے۔ اپنے بچوں سے بھی بے رخی اختیار کرے۔
سائیکلامین۔ سنِ یاس (عورتوں میں ۴۰ سال کی عمر کے بعد جب حیض بند ہو جائے) میں دماغی خلل سے بے رخی۔
فلورک ایسڈ۔ جن کو بہت زیادہ پیار کرتا ہو ان سے بے رُخی لیکن اجنبیوں کو پسند کرے۔
سیپیا۔ اپنے خاندان اور ان لوگوں سے جن کو بہت پیار کرتا ہے بے رخی یا بے اعتنائی برتے

جنون، مالیخولیا، (جنون یا خبط بھی دیکھیئے)

ہائیوسائمس - مریض باتونی، لڑاکا اور اپنے آپ کو ننگا کرنا چاہے - وہ کینہ پرور اور مراقی ہوتا ہے۔ احمقوں جیسی ہنسی ہنستا ہے۔ مضحکہ خیز ہنسی ہنستا ہے - مضحکہ خیز اشارے کرتا ہے - لوگوں کی طرف چاقو لے کر دوڑتا ہے - جو لوگ اسے ملتے ہیں انہیں مارنے دوڑتا ہے - جو قتل کرنے کی کوشش کرتا ہے - آدمی کو سؤر خیال کرتا ہے۔ خونخوار جانوروں کے کاٹے جانے سے ڈرتا ہے - مایوسی کی وجہ سے اپنے آپ کو ڈبو کر خاتمہ کرنا چاہتا ہے - خیال کرے کہ وہ غلط جگہ پر ہے - احمقوں جیسی ہنسی ہنستا ہے - تقریباً ہر وقت خوش خوش، جلدی جلدی بولے اور خوشی کے انداز میں بولے شدید حاسد - جسم کو ننگا کرنے کا رجحان اور اجنبی اعضاء دکھائے - عشقیہ اور فحش گانے گائے -

بیلاڈونا - جب سر میں اجتماع خون ہو - آنکھیں خون کی طرح سرخ ہوں - اور مریض بہت ہی غصہ میں - کپڑے پھاڑے - کاٹتا ہے - مارتا ہے - دولتیاں جھاڑتا ہے - چیختا چلاتا ہے -

ایسڈ فلور - جنون یا خبط کی ایسی حالت جب ایک کونے میں تمام دن خاموشی سے بیٹھا رہے - بغیر ایک لفظ بولے جب بلایا جائے تو بمشکل بولے - (پلسٹیلا)

سٹراموئیم - حاد جنون یا تازہ تازہ جنون بغیر سر کی علامات کے - تصوراتی لوگوں کو یا چیزوں کو دیکھے - مالیخولیا ٹھہرا ہوا - بہت باتونی - روشنی کی خواہش کرے - یعنی روشنی چاہے - کھانے پینے سے بچے اور کہے کہ ان میں زہر ملی ہے - بے چین - کانپے - بلا ارادہ پاخانہ اور پیشاب خارج ہو - حمل کے دوران پاگل پن -

اگیریکس ایم - بے خوف - دھمکیاں دے - تباہ کرنے کا جنون - اپنے اپنے کے خلاف ہو - اور زخمی کرے - پیشگوئیاں کرے - شعر کہے - خوش و خرم اور لاپرواہ - احمقانہ اور گھٹیا باتیں کہے - بے موقع گائے اور سیٹیاں بجائے -

آرم میٹ - غلط ذہن - زندگی سے محبت نہ خودکشی کرنا چاہے - دبا ہوا - افسردہ - دل شکستہ ناامید، کم حوصلہ - اپنے آپ کو اس دنیا میں رہنے کے لئے غیر موزوں تصور کرے - ہر وقت کڑھے

گرم موسم میں افاقہ اور ٹھنڈے موسم میں زیادتی مرض ۔

آرجنٹم نائیٹریکم ۔ مجنوں کا بڑھنے والا افالج یا زیادہ ہونے والا افالج ۔

سلیشیا ۔ انفلوئنزہ کے بعد جنون ۔

ٹیرنٹولا ہسپانیولا ۔ جنون اچانک ذہنی تبدیلی کے ساتھ جس میں وہ اپنے آپ کو یا دوسروں کو مارے، پھاڑے ٹکڑے کرے اور تباہ کرے ۔ اچانک شدید اور تباہ کن حرکات ۔ دورے کے بعد افسوس کرے اور معذرت کرے ۔ کسی ہونے والے واقعہ سے ڈرے ۔ کسی چیز سے ڈرے جو کہ موجود نہ ہو ۔ خطرناک چیزیں دیکھے جو کہ وہاں نہیں نہ ہی موجود ہیں ۔ بے قابو ہو کر ناچے اور گائے ۔ سر مارے اور بال نوچے ۔ بے چینی، آنکھیں کھلی اور ٹکٹکی لگا کر دیکھے ۔

لیکسس ۔ مذہبی جنون ۔ خود پسند ۔ حاسد ۔ نفرت اور ظلم کرنے والا ۔ اپنے سے بے جا محبت ۔ حسد ۔ بدگمانی ۔ جب وہ کسی کو آہستہ آہستہ باتیں کرتے دیکھے خیال کرے کہ وہ اس کے متعلق ہی باتیں کر رہے ہیں ۔

کیناییس انڈیکا ۔ بہت اونچے خیالات کے ساتھ جنون ۔ وقت آہستہ آہستہ گذرے ۔ جگہ غیر محدود معلوم ہو ۔

آرسینکم ایلبم اور وریٹرم ایلبم } ہر گھنٹے میں تبدیلی ہو ۔ ایک ہفتہ کے لئے ۔ جب جنون وقفہ دار بخار کے ساتھ ہو ۔ دوہرا چڑھے ۔ مریض نم دار ماحول میں رہے ۔

نیٹرم سلف ۔ جنون اور دماغی تکلیف سر میں زخموں کے ساتھ

لائی سین ۲۰۰ ۔ جنون پانی اور نہانے کی دماغی علامات کے ساتھ پانی پینے کی بھی خواہش ہو ۔ اپنے گھر کی چھت پر سے کود جانا چاہیئے ۔

کالی بروم ۔ کسی خاص نام کو سنکر اور خاص چیز کو دیکھکر غضبناک ہو جائے ۔

کاسٹیکم ۔ شدید ہذیان کے ساتھ جنون ۔ دماغی کمزوری ۔ ناامیدی ، پھنسیوں پر مرہم وغیرہ لگا کر دبانے سے ناامیدی ۔

برٹیامیور ۔ کسی بھی قسم کا جنون بڑھی ہوئی اور شدید جنسی خواہش کے ساتھ ۔ پھوڑوں کی بڑھتی ہوئی

کمزوری اور بڑھے ہوئے غدود۔

سائیکلیمن ۔ جب حیض جاری ہونے پر مالیخولیا کو افاقہ ہو۔

سلفر ۔ بکھرے ہوئے خیالات، اپنے خیالات کو مجتمع نہ کر سکے۔ جلد باز۔ تیز تیز چلے۔ اپنی خوراک پر تھوکے۔ زچگی کا جنون یا پاگل پن۔ بچے کی پیدائش کے بعد خاندان سے دلچسپی نہ رکھے۔ بچے کو دودھ نہ پلائے۔ خاموش رہنا چاہے۔ ہزار پوٹینسی میں دیجئے

کروکس ۔ شدید غصے میں پھٹ پڑے، اپنے بہترین دوست یا رشتہ دار کو دینا چاہے اور اسکے فوراً بعد پشیمان ہو جائے۔ طبیعت بدلے۔ ہنسنے کے بعد روئے۔

تھوجا ۔ مریض اپنے آپ کو شیشے کا بنا ہوا تصور کرے۔ اسلئے اپنی جلد کو محفوظ کرنے کے لئے کاغذات میں یا کسی دوسرے سامان میں لپیٹے۔ کسی بھی چیز کو چھونے سے ڈرے کہ وہ ٹوٹ کر دو حصوں میں نہ بٹ جائے۔

ملی لوٹس ۔ یہ دوائی ظاہر ہوتی ہے جب مندرجہ ذیل علامات ایک ساتھ ہوں۔

(۱)۔ مریض بھاگ جانا چاہے، خود کو مارنا چاہے۔ کینہ پرور۔ جو قریب آئیں انہیں مارنے کی دھمکیاں دے۔ خیال کرے کہ اس کے معدے میں شیطان ہے جو کچھ وہ کہتا ہے وہ اس کی تردید کرتا ہے۔

(۲)۔ اپنے آپ کو چھپانا چاہے کیونکہ وہ خیال کرے کہ لوگ اس کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ اعصابی۔ بزدل۔ اونچا بولنا چاہے کیونکہ وہ ڈری ہوئی ہے۔ بے خوابی۔

(۳)۔ بچ نکلنے اور اپنے آپ کو مار دینے کا جنون۔

(۴)۔ مذہبی جنون یا مذہبی مالیخولیا۔

ویریٹرم البم ۔ چیزوں کو تباہ کرنا چاہے۔ اپنے کپڑوں کو پھاڑ دینا چاہے۔ نمایاں تشدد اور تباہ کن۔ اپنے گھٹنوں پر گھنٹوں دعا میں مصروف رہے۔ یقین کرے کہ وہ بلند مرتبہ عیسیٰ ہے۔ زچگی کا جنون اور دنیاؤں کے بل ٹھنڈک اور ٹھنڈے پسینوں کے ساتھ۔ یہ ایک تہائی مریضوں کو ٹھیک کرنے کا امکان ہوتا ہے۔ مذہبی جنون، دلجوئی نہ کی جاسکے۔ کمرے میں ادھر ادھر

دوڑے - زمین پر ہی نظر رکھے یا کونے میں بیٹھ کر کُڑھے ، گریہ زاری کرے یا روئے ،
سیپیا - موروثی حیض کے جنون کے ساتھ - تنگی تنفس اور قبض ، گرم طبیعت مریض ۲۰۰
پوٹینسی کی خوراک میں دیجئے -
سٹیفسگیریا - حلق یا تھرسی کیوجہ سے پاگل پن یا جنون - جو کوئی بھی قریب آئے اسے لعنت
بھیجے یا گالیاں دے -
فاسفورس - حلق یا تھرسی کیوجہ سے پاگل پن یا حد سے زیادہ جنسی مشاغل میں مبتلا ہونا -
دق کے نتیجے کی وجہ سے پاگل پن - دماغی اور ریڑھ کی نرمی یا کوئی اور ضائع کرنے والی بیماری
آئیوڈیم - جنون کے آخری مراحل جب پریشانی دماغ میں بہت ہی تیز رفتاری کے ساتھ پہنچتی ہے
وہ بھول جاتا ہے کہ اس نے ابھی کیا سوچا تھا اور پریشان ہو جاتا ہے - دماغ آرام کرتا ہوا نہ
دکھائی دے اور دماغ تیز تیز خیالات اس کو پاگل بنا دیں - کھانا کھاتے وقت خیالات کا زبردست
اجتماع - باتونی پن ذہن میں خیالات اتنی تیزی کے ساتھ آئیں کہ وہ گھنٹوں جوش اور بہت
ہی زیادہ اعتماد کے ساتھ بولتا جائے - غیر معمولی بصیرت یا غیب دانی -
اینا کارڈیم - بہت ہی زیادہ دماغی کمزوری کے ساتھ جنون پاگل پن - ذہن مرکوز کرنے میں
دقت ، سرد مہری - مراق - مالیخولیا -
آرم آرسینکم - متعصّبوں کا پاگل پن - شرابیوں کا ، مذہبی لوگوں کا پاگل پن - سخت افسوس
کرنے والا - باتونی پن اور ہنسنا - زندگی سے شدید نفرت - شدید چڑچڑا پن - ضدی اور
آسانی سے ناراض ہو جانے والا - اپنے آپ کو غلط کام پر ملامت کرنے والا - دوسروں
کو تصوراتی زخموں کے لئے ملامت کرے -
بیوفو - کاٹنے کی رغبت یا رجحان -
حسد -
ہائیوسائیمس - قتل کی کوششوں ، غصے اور بداعتمادی کے ساتھ ، شہوانی جنون کے ساتھ -
حسد کے بُرے اثرات -

ایپس میلیفیکا - عورتوں میں بدگمانی اور حسد - گرمی - گرم کمروں اور گرم پانی سے نہانا جس سے مرض میں زیادتی -

لیکسس - ڈراؤنے تصورات کے ساتھ - منہ چڑانے کا رجحان مضحکہ خیز نظریات یا خیالات تکالیف سے یا امراض سے ، بیوی اپنے خاوند پر اور خاوند اپنی بیوی پر اعتماد نہ کرے - ہمیشہ ان کے اعمال اور حرکات کی نگرانی کریں - تکلیف کی توقع کرے - لڑکیوں میں بدگمانی اور حسد - اپنی دوست لڑکی سے بدگمانی -

پلسٹیلا نکسوامیکا سٹرامونیم	اگر مندرجہ بالا ادویات ناکام ہوجائیں تو ان ادویات کو دی گئی ترتیب سے استعمال کرائیے -

ناکام محبت

الیسٹ ناس - جب ناکامی محبت کی وجہ سے اونگھ آئے -

ہیلی بورس - جب ناکامی محبت کیوجہ سے قلت حیض واقع ہو -

ہائیو سائمس - مایوسی ، مرگی ، ہنسنے کی طرف مائل یا رجحان - مالیخولیا - خودکشی کی طرف مائل جس میں اپنے آپ کو ڈبو کرنے کا رجحان ہو حسد - ناخوشگوار محبت حسد کے ہمراہ -

اگنیشیا - جب محبت کی ناکامی غم کے ساتھ ہو جب ایک حساس نوجوان لڑکی اپنی محبت کے متعلق سمجھے کہ اس نے غلط محبت کی ہے اور نوجوان نے اسے مایوس کر دیا ہے - وہ اس دوائی کا استعمال سے فلاسفر اور سمجھدار بن جائے گی -

نیٹرم میور - ناکام محبت - محبت کا تعلق توڑ دینا چاہے لیکن توڑ نہ سکے -
جب اگنیشیا ناکام ہوجائے تو یہ دوا دیجئے -

محبت میں گرفتار ہونا -

نیٹرم میور - محبت میں غلط طور پر گرفتار ہو جانا - اپنے جذبات کو قابو میں نہ رکھ سکے شادی شدہ مرد یا گھریلو ملازم سے جب سے عام طور پر بچے ، وہ محسوس کرتی ہے کہ وہ اس معاملہ میں بے عقل ہے

لیکن اس سے بچ نہ سکے ۔ اس دوائی کا استعمال اُس کے دماغ کو صحیح کر دیگا ۔

باتونی پن ۔ (دیکھئے بولنا)

جھُوٹ بولنا۔

اوپیم ۔ جو لوگ جھوٹ بولنے کے عادی ہوں ان کیلئے یہ دوائی مفید ہے ۔
کلکیریا کارب ۔ چوری کرنے اور جھوٹ بولنے کا رجحان ۔
مارفینیم ۔ ۔ جھوٹ بولے ۔ چڑچڑا پن ۔ نقائص نکالے ۔ خواب جیسی حالت میں ہو ۔

جنُون ۔ (دیکھیئے ۔ پاگل پن)

برئیٹا میور ۔ کسی قسم کا بھی جنون / بڑھی ہوئی شہوانی خواہشات کے ساتھ ۔
ملی لوٹس ۔ بھاگ جانا چاہے یا اپنے آپ کو قتل کرنا چاہے ۔ آوارہ جو کوئی بھی قریب جائے تو اسے مارنے کی دھمکیاں دے ۔ مذہبی مالیخولیا یا مذہبی جنون ۔
سٹرامونیم ۔ شدید جنون قتل کر دینے کے رجحان کے ساتھ ۔ چھُرے سے زخمی کرنے یا کاٹنے کا رجحان ۔ پریشانی کے ساتھ اپنے منہ کو سؤر کی طرح کر دیتا ہے ۔ روشنی اور رفاقت کی خواہش ۔ تالیاں بجائے ۔ حمل کے دوران ۔ مذہبی جنون ۔ ہر وقت دعا مانگنا چاہے ۔ فضول اور بے سروپا خیالات کے بولے ۔ فریب نظر یا اوہام ہذیانی کیفیت کے ساتھ ۔ زچگی کا جنون ۔ باتونی اپنے آپ کو بے اختیارانہ گرائے ۔ روشنی میں کیفیت خراب اور اندھیرے میں افاقہ ۔
کوکولس انڈ ۔ جب حیض کے دبنے کی وجہ سے یا رکنے کی وجہ سے جنون لاحق ہو جائے ۔
ہائیو سائمس ۔ مزاحیہ ۔ کپڑے اتار کر ننگا ہونا چاہے ۔ حسد کے ساتھ جنون ۔ احمق ۔
وریٹرم ایلبم ۔ ہر چیز کو کاٹنا اور پھاڑنا چاہے ۔ خاص طور پر کپڑوں کو ۔ ہر کسی کو چومنا چاہے ۔
لیکسس ۔ گھر کی تباہی و بربادی کے بعد جنون ۔ مرگی کے حملے سے پہلے جنون ۔ مذہبی جنون برائی اور ظلم سے بھرا ہوا ۔ خود کو دھوکہ دے ۔ حاسد نفرت اور ظلم ۔ وہ اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کو اپنے بُرے افعال کی وجہ سے اپنی روحانی مِٹھکار کی کہانی سنا کر ناراض کرے ۔

اوپیم۔ ڈراؤنے خیالی تصورات۔ فحش۔ ناشائستہ۔

سیپیا۔ بہت زیادہ خونِ حیض کے دوران جنون یا سنِ یاس کے وقت جب اچانک خونِ حیض کے بند ہو جائے اور خاندان سے دلچسپی نہ رہے۔

پلسٹیلا۔ حیض کے دبنے کی وجہ سے جنون۔

بیلاڈونا۔ ایک لمحہ خوش لیکن دوسرے لمحہ ارد گرد بیٹھے والوں پر تھوکے یا کاٹنے دوڑے۔ یہ سٹرامونیم اور ہائیوسائیمس کے درمیان کی دوائی ہے، چونک جاتا ہے۔ کود جاتا ہے۔ نیند سے جاگے پر گر جاتا ہے۔

مرکیوریس۔ جنون، رات کو کپڑے دور پھینک دیتا ہے۔ کپڑے پھاڑتا ہے۔ بُرا بھلا کہتا ہے۔ بولتا ہے اور اپنے آپ کو بُرا بھلا کہتی ہے۔ اکثر تھوکتی ہے۔ اپنے پاؤں سے تھوک کو پھیلا دیتی ہے اور کچھ تھوک خود ہی چاٹ جاتی ہے۔ گائے کا گوبر یا جوہڑ کا گارا چاٹتی ہے۔ کسی کا کوئی نقصان نہیں کرتی لیکن جب چھوا جائے تو مزاحمت کرتی ہے۔ اجنبیوں کو ناک سے پکڑنے کی زبردست خواہش جب چل پھر رہی ہو یا سیر کر رہی ہو۔

ٹیرنٹولا سپانیولا۔ جنون۔ پہلے لڑائی پھر ہر ایک کو گالیاں دے۔ جس چیز پہ ہاتھ پڑے یا جو چیز ہاتھ میں آئے تباہ کر دے۔ اپنے کپڑے پھاڑے، ہنسے اور گائے۔ بوڑھے آدمیوں کی عمر کی وجہ سے منہ بنائے۔ دورہ بیہوشی کی نیند پر ختم ہو۔ چاہے کہ ہر چیز حرکت میں ہو۔ کسی دیکھنا برداشت نہ کرے۔ چاہتی ہے کہ اس کے رشتہ دار گھر کے ارد گرد بغیر کسی مقصد کے گھومیں۔ وہ نہیں چاہتی کہ کوئی بیکار بیٹھے یا سُست ہو۔

سلفر۔ فلسفیانہ جنون۔ کچھ نہ کرنا ہر وقت سوچتے رہنا کہ یہ کیسے ہوا، وہ کیسے ہوا اور آخر کار قدرت پر چھوڑ دینا۔ اور تب پوچھنا کہ اللہ تعالیٰ کو کس نے بنایا۔ اسکا باپ کون تھا اور اسی طرح۔

اگنیشیا رسیموسا۔ اعصابی درد کے غائب ہونے کے بعد جنون۔

کیوپرم میٹ۔ جنون کے دورہ کا خاتمہ پسینہ پر ہو۔

پلاٹینا۔ پریشان کن حالات کے بعد۔

آئیوڈیم۔ خاموشی اور سوچ بچار کے بعد جنون میں افاقہ۔

کلکیریا کارب۔ مذہبی جنون۔ مذہب کا پابند جنون کے نتیجہ پر کے طور پر تناسب کی تیز چال رہے۔

کیمفر۔ زرنگی کا جنون آنکھیں سُرخی ہوئیں۔ شرارے نکلتے ہوئے اور گھورتی ہوئی۔ زرد چہرہ۔ اور ماتھا ٹھنڈا۔ گالیوں کی زبان میں لعنت ملامت کرے۔ جلد خشک۔

نکس وامیکا۔ بے خوابی کی وجہ سے جنون۔ منہ کیطرف لیٹا ہوا۔ اور پُر جوش۔

اسٹیلاگو۔ نہانے کا جنون۔ خودکشی کرنے کی تحریک خاص طور پر ڈوب کر۔

مالیخولیا (پاگل پن بھی دیکھے) بھول جانا (دماغی غیر حاضری۔ حافظہ یادداشت۔ اور سوچنا۔

کنجوس۔ بخیل

لائیکوپوڈیم۔ حرص۔ طمع یا کنجوسی کی عادت کی چھڑانے کی دوائی ہے۔

پلسٹیلا۔ کنجوس۔ ناقابلِ اعتماد۔ غیر دماغی طور پر غیر حاضر اور کم حوصلہ۔

آرسینکم ایلبم۔ جب مندرجہ بالا ادویات فیل ہو جائیں تو کنجوسی کی عادت ہٹانے کیلئے مفید ہے۔

غلطیاں۔

لائیکوپوڈیم۔ حساب کتاب، حروفِ تہجی۔ الفاظ کے استعمال میں ہجوں میں لکھنے میں غلطیاں کرنا۔

نکس وامیکا۔ وہ پیمائشوں اور اوزان میں غلط جواب دیتا ہے۔

گلونائن
نکس ماسکاٹا } جگہوں یا محل وقوع میں غلطیاں کرنا۔ دیئے گئے نمبر پر آزمائش کیجئے۔
پٹرولیم

نیٹرم میور۔ بولنے اور لکھنے میں غلطیاں کرنے کا رجحان

کینابس سٹائیوا۔ لکھنے اور بولنے میں غلطیاں کرتا ہے جو کچھ پڑھتا ہے یا سُنتا ہے اس میں غلطیاں کرتا ہے۔

چائنا۔ غلط الفاظ استعمال کرے یا الفاظ کو غلط جگہ استعمال کرے۔

لیکسس۔ الفاظ لکھتے وقت غلطیاں کرے۔

لھوجا ۔ پڑھنے اور لکھنے میں غلطیاں کرے۔ آہستہ بولے جیسا کہ الفاظ کھو دے ۔

زیرو فاسفم ۔ کند ذہن ۔ مطالعہ کے وقت ذہن یکسو نہ کر سکے ۔ نام بھول جائے ۔ الفاظ کے آخری لفظ پہلے لکھے ، عام الفاظ کے غلط ہجے کرے ۔

الیومنا سلیکٹا ۔ بولنے اور لکھنے میں غلطیاں کرے ۔ بھول جائے ۔ بے پرواہ ۔ ڈھلمل یقین ۔ یا غیر پختہ یقین ۔ خیالات کی کمی ۔

مذاق اڑانا یا ہنسی اڑانا

لیکسس } دوسرے لوگوں یا رشتہ داروں کا مذاق اڑانا ۔
پلاٹینم } دی گئی ترتیب میں دوائی آزمائیے ۔

جلد گھبرا جانا ۔

کیلیڈیم ۔ بہت زیادہ گھبراہٹ ۔ اپنے ہی سائے سے گھبرائے ۔ شہوانی خیالات کے ساتھ تمام رات جاگتا رہے ۔ سونے سے پہلے اندیشہ ۔ مستقبل کا ڈر ۔ احمقانہ جرأت ۔ دروازے کا زور سے بند ہونا یا اخبار کے کھڑکھڑانے سے چونک جائے ۔

آیوڈم ۔ سخت گھبراہٹ ۔ چیزوں کو دور پھینک دے ۔ اور ان کو توڑ دے ۔ بغیر کسی وجہ کے لوگوں کو پیٹنا یا مارنا چاہے ۔ بھولنے والا ۔ کمزوری اور چڑچڑاپن ۔

ایسڈ فاس ۔ پرانے غم کی وجہ سے اعصابی کمزوری ۔ زیادہ دماغی کام ۔ جنسی مشاغل کی زیادتی جسم اور دماغ پر اعصابی دباؤ ۔

کیسٹوریم ۔ ٹائیفائیڈ بخار کے بعد اعصابی کمزوری اور چڑچڑاپن ۔ اعصابی کمزوری کے حملے جبکہ نامکمل ہسٹیریا ہو ۔ شدید کمزوری کے ساتھ پٹھوں کا پھڑکنا ۔

ایپس میلیفیکا ۔ لڑکیوں میں اعصابی کمزوری ۔ بے چینی کے ہمراہ ۔ گھبراہٹ ۔ بے وقت کی ہنسی ، کام کے وقت متلون مزاجی ۔ بھدی چیزوں کا ہاتھ سے گر پڑنا ۔ اور تب ہنسنا ۔

کالی فاس ۔ اعصابی کے لئے شاندار اور چوٹی کی دوا ہے ۔

لیک کینیم - ضرورت سے زیادہ حساس۔ مثال کے طور پر ایک مریض کئی دنوں سے انگلیاں علیحدہ علیحدہ کئے ہوئے پڑا ہے۔ اگر وہ جڑ جائیں تو آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔

نیٹرم کارب - معمولی سی آواز سے گھبرا جانا یا پریشان ہو جانا۔ دروازے کا زور سے بند ہو جانا۔ اعصابی گھبراہٹ اور دل کی دھڑکن بہت زیادہ تھکاوٹ کے ساتھ۔ کاغذ کا کھڑکھڑانا۔ دل کی دھڑکن اور چڑچڑاپن پیدا کر دے۔ گانا خودکشی کے رجحان کا سبب ہے

کافیا - اعصابی گھبراہٹ - بے خوابی - رونے کا جذبہ - اعصابی درد - پٹھوں کا پھڑکنا - دانت درد - جبڑے کا درد - سُرخ چہرہ اور گرم سر خاص طور پر خوشی کی وجہ سے یا اچانک خوشی یا مریض کسی بڑے کام کے لئے محنت کر رہا ہو۔

کالوسنتھس - جھلاہٹ یا چڑچڑاپن اور اعصابی تھکان - کاروبار میں ناکام ہونے کی وجہ سے یا عورت میں جو اپنے خاوند کی دن رات نگرانی کرے دوسری عورتوں سے دور رکھنے کے لئے

کونیم - رانڈ عورت اور رنڈوا مرد میں اعصابی تناؤ جو کہ اپنے جنسی تعلقات سے اچانک محروم ہو جائیں۔ جسم اور دماغ کی کمزوری دماغی یکسوئی نہ کر سکیں - کانپنا۔ ہلنا اور پٹھوں کا پھڑکنا۔ اعصابی۔ پژمردہ حالت - زندگی سے تھکے ہوئے۔

کالی آئیوڈ - اعصابیت اور دماغی تھکاوٹ - جب آرام کر رہا ہو اور لگاتار حرکت اور چلنے سے مرض میں زیادتی سخت ظالم اور چڑچڑا۔

کروٹیلس ہوا - اعصابیت اور دماغی تھکاوٹ - کانپتا ہوا - گھبرایا ہوا - کمزوری - قوت حیات کی اچانک اور شدید کمی اور انتہائی کمزوری - باتونی -

آرم میٹ - رانده ہوا، غم سے پُر - ہر چیز سے غیر مطمئن - مالیخولیا - تصوّر کرے کہ وہ اس دنیا کے لئے غیر موزوں ہے - موت کی خواہش کرے - جو اس کو خوشی دے - اڑاکا - جھلایا ہوا - شدید معمولی سی بھی اختلاف رائے برداشت نہ کرے -

کیمفر - انتہا پسندی کی دوائی - پہلے پہل تشدد - جوش اور جنون اور بعد میں جوش غائب، ہونا - بیہوشی اور ٹھنڈا پن - شدید کمزوری اور تھکاوٹ شدید -

نکسوامیکا - لڑاکا - ملامت کرے - تشدّد کو بھی، طاقت ور خوشبویات - تیز روشنی کوئی آواز
یا بولنے کو برداشت نہ کر سکے - غیر مستقل مزاج -
کالکولس - ہشاش بشاش دکھائی دے - اپنی صحت کی طرف توجہ نہ دیں - دوسروں کی بیماری کی طرف
زیادہ متوجہ اور پریشان بہت ہو - اعصابی نظام کی شدید بے چینی - معمولی سی بھی آواز یا کرخت
آواز ناقابلِ برداشت، تھوڑی دیر کے لئے بھی بازو سیدھے کئے جائیں اور وہیں رکھے رہ جائیں -
اور جب ڈھیلے کئے جائیں تو درد کریں - دماغ اور جسم کے کام سُست، فالجی کمزوری پیدا کریں -
تھریڈیون - بہت حساس اعصابی حالت کمزوری و کانپے، ٹھنڈک - پریشانی غش کھانے اور
آسانی کے ساتھ گھبرا جانا -
جیلسیمیم - ڈر - صدمہ اور مشکل کی شکایات - ایک سپاہی جنگ کو جاتے ہوئے بے اختیار
پاخانہ کر دے - ڈر کی وجہ سے بلا اختیار پیشاب کر دے - حیرانی و ڈر کا ہمراہ ہونا -
آرجنٹم نائیٹریکم - جب کسی دوست یا اجنبی کی ملاقات کے لئے یا ڈرامہ کے لئے کپڑے پہن رہا
ہو تو اچانک اسہال کا حملہ - یہ سب اعصابی اکساہٹ کی وجہ سے ہوتا ہے -
کریوزوٹم - ذہنی طور پر بہت چڑ چڑا - بہت سی چیزوں کی خواہش کرے لیکن جب پیش
کی جائیں تو انکار کر دے - کوئی چیز بھی موزوں نہ لگے اور کوئی چیز بھی اسے مطمئن نہ کر سکے -

ضعفِ اعصاب - یا اعصابی کمزوری - اعصابی تھکاوٹ، دماغی تھکاوٹ

یا تھکاوٹ - (دیکھیے دماغی تھکاوٹ اور غمی)

کالی فاس - ضعفِ اعصاب کے لئے بہترین دوائی ہے - یہ خاص طور پر ان کے لئے
اچھی ہے جو کم اعصابی طاقت کے ساتھ یا کمزور اعصابی طاقت کے ساتھ پیدا ہوئے ہوں -
شرمیلے یا بہت زیادہ رات کو احتلام - مجامعت کے بعد شدید کمزوری یا جنسی طاقت گھٹی ہوئی
یہ بڑی بڑی علامات ہیں
سٹرکنیا فاس - یہ دوائی کالی فاس کے بعد اچھی دوائی ہے - اعصابی طاقت کی بے ترتیبی

سے یہ دوائی ظاہر ہوتی ہے۔ بعض اوقات بہت زیادہ یا بعض دفعہ بہت تھوڑی ذہن اور پٹھوں پر کنٹرول نہ رہے۔ یہ عام قلتِ خون میں بھی دی جاتی ہے۔

پکرک ایسڈ۔ یہ سٹرکنیا فاس کے بعد مفید ہے۔ ذہنی اور جسمانی کمزوری اس کی رہنما علامت ہے۔ تھوڑی سی محنت ہی سے تھکاوٹ محسوس کرنا۔ بولنے کی خواہش نہ ہو یا کوئی کام کرنے کی خواہش ہو۔ لیٹے رہنا چاہے۔ بھوک کی کمی۔ بے عملی یا بے حسی کا رجحان۔

امبرا گریسیا۔ بہت ہی ناخوشگوار اشیاء کے درمیان رہنا پڑے جو اس کے حواس پر مسلط ہوں اور وہ ان سے چھٹکارا نہ حاصل کر سکے۔ تیز تجسس۔ بہت ہی ناخوشگوار چیزوں کے درمیان رہے۔ جو اس پر مسلط ہوں۔ اعصابی ٹوٹ پھوٹ۔ ٹوٹی ہوئی شخصیت۔ خاندان میں اموات۔ کاروبار میں ناکامی وغیرہ کے صدموں کی وجہ سے ذہنی کمزوری۔

نیٹرم میور۔ ماضی کی تلخ یادوں پر غور و خوض ہو۔ رات کو جاگ کر ان پر غور کرتا رہے۔ یہ اگنیشیا کی مزمن ہے۔ اس کی تکمیل کرنے والی ہے۔

آرجنٹم نائٹریکم۔ جب کالی فاس فیل ہو جائے تو یہ دوائی دی جائے۔ خاص طور پر جب کہ ریڑھ کی ہڈی میں کمی ہو۔ اعصاب اور پٹھوں پر اختیار نہ ہو۔ بازو کانپتے ہوں۔ جب ملاقات مقرر کی ہو۔ وہ پشیمان ہو جاتا ہے۔ پسینہ پسینہ ہو جاتا ہے۔ جب شادی ہو اور اس میں عشائیہ ڈرامہ یا چرچ میں جائے۔ پشیمانی کے ساتھ ڈرے۔ یا اسہال بھی آئیں۔ مٹھائیوں کی زبردست خواہش جو موافق نہ آئیں۔ اعصابی مالیخولیا، پر درد ٹھنڈک کے ہمراہ کانپے۔ دماغی تھکاوٹ چکر۔ نرم پٹی اور دباؤ سے تکالیف میں افاقہ ہو۔ حلق میں پھانس کا احساس ڈکار اور گاڑھی رطوبت کی قے۔ گیس کی تکلیف جو کہ گرمی سے اور رات کو زیادتی ہوتی ہے۔

زنکم۔ دماغ اور پٹھوں کی شدید تھکاوٹ جب یہ مرگی یا اس کے غلط علاج کی وجہ سے ہو۔ یہ کاروبار میں ناکامی کی پریشانی یا طلباء میں بہت زیادہ دماغی محنت کی وجہ سے ہو۔ یادداشت کمزور۔ سوچنے کی نااہلیت۔ چکروں کے اکثر حملے جن کو لیٹنے پر افاقہ ہو۔ مریض بے پرواہ ہوتا ہے۔ غیر ممدد ہوتا ہے۔ جنسی زیادتیوں سے نامردی۔ یہ دوائی کافی عرصہ تک پوٹینسی کی تبدیلی کے ساتھ استعمال کرنی چاہیے۔

ہائیپریکم ۔ اعصابیت کسی بھی قسم کی ہو صدمہ یا جگہ کی تبدیلی کی وجہ سے یا کار کے حادثہ وغیرہ
گفتار کانپتی ہوئی اور جھجک کے ساتھ ۔ مریض خاموش رہے اور زندگی میں دلچسپی نہ لے ۔

اینا کارڈیم ۔ اعصابی تھکان ۔ زیادہ پڑھائی کی وجہ سے یا مادہ منویہ کے اخراج کی وجہ سے ۔
یادداشت کمزور محسوس کرے وہ دو ہیں ۔ اس کی ہر سمت یا ہر طرف اجنبی ہیں ۔ اس کا اپنا بچہ اس کا
بچہ نہیں ہے ۔ ذہن اور جسم علیحدہ علیحدہ ہیں ۔ مختلف قسم کے اثرات کا دباؤ اس پر پڑ رہا ہو ۔ ایک
سے کہتا ہے کہ برائی کرے اور اچھائی کے لئے کہے ۔ سب خواب معلوم ہو اور اس دنیا میں کوئی چیز بھی
حقیقی نہیں ۔

آرجنٹم میٹ ۔ انسان کی یادداشت اور ذہن کا بگاڑ ۔ دلیل دینے کے نا اہل ۔ سوچنے کے
اہل ۔ ذہنی صلاحیتوں کی کشمکش کاروباری آدمیوں ۔ طلباء پڑھنے والوں اور سوچنے والوں میں ۔

آرم میٹ ۔ غم کی وجہ سے تکالیف ۔ ناکام محبت ۔ ڈر ۔ غصہ ۔ اختلاف رائے ۔ عزت
نفس کو کچلنے کی تکالیف ۔ اپنی حالت پہ کڑھے اور دنیا سے نفرت کا اظہار کرے ۔ اپنی ذہنی
حالت کسی کو نہیں بتاتا ۔ اور تب خودکشی کر لیتا ہے ۔

کونیم ۔ ذہنی مشقت کے ناقابل ۔ یکسوئی کی کمی ۔ کسی چیز پہ توجہ نہ مرکوز کر سکے ۔ آہستہ سمجھے ۔

ڈیجی ٹیلس ۔ خوفزدہ ۔ پشیمانی ۔ علیحدہ رہنا چاہے ۔ غمی ۔ مالیخولیا ۔ ناامیدی اور بے چینی ۔
فیصلہ نہ کر سکے ۔ نبض بے قاعدہ ۔ کمزور اور آہستہ ۔ اپنے آپ سے کام لینے کی نا اہلیت ۔

سائپریڈیم ۔ لمبی بیماری سے اعصاب کا درہم برہم ہو جانا ۔ چائے کافی کا بے تحاشا
عادی ہونا ۔ انفلوئنزہ کے بعد دماغی ہیجان ۔

میگنیشیا کارب ۔ زندگی کے تھپیڑوں کی زیادتی سے اعصاب کا تھک جانا ۔
۲۰۰ پوٹینسی دیجئے ۔

زنکم میٹ ۔ آواز ۔ کاغذ کے کھڑکھڑانے ، بولنے یا اپنے بہترین دوست کی بات
سننے سے بھی حساس ۔

میفائیٹس ۔ بجلی طاقت میں دینے سے اعصابی نظام کو درست اور تھکاوٹ کو دور کرتا ہے ۔

ایپس ایم ۔ اعصابی لڑکیاں، بے چینی اور اشتعال پذیری ۔ بے وقت کی ہنسی کام کے وقت متلون مزاجی ۔ بھدی چیزوں کو ہاتھ سے گرائے اور ہنسے ۔

کاربو ویج ۔ چیزوں کو سمجھنے کی نااہلیت ۔ بلاتمیز کردہ خوشگوار ہیں یا ناخوشگوار ہیں ۔ جب خوفناک چیزوں کے متعلق بتایا تو وہ اثر کرتی دکھائی نہ دیں اور نہ ہی خوشگوار چیزیں اسے خوشی دیں ۔ سکول کے لڑکے اور لڑکیاں جو آہستہ آہستہ سیکھیں اور رات کے خوف میں مبتلا ہوں ۔ وہ اکیلے نہ سو سکتے ہوں ۔ یا بغیر کسی اور کے کمرے میں نہ جائیں ۔

سینٹورا گکانا ۔ احمق پن اور دماغی ابتری مریض ادھر ادھر اور ہر جگہ تیزی سے چھٹتا پھرتا ہے ۔ کوئی کام شروع کرتا ہے بغیر مکمل کئے چھوڑ دیتا ہے اور دوسرا کام شروع کر دیتا ہے ۔ اور دوسرا اسی طرح پڑا رہتا ہے ۔ سست اپنے آپ کو یکسو نہ کر سکے ۔

اگنیشیا ۔ سر درد کے ساتھ شدید اعصابی تھکاوٹ ۔ کانپنے بے خوابی بچے یا خاوند کے کھو جانے یا موت کے بعد ۔ وہ کرتی ہے ۔ اور سو نہیں سکتی ۔ اپنے آپ پر قابو نہیں رکھ سکتی ۔ اپنے آپ سے شرمندہ ہے ۔

ٹیوبرکولینیم بود ۔ محبت کا نہ رہنا ۔ اپنے بچے یا خاوند سے محبت نہ کرے ۔ ذہنی ناطاقتی ۔ یہ علامات ٹی بی ہسٹری کے ساتھ ۔

کلکیریا کارب ۔ مذبذب، غیر مستقل مزاج، ڈرپوک ۔ بے چین اور اعصابی ڈرے کروہ ناخواستہ ہے ۔ ابتری اور سوچنے کے نااہل ۔ اندرونی دباؤ ۔ افسردہ دل ۔ پریشان ۔ عورتوں کی موجودگی میں خوش نہ رہے ۔ یا بے چینی محسوس کرے ٹھنڈے مرطوب موسم میں مرض میں زیادتی ۔

ناجا ۔ بھول جانے والا ۔ غیر حاضر دماغ ۔ خودکشی کا رجحان ۔ تصوراتی چیزوں پر کڑھے ۔ معمولی سے جذبات کیوجہ سے رونے لگے ۔ اپنی جنسی نااہلیت پر پریشانی اگرچہ خواہش موجود ہو ۔ جیسے کہ ہر چیز غلط کر رہا ہو ۔ اور تصحیح نہ کر سکے ۔ جو چیز کرنا ہو اس کا بہت زیادہ ادراک اور اسے نہ کرنے کا بے قابو رجحان یعنی اس کو کرنے کا نہ کنٹرول ہونے والا رجحان ۔ احمق ۔ پریشان ۔

بھی بولا۔ دماغ کا آوارہ پن۔ کسی ایک چیز پر مرکوز نہ رہ سکے۔ ایک چیز شروع کرتا ہے پھر اسے چھوڑ کر دوسری کرنے لگتا ہے۔ بھوک نہ ہو۔ پالش شدہ زبان۔ منہ خشک۔ گرم اور بند کمرے میں زیادتی مرض۔ ایک اہم طاقت میں دستیاب ہے۔

کوکولس ۔ ایک غیر پسندیدہ موضوع پر خیالات کا اجتماع۔ خیالوں میں گم اپنے متعلق کچھ نہ دیکھے۔ ضعیف العقلی کا ظاہر ہونا۔ دماغ کورا معلوم دے۔ خلاء میں گھورے آہستہ آہستہ آنکھوں کو سوال کرنے والی کی طرف گھمائے۔ بمشکل جواب دے۔ ضعف اعصاب مریض کی لگاتار تیمارداری خاص دلچسپی کے ساتھ۔ خاص طور پر عورت کا اپنے خاوند کا تیماردار بننا یا خاوند کا پیاری بیوی کا تیماردار بننا۔ پریشانی اور نیند کی کمی۔ یہ پیشہ ور نرسوں پر اطلاق یعنی وہ تیمارداری کی وجہ سے ضعفِ اعصاب میں مبتلا نہیں ہوتیں۔ اس کا دماغ سست کام کرتا ہے۔ وہ بھول جاتا ہے کہ اس نے ابھی ابھی کیا پڑھا ہے۔ دماغ کی ابتری۔

لیک کینم ۔ دل شکستہ۔ ناامید۔ زندہ رہنے میں کوئی دلچسپی نہ ہو۔ اس کی بیماری مایوس کن ہو۔ دنیا میں کوئی دوست نہ رکھتی ہو۔ رونے والا ذہن۔ غم کا بوجھ پڑ جانا۔ بچہ ہر وقت چیخے چلائے۔

سٹیفسیگریا۔ جب ایک آدمی اپنے حکام بالا سے غیر مطمئن ہو اگرچہ اس نے اچھے کلمات سننے کے لیے بہترین کام کیا ہو اور اپنی تمام طاقت کام کو سرانجام دینے میں صرف کی ہو اس کے نتیجہ کے طور پر وہ بیمار ہو جاتا ہے۔ یہ دوائی اسے فوراً بحال کر دے گی۔

نائٹرک ایسڈ ۔ بہت معمولی سی بات پر سیخ پا ہو جائے۔ کام کرنے کا میلان نہ ہو۔ سنجیدہ کام کی تکمیل نہ کرنا چاہے۔ دماغ کمزور اور آوارہ۔ یادداشت کی کمزوری اور آوارہ۔ اپنے بہترین دوست سے بھی زیادہ ناراضگی۔ بیمار کی تیمارداری سے جسم اور دماغ پر بوجھ یا دباؤ۔

ڈروسیرا ۔ بے اعتمادی سے بھرا ہوا جیسے کہ وہ جھوٹے آدمیوں سے معاملات کر رہا ہے۔ بے چین۔ غمگین طبیعت۔ بداندیش۔ حاسد لوگوں سے دھوکہ دیئے جانے کا خیال کرے۔ ناموافق بات سننے سے ڈرے۔

سیپیا - اعصابی اور کودنے والی - ہر کسی سے اور ہر چیز سے دُور رہنا چاہیئے - اندھیرا میں اکیلی آنکھیں بند کر کے لیٹ جانا چاہے - اگر وہ دس منٹ کی نیند لے لے تو وہ تبدیل شدہ عورت معلوم ہو - کُند ذہن بے تعلق - تھکی ماندہ - چڑچڑی - وہ احمقانہ اور بھدی ظاہر ہو - سمجھ کی کمی، آہستہ سوچے اور بھول جانے والی ہو -

پلاٹینم - جب ذہنی علامات ظاہر ہوں تو جسمانی علامات غائب ہو جائیں اور اسکے الٹ ہو جب دماغی طور پر خوش ہو تو جسم تکالیف میں مبتلا ہو - اور جب جسم آرام میں ہو تو ذہن متاثر ہو -

سلیشیا - صبح کے وقت چلائے کہ اس کے ہاتھ سو گئے ہیں، صرف پنوں اور سوئیوں ہی کے متعلق سوچے - ان سے ڈرے - ان کو تلاش کرے اور احتیاط کے ساتھ گنے ہر جگہ پنوں کو تلاش کرے -

ٹیوبرکولینم - ہر دم تبدیلی کی خواہش - سفر کی، کسی جگہ جانے کی اور کوئی مختلف کام کرنے کی خواہش - پاگل پن کے قریب لوگ -

تھریڈیون - ہر آواز تمام جسم سے آر پار ہوتی معلوم ہو - متلی اور چکر کا سبب بنے -

سٹرکولیا - یہ نظام دوران خون کو باقاعدہ کرتی ہے - مقوی - اسہال روکنے، دل کے نظام کو درست کرنے اور اسے باقاعدہ کرتی ہے۔ اور بطور پیشاب آور کام کرتی ہے - کمزور دل -

ایلیومینا فاس - سوالوں کے جواب دینے اور محفل سے یا لوگوں کی صحبت سے گریز کرے - بہت پُرسوچ اور بھول جانے والا - غم کے مزمن اثرات اسلئے یہ اگنیشیا کے بعد کی دوائی ہے - ذہنی کمزوری - جنسی مشاغل کی زیادتیوں اور بہت لمبی مدت تک دماغی کام کے بعد مفید ہے کالج کی زندگی کے اختتام پر ذہنی تھکاوٹ - ہر وقت لیٹے رہنا چاہے کیونکہ تھوڑی سی محنت یا چلنے سے تمام علامات واپس آجاتی ہیں - غیر حاضر دماغ اعصابی کمزوری - لاتعلقی - غیر مستقل مزاج خیالات کی کمی - لمبی ذہنی مشقت کے بعد ذہنی تھکاوٹ -

کینابس سٹائیوا - اپنے آپ کو مارنے کی سرگوشیوں کی سرسراہٹ سنے - سمجھے کہ یہ اعلیٰ طاقت کی طرف سے حکم ہے -

ضدّی - (ناراضگی بھی دیکھئے)

کیمومیلا - ضدّی بچّے - جو کچھ انہیں کرنے کو کہا جاتا ہے نہ کریں - چیزیں طلب کریں لیکن جب پیش کی جائیں تو لینے سے انکار کردیں -

کلکیریا کارب - مزاجی دوائی ان بچوں کے لئے مفید ہے جن میں موٹے ہونے کا رجحان ہو -

سٹیفسگیریا - بد مزاج بچے جو چیزوں کیلئے چلائیں لیکن جب دیجائیں تو انکار کردیں -

ٹکسوامیکا - دوسروں کی خواہشات کی مزاحمت کرے - پاگل پن - کثرت حیض -

آرجنٹم نائٹریکم - بہت ہی ضدّی جب کسی چیز کی تجویز کی جائے تو عجیب و غریب اعتراضات کرے - گرم کمرے میں گھٹن محسوس کرے - عجیب خیالات سے بھرپور - ہر چیز ٹھنڈی چاہے - ٹھنڈی ہوا - ٹھنڈے مشروبات اور ٹھنڈی خوراک چاہے -

چڑچڑاپن

آرم میٹ - چڑچڑاپن، خوشی سے تبدیل ہو یعنی چڑچڑا اور پھر خوش و خرم -

لائیکوپوڈیم - اسہال میں یا جاگنے پر چڑچڑاپن -

کیمومیلا - بچوں میں چڑچڑاپن - دانت نکلنے کے دوران تنگی تنفس کے ساتھ -

فیرم میٹ - چڑچڑاپن - تردید کو برداشت نہ کرسکے - لڑاکا -

پیٹرولیم - بہت چڑچڑا - کسی کو بھی بغیر کسی وجہ کے مارپیٹ کرے -

سمجھ - ادراک -

کالچیکم - ٹائیفائیڈ بخار میں ادراک میں کمی جائے یا سمجھ میں کمی آجائے -

برائٹا کارب - جسمانی طور پر کمزور بچوں میں سمجھ کی کمی -

پلمبم - آہستہ آہستہ سمجھے - آہستہ محسوس کرے - فالجی دیوانہ پن - دماغ کی کارکردگی

ست ۔ یہ سب آخر کار فالج پر ختم ہو۔

اگریکس میکریلس ۔ بھنور ۔ چھوٹی چھوٹی چیزوں پر سے لمبے لمبے قدم بھرے یا کودے جیسے کہ یہ درختوں کے تنے ہوں ۔ ایک سا سوراخ ڈراؤنا گہرا شگاف معلوم ہو۔ چمچ بھر پانی بڑی جھیل معلوم ہو۔

زہر دیا جانا۔

ایلیم سیٹ ۔ زہر دیئے جانے کا ڈر۔

ہائیوسائیمس ۔ زہر دیئے جانے کا گمان ۔ ایک خوراک ایک ایم طاقت میں دیجیے۔

لیکسس ۔ تصور کرے یا فرض کرے کہ اسکے رشتہ دار اس کو زہر دینے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ اور وہ ان سے کھانے والی ہر چیز لینے سے انکار کرے۔

غرور۔ تکبر

پلاڈیم ۔ غرور کو ٹھیس لگی ہو محسوس کرے کہ اس کی عملی یا زبانی بے عزتی کی گئی ہے۔

پلاٹینم ۔ ذہنی چوٹ یا لفظوں کی مار تھوڑی سی بھی اختلاف رائے کو بہت زیادہ محسوس کرے ۔ گہرے زخم دل ٹکڑے ٹکڑے ہوئے ۔ دل شکستہ۔

لائیکوپوڈیم ۔ سخت اور نمود و نمائش والا ۔ اپنی ہی بات منوانے والا ۔ یا اپنی ہی مرضی کے طابع کرنے والا

لیکسس ۔ تکبر کا جنون ۔ خود بین ۔ حاسد ۔ نفرت ۔ انتقام اور ظلم کرنا نمایاں علامت ہے۔

فیرم میٹ ۔ غرور ۔ مطمئن ۔

سلفر ۔ غرور ۔ جب دوسری سب ادویات فیل ہو جائیں تو یہ دوائی بطور عمل انگیز کے طور پر کام کرتی ہے۔

(دیکھیے غصہ یا لڑاکا)

غمی

(دیکھئے اعصاب کی کمزوری)

گریفائٹیس۔ گانے کے دوران غمی کی زیادتی۔ موت کے خیالات۔

پلاٹینا۔ گھر میں غمی۔ کھلی ہوا میں آفاقہ

سٹانم۔ غمی آدمیوں سے نفرت کے ساتھ۔

پلمبم میٹ۔ غمی۔ مالیخولیا۔ محسوس کرنا کہ کچھ انتہائی خطرناک واقعہ ہونے والا ہے۔ اس نے گناہ کیا ہے۔ اس نے ناقابلِ معافی گناہ کیا ہے۔ سوچ زیادہ بیمار کردے۔ سوچنے سے بیماری میں زیادتی ہو۔ بے خوابی۔

اگنیشیا۔ سخت غم کے بعد غمی

آرم میٹ۔ غمی اور تصور کہ اس نے دوستوں کی محبت کھو دی ہے۔ یا دوستوں کی محبت سے محروم ہو گئی ہے۔

ایکونائٹ۔ مستقبل کے متعلق غمی۔

ایسڈ فاس۔ غمی کی وجہ سے کمزوری۔

آرم فولیٹم۔ مالیخولیا۔ وہ محسوس کرے کہ وہ دنیا میں زندہ رہنے کے اہل نہیں۔ اس لئے بڑی خوشی کے ساتھ موت کی خواہش کرے۔

کوکولس۔ مالیخولیا اور غمگین۔ بے عزتی سے حساس۔ جلدی سے ناراض ہو جائے معمولی بات بھی اسے ناراض کردے۔

حیادار۔ شرمیلا

جیلسیمم۔ عام لوگوں میں جانے سے جھجک یا شرم محسوس کرے۔ شرمیلا۔ ڈرپوک۔ دماغ کا کھوکھلا پن۔

بریٹاکارب }
کالی فاس } خود اعتمادی کی وجہ سے شرمیلا پن۔ ڈرپوک اور ڈرپوک

سلفر۔ بزدلی۔ ڈرنے کے رجحان کے ساتھ۔

الیومنا - بزدلی جو خود اعتمادی سے بدل بدل کر ہو یعنی کبھی بزدل اور کبھی خود اعتمادی -

کوکا - شرمیلا پن - ذہنی برانگیختگی کے ساتھ -

پلسٹیلا - بزدلی کے ساتھ شرمیلا پن -

نیند -

میڈورنیم - گھٹنے چھاتی سے لگا کر سونا - نوجوان بھی اسی طرح سوئیں -

کوکولس - سونے کے بعد جو کچھ ہو رہا ہے اُسے سُنے خواہ خراٹے بھر رہا ہے -

میورٹیک ایسڈ -

اگنیشیا - نیند اتنی ہلکی کہ وہ سب کچھ سنتا ہو۔ اسی ہی بات کے متعلق تمام رات خواب دیکھے -

کیڈمیم اپیکاک لائیکوپوڈیم	آنکھیں کھول کر سوئے یا سونے کے دوران آنکھیں کُھلی رہیں -

اُونگھ - نیم خوابی

سائیمکس - ناقابلِ رکاوٹ - نیم خوابی -

سائیکلمین - نیم خوابی - بدمزاجی - سُستی - مدہوشی - کام نہ کرنے کا رجحان شدید بلی اور مالیخولیا -

انڈول - نیم خوابی سستی کے ہمراہ - ہر وقت لیٹے رہنے کی خواہش - کام کرنے کی خواہش نہ ہو -

نیٹرم سلف - پڑھتے وقت نیم خوابی -

فاسفورس - غصہ کے بعد یا ہنسنے کے بعد - کمزوری سے نیم خوابی -

پلسٹیلا - کھانا کھاتے وقت نیم خوابی -

آرنیکا - ایم بپٹیشیا -	جواب دیتے وقت نیم خوابی یہ حالت عام طور پہ ٹائیفائیڈ بخار نوبتی بخاروں یا انفلوئنزا وغیرہ

میگنیشیا کارب ۔ کھانا کھانے کے بعد۔ کھڑے ہونے کی حالت ۔

سلفر ۔ پاخانے کے بعد ۔

ایتھوزا ۔ پاخانہ کے بعد یا قے کے بعد ۔

ہائیوسائمس ۔ ذہنی کام کی زیادتی کے بعد ۔

ناجا ۔ گہری نیند بیہوش آدمی کی طرح خراٹے دار آواز کے ساتھ سانس عام رینگنے والے جانور کیطرح ۔

نیٹرم میور ۔ نیند اور اونگھ کھانا کھانے کے بعد ۔

کاسٹیکم ۔ دن کے دوران میں شدید نیند اسے بمشکل روکے لیٹ جانا پڑے ۔

چیلیڈونیم ۔ کھلی ہوا میں اونگھ اتنی نمایاں کہ وہ چلتے وقت سونے کے قریب ہو ۔

بے خوابی ۔

کافیا ۔ جاگنے کی حالت میں کار آمد ہوتی ہے ۔ آنکھیں بند کرنا ناممکن ہوں ۔ ذہنی حسّیتی کی وجہ سے ہیجان ۔ خوشخبری زیادہ کام کرنے کا موجب بنے ۔ اور خوشگوار حیرانی کے بعد لیکن بے آرامی یا تکلیف کے بعد نہیں ۔ زیادہ دیر چوکیدارا کرنے یا نشہ آور ادویات یا نشہ آور اشیاء کے غلط استعمال کی وجہ سے ۔

سینشو ۔ رحم کے اپنی جگہ سے ٹل جانے کی وجہ سے بیخوابی ۔ رحم میں ہیجان سن یاس کے دوران ۔

سائپریپڈیم ۔ جب ذہن میں خوشی کے جذبات کی افر مقدار کی وجہ سے نیند نہ آئے ۔ چھوٹے بچے اکثر جاگ پڑتے ہیں ۔ اور تمام رات کھیلتے ہیں اپنے والدین کیلئے تکلیف کا باعث بنتے ہیں ۔

میگنیشیا کارب ۔ پیٹ میں دباؤ کی وجہ سے بیخوابی یا پریشان کن بے چینی اور اندرونی گرمی ننگے ہونے کے بہت زیادہ خوف کے ساتھ ۔ پیٹ کی گیس کی وجہ سے بے خوابی ۔

کالی فاس ۔ بے خوابی کی چوٹی کی دوائی ہے ۔ خاص طور پر رات کے پچھلے پہر ۔ مکمل اعصابی طور پر ٹوٹا پھوٹا ہوا ۔ کاروباری تفکرات یا دماغ کے زیادہ کام کی وجہ سے ۔

میوریٹک ایسڈ ۔ سونے کی خواہش لیکن سو نہ سکے ۔ ادھر ادھر سر گھمائے تمام رات خواب دیکھے ۔

اور بے چین و پریشان ہو اور پشیمان ہو۔

کالی کم - خشک رات کی وجہ سے تمام رات بے خوابی، کسی بھی پہلو پر آرام نہ آئے،

اِدھر اُدھر سر گھمائے۔ وہ آرام دہ حالت میں نہ رہ سکے۔

فیرم میٹ - صرف شمال کی طرف بستر کا سرہانہ تبدیل کرکے نہ سو سکے۔

اگنیشیا - اتنی ہلکی نیند سوئے کہ وہ ہر چیز سُنے۔ ایک چیز کے تمام رات خواب دیکھے۔

پریشانی کے خیالات کی وجہ سے بے خوابی۔ غم۔ غمی یا افسردہ خیالات کی وجہ سے بیخوابی۔ غمی

کی لہر جسم میں دوڑنے سے بے چینی۔

آرنیکا مانٹ - جسم اور ذہنی کام کی زیادتی کی وجہ سے بے خوابی۔

ایکونائٹ این - پریشانی۔ بے چینی۔ ناراضگی اور ڈر کی وجہ سے بیخوابی۔ بچہ اِدھر

اُدھر بے چینی میں رہے۔

آرسینکم البم - ہوائی حملوں وغیرہ کے ڈر کی وجہ سے بے خوابی یا نیند نہ آئے۔

اوپیم - جب کافیا فیل ہو جائے تو بے خوابی کے لیئے اچھی ہے۔

سلفر - بے آرامی کی مختصر سی نیند جیسے کہ کرسی پر بیٹھے بیٹھے تمام دن سوئے اور رات کو جاگے۔

کلیٹیس - صبح کے وقت یہ احساس کہ ابھی نیند پوری نہیں ہوئی۔

پیسی فلورا انک - بیخوابی کی بہترین دوائی ہے یہ مدر ٹنکچر کی حالت میں ۱۰ قطرے سے

۳۰ قطرے فی خوراک دینی چاہیئے۔

امبرگریسیا - ذہنی پریشانی کی وجہ سے بیخوابی جیسے کہ کاروباری تکلیف سے۔ مریض بستر

پر معقول تھکاوٹ کے ساتھ سونے کے لئے جاتا ہے لیکن جونہی سرہانے پر رکھے وہ سو نہیں

سکتا اور جاگتا رہتا ہے۔

ٹوبیکم - اعصابی توڑ پھوڑ یا شدید اعصابی تھکان کی وجہ سے بے خوابی۔

بیلس پپ - علی الصبح جاگ پڑے یا تڑکے جاگ جانے پر پھر نہ سو سکے۔ مدر ٹنکچر استعمال کیجئے۔

کوکولس انڈیکا - رات کو تیمارداری کی وجہ سے جاگنا۔ پیشہ ور نرسوں کا نہیں بلکہ رشتہ داروں

کی تیمارداری۔

کے لئے پریشانی اور کسی پشیمانی کے ساتھ۔ دن کے کاروبار کے خیالات سونے میں حائل ہوں۔ یہ نہ سونے دیں۔

سکوٹیلیریا لیٹ ۔ اعصابی مریضوں میں جو کہ بہت ذہین۔ حوصلہ مند اور چست ہوں۔ وہ معاشرہ کے سرکردہ آدمی ہوتے ہیں یا کاروباری حضرات لیکن وہ اچھی طرح نہ سو سکیں اور متواتر معاشرہ اور کاروباری معاملات پر کڑھتے ہوں۔ اعصابی سر درد جو دماغ کی جڑ میں کی وجہ سے بیخوابی۔

نکسوامیکا ۔ شرابیوں کی بے خوابی، کافی، چائے کے غلط استعمال یا معدہ کی خرابی

بیلاڈونا ۔ سر میں گھٹن کی وجہ سے بہت بے چینی کی وجہ سے نیند۔ آنکھیں بند نہ کر سکے کیونکہ ایسا کرنے پر خوفناک تصورات دیکھے، بچے نیند میں ڈر کر جاگ اٹھیں۔

ہائیوسائیمس ۔ اعصابی بے چینی کی وجہ سے بے خوابی۔ دماغ ڈراؤنے خواب و خیالات اور تصورات سے پر ہو۔ بچوں میں بے خوابی۔ جو چڑچڑے کیس ڈر کی وجہ سے چلائیں اور کانپیں چڑچڑے اور جلدی سے برانگیختہ ہو جانے والے لوگ۔

کیموملا ۔ تکلیف کی وجہ سے بے خوابی۔

جیلسیمیم ۔ دماغی کام کرنے والوں کی بے خوابی۔ کاروباری آدمیوں کے لئے مفید جو بے چینی راتیں گذار دیں۔ صبح سویرے جاگ جائیں اور اپنے کاروبار کے متعلق بہت فکر مند ہوں۔

کینابس انڈیکا ۔ ضدی قسم کی بے خوابی باقاعدہ نیند کے ساتھ، مدر ٹنکچر میں ۱ قطرے بحساب فی خوراک دیجئے۔

چوری۔

کلکیریا کارب ۔ چوری کرنے اور جھوٹ بولنے کا رجحان۔ رو پیہ چوری کرنے کی عادت کو دور کرتی ہے۔ بغیر کسی وجہ کے کچھ لوگوں سے نفرت کرنا۔

آرٹیمیزیا ۔ مرگی میں چوری کی عادت۔

سٹرامونیم ۔ جنون میں چوری کرنا۔

سٹیفیسگریا ۔ چوری کرنے کی عام عادت۔

سلفر۔ تمباکو نوشوں اور جوا بازوں میں چوری کی عادت۔

اوپیم۔ چوری کرنے اور جھوٹ بولنے کی عادت۔

پاخانہ

وریٹرم البم۔ اپنا پاخانہ یا پیشاب نگلنے کی زبردست خواہش۔

خودکشی کا رجحان۔ (محرکات بھی دیکھئے)

اینا کارڈیم۔ گولی سے خودکشی کرنے کا رجحان کسی دوسرے طریقے سے نہیں۔ خودکشی کرنا چاہے لیکن ڈرپوک کر خودکشی نہ کر سکے۔ ایک ایم خوراک دیجئے۔

رسٹاکس۔ اپنے آپ کو کھڑکی سے کود گرانا چاہے لیکن موت سے ڈرے۔ اگر پانی کے قریب ہو تو اپنے آپ کو ڈبونا چاہے۔ باورچی خانہ میں داخل ہو کر جل مرنا چاہے چولہے یا سٹوو سے۔ مریض ہر وقت بلبلاتا رہے اور افسوس کرتا رہے۔

کلکیریا کارب۔ تیز دھار آلے کے گھونپنے سے خودکشی کرنا چاہے۔

کیپسیکم۔ ہمہ وقت خودکشی کرنے کے خیالات لیکن اپنے آپ کو مارنا نہ چاہے۔ اور خیالات کی مزاحمت کرے، وہ خودکشی کی خواہش نہیں رکھتا جب خودکشی کی خواہش ہو تو کوئی اور دوائی دیجئے! یہ کیپسیکم نہیں ہو سکتی۔

الیومنا۔ ایک کم حوصلہ مریض، وہ شک کرتا ہے کہ وہ خود ہی ہے یعنی اپنے آپ کے ہونے پر شک۔ اسے برے خیالات آتے ہیں اور وہ اپنی ناقابل برداشت زندگی کو گلا کاٹ کر مختصر کرنا چاہتا ہے۔ چاقو یا خون دیکھ کر خودکشی کا رجحان ابھرے۔

اگنس کاسٹس۔ خودکشی کے رجحان کے ساتھ اپنے خاوند، بچے اور جنسی عمل سے نفرت۔

آرم میٹ۔ بہت ہی اعلیٰ دوائی پاگل پن کے لئے ہے جو کہ خودکشی کے رجحان کے ساتھ ہو۔ وہ اپنے آپ کو گولی مار دینا چاہتا ہے یا اپنے آپ کو بلندی سے گرا کر ختم کر دینا چاہتا ہے۔ اپنے آپ کو ڈبو کر خودکشی کرنا چاہے کیونکہ وہ اس دنیا کے لئے کارآمد نہیں ہے یہ سب

کچھ چپکے چپکے کڑھنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ اپنی تکالیف کسی کو نہیں بتاتی۔

انٹم کروڈ۔ جذباتی پاگل پن۔ اپنی خواہشات کے پورا ہونے کی وجہ سے مریض غم زدہ اور چڑچڑا ہو جاتا ہے۔ اپنی تکالیف کا خاتمہ اپنے آپ کو گولی مار کر یا ڈبو کر کرنا چاہتا ہے۔

نیٹرم سلف۔ خودکشی کے جنون کے لئے ایک اور بہت بڑی دوائی ہے اسے مستقل طور پر اپنے آپ کو منع کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایسا نہ ہو کہ وہ اپنے جسم کو کوئی نقصان پہنچا دے۔ وہ گلنے سے ڈرتا ہے جو اس کو افسردہ کر دیتا ہے۔ ایسی خودکشی کا رجحان عموماً سر کے زخم کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اپنے آپ کو تباہ کرنے کا رجحان لیکن وہ ڈرتا ہے کیونکہ وہ مرنا نہیں چاہتا۔ مجلس سے یا لوگوں میں بیٹھنے سے نفرت۔ نہ خود بولنا چاہے اور نہ یہ چاہے کہ دوسرے اس کے متعلق باتیں کریں۔

اسٹیلاگو۔ پانی میں ڈوب کر خودکشی کا رجحان۔

اگنیشیا۔ کاروبار کے درہم برہم ہونے پر دیا سلائیوں کی ماسفورس کھا کر اپنی زندگی کا خاتمہ کرنا چاہے۔

زنکم میٹ۔ مالیخولیا اور افسردگی کے ساتھ خودکشی کے خیالات۔ اتنا ڈرپوک کہ خودکشی نہ کر سکے۔

کسی کو اذیت دینے کی خواہش۔ ایک ایم کی طاقت میں دیجئے۔

کینابس سٹائیوا۔ اپنے آپ کو مارنے کی گھر گھر سنے اور خیال کرے کہ یا اقتدار اعلیٰ کی طرف حکم ہے۔

آرجنٹم نائٹریکم۔ جب بلندی پر ہو تو عجیب خیالات۔ جب پُل پر سے گذرے وہ سوچے کہ اپنے آپ کو پانی میں چھلانگ لگا کر مار دے گا۔ جب کسی اونچی کھڑکی میں سے دیکھے تو خیال کرے کہ یہاں سے کود جانا خطرناک ہوگا۔ بعض اوقات ایسی تحریکات کہ اسے واقعی چھلانگ لگانے پر مجبور کر دیتی ہیں۔

جیلسیمیم۔ کھڑکی میں سے اپنے آپ کو پھینک کر خودکشی کرنا چاہے۔

ہیلی ابورس نائیگر۔ کچھ لوگوں کی طرف چوری وغیرہ کے الزام کے نتیجے طور پر خودکشی کرنے کا رجحان۔ وہ اس الزام کو دل پر لگا لیتا ہے اور اپنی زندگی ختم کر لیتا ہے۔

آئیوڈم - وہ بغیر کسی وجہ کے اپنے آپ کو مارنا چاہتا ہے لیکن مزاحمت کرتا ہے۔
لیک ڈیک ڈی فلو - یادداشت کا جاتے رہنا سستی اور ذہنی کام سے نفرت علمی
موت چاہتا ہے اپنی تباہی کے لئے آسان ترین طریقہ کے لئے سوچے۔
میٹورنیم - خودکشی کا رجحان، اپنا پستول لے کر اٹھتا ہے لیکن اندرونی مرضی ایسا کرنے سے
روکتی ہے۔ (دیکھئے مغالطہ یا سراب) توہمات۔

بدگمانی۔

لیکسس - خیال کرے کہ لوگ اس آدمی یا عورت کے متعلق باتیں کرتے ہیں۔ بدگمانی کرے
کہ اس کو پاگل خانہ میں ڈال دیا جائے گا یا زہر دے دی جائے گی۔ اپنے آپ کو مافوق الفطرت
چیزوں کے قابو میں پائے جو اس کو چوری کرنے یا قتل کرنے کا حکم دیتی ہے، جس کے حکم کی
تعمیل کرنا اس کے لئے ضروری ہے۔

حسد۔

ہائیوسائمس - زہر دیئے جانے کی بدگمانی۔ اس کا پیچھا کیا جا رہا ہے۔ سب لوگ اس
کے مخالف ہو گئے ہیں۔ بدگمانی کرے کہ اس کے خاندان کے آدمی اس کی نگرانی کرتے ہیں جن
کے متعلق اسے غلط فہمی ہے۔ ہر روز اپنے کپڑے تبدیل کرے تاکہ وہ اسے پہچان نہ سکے۔ گھر کو
چھوڑنا نہ چاہے۔ بدگمانی کرے کہ اس کی بیوی اس کی مخلص نہیں یا وفادار نہیں ہے۔

ہمدردی۔

کاسٹیکم - دوسروں کی تکلیف کے شدید ہمدردی۔
نیوفر - کاسٹیکم ناکام ہو جائے۔

باتونی

اگریکس ایم - گائے بولے لیکن جواب نہ دے۔ لاتعلق - نڈر۔ جوش مسرت نمایاں۔
گانے کے ساتھ شور مچائے۔ شعر کہے اور پیشگوئیاں کرے۔
اکٹیا آر - لگاتار بولنا۔ ایک موضوع سے دوسرے موضوع بدل کر جیسا کہ ہذیاں کے
دوروں میں ہوتا ہے۔

سٹکٹاپی - کسی بھی چیز کے متعلق بولنے کی بہت زیادہ خواہش، یہ خیال نہ کرے کہ کوئی سنتا ہے یا نہیں، اپنی زبان کو خاموش نہ رکھ سکے۔

ہائیوسائیمس - بہت ہی بدگمانی اور باتونی، فحش اور شہوت پرستی کا جنون۔ جسم کو ننگا کرے۔ ہر چیز پر ہنسنے کا رجحان۔ آہستہ بولے، نیند میں بولے یا چلائے۔ اپنے آپ سے بولے دیکھی۔ ایک بات کو بار بار دہرائے۔

کینابس انڈیکا - بے ربط باتیں روحانی کیف و سرور میں مبتلا ہونا۔ بہت زیادہ بولنا۔ بے حد ہنسے۔ چند منٹ کے لئے اپنے آپ کو گم کر دے۔ جانتے کہ وہ بے عقلی کی باتیں کریں۔ لیکن ایسا کئے بغیر نہ رہ سکے۔ شور مچائے فی البدیہہ شعر کہے نہ جانے وہ قائم ہے اگر ایسا ہے تو کس مقصد کے لئے۔ شدید باتونی خیالات کی تغیر پذیری کے ساتھ۔

لیکسس - باتونی پن کی چوٹی کی دوائی ہے۔ شدید جوش۔ غمگین کسی آدمی کے ساتھ ملنے جلنے کی خواہش نہ ہو۔ بے چین و پریشان رہے۔ ہر وقت کسی دور دراز جگہ جانا چاہے اتنی جلدی بولے جونہی کوئی بولنے لگے وہ پہلے بولے اور کہانی مکمل کر دے۔ اگرچہ پہلے اس نے کبھی نہ سنا ہو۔ چنے ہوئے فقرات کی تقریریں کرے لیکن مختلف موضوعات پر چلا جائے۔ ربط کی کمی۔ بعض اوقات فقرات نیم مکمل ہوتے ہیں اور وہ سمجھ لیتی ہے کہ تم اسے مکمل سمجھتے ہو۔

کروٹیلس - باتونی پن بڑبڑانے کے ساتھ، غلط ملط الفاظ کے ساتھ اور اپنے الفاظ پر لڑکھڑائے۔ خاموش حالت جیسے کہ نشہ میں مدہوش ہو۔ لیکسس کا مریض صاف الفاظ میں بولتا ہے غلط ملط اور بڑبڑانے کے بغیر۔

سٹرامونیم - نہ رکنے والی بول چال۔ ہنسنا گانا قسمیں کھانا۔ عبادت کرنا۔ قافیہ بندی کرنا۔ جلدی ہی خوشی سے غمی میں تبدیل ہو جائے۔ اپنی شخصیت کے متعلق توہم۔ اپنے آپ کو لمبا محسوس کرے۔ دہرا۔ ایک حصہ گم۔ علیحدگی اور اندھیرا برداشت نہ کر سکے۔ روشنی اور رفاقت ضروری چاہیے۔

دیکھیئے چرانا۔ چوری کرنا۔ غیر حاضر دماغی۔ بھول جانا۔

سوچنا۔

ایتھوزا۔ سوچنے یا توجہ مرکوز کرنے کے قابل ایسے طالب علموں کے لئے بہترین دوائی ہے جو پڑھنے کے لیے دماغ نہ رکھتے ہوں۔

کاجوپٹم۔ ایک منٹ میں ہزاروں چیزوں کے متعلق سوچے۔

کینابس انڈیکا۔ آنکھیں بند کر کے سوچنے میں مگن ہو۔

کافیا۔ خیالات سے پُر جب جاگتا ہوا لیٹے ہزاروں چیزوں کے متعلق خیال کرے، دور دراز گرجے کے مینارہ کے گھڑیال کو سُنے۔ بھونکتے ہوئے کتوں کو سُنے۔ یادداشت بہت تیز۔ خیالات سے پُر سوچنے اور بحث کرنے کرنے کی طاقت بڑھی ہوئی۔

اونسموڈیم۔ دماغ کی یکسوئی کی طاقت کی کمی یا ربط کی کمی

آرجنٹم نائٹریکم۔ جب سوچنے سے اسہال لگ جائیں۔ نظر کی کمزوری لاحق ہو۔

اوپیم۔ دوسروں کے حادثات کے خیالات۔ یہ خیالات ان پر مسلط ہوں جیسے کہ ویسے ہی زخم وہ دوسروں کو کرے۔

بپٹیشیا۔ ٹائیفائیڈ بخار میں سوچنے کی نا اہلیت

الیسڈ فاس۔ مجامعت کے بعد سوچنے کی نا اہلی۔

ٹیر نیٹھا۔ اعصابی سر درد میں سوچنے کی نا اہلی۔

الیومنا۔ سر درد جو قبض کی وجہ سے ہو اس میں سوچنے کی نا اہلی۔

آرجنٹم میٹ۔ سوچنے کی نا اہلی یادداشت اور انسان کی فہم و فراست درہم برہم سر درد اور کمر درد۔

فائرک ایسڈ۔ گذشتہ تکالیف کے متعلق سوچنا۔

برائی اونیا۔ خیال کرے کہ وہ گھر سے بہت دور ہے اور گھر جانا چاہیئے۔

کروٹن ٹگ۔ اپنے سے باہر کچھ نہ سوچ سکے۔

رونا۔

پلسٹیلا۔ خوشی یا غمی کے واقعات پر روئے۔ جب اپنی علامات بتائے تو رو پڑے۔ اختلاف کرنے پر روئے۔

نیٹرم میور۔ رونے کی نمایاں طبیعت، ہمدردی ظاہر کرنے پر زیادتی۔

کافیا۔ اچانک خوشگوار حیرانی پر رونا۔ دردوں پر رونا۔ جذبات کے کچلے جانے پر رونا۔ یا نظر انداز کئے جانے پر رونا۔

کیمفر۔ خشک آنکھوں کے ساتھ رونے کی خواہش

سٹرامونیم ۔ اونچی آواز سے رونا۔ کمزور دماغ، مزاحمت کرنے کا رجحان اور بُرا منانا۔

کالی فاس ۔ مذہبی جنون میں ۔

پلاٹینا۔ خاموشی سے رونا۔

سیپیا۔ جب اسکی علامات کے متعلق سوالات کئے جائیں ۔ روئے ۔

ایلیم سٹائیوا۔ نیند کے دوران روئے۔

ہیڈورنیم ۔ روئے بغیر نہ بول سکے۔

کاربو انیمیلس۔ جب کھائے تو روئے ۔

لائیکو پوڈیم۔ جب کسی دوست کو خوش آمدید کہے یا واقف کار سے ملاقات ہو یا شکریہ ادا کیا جائے۔

قوّت ارادی۔

ایناکارڈیم ۔ جیسے کہ وہ ضمیر پر رکھتا ہو ایک مثبت اور ایک منفی ۔ ایک قتل کرنا چاہے اور دوسری اس کے برخلاف ۔

مزاحیہ۔

سٹرامونیم۔ جب ایک شخص فحش مزاحیہ ہو یا ناشائستہ مزاحیہ (دیکھئے غرور، تکبر، زخمی غرور اینٹھن ۔ لکھنے والے کے ہاتھ کا تشنجی درد)

میگنیشیا فاس - لکھنے والوں کے ہاتھوں کے تشنجی درد کی بہتر دوائی ہے جو کہ زیادہ دیر تک انگلیوں اور ہاتھوں کے استعمال کی وجہ سے ہو، رعشہ ہو۔ جبکہ گرمی سے آفاقہ ہو۔ ایک ایم طاقت میں استعمال کیجئے۔

جیلسیمیم - ہاتھوں کی اینٹھن اور کانپنے کیلئے بہترین دوائی ہے۔ پٹھوں کو کنٹرول کرنے کی طاقت کی کمی۔ بازوؤں کے پٹھوں کی اینٹھن۔

رسٹاکس - انگلیاں سخت پٹھوں کی نسبت وتروں میں زیادہ تکلیف۔ آرام کرنے پر افاقہ۔ (سوائے سختی کے) اور خشک گرمی سے افاقہ، جیسے کہ بجلی گری یا تہ کی گرمی۔

ایکونائٹ این - بازو اور ہاتھوں کی فالجی کمزوری خاص طور پر لکھتے وقت بھی انگلیوں میں جھنجھناہٹ

کیوپرم میٹ - پٹھوں کا ہلنا اور پھڑکنا۔ ہاتھوں کا ٹھنڈے رہنا۔ ہتھیلیوں میں اینٹھن، بازوؤں کی شدید تھکاوٹ۔

سٹرامونیم - معمولی اینٹھن کے ساتھ انگلیوں کی کمزوری

اگنیشیا آمر - لکھتے وقت انگلیوں کا نپنا۔

زنکم فاس - تمام ادویات ناکام ہو جائیں تو یہ دینی چاہیئے۔

میوریٹک ایسڈ - لکھتے وقت دائیں انگوٹھے کے گولے پر اینٹھن کی طرح درد۔ انگوٹھا ہلانے پر درد ہو جاتی ہے۔

سلفیورک ایسڈ - زخموں کے بعد گنگرین ہو جانے کا رجحان۔ لکھنے والے کے تشنجی درد۔ سیسہ کے زہر کے بعد۔

فیرم آئیوڈیم - لکھنے والے کے تشنجی درد کے لئے بہترین دوائی ہے۔

دُوسرا باب

اعصابی نظام کی بیماریاں

مرگی

ایکونائٹ این ۔ بھرپور نبض بہت ہی ذہنی اور جسمانی پریشانی کے ساتھ جب سردی اچانک ڈر جانے کی وجہ سے ہو۔ چہرے کی سرخی حملے کے دوران نوں طاقت میں ہر پندرہ منٹ کے بعد دیجئے۔

بیلاڈونا ۔ چہرے کی بہت زیادہ سُرخی/سر میں اجتماعِ خون۔ بھرپور اور تیز نبض آنکھوں کی پتلیاں پھیلی ہوئیں۔ چھ طاقت میں دیجئے اور ہر پندرہ منٹ کے بعد دہرائیے حتیٰ کہ حملہ رک جائے۔

اوپیم ۔ دماغی مرگی۔ جبڑے لٹکے ہوئے/پتلیاں پھیلی ہوئیں۔ گرم پسینہ۔ ایک طرف کا فالج۔ بیہوشی کے ساتھ صبح و شام کے دھند لکے جیسی، چہرے پر سرخی/خراٹے دار سانس۔ جب اچانک اور بہت زیادہ خوشی ہو۔ آہستہ اور بوجھل نبض۔ یہ چوٹی کی دوائی ہے۔ ہر ہفتہ ایک ایم پوٹینسی میں دینی چاہیے۔

اگنیشیا ۔ غم کی زیادتی یا جذبات کے دبنے کی وجہ سے اور مریض اعصابی طبعیت رکھتا ہو۔

لیکسس ۔ ذہن کی خیالی باتیں ۔ اجتماعِ خون کی وجہ سے سر چکرائے ۔ دردیں گہری۔ دماغ میں خاص طور پر بائیں طرف۔ جوڑوں کی سختی۔ چہرہ زرد اور پھولا ہو۔

پلسٹیلا ۔ سُست اور کاہل۔ سمجھ کی کمی۔ سُوجا ہوا ۔ اور نیلاہٹ والا سُرخ زرد اور پھولا ہوا چہرہ۔ مکمل کھانا کھانے کے بعد ہوں۔ دل کی دھڑکن نبض تقریباً مکمل طور پر دبی ہوئی۔

فیرم فاس ۔ کمی خون والے اور زرد رنگ والے لوگ۔ نبض تیز۔ دھیمی اور تار جیسی۔

ہیلونیاس ۔ دل کی زبردست دھڑکن جو چھاتی اور پیٹ کو ہلائے۔ پٹھوں کی پھڑکن کے ساتھ بیہوشی ۔

جیلسیمیم ۔ اونگھنے والا نیم خوابیدہ۔ آہستہ حرکت کرے۔ زبان کا فالج ہو۔ نبض دھیمی بھرپور لیکن نرم۔ پتلیاں پھیلی ہوئیں۔

۳۸ سٹرکنیا فاس - پٹھوں میں چربی کا جزو بدن بننا جب لوتھڑا یا دھبہ دل کی طرف آیا ہو۔ اور دل بڑھا ہوا ہو۔

آرنیکا مانٹ - زخم کی وجہ سے مرگی۔ جسم ٹھنڈا اور سر گرم جب مریض ہوش میں آجائے تو یہ دوائی دینی چاہیئے۔ تمام جسم میں دردیں اور دُکھن۔

فارمیکا - اگر دماغ کی کمزوری کی وجہ سے مرگی ہو یہ دماغ کو طاقت دیکر دوروں کو روکتی ہے۔

لاروسیر وکس - بغیر اطلاع کے اچانک مرگی کا دورہ۔ دھڑکن کے ساتھ ٹھنڈی نمدار جلد اور چہرے کے پٹھوں کی حرکت تیز یا جھنجھلاہٹ۔

اعصاب کی مرض جسمیں بے اختیار پٹھے پھڑکیں۔

رعشہ - (ہسٹریا بھی دیکھئے)

اگنیشیا - ڈر۔ دھمکی۔ سزا اور بُری خبر کیوجہ سے رعشہ۔ غم یا جذبات کے بعد بازوں میں جھنجھناہٹ۔ جوڑوں میں درد۔ ضدی اور چڑچڑا۔

کیوپرم میٹ - اینٹھن یا تشنج میں مبتلا بچے کو میز کے نیچے گھستے دیکھکر۔ رعشہ کی حرکات مزمن حرکت انگلیوں اور پنجوں سے شروع کر بازوں تک پہنچ جاتی ہے۔ سونے دوران افاقہ لیکن جب جاگے تو شدید توڑ مروڑ اور فضول حرکات شروع کر دے۔

سٹرامونیم - رعشہ جس سے پہلے رونے کا رجحان ہو، ہنسنے اور خوش طبعی کا رجحان۔ سر کے اوپر بازو گھمائے اور سر پہ ہاتھ بجائے۔

نکس وامیکا - ریڑھ کا رعشہ بے ڈھنگی، چال کے ساتھ پاؤں کو گھسیٹے۔ قبض۔

کاسٹیکم - جب دائیں طرف زیادہ متاثر ہو۔ بائیں طرف کی نسبت چہرے کے پٹھے۔ زبان بازو اور ٹانگیں سب ملوث ہوں یا متاثر ہوں۔ جب بولے تو لفظ تھر تھرائیں۔ مریض متواتر یا ہمہ وقت اپنی پوزیشن بدلے حتٰکہ تھک کر سو جائے۔ بچے جنہوں چلنا سیکھ لیا ہو

آسانی سے گر پڑیں اپنی چال میں۔

مائیگیل ۔ رعشہ کے غیر پیچیدہ کیسوں کے لئے جب بیٹھا ہو ٹانگیں حرکت میں ہوں یا کھینچی جلائے جب چلنے کی کوشش کرے۔

اگریکس مس ۔ دماغی رعشہ، آنکھ کا ڈھیلے اور پلکیں پھڑکیں اور تشنج ہو۔ بازوؤں اور ٹانگوں کی تشنجی حرکات کی مخالف طرف ہوں یعنی یہ ایک طرف کا اوپر والا حصہ کو متاثر کرے اور دوسری طرف کے نیچے والے حصہ کو متاثر کرے۔

ٹیرنٹولا ہش ۔ داہنے بازو اور دہنی ٹانگ کی مزمن حرکت جورات کو بھی جاری رہے۔ ڈر۔غم وغیرہ کیوجہ سے ہو۔ ریڑھ کے حساس ہونے کیوجہ سے بے چین اور کانپنے۔ بہ نسبت چلنے کی نسبت اچھا دوڑ سکے۔ دماغی انتشار خاص طور پر گانا باعث افاقہ ہو۔

زنکم میٹ ۔ پاؤں کی لگاتار حرکت جورات کو بھی جاری رہے خاص طور پر جب پھوڑے پھنسیوں کے دبنے کیوجہ سے، ڈر کیوجہ سے یہ مرض لاحق ہوئی ہو۔

اکٹیا ریسیموسا ۔ ریڑھ کی ہڈی کی سوزش گنٹھیا کے ہمراہ خاص پر عورتوں میں بلوغت اور موقوفی حیض پر جنونی، باتونی۔ اکثر ایک موضوع سے دوسرے موضوع پر چلے جانا۔ پٹھوں کا جھٹکے کھانا۔ چلتے وقت یا ٹھنڈ کے وقت جس طرف لیٹے یا دباؤ ڈالے جھٹکے محسوس کرنا پٹھوں کا سُن ہو جانا یا جھٹکے کھانا۔

تھیسیم ۔ رعشہ، ہسٹیریا۔ مرگی، خودکشی کرنے کا رجحان۔ افسردہ، ہنسے اور روئے بل بدل یعنی کبھی روئے۔ کبھی ہنسے۔

فیرم آرسنیکم ۔ قلت خون کی وجہ رعشہ (کمی خون)

رہوڈنڈرون ۔ بائیں ٹانگ کا رعشہ۔ بازو اور چہرہ کا رعشہ جو طوفان کی آمد پر بدتر ہو یا زیادتی ہو۔

ایلومینا سٹائیوا ۔ بوڑھے آدمیوں کے اعصاب لرزہ یا تھرتھراہٹ۔ بازوؤں کا سو جانا۔ جیسے کہ فالج میں مبتلا ہو

وسکم البم۔ رعشہ کے چکر کے لئے بہترین دوائی ہے۔

ہائیوسائیمس۔ بازو ٹھنڈے، کانپتے ہوئے اور سو جائیں۔ جھنجھوڑنے والی حرکات اور ہلتی ہوئی آنکھیں نمایاں اور ابھری ہوئی۔ چلائے، دانت پیسے۔ علامات کھانے اور پینے کے بعد نمایاں طور پر ظاہر ہوں۔

لاروسیراسس۔ لگاتار جھٹکے۔ پھڑکن پھیلا نہ بیٹھنے دے۔ عجیب علامات۔ کانپنا۔ ماتھے کی ٹھنڈک۔ یا ماتھا ٹھنڈا۔ سر کی چوٹی پر وزن۔ شدید اعصابی۔

آرسینکم البم۔ ہاتھ پاؤں کا کانپنا۔ خاص طور پر بازوؤں کا۔ شرابیوں میں ہاتھ پاؤں کا کانپنا۔ ہاتھ پاؤں سن یا بے حس ہو جائیں۔ جیسے کہ مردہ ہوں۔ لاغری۔

غشی یا کوما۔

بریٹا کارب۔ مرگی میں

انٹم ٹارٹریکم۔ ہوا کی نالیوں کے زکام میں نیند سے جاگ جائے گھٹن محسوس کرے۔

اوپیم۔ خراٹے دار سانس لینا۔ بلا ارادہ پیشاب اور پاخانہ نکل جائے۔ پیشاب میں کھار آئے۔ نبض بھرپور اور سست۔

ایسڈ ہائیڈروسائینکم۔ مرگی کی گرفت کے بعد دماغ میں اجتماعِ خون، اچانک علاج دینے والی حرکت۔

زنکم میٹ۔ دماغی تھکاوٹ سے۔ بھرپور پھوڑے پھنسیوں کے غائب ہونے پر۔

جلسیمیم۔ دماغ اور ریڑھ کی ہڈیوں کی جھلیوں کی سوزش۔

گلونائن۔ سورج کی دھوپ میں۔

ہیلی بورس۔ دماغ کی چوٹ۔

بپٹیشیائی
فاسفورس } ٹائیفائیڈ بخار میں۔
آرنیکا۔

کروٹیلس ایچ ۔ تعفن کی وجہ سے بخار میں ۔ مرگی میں ۔

بیوفو ۔ مرگی کے دورے کے بعد جن لوگوں نے جلق کے ذریعہ یا ہاتھ رسی کے ذریعے جنس کا غلط استعمال کیا ہو ۔

ٹیرینٹھنا ۔ غشی جسمیں صرف ہلانے سے اٹھایا جا سکے لیکن فوراً دوبارہ غشی میں مبتلا ہو جائے ۔ لڑکھڑانی چال جیسے شرابی ہو ۔ ہاتھ پاؤں کا سُن ہونا ۔

ایلومینیم میٹ ۔ ذیابیطس یا شوگر میں ۲۰۰ x طاقت میں دیجئے !

سلفر ۔ مرگی کے دورے سے پہلے یا مرگی کے دورے کے دوران ۔

پلاٹینا ۔ زچگی کی ہلچل کے دوران میں ۔

زنکولس بلب ۔ شراب پینے سے مرگی کے دورہ میں غشی ۔

اجتماعِ خون ۔ تشنّج (دیکھیے سوزش)

بیلاڈونا ۔ تشنّج کی چوٹی کی دوائی ہے ۔ سر گرم اور ٹیکن والی درد ۔ گھورنے والی آنکھیں اور پتلیاں پھیلی ہوئی ۔ بھرپور کودتی اچھلا لگتی نبض ۔ دانت نکالنے کے دوران تشنّج ۔ بچہ اچانک سخت ہو جاتا ہے ۔ بچوں میں تشنّج جو اچانک آئے ۔ سر گرم بازو ٹھنڈے ۲۰۰ طاقت میں دیجئے اور ہر چوتھے روز دوائی دہرایئے ۔

کاکولس ۔ بے خوابی کے بعد تشنّج

جیلسمیم ۔ تشنّج بخار کے ہمراہ ۔ کمر اور گردن کی سختی کندھوں میں دردوں کے ہمراہ آنکھیں ایک طرف سے دوسری طرف گھومیں ۔ مریض بے چین اور شدید گرم نمدار ۔

سینا ۔ لمبی آنت میں سوزش ۔ کیڑوں یا بدہضمی کیوجہ سے سوزش و تشنّج ۔ بچہ سخت بدمزاج اور بدلنے والی بھوک والا ۔ یعنی کبھی کم بھوک اور کبھی زیادہ ۔ لمبی آنت کی سوزش کی وجہ سے جلد کا رنگ غیر صحت مند ۔ جلد کے پٹھوں کا پھڑکنا ۔

ہائیوسائمس ۔ اچانک زمین پر گر پڑے ۔ چیخوں اور تشنّج یا اینٹھن کے ساتھ

بچوں کا تشنج خاص طور پر ڈر کی وجہ سے کھانا کھانے بعد انیمیشن۔

کلکیریا کارب ۔ سوکھا۔ مساں یا ریڑھ کی ہڈی کی وجہ سے تشنج۔ دانت نکلنے کے دوران یا نمونیا کی وجہ سے تشنج۔

ایتھوزا ۔ بچوں میں تشنج بہت زیادہ لاغری اور کمزوری اور نیند کے ساتھ۔ پاخانہ اور قے کے بعد اونگھنے کے ساتھ تشنج۔ آنکھیں نیچے اوپر اور اطراف کی بجائے نیچے کی طرف گھوم جائیں۔ چہرے کے اندر دھنسنے کے آثار۔ اوپر کے ہونٹ کی سفیدی ناک کے سوراخ کی باہر والی لائن سے منہ کے زاویہ تک صاف ظاہر ہو۔

ہیلی بورس ۔ پھنسیوں کے دبنے کی وجہ سے تشنج جیسے کہ چیچک کے دبنے سے۔ متواتر چبانے کی حرکت ایک ہاتھ اور ایک پاؤں کی حرکت خود بخود ہو۔ سر کو سرہانے گھسیٹنا۔ بے ہوشی۔ پیشاب کا دب جانا یا پیشاب کی کمی۔

سکوٹا وائروسا ۔ سر، بازو اور ٹانگوں میں تشنج کے جھٹکے۔ بازوؤں میں زبردست توڑ پھوڑ۔ سر پیچھے کو کندھوں پر جھک جائے۔ پٹھوں کے جھٹکے۔ چہرہ گہرا سرخ، ہونٹ نیلے اور خونی جھاگ منہ سے آئے۔ تشنج اوپر سے نیچے کی طرف پھیلے اور مرکز سے کناروں کی طرف جائے۔ تھوڑا سا چھونے یا ہلانے سے تشنج ہو۔ ہوش میں آنے کے بعد جو کچھ ہوا ہے کچھ بھی نہ یاد رہے۔

زنکم فاس } کاروباری آدمیوں۔ طلباء، عیاش اور مرگی
آرم میسور } کے شکار اور اس کے غلط علاج کئے جانے والے آدمیوں میں

دماغ اور حرام مغز کے ورم کی وجہ سے تشنج کی وجہ سے یہ دی گئی ترتیب میں دیجائیں۔

کیوپرم میٹ ۔ نیلے چہرے بھینچے ہوئے انگوٹھے کے ساتھ تشنج۔ تشنج کے دوران قے۔ زچگی کے تشنج، ہیضہ میں۔ تشنج کا حملہ۔ بازوؤں اور ٹانگوں کے ہلنے اور پھڑکنے سے ہو۔ جس کے بعد آنکھوں کے ڈیلے گھومیں جو بالآخر ٹھہر جائیں۔ یا منجمد ہو جائیں اور اوپر کی طرف گھوم جائیں۔ اخراجات کے دبنے یا پھنسیوں کے دبنے کی وجہ سے تشنج۔ بازوؤں سے سنٹر کی طرف تشنج۔ ٹھنڈے مشروبات سے افاقہ اگر ابتدا ہی میں دے دی جائیں تو بیماری میں افاقہ۔

سلفر۔ جب اچھی طرح منتخب کی ہوئی ادویات ناکام ہوجائیں تو یہ دوائی ملا کر دیجئے۔

نکسوامیکا۔ ہوش کے ساتھ تشنج بدہضمی کی وجہ سے۔ جبڑوں کو چبانے کی حرکت شراب کے غلط استعمال کی وجہ سے۔

کیموملیا۔ والدہ کے غصہ کی حالت میں دودھ پلانے کے بعد بچوں میں تشنج۔ دانت نکالنے کے دوران اگر بیلاڈونا۔ ناکام ہوجائے۔

اوپیم۔ والدہ کے اچانک ڈر جانے کے بعد دودھ پلانے کے بعد بچوں میں تشنج۔ بچہ ڈر کر جاگے، چیخے چلائے حتیٰ کہ تشنج ہوجائے۔ گرمی سے یا گرم پٹیوں سے زیادتی۔

گلونائین۔ بچوں میں دانت نکالنے کے دوران گرمی کی وجہ سے یا سر میں اجتماعِ خون کی وجہ سے تشنج۔ اگر بیلاڈونا ۳۰ ناکام ہوجائے تو یہ دینی چاہیے۔ تشنج کے دوران انگلیاں اور بچے علیحدہ علیحدہ ہوں۔ سانس لینے میں دقت اور سُنی جانے والی دل کی دھڑکن۔

گریشی والا۔ تشنجی حالت ہوش گم کئے بغیر۔

آرنیکا } ہائپریکم } جھٹیوں کے ساتھ بچہ کی پیدائش کے فوراً بعد تشنج یا بچہ کا سر کافی دیر تک سر پھنسے رہنے کے بعد تشنج۔ دی گئی ترتیب میں ایک ہزار کی طاقت دیجئے جسے آرام آجائے۔ ہر ایک کی چار خوراکیں دیجئے۔ آرنیکا کی صورت میں سر گرم اور باقی جسم کا حصہ ٹھنڈا۔

سیکل کار۔ تشنج اور جسم کے مختلف حصّوں کے پٹھوں کا پھڑکنا۔ انگلیاں کافی دور دور ہوں۔ جسم کی سختی جو بعض اوقات نرمی سے تبدیل ہوجائے۔

سٹرامونیم۔ شدید تشنج جس میں جسم کا ہر پٹھا ملوث ہو اور پیچھے کی طرف مڑ کر جھکے۔ شدید توڑ مروڑ۔ بازوؤں کا سکڑنا۔ زبان کاٹنا۔ ڈر کی وجہ سے تشنج یا ہوش کے ساتھ ڈراؤنے خواب چمک دار روشنی میں آنے سے تازہ ہوجائیں۔ پانی دیکھنے پر۔ روشنی یا شیشہ یا کوئی چمکدار چیز تشنج کا موجب ہو۔ تنہائی اور اندھیرا برداشت نہ کرسکے۔ پھنسیوں کی وجہ سے ان کا دب جانا تشنج کا باعث بنے۔

ہذیان

بیلاڈونا۔ شدید ہذیان خون کی طرح سرخ آنکھوں کے ہمراہ۔ مریض کپڑے پھاڑتا ہے۔ ٹھوکریں مارتا ہے۔ کُتّے یا بھیڑیئے کی طرح چلتا ہے۔ چیختا ہے اور خیالی یا تصوراتی آدمیوں سے دور بھاگ جانا چاہتا ہے۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے۔ سر گرم۔ تمام جسم پر گرمی اور جلن۔ بھاگ جانا چاہے۔ تشدد کی وجہ سے کھڑکی میں سے کود جانا چاہے۔ تشنج کی وجہ سے کاٹنا چاہے۔ اجتماعِ خون میں۔ بخار۔ بدصورت۔ عفریت یا ڈراؤنی شکلیں۔ دانت نکلنے کے دوران میں توڑ مروڑ۔ دانت پیسے۔ مارنا چاہے۔ نگلنے میں دِقت رسول کے غائب ہونے پر۔ چوہے چوہیاں دیکھے۔

ہائیوسائمس۔ سختی کے ساتھ چوری کا الزام لگنے کے بعد۔ چمکدار آنکھوں کے ساتھ بہت زیادہ جسمانی طاقت کے ساتھ۔ حسد سے بولتا ہے۔ بڑبڑایے۔ تصوراتی غلطیوں سے۔ اپنے آپ کو ننگا کرنا چاہے۔ ہائیوسائمس۔ شدت میں بیلاڈونا اور سٹراموینم کے درمیان کی دوائی ہے۔ فحش گانے گائے۔ ہذیان۔ مدہوشی کے دوروں کے ہمراہ ہذیان۔ اپنے آپ سے بولے۔

سٹراموینم۔ ہذیان کی تین دوائیوں میں یہ تیسری دوائی ہے۔ پہلی دو دوائیاں بیلاڈونا اور ہائیوسائمس ہیں۔ کسی کو ہمدردی کے اظہار کے لئے بلائے۔ ڈر کر جیسے اس پر کُتّے حملے کر رہے ہیں۔ غصے والا ہذیان لیکن ایسے غصے والا نہیں جیسے کہ بیلاڈونا یا ہائیوسائمس میں ہوتا ہے۔ گھر والے یا تو ساتھ رہنے والا مردہ یا بچھڑے ہوئے لوگوں کو پکارے جو وہاں حاضر نہیں ہیں۔ بھوت دیکھے یا ان کی آوازیں سنے۔ خوشی سے جنسی جوش سے پاگل۔ شرمیلا چھپ جانا چاہے۔ لگاتار ہنسے بیوقوفوں کی طرح۔ تالیاں بجائے اور آنکھیں کھولے۔ وہم یا فریبِ نظر کی وجہ سے شور مچائے۔ بے ربط بڑبڑانا۔ تمام اوہام خوف اور دہشت پیدا کریں۔ سرخ چیزوں کی بجائے سیاہ چیزیں نظر آئیں۔ پیشاب رکا ہوا یا دبا ہوا۔

اگریکس ایم۔ بہت زیادہ ذہنی جوش۔ خوشی۔ دلیری۔ بولے۔ بے ربط بات چیت یا گنگنایا۔

نقلیں بنانے اور پیشگوئیاں کرنے کا رجحان کے ساتھ اور ساتھیوں کو چومنا چاہے۔

لیکسس - بڑبڑانے والا ہذیان - کھوپڑی کا سرخباد۔ آنکھیں بند کرنے پر سہ پہر میں یا تیسرے پہر میں یا سونے کے بعد ہذیان کے دورے۔ چیچک کے دبنے کیوجہ سے بیہوشی۔ زرد خناق میں چہرے کے قلتِ خون کے ساتھ غمی کا اظہار۔ سانپوں اور دوسرے ڈراؤنے چیزوں کو دیکھنا۔ گلے میں گھٹن کا احساس۔ نیند میں اچانک اٹھ کھڑے ہونا جیسے کہ خواب میں ہو۔

بیوفو۔ ہذیان اسہال کے ہمراہ۔

پلمبم - ہذیان جو درد قولنج سے بدل کر ہو۔ ہذیان اس خیال سے کہ اس کی زندگی قاتلانہ حملے یا زہر دیئے جانے کی وجہ سے خطرے میں ہے اور اس کے اردگرد کوئی قاتل ہی ہے۔

کیوپرم میٹ - بیضہ میں ہذیان - بھاگ جانا چاہے۔ اخراجات یا پھنسیوں کے دبنے کی وجہ ہذیان۔

ویریٹرم ورائیڈ - بچے کی پیدائش کے دوران میں ہذیان - بخار یا زچگی کا ہذیان، پیٹ پھولا ہوا۔ گھورتی ہوئی آنکھیں اور وحشی پن۔ دونوں ہاتھ متواتر حرکت میں۔ نبض کمزور۔ دل کی دھڑکن شدید۔

آرسینکم ایلبم - افسردگی - بے چینی - موت کا ڈر۔ اکیلے رہ جانے کا خوف خودکشی کے رجحان کے ساتھ ہذیان - دماغ اور جسم میں قلتِ خون۔

اگیرلسیمو سا۔ ہر قسم کی چیزوں کو مختلف رنگوں اور حالتوں میں دیکھے، جیسے کہ چوہے - سانپ - شیر - کیڑے مکوڑے، مکھیاں وغیرہ دیکھے۔ باتونی ایک موضوع سے دوسرے موضوع پر تبدیل ہوتا رہے۔ چڑچڑاپن - بے چینی اور بے خوابی نمایاں علامات۔

نکسوامیکا - جبکہ مریض ناراض و خفا - چڑچڑا - بعد از یہ سب کچھ شراب نوشی کی وجہ سے ہو۔

بپٹیشیا۔ خناق۔ بہرہ پن۔

اوپیم - پرانے پاپیوں جو زیادتیوں کیوجہ سے اپنی صحت خراب کر لیں۔ کمرے کے مختلف حصوں میں مختلف جانوروں کو نکلتا دیکھے - بھوت پریت خبیث روحیں دیکھے جن کے ساتھ باتیں کرے۔

کینابس انڈیکا ۔ برخود غلط خیال، جگہ اور وقت کے متعلق غلط سمجھے۔
کینتھرس ۔ شدید ہذیانی کیفیت جنسی خیالات اور باتیں۔ فحش گیت گائے۔ انسانی اعضائے تناسل۔ پیشاب پاخانہ کے متعلق باتیں کرے۔
کلکیریا کارب۔ مریض جونہی اپنی آنکھیں بند کرتا ہے وہ خوفناک چیزیں دیکھتا ہے۔ یہ بات اسے مجبور کرتی ہے کہ وہ آنکھیں کھول کر رکھے۔ اعصاب کی وجہ سے جانور دیکھے اور ان سے کھیلے۔
چائنا۔ جب آنکھیں بند کرے تو لوگوں کو دیکھے لیکن غائب ہو جائیں۔ جبکہ آنکھیں کھولے شدید کمزوری، بھوک کی کمی اور کھانا کھانے کے اور نہ رکنے والی سونے کی خواہش یا بے خوابی بدل بدل کر۔ قلتِ خون۔
زنکم میٹ ۔ بہت زیادہ درجہ حرارت کے ساتھ ہذیان۔ بیہوشی اور بازوؤں کے جھٹکے۔
کوکولس ۔ حیض شروع ہونے پر دماغی علامات کے ساتھ ہذیان اور وہم جیسے کہ کچھ زندہ دیواروں، فرشوں پر اور کرسیوں پر رینگ رہا ہے اور اس پر بھی رینگے گا۔

سوزشِ دماغ۔

جیلسیمیم ۔ کمر سے سردی کی لہر نیچے کی طرف جائے جو اس عورت کو ہلا دے۔ لمبی اور تھکا دینے والی گرمی۔ سر درد۔ گردن اور کندھوں کے پٹھوں کی دکھن۔ کند ذہن۔ چکر لاپرواہی۔ سرگردانی۔ ناک سے پانی جیسا سادہ مادہ کا اخراج۔ چہرہ گرم، بھاری۔ سرخ پلکیں وزنی۔ نظر کمزور۔ پٹھوں پر کمزور گرفت۔
آرسینکم ایلبم ۔ جب دماغ یا کسی اور حصۂ جسم میں تباہ کن تبدیلیاں ہو رہی ہوں۔
ہائیوسائیمس ۔ دماغی سوزش گرمی، سر اور چہرہ میں اجتماعِ خون، شدید تپکن، سر چکرانا۔ شدید وہم۔
سٹرامونیم ۔ دماغ کی سوزش۔ گرمی اور کھوپڑی میں تپکن کے ہمراہ۔ اپنی شخصیت کے متعلق وہم۔ روشنی اور رفاقت دونوں ضرور چاہیے۔

ایسلی بورس۔ دماغ کی سوزش احمق پن کے ہمراہ۔ یادداشت کی کمزوری۔ مالیخولیا۔ اونگھ۔
آرجنٹم نائٹریکم بھی بلغمی جھلی پر عمل کرتی ہے۔ خاص طور پر معدی نالی۔ یہ دماغ پر گہرا اثر رکھتی ہے
جلسیمیم کی نسبت زیادہ تور پھوڑ اعصاب کی زیادہ تباہی، لیکن اس کا عمل پٹھوں کے نظام پر کم ہوتا ہے۔
بپٹیشیا۔ آوارہ۔ بڑبڑاتے۔ ہذیان۔ مدہوشی۔ بات چیت کے دوران سو
جائے۔ دماغی گھبراہٹ۔ سر دکھے۔ بہت بڑا۔ سانس متعفن۔ ناگوار۔
کاسٹیکم۔ بلوغت کی عمر پہ پہنچتے ہی مرگی بے قاعدگی حیض کی وجہ سے یا پھوڑے
پھنسیوں کے دبنے کی وجہ سے یا کسی ڈر کی وجہ سے نئے چاند پر زیادتی مرض۔ بلا ارادہ
پیشاب کا نکل جانا۔ ٹھنڈا پانی پینے سے آفاقہ۔
پیسی فلورا انکا۔ حملے حیض شروع ہونے پر ہوں۔ چھاتی میں گھٹن کا عجیب و غریب احساس۔
اونینتھی کروکیٹا۔ اچانک اور مکمل بیہوشی۔ خطرناک تشنج کے ساتھ۔ نوجوان لڑکیوں میں
حیض کا ظاہر نہ ہونا جس کے نتیجہ پر مرگی اور تشنج۔ زیادتی اس وقت جب حیض شروع ہونا
چاہیے۔ خاص علامات قے، ابھارہ اور حملے دوران نیم ایستادگی، سوجا ہوا سرخ چہرہ
منہ میں جھاگ کے ساتھ۔
پلمبم۔ جب دماغی سختی یا گومڑ پن اور فالج کا احساس حملے سے پہلے اور اس کے
اکثر فالج اور خراٹے۔ سخت قبض۔
بیلاڈونا۔ صرف تازہ کیسوں میں تشنج صرف بازوؤں میں شروع ہو اور چہرہ آنکھیں
اور منہ تک پھیلے۔ دن کے وقت تھوڑے وقت کیلئے کئی دفعہ دورے اور اچانک گزر جائیں
آرجنٹم نائٹریکم۔ ڈر یا حیض کے وقت ہوں۔ حملے سے دنوں یا گھنٹوں پہلے پتلیاں
کا پھیلنا اور حملے کے بعد ہاتھوں کا کانپنا اور بے چینی۔ تیز چیخ۔ پٹھوں کی شدید مروڑ کن
خاص طور پر گلے کی۔ مکمل بیہوشی منہ میں جھاگ کے ساتھ، اکثر اپنی زبان کاٹ۔ تبدیلی
نیند تقریباً تین گھنٹے۔ میٹھے پھل کھانے پر دورہ پڑے۔
کیوپرم میٹ۔ ٹانگوں میں احساس شروع ہو زیریں پیٹ کے حصہ تک پہنچے۔

جب بیہوش - تشنج اور منہ میں جھاگ حائل ہو - حملے کے دوران مریض لگاتار زبان باہر نکالے - اور اندر کرے - گرم کمرے میں زیادتی - حملے سے پہلے دباؤ والا سر درد -

نیٹرم میور - حملے سے پہلے اور دوران میں ٹانگوں کا پھڑکنا - کند ذہنی - سوچنے میں دقت افسردگی اور چڑچڑاپن - احساس بازوؤں میں شروع ہونے یا ایسے محسوس ہو کہ ٹانگ پر چوہا چڑھے بیٹ کے دائیں طرف - حملے سے پہلے چکر - نیند میں دانتوں کا پیسنا - تلی اور تے پر منہ میں جھاگ کانپے - جسم کے جھٹکے ٹانگیں جلدی جلدی اوپر کھینچ جائیں - ہاتھ بند انگوٹھے اندر کی طرف کھینچ جائیں - بازوؤں اور ٹانگوں کی ٹھنڈک - حیض کے دوران زیادتی مرض - سوراکے اثر کے پرانے کیس جلی ہوئی خارش -

نکس وامیکا - ہوش کے ساتھ تشنج - تشنج جس میں پیچھے کی طرف مڑکر جھکے سرخ چہرے اور آنکھیں بند - چھونے سے جذبات سے چلنے سے بدہضمی سے زیادتی مرض - تشنجی سختی کے ساتھ تشنج - دورے کے دوران بے اختیار پاخانہ اور پیشاب - جوف شکم کے بالائی حصہ پر احساس حملے کے بعد گہری نیند - کھلی ہوا میں زیادتی -

کالی برومم - سبب دورہ نئے چاند پر ہو - تو دوپہر کے بعد سر درد - دماغی کند ذہنی - اظہار خیال میں سستی چکر غیر یقینی چال - بدمزاج اور سونے والا -

لونا - مرگی پورے چاند پر -

بیوفو - جب جلق یا مشت زنی یا جنسی بے اعتدالیوں کی وجہ سے ہو - مجامعت کے دوران دورہ ہو جائے - پیٹ میں شدید پریشانی کا احساس اور تب اچانک ہوش کا جاتے رہنا - ہتھیلیاں بہت زیادہ پھیلی ہوئی اور حملے سے پہلے روشنی سے متاثر نہ ہوں - احساس جنسی اعضاء پیٹ سے شروع ہو - حملے سے پہلے منہ کھلا ہوا - حملے کے بعد جبڑا لٹکا ہوا - حملے کے بعد پیشاب بلا ارادہ خارج ہو جائے -

بریٹا موریٹکیم - لاغری اور غشی کے دورے - موسم بہار میں شکایات تکالیف میں زیادتی - تمام جسم میں سرسراہٹ -

آرٹیمیزیا وی - شدید جذبات کی وجہ سے دورے پڑیں - تشنج کے دورے قریب قریب پڑیں -

تب آرام کا کافی وقفہ ہو۔

الیومنا۔ دورے عام طور پہ پاخانہ خارج کرتے وقت پڑیں۔

ابسنتھم۔ جب دورہ سے پہلے کانپے چکر اور گرانی۔ حملے کے بعد یادداشت کی کمی یا جلتے رہنا۔ مدر ٹنکچر یا چھوٹی طاقت میں دیجئے۔

اگنیشیا۔ مرگی کے دورے جذبات کو ٹھیس لگنے سے یا بہت زیادہ غصے اور پوشیدہ غم۔ پریشانی پریشانی سے یا ناکام محبت سے۔

تھوجا۔ ٹیکے لگانے کے بعد جب پھوڑے جو ٹکیہ کی وجہ سے بن جائیں وہ غائب ہو جائیں نتیجہ کے طور پہ حملے سے پہلے کان سن ہو جائیں۔ ایک ایم طاقت میں دیجئے۔

اگنیشیا۔ مرگی کے دورے جذبات کو ٹھیس لگنے سے یا بہت زیادہ غصہ و غم پریشانی یا ناکام محبت کی وجہ۔

سنٹانم۔ دانت نکلنے کے دوران مرگی کے دورے، پیٹ کے کیڑوں کی علامات کے ساتھ۔ چہرہ زرد ہاتھوں اور آنکھوں میں کھنچاؤ۔ بازو ہلانے کے ساتھ۔

لائیکوپوڈیم۔ ضدی آدمی جو فلسفیانہ ذہن رکھتے ہوں۔ جن کو بیوقوف سمجھے ان سے متکبرانہ سلوک کرے لیکن آپ خود اعتمادی سے محروم ہو۔ شام کے وقت زیادتی۔

سلیشیا۔ دبلے پتلے لمبے۔ سانولے رنگ۔ افسردہ۔ مغرور۔ پیاس نہ محسوس کرنے والا۔ چپچپے پاخانے کے ساتھ پسینہ والی۔ ہتھیلیاں اور غیر تندرست جلد نئے اور پورے چاند میں رات کے وقت دورے پڑیں۔

وسکم البم۔ مرگی کیلئے جب دورے کے بعد چکر رہیں۔

کلکیریا کارب۔ بچوں میں مرگی کھلے تالو کے ساتھ اور دیر سے دانت نکلیں۔ سر گردن پر پسینہ۔ حملے ڈر سے اور اس کے لئے افسردگی پیدا کردیں۔ پھنسیوں کے دبنے کی وجہ سے مرگی۔ مشت زنی یا جنسی بے اعتدالی بازوؤں میں کچھ چلنے کا احساس یا معدہ کے گھرنے سے نیچے کی طرف چکروں کا اچانک حملہ۔ بغیر تشنج کے ہوش کا کھو دینا۔ حملے سے پہلے منہ کی چبانے کی حرکت

یادداشت کی کمی اور ابتری - سر درد - سرگرانی حملے کے بعد پیاس اور بھوک -

سکوٹا وائروسا - اچانک سختی جس کے بعد جھٹکے اور شدید توڑ مروڑ - سانس کا دب جانا - چہرہ گرا ہوا، منہ پر جھاگ - دانتوں کا بند ہو جانا یا دند سکڑ - پیچھے کی طرف گردن کا جھکنا - حملے کے بعد شدید کمزوری - مرگی کا دورہ سوزش معدہ کے ساتھ - انگوٹھے اندر کی طرف مڑ جائیں دورے کے دوران میں - حملے کے بعد کچھ بھی یاد نہ رہے ایک ہی چیز پر نظر جا کر متواتر گھورے - اگر وہ اپنے سر کو دور گھمائے تو بے ہوش جائے - تھوڑا سا بھی چھوتے ہی یا ہلنے سے دورہ سخت ہو جائے -

تھیسپیم - ہسٹریا - مرگی اور رعشہ خودکشی کے رجحان کے ساتھ - ہنسے اور بدل بدل کر روئے - رعشہ خاص طور پر نیند کے دوران میں ہونٹوں کی چلبلاہٹ - بازوؤں میں لنگڑا پن اور تشنجی اینٹھن - مردوں میں مجامعت کے بعد سستی - عورتوں میں بائیں بچہ دانی میں درد - حیض کی کمی کے ہمراہ -

ہائیوسائیمس - تشنج اور جھٹکے منہ پر جھاگ کے ہمراہ اور زبان کاٹنے کے ہمراہ - حملے سے پہلے بھوک - ڈر کی وجہ سے مرگی کا دورہ - دورہ سے پہلے چکر - کانوں کا بجنا - آنکھوں کے آگے شرارے اور کاٹنے والی بھوک - دورے کے دوران چہرے کا رنگ اودا یا ارغوانی - آنکھیں باہر کو نکلی ہوئی - چیخنے - دانت پیسے - غیر ارادی طور پر پیشاب نکل جائے جس کے بعد گہری نیند اور خراٹے -

اگیریکس ایم - مرگی میں جب دورے کے بہت بعد، بہت زیادہ خیالات آئیں - اور دورہ میں مریض بہت بولے - ہر ساتویں روز مرگی کا دورہ - جمائیوں سے شروع ہو -

فیرم فاس - مریض جو بیلاڈونا کے مخالف ہوں، یعنی قلت خون والے - کمزور - اعصابی اعصابی چہرہ زرد - بلغمی جھلی زرد -

گلونائن - بہت شدید تکلیف والا اور دبانے والا سر درد - ۳۶ گھنٹے یا ۴۸ گھنٹے، دورے سے پہلے یا دورے کے بعد - یہ گرم کمرے یا گرم اشیاء لگانے سے زیادہ ہو - دل کی دھڑکن تمام جسم میں محسوس ہو -

سلفر۔ یہ دوائی درمیانی عمل انگیز کے طور پر دینا چاہیئے خاص طور پر جب مرگی کا سبب دواشتی ہو۔ یہ ایک اہم طاقت میں دی جانی چاہیئے۔ یہ ٹی بی میں مبتلا ہونے کے رجحان والی طبیعت والے آدمی میں مظہر ہوتی ہے اور پھنسیوں کے دبنے سے۔

زنکم فاس۔ یہ دوائی دماغی تباہی جو کہ کسی بھی قسم کی مرگی کیوجہ سے ہو جہاں برومائیڈ کی لمبی لمبی خوراکیں استعمال کی گئی ہوں۔

غش کھانا۔

ماسکس۔ معمولی سے جوش سے، اگر ہسٹیریا ہے۔

اوپیم اور ایکونائٹ۔ جب ڈر جائے۔

سلفر اور فاسفورس۔ بھوک سے۔

سلفر، کونیم اور پوڈوفائیلم۔ پاخانہ کے بعد۔

میگنیشیا کارب۔ جب کھانا کھانے کے بیٹھے۔

الیومنا۔ جب کھڑا ہونے کے لئے مجبور کیا جائے۔

کاربو ویج۔ جب بیٹھنے کیلئے مجبور کیا جائے۔

لائیکوپوڈیم۔ تھوجا۔ میوریکس۔ حیض سے پہلے اور نیچے لیٹنے سے۔

الیسٹیک ایسڈ۔ غشی کے دورے کمزور۔ قلت خون والے۔ سردرد والے۔ زرد رو اور موم کے رنگ والے چہرے۔ بکثیر اور نہ بجھنے والی پیاس۔

امونیا کارب۔ کوئلے کے بخارات کی وجہ سے۔

اوپیم۔ کوئلے کی گیس میں سانس لینے سے غش کھا جانا۔ اونگھنے والا۔ مدہوش اور بغیر تکلیف کے۔

ایسافیٹڈا۔ انزال کے بعد غش۔

اگریکس۔ مجامعت کے بعد

سیپیا۔ شدید سردی اور زیادہ کام کیوجہ سے۔

نکس وامیکا - جب دیر تک کھڑا رہے یا بغیر کسی ظاہری وجہ کے قبض اور لیٹے رہنے کا رجحان،

جب ایک آدمی خون دیکھے یا کسی کو شدید تکلیف میں مبتلا دیکھے۔

پٹرولیم - دل کی دھڑکن کے بعد

برائیونیا - گاڑی میں سواری کرنے پر۔

سپائیجیلیا - دل کی تکالیف کی وجہ سے۔

آرنیکا مانٹ - مشینی زخموں کی وجہ سے۔

کروکس - ناک سے خون بہنے سے

چائینا - اگر خون بہنے کی کمزوری سے۔

سر درد - آدھے سر درد - (درد اعصاب بھی دیکھئے)

بیلاڈونا - ٹپکن والا درد اور پھٹنے والا درد سر - کنپٹیوں میں آگ کی طرح سرخ اور گرم چہرہ - چہرہ خون سے بھرپور - تکالیف جتنی جلدی آئیں اتنی ہی جلدی جائیں - سورج کی گرمی کی وجہ سے سر درد - اچھلتی ہو بھرپور نبض کے ساتھ بیہوشی۔

جیلسیمم - تکالیف گدی سے شروع ہو کر سر کو جائیں - ماتھے اور ڈیلے میں بھی پھٹ جانے کا احساس ہو - محسوس کرے جیسے کہ سر بھر پڑا ہے اور بڑا ہو گیا ہے - بیہوشی جیسے کہ سر کے گرد سخت کپڑا یا پٹی لپٹی ہوئی ہے۔

گلونائن - گیس کی روشنی میں کام کرنے سے سر درد سورج کی دھوپ میں جبکہ دھوپ سر پر پڑے - سر بہت ہی بڑا ہو - لو لگنا اور سورج کی وجہ سے سر درد بغیر بیہوشی کے - ٹھنڈی چیزیں لگانے سے یا سر کو اونچا کرنے سے یا لمبی نیند سے لیکن تھوڑی سی نیند بعض اوقات زیادہ کر دیتی ہے - شدید درد سر اس کی وجہ سے کھڑکی سے کود جانا چاہے۔

نیٹرم میور - جب سر درد سورج کے بڑھنے کے ساتھ بڑھے اور دن کے گھٹنے سے سر درد گھٹے - پسینہ کے ساتھ سر درد - جتنی زیادہ سر درد اتنا ہی زیادہ پسینہ - سکول کے لڑکے اور لڑکیوں کا سر درد جس کی زیادتی آنکھوں پر زور دینے سے ہو - سر درد سے پہلے ٹیڑھے میڑھے شرارے

ہتھوڑے لگنے جیسا سر درد جیسے کہ سر پر ہتھوڑے لگ رہے ہوں پھٹنے والا۔ دبانے والا جیسے کہ بانگ میں کسا جا رہا ہو۔ شکنجہ میں کسا جا رہا ہو۔ جیسے کہ کھوپڑی کچل دی جائے گی۔ نظر کی ابتری کیوجہ سے سر درد۔

سپائیجیلیا۔ سر درد صبح کے وقت دماغ کی جڑ میں شروع ہو۔ سر پر پھیل جائے آنکھ کے گڑھے تک جائے اور پھر بائیں کنپٹی تک چلا جائے۔ آنکھوں کے ڈھیلوں میں دبانے والا ناقابلِ برداشت درد ہو۔ درد شام کے وقت غائب ہو جائے۔ احساس جیسے کہ سر چوٹی کے اردگرد بندھا ہوا ہے۔

نیٹرم ماس۔ سر درد جو خون جیض کا رُکے۔ ہتھوڑے وار۔ گہرے جو صرف ایک دن تک جاری رہے کہ جاری ہونے پر۔ پتے کی پتھری کا درد۔ پاؤں ٹھنڈے۔ خودکشی کرنے کا رجحان۔

سینگوینیریا۔ سپائیجیلیا والی علامات سوائے اس کے کہ یہ دائیں طرف کی دوائی ہے۔ صفراوی سر درد بغیر خوراک کے۔ شریانیں اور کنپٹیاں سوجی ہوئی۔ مریض اندھیرے کمرے میں کھنچا جائے اور اسے لیٹنا پڑے۔ صفراوی قے کرے جو آفاقہ دیتی ہیں۔ ہتھیلیوں اور تلیوں میں گرمی۔ پھٹنے والا سر درد جس کی زیادتی سورج کی بلندی سے ہو۔ جھوٹی بھوک خوراک کے متعلق سوچنے اور سونگھنے سے نفرت ہو۔

پلاٹینا۔ تشنجی درد۔ درد دائیں آنکھ سے پیچھے کی طرف بڑھے جو کہ تیزی سے شروع ہوتا ہے اور بہت زیادہ پانی نکلتا ہے۔ ایک ہزار طاقت میں دی جائے۔

سیڈرن۔ شدید ناقابلِ برداشت درد جو ہر روز ۶ بجے شام لوٹ آئے۔ تشنجی درد۔

برائی اونیا۔ جھکنے پر سر درد جیسے کہ ماتھے میں سے دماغ پھٹ کر نکل جائیگا۔ حرکت پر زیادتی سر درد کھیلنے یا کھیل دیکھنے پر شروع ہو۔

ملی لوٹس۔ شدید اجتماعِ خون والی اعصابی سر درد جو نکسیر بہنے پر کم ہو جائے یا جس کو نکسیر بہنے پر افاقہ ہو۔ اجتماعِ خون والا سر درد۔ جیسے کہ دماغ ماتھے میں سے پھاڑ کر نکل جائے گا۔

کالنسونیا۔ اگر بواسیر اور قبض کے ہمراہ سر درد ہو۔

چائنا اوف۔ سر درد۔ اجتماع خون۔ ٹیکن والا اور کنپٹیوں پر ہتھوڑے لگیں بلکہ چھونے سے درد زیادہ لیکن زیادہ دبانے پر آفاقہ درد۔

کالی بائی۔ اگر سر درد دھندلی نظر کے ساتھ ہو۔ سر درد بڑھنے پر نظر ٹھیک ہو جائے۔
کالی سائفیٹم۔ مکمل کھانا کھانے کے بعد۔
کالی کارب۔ سر درد ہو جب نزلہ میں اخراجات بند ہو جائیں اخراجات شروع ہونے پر درد کو آفاقہ۔
لیک ویک۔ سر درد متلی اور قبض کے ہمراہ یا حیض کے دوران جس کو زیادہ پیشاب کرنے پر افاقہ ہو۔
روٹا۔ سر درد جو پڑھنے اور آنکھوں پر دباؤ ڈالنے سے ہو۔ آنکھوں پر دباؤ ڈالنے کیلئے چوٹی کی دوا۔
اولینڈر۔ جیسے کہ سر کی کھوپڑی پر بہت زیادہ بوجھ رکھا ہوا ہے، جو سر کو کچل رہا ہے
جس کو اطراف اور بھینگا دیکھنے سے آفاقہ ہو۔
آرنیکا ایم۔ جب سر درد کیوجہ زخم سے ہو۔ تکلیف اور درد۔ خراش عموماً تیز جیسے کہ دماغ
میں پنجیں گاڑی جا رہی ہو۔ دماغ کی ابتری۔ درد کی تکلیف میں سر کو پانی میں ہلانے سے زیادتی
سر کو اونچا کرنے پر آفاقہ۔
ہائیپریکم۔ ریڑھ کی ہڈی پر چوٹ کیوجہ سے سر درد۔ یہ آرنیکا کی تکمیلی دوائی ہے حساسیت
کو دور کرتی ہے۔ جب آرنیکا اجتماع خون اور خراش پر قابو پا لیا ہو۔
نکسوامیکا۔ شراب یا دوسرے محرکات میں ملوث ہونے پر سر درد پر پُر درد تکلیف
جیسے کہ پیٹا گیا ہو۔ دباؤ والا۔ بھاری۔ کند ذہن۔ پریشان چکر۔ ڈوبنا اور سکتہ جو ناگوار اور کھٹے
مادہ کی متلی اور قے کے ہمراہ پاخانہ نامکمل خواہش۔ شام کے وقت سر درد میں آفاقہ۔
کیموملا۔ چڑچڑے پن کے ساتھ سر درد۔ مریض ناراض اور غصے میں ہو۔ عام طور پہ
یہ سر درد ان لوگوں میں ہوتا ہے جو آدمی زیادہ مقدار میں شراب استعمال کریں اور اسکے اثرات
کو زائل کرنے کے لئے افیم استعمال کریں۔ یا جو سخت کافی استعمال کریں۔ اعصاب کو سلانے
کے لئے یا اعصاب کو سکون دینے کیلئے۔
چینیم سلف۔ کونین کے غلط استعمال کیوجہ سے کانوں کا بجنا۔ بھنبھناہٹ۔ گرج
دونوں کانوں میں مائع اور آنکھوں میں شدید تپکن والا درد۔ خوراک ایکمزار طاقت کی بجائے۔
کالی میور۔ جب چینیم سلف فیل ہو جائے تو یہ دوسری دوائی ہے کونین کے غلط استعمال

کے لئے سر میں جھینگروں کے بولنے جیسی آوازیں آئیں ۔ ۱۰۰۰ طاقت میں دی جائے ۔

آئیوڈم ۔ سر درد جیسے کہ سخت پٹی سے سر باندھا ہوا ہو ۔ گرم کمرے یا آگ کے نزدیک جانے پر زیادہ ہو ۔ ٹھنڈے کمرے اور ٹھنڈی ہوا اور کھانا کے دوران میں آفاقہ ہو ۔

ہیپرس کوارڈیفولیا ۔ سر کے پھیلنے کا احساس ریڑھ کی ہڈی کی طرف سے سر درد شروع ہو

فائیٹولاکا ۔ تھکنے کی حس کی زیادتی کے ساتھ سر درد کی زیادتی ۔

کلکیریا فاس ۔ سکول کے لڑکے ، لڑکیوں کا سر درد جو غور سے کتابیں پڑھیں ۔ خاص طور پر وہ جو تیزی سے بڑھیں ۔ جن کی ذہنی بڑھوتری جسمانی بڑھوتری کے مطابق نہ ہو ۔

تھوجا ۔ سر درد جیسے کہ کھوپڑی میں میخ گاڑی جا رہی ہو ۔ یا پیشانی کی چڑھائی میں ۔

کافیا ۔ درد سر جیسے کہ کھوپڑی میں میخ گاڑی جا رہی ہو ۔

پکرک ایسڈ ۔ تھوڑی سی بھی ذہنی مشقت سے دماغ کی تری کی وجہ سے سکول کے لڑکوں میں سر درد پڑھنے کے بعد ، امتحان کے بعد طالبعلموں کا سر درد ۔

روبینیا ۔ صفراوی سر درد گیس کی علامات کے ساتھ ۔ معدہ میں درد ۔ کھٹی قے اور تیزابیت محسوس کرے کہ سر ابلتے ہوئے پانی سے بھرا ہوا ہے ۔

کلوریلم ۔ خوفناک ۔ کند ۔ بھاری پیشانی کا سر درد جو کئی روز رہے ۔

ٹیرنٹولا ہسپانیہ ۔ جیسے کہ ہزاروں سوئیاں سر میں گاڑی جا رہی ہوں ۔ شور ، چھونے سے اور سخت روشنی سے زیادہ ہو ۔ مالش سے آفاقہ ہو ۔

لیک ڈیفلورم ۔ درد شقیقہ ماتھے سے شروع ہو کر کھوپڑی تک جائے ۔ ٹیکن کے ساتھ متلی ، قے ۔ اندھاپن اور ضدی قبض حیض کے دوران میں ۔ زیادہ پیشاب کرنے سے آفاقہ ۔

ورٹیرم ایلبم ۔ اعصابی سر درد جس کے ساتھ نظر جاتی رہے ۔ چوٹی پر بہت ہی ٹھنڈک سرد چیزیں لگانے پر آفاقہ ۔ ۲۰۰ طاقت میں دیجئے ۔ سر درد جو چہرہ کو بدل دے تقریباً پاگل بنا دے ۔

وائیولا اوڈوریٹا ۔ سر درد اچانک ظاہر ہو بغیر کسی وجہ ظاہری کے نظر میں بگاڑ کے ساتھ ۔

چیونتھس - درد شقیقہ کی خاص دوائی - بے پرواہ اور بے حس - دھیما - پیشانی کا درد۔ ناک کی جڑ پر آنکھوں کے اُوپر کنپٹیوں میں سے جو جھکنے پر اور ہلنے پر زیادہ ہو۔ مدر ٹنکچر استعمال کیجئے۔

پوتھوس - ہسٹیریائی سر درد کے لئے۔

ایلیم سیٹ - سر درد جس میں حیض شروع ہونے پر افاقہ اور اس کے بعد زیادہ۔

کلکیریا ایسٹ - بیہوش کرنے والا پیشانی کا درد۔ کام بند کرنا پڑے اور نہ جانے کہ وہ کہاں تھا

ایچ نیگس - اعصابی سر درد جس میں متواتر تھوکنے کی علامت ہو۔ تھوک چپچپا یا نیم گاڑھا۔ سر درد جس میں بھوک ہو۔

اگنیشیا - غم کے بعد اعصابی سر درد۔ بہت زیادہ پیشاب آنے پر بند ہو جائے یا ختم ہو جائے۔ ہسٹریا میں سر درد۔ درد ایسا کہ جیسے سوئی یا میخ سر میں گاڑی جا رہی ہے۔

لوبیلیا انفلیٹا - دماغی جھلیوں کا درد۔ ۶ طاقت دو تین قطرے ہر دو گھنٹے کے بعد دن بھر میں ۶ مرتبہ ضرور دیجئے!۔

لائیکوپوڈیم - ننگا کرنے پر افاقہ ہو۔

آرم میٹ - پاگل کر دینے والا سر درد جیسے کہ اس بستر سے چل ہو اگرچہ وہ کوئی جھونکا محسوس کر رہا ہو۔ ٹھنڈ سے بہت زیادہ حساس - اپنا سر لپیٹنا چاہے

سلیشیا - سر درد کو لپیٹنے اور ڈھانپنے سے افاقہ ہو۔ اندھیرے میں زیادہ روشنی میں آفاقہ۔ اعصابی سر درد جو سکول میں زیادہ پڑھائی کرنے پر ہو۔

اونسموڈیم - دباؤ یا آنکھ پر دباؤ۔ چکر اعصابی سر درد - ضعفِ اعصاب۔

اکٹیا ریسموسا - پیشانی کا کھوپڑی کا سر درد - آنکھوں کے ڈیلوں میں درد - دباؤ سے افاقہ - تھوڑی سی حرکت سے بھی زیادتی۔

بحس باسکاٹا - تھوڑا سا بھی کھانا کھانے سے بہت زیادہ درد۔

پلسٹیلا - آئس کریم کھانے سے سر درد - گیس کی وجہ سے سر درد جو گرمی سے زیادہ ہو۔

سیپیا - سر درد پھٹنے والی تکلیف۔ سر کے دائیں طرف چھوڑ کے اور پیشانی کی ہڈی

تیزی سے بڑھنے والی تکلیف - اور پھاڑنے والے درد - بائیں کنپٹی میں - بائیں آنکھ کے اوپر سے کھوپڑی تک بڑھنے والی - سر درد چوٹی پر - ٹیکن والی محسوس کرے جیسے کہ سر اوپر سے کھل گیا ہو - شور سے زیادہ - ہر قسم کی خوراک سے نفرت - معدہ میں خالی پن کا احساس - کھانا کھانے کے بعد افاقہ اور نیند کے بعد آرام -

ٹیوبرکولینم - ٹی بی کی ہسٹری والے خاندان میں آدمیوں کا سر درد - درد کی نیت ایسی ہو کہ جیسے سخت لوہے کا چھلا سر کے گرد منڈھا ہوا ہو - ریڑھ کی ہڈی پر گیلے تکلیف دہ کپڑوں کا احساس -

آرم آرس - برف کی طرح سرد ہاتھ، ٹانگیں اور پاؤں -

سٹیفسیگریا - بڑا گوشت (گائے کا گوشت) کھانے سے سر درد - کانوں میں گرج کے ساتھ سر درد - سر درد جو پاگل بنانے والی ہو خاص طور پر پیشانی میں - تکالیف اندرونی و بیرونی طرف دبانے والی معمولی سا چھونے سے سر درد اور تکالیف بڑھیں -

کلکیریا آئیوڈ - سر میں درد جس کو بالوں کو باندھنے سے زیادتی ہو -

کرڈیلس میوور - درد شقیقہ - بہت بڑی مقدار میں صفرا کی قے - داہنی طرف نہ لیٹ سکے یا کمر کے بل نہ لیٹ سکے - بغیر سیاہ صفراوی قے کے -

اینا کارڈیم - سر درد کو کھانا کھانے سے مکمل طور پر افاقہ ہو جائے - حرکت اور کام کے دوران زیادہ - گیس اور اعصابی سر درد -

بچیلیڈونیم - شدید پاگل بنا دینے والا سر درد جو مریض کو اپنے ہاتھ کاٹنے پر مجبور کرے -

کوکولس - سر کی پشت پر درد جیسے کہ یہ حصے یکے بعد دیگرے کھل اور بند ہو رہے ہوں سر درد سائے کی طرح آئے - نیند کے دوران میں جو کچھ ہو رہا ہو سن سکے خواہ خراٹے لے رہا ہو - اعصابی سر درد گرانی کے ساتھ - متلی اور چکر - سر کی گدی کو درد کی شدت کی وجہ سے پکڑے -

ٹیلیاٹی - صفراوی سر درد - جلد چہرہ میں جلنے کا احساس، سانس بھی نتھنوں کو جلائے -

آرسینیکم (آرس ورس) - صفراوی سر درد جلنے اور تیزابیت کے ساتھ - ٹیکن اور شدید درد - نظر میں فتور - قے سے درد کو افاقہ ہو جو کڑوی ہوتی ہے -

سورائینم - بھوک کی وجہ سے سردرد - کھانا کھانا چاہے لیکن مطلوبہ مقدار حاصل نہ کر سکے۔
الیومنا سلیکیٹ - بال باندھنے سے سردرد میں اضافہ - دانتوں کو ایک دوسرے سے لگانے
سے یا کاٹنے حیض سے پہلے یا دوران میں - بھاری پن سے قدم اٹھانے سے سردرد میں اضافہ
ٹھنڈی ہوا، ٹھنڈی پٹیوں - سر کو پٹیوں سے باندھنے سے سر ہلانے سے اور چلنے سے سردرد
میں آفاقہ ہوتا ہے۔

فلنیڈریم - درد جیسے کہ سر کی چوٹی پر وزن ہو۔

کینابس انڈیکا - احساس جیسا کہ سر چوٹی پر سے کھل اور بند ہو رہا ہو۔

بیڈیاگا - ۲ بجے سے ۷ بجے شام کے درمیان شدت کی سردرد - چکر اور سر کا بھراؤ
ٹھنڈک سے زیادتی اور گرمی سے افاقہ۔

کالمیا لیٹیفولیا - چوٹی میں سردرد سورج طلوع سے غروب آفتاب تک - کھڑے ہونے سے
اضافہ، چکر اور گھبراہٹ۔

جبرانڈی - سردرد ہر روز بوقت دوپہر - متلی سے تناؤ اور پسینہ۔

نیٹرم سلفیوریکم - سر کی جڑ میں درد جیسے کچلا گیا ہو - سر میں زخموں کی وجہ سے دماغی
تکلیف چکر - کانوں میں سوئیاں چبھیں - کنپٹیوں میں سوراخ ہوتے ہوئے محسوس - گانے
اور مرطوب ہوا میں اضافہ ہو۔

سیلنیم - چائے یا شراب کا عادی ہونے کی وجہ سے سردرد - گرم موسم - زیادہ مطالعہ اور
تیز خوشبوؤں سے اضافہ - سردرد کے دوران پیشاب بڑھ جائے۔

پوڈوفائیلم - جب سردرد اسہال سے بدلے۔

پلمبم - پیشانی یا سر کی چوٹی کا عام طور پر قولنج اور صفراوی قے خاص طور پر جب
سردرد کے ساتھ ہو - گلے حلق میں سر کی طرف گولہ اٹھنے کا احساس ہو۔

فاسفورس - سردرد کو ٹھنڈی پٹیوں سے اضافہ ہو اور گرم کرو اور گرم پٹیوں سے اضافہ
دماغ کی جڑ میں ٹھنڈک کا احساس۔

پٹرولیم ۔ سر کی کھوپڑی کا ضدی قسم کا سر درد، متلی اور قے کے ہمراہ ۔

لیکسس ۔ حیض کے دوران میں شدید سر درد، خاص طور پر جب حیض کا بہاؤ کمزور ہو۔ سر درد میں درد حیض کی طرح حیض کے بہنے سے افاقہ۔ پھٹنے والا، ہتھوڑے لگنے کی طرح کا سر درد۔ سر کی طرف خون کا زیادہ بہاؤ۔

کونیم ۔ شراب کے مشروبات کی وجہ سے سر درد اور چکر۔ تیز چلنے والی چیزوں کو دیکھنے سے حد خفیفہ۔

الیومنا ۔ سر درد متلی اور قے کے ساتھ۔ زکام میں مبتلا ہونے پر سر درد۔ ناک خشک اور بند۔ بڑے سر درد، بدبودار چھلکے ناک اندر پانی جیسا اخراج آنکھوں سے اوپر پیشانی میں درد کے ہمراہ ۔

سلیکس کیلی ۔ ماتھے پر ٹھنڈے پسینے آنے سے سر درد میں اضافہ۔ جتنا زیادہ پسینہ آئے اتنا ہی زیادہ ٹھنڈا ہو اور سر درد میں اتنی ہی زیادتی ہو۔ کھانا کھانے سے افاقہ ہو۔

کلکیریا آرسینکم ۔ اس دوائی کی یہ خاصیت ہے کہ درد جس پہلو لیٹا ہوا ہو اس سے دوسری طرف جس پر لیٹا ہوا نہ ہو چلی جاتی ہے ۔ اور مریض متواتر اپنی حالت بدلتا رہتا ہے ۔

امبر گریسیا ۔ سر درد پیچھے کی طرف دبانے والا ۔ اور پھاڑنے والی تکلیف کنپٹیوں سے شروع ہو ۔ جب ناک صاف کرے سر درد ہو۔ دائنی آنکھ اور دائنی پلک میں جلن۔ کھانا کھانے کے بعد اضافہ یا زیادتی سر درد۔

فلورک ایسڈ ۔ پیشاب کی خواہش کو پورا نہ کرنے پر سر درد۔

اگریکس مس ۔ پیشاب میں کمی اور قبض کی وجہ سے پاخانہ آنے پر افاقہ۔ وقفوں سے کھینچنے اور پھاڑنے والی پیشانی میں درد۔

الیومن ۔ سر کی چوٹی پر درد آگ جیسی جلن کے ہمراہ اور یہ اس کو دبائے جیسے کہ کھوپڑی کچل دی جائے گی ۔ سخت دباؤ اور برف جیسی ٹھنڈی پٹیوں سے افاقہ ہو۔

اموینیا کلارب ۔ سر میں اعصابی اور گنٹھیا وی دردیں۔ کنپٹیوں میں پھاڑنے والی درد۔

بووسٹا ۔ دماغ میں گہری درد اس احساس کے ساتھ کہ سر سوجا ہوا ہے اور بہت بڑا ہے۔

اس کے ہمراہ حیض درہم برہم۔ اور دل کی دھڑکن اور دل بھی بڑھا ہوا محسوس ہو۔

کلکیریا کارب - موٹے آدمیوں میں مزمن سر درد چہرے۔ چہرے پر پسینے کے رجحان کے ساتھ۔ برف کی طرح ٹھنڈا اور ہاتھ پاؤں کا نمدار ہونا۔

لائیکوپوڈیم - تمام سر میں شدید درد لیکن آنکھوں کی پشت اور کنپٹیوں پر جم جائے یا ٹھہر جائے بہت شدت کے ساتھ، تمباکو کے دھوئیں سے مکمل آفاقہ، گرم کمرے میں یا باہر کی گرمی سے۔

سر میں رطوبت کا بھر جانا۔

ہیلڈرا ہیلکس - صرف ایک قطرہ ایک خوراک دیجئے۔ دوسری صبح ناک کے راستے صاف مواد کا بہاؤ ظاہر ہوگا اور صرف ایک خوراک آرام دے دیگی۔ دوسری خوراک دیجئے اگر دوبارہ کا خطرہ ہو۔

ایپس ایم - تالو کا ابھار، چہرہ پھولا ہوا اور زرد۔ مریض لاپرواہ۔ اُف نکلنے والا خاموش۔ بعض اوقات تیز چیخ کے ساتھ چونک جائے۔ سرخ بخار کے بعد۔

زنکم میٹ - مریض اپنے سر کو گھمائے اور نیند سے جاگ جائے جیسے کہ ڈرا ہوا ہو۔ چوٹی گرم، پیشانی ٹھنڈی۔ دانت پیسے۔ آنکھیں روشنی سے حساس یا متاثر ہوں۔ منجمد اور گھورتی ہوئی آنکھیں۔ ناک خشک۔ نیند کے دوران پٹھوں کا پھڑکنا۔

ہیلی بورس - دماغ کی افسردگی نمایاں علامت ہے سر کو گھمانا اور تکیے میں گھسیٹنا ہے سر درد کی چیخ بھی موجود ہوتی ہے۔ اکثر شدید تشنج ہوتا ہے۔ دماغی جھلیوں کی سوزش اس کی پیچیدگی ہوتی ہے۔ پیشاب کم ہو جاتا ہے اور آنکھیں روشنی سے متاثر نہیں ہوتیں۔

کلکیریا کارب } پہلی دوائی ڈھیلے نرم مریضوں کے لئے ہے۔ جن میں تالو کھلا غیر معمولی
کلکیریا فاس } بڑا سر، جلد ڈھیلی لٹکی ہوئی سر پر پسینہ۔ دوسری دوائی (کلکیریا فاس) کے متعلق چھوٹے قد کے کمزور بچوں کے متعلق سوچنا چاہیئے۔ وہ ناراض اور چڑچڑا ہوتا ہے۔ نمکین چیزوں کے بہت خواہشمند ہوتے ہیں۔ پیٹ کے پٹھے اندر دھنسے ہوئے ہوتے ہیں۔

کالی آئیوڈ - یہ دوائی وہاں کامیاب ہوتی ہے جہاں خاندان میں آتشک کی تاریخ پائی

جاتی ہے۔ بھینگا پن۔ لمبے سانس لینا اور تشنج پتلیوں کا فالج اور بہت زیادہ پھیلنا۔ بازوؤں کا خود بخود حرکت کرنا۔

مرک سال۔ چیچک اور سرخ بخار کے بعد دماغ کی جھلیوں میں پانی بڑھ جانا۔ بچہ سر کو ادھر ادھر ہلاتا ہے۔ بچہ سر پر پسینہ کے ساتھ کراہتا ہے۔

بیلاڈونا۔ حاد کیسوں میں چوٹی کی دوائی ہے۔ بخار، مخبوط الحواسی اور ہذیان۔ شدید سر درد سرخ اور خوف آمیز آنکھوں کے ہمراہ۔

سلفر۔ خنازیر۔ کنڈمالا میں مبتلا بچوں کے لئے مفید ہے۔ سو پسینے۔ بازوؤں کا ہلنا اور خاندانی مریضوں کے لئے۔

ایپو سائنیم۔ دماغ کی جھلیوں میں پانی۔ ماتھا آگے کی طرف نکلا ہوا۔ سر کی جوڑ کھلا۔ رطوبت رسنے کی نوبت۔ مدہوشی۔ ایک بازو اور ٹانگ کی بلا ارادہ حرکت۔ ایک آنکھ کی نظر ضائع۔ اخراجات کم خاص طور پر پیشاب اور پسینہ۔

پانی سے ڈرنا (مرگی)

لائی سین۔ اس دوائی کے ساتھ علاج شروع کرنا چاہیے۔ ۲۰۰ طاقت کی ایک خوراک دے کر ۴۸ گھنٹے کے بعد علامات کے مطابق درج ذیل ادویات دینا چاہئیں۔

بیلاڈونا۔ شدید ہذیان۔ مریض شدید غصے میں۔ مارتا ہے کاٹتا ہے، بھاگ جانے کی کوشش کرتا ہے۔ اگر اس کی مخالفت کی جائے تو شیطان کی طرح لڑتا ہے۔ گلا خشک۔ سرخ پالش کیا ہوا۔ اندر تپ درد۔ کھانسی۔ روشنی اور ہلنے سے اضافہ پہلے درجے کی دوائی ہے۔

سٹرامونیم۔ وہی علامات جیسے کہ بیلاڈونا میں لیکن اس سے کم یا ہلکی۔ سٹرامونیم میں پانی پینے میں اضافہ نہیں بلکہ پانی دیکھنے ہی سے اضافہ مرض ہو جاتا ہے۔ یہ اس مرض کی نمایاں علامت ہے۔ آہستہ آہستہ بڑبڑانے کا ہذیان۔ دوسری سٹیج کی دوائی ہے۔ پاگل جانوروں کے کاٹنے کا علاج ہے۔

ہائیوسائیمس۔ جب متواتر بے خوابی ہو گلے کے پٹھوں کی متواتر مزمن رعشہ حرکت ہو۔
کینتھرِس ۔ شدید غصّے کا ہذیان۔ مجنوں۔ مشتعل۔ شدید غصّے کے دورے
عفونتک۔ پریشان بے چینی جو غُصّے پر منتج ہو۔ حاد پاگل پن۔ یہ سب بڑھیں، جب اضافہ
مرض ہو۔ حلق کو چھُونے اور ٹھنڈا پانی پینے ہو۔ نگلنا مشکل ہو۔ درد کے ساتھ تنگی۔
جلتے ہوئے۔ خشکی۔ شدید بخار۔

خُون کا دماغ کی طرف بہت زیادہ چڑھنا

بیلاڈونا۔ شدید ٹیکن والا درد سر۔ سُرخ چہرے کے ساتھ۔ ٹھنڈی پٹیوں سے یا
سر کو نیچا اونچا کرنے پر افاقہ۔
ایکونائٹ این ۔ سر گرم۔ جلد خشک۔ تیز چھوٹی باریک تار جیسی نبض بہت
پریشانی اور بے چینی۔ سب سے پہلے اس کے متعلق سوچنا چاہیئے۔
ہائیوسائیمس۔ سُرخ آنکھیں اور شرارے نکلتے ہونے کے ساتھ ہذیان۔
گلونائن ۔ سر میں بھراؤ کے ساتھ ٹیکن دار سر درد۔ سورج کی گرمی سے زیادہ اور ہلنے سے
زیادہ ہو۔
جیلسمیم ۔ معمول خون سر کیطرف چڑھتا ہوا۔ بہت زیادہ بھرا ہوا۔ کند ذہن۔ لاپرواہ۔
چہرے سے لاپرواہی کا اظہار۔
ورٹرم وراٹیڈ ۔ دماغ کی جڑ میں اجتماع خون۔ سر گرم۔ آنکھیں خون کی طرح
سُرخ۔ ایک کے دو دکھائی دیں۔ نبض نرم اور سُست۔

ورمِ اعصاب

ایکونائٹ این ۔ دماغ میں اجتماعِ خون سورج کی گرمی کی وجہ سے جذبات کی
اچانک برانگیختگی۔ ورمِ اعصاب کے پہلے درجہ میں۔ شور اور روشنی میں زیادتی مرض۔

بیلاڈونا ۔ اجتماعِ خون اور دماغ کی سوزش یا ہیجان سر گرم اور ٹھنڈے پاؤں کے ساتھ ۔ گردن کی شریانوں میں تپکن دار ا سر درد ۔

گلونائن ۔ احساس کہ سر بہت بڑا ہے اور خون سے بھرا ہوا ہے ۔ پیچھے کی طرف جھکنے سے زیادتی ۔ حرکت اور ننگا کرنے سے افاقہ ۔ اسمیں بیلاڈونا سے جو پیچھے کی طرف جھکنے سے افاقہ اور سر کو ڈھانپنے سے اور حرکت پر زیادتی سے تفریق کی جا سکتی ہے ۔

ہائیوسائمس ۔ ورمِ اعصاب تپکن کی لہریں سر میں ۔ سر کو ہلانے سے اور آگے کو سر کر کے بیٹھنے سے افاقہ ۔ بیلاڈونا کے خلاف ۔

الیومنا سلیسکیٹ ۔ ورمِ اعصاب درد والے حصوں کے سُن ہونے کے ساتھ ۔

میگنیشیا فاس ۔ دماغ میں اجتماعِ خون جب اچانک اسہال رک جائیں ۔ اعصابی اور گنٹھیاوی سر درد ۔

(دیکھیے فالج ۔ حرکت کی نااہلیت)

دماغ کی جھلیوں کا ورم

بیلاڈونا ۔ شدید ہذیان ۔ لڑے تا کہ تصوراتی چیزوں سے بچ کر نکل جائے ۔ سرخ خون کی طرح آنکھیں ۔ گردن کی شریانوں کی پھڑکن ۔ نیند اس وقت ٹوٹے جب مریض ڈر کر چیخ مارے شور اور روشنی سے متاثر ہو ۔ نبض تیز اور اچھلتی ہوئی ۔ درجہ حرارت اونچا ۔ ڈھانپنے ہوئے حصے نمدار ۔ دانت پیسے ۔

برائی اونیا ۔ یہ بیلاڈونا کے بعد اچھا کام کرتی ہے لیکن بدل بدل کر کبھی نہیں دینا چاہیے ۔ جب بیلاڈونا بخار کو کم کر دے اور نبض کو دھیما کر دے ، کھانسی کم ہو جائے ۔ یہ گنٹھیاوی مریضوں کے لئے بہت بہتر ہوتی ہے ۔ سُن ہونے کا احساس ۔ احمقانہ اظہار ۔ گردن کی سختی ۔ پیٹ پھولا ہوا ۔

ٹیوبر کولینم ۔ یہ کبھی بھی نہیں بھولنا چاہیئے علاج کے شروع میں دی جانا چاہیئے یہ ایک جسمانی ساخت کے مطابق دوائی ہے ۔ یہ ٹی بی میں جھلیوں کے ورم کا علاج بھی کرتی ہے اور

حفاظت بھی کرتی ہے۔ ۲۰۰ طاقت کی ایک خوراک دیجئے، ۶ سے ۱۲ گھنٹے تک کوئی اور دوائی نہ دیجئے

حتیٰ کہ مریض حالت علامات کے مطابق کوئی اور دوائی نہ چاہے۔

ایپس ایم ۔ ٹی بی میں ورم کی جھلیوں کی سوزش میں یا حاد اخراج مواد جو پھنسیوں کے بننے یا نامکمل ہونے کی وجہ سے خارج ہو رہا ہو۔ مریض نیند میں چیخ کے ساتھ چلاتا ہے۔

ہیلی بورس ۔ جب ماتھے میں شکن، پتلیاں پھیلی ہوئی اور نچلا جبڑا گرے۔ ایک بازو اور ایک ٹانگ کی خود بخود حرکت یا بلا ارادہ حرکت۔ ماتھے پر ٹھنڈا پسینہ۔ مریض پانی لینے میں لالچ کرے۔ وہ چمچ کو دانتوں سے پکڑے جب اس کے منہ میں پانی ڈالا جائے۔ آنکھیں روشنی سے متاثر نہ ہوں۔ مکمل بیہوشی ۔ ٹی بی والی ورم کی جھلیوں کی سوزش۔ مکمل یا نیم بیہوشی۔ سستی۔

کیوپرم میٹ ۔ جب اونچی آواز سے چیخے جس کے بعد شدید تشنج۔ اور انگوٹھے بھینچ جائیں۔ نیلے ہونٹوں کے ساتھ چہرہ زرد۔ ڈیلے متواتر گھومیں۔

ہائیوسائمس ۔ یہ دوائی اس وقت دینا چاہیئے جب تشنج دب جائے ۔ اور مریض لاتعلق اور بیہوش پڑا ہو ہلکے ہذیان کے ساتھ۔

گلونائن ۔ ورم دماغ کی وجہ سے چیخ (جیسے کہ ایپس میں) اس احساس کے ساتھ کہ سر بہت بڑا ہو گیا ہے۔ تشنجی قے شدید اجتماع خون اور سر کی ٹپکن کے ساتھ۔ سورج کی گرمی اور عام گرمی سے۔ دماغی جھلیوں کی سوزش۔

زنکم میٹ ۔ دماغی سوزش میں بچہ ڈر کے ساتھ جاگ جائے۔ سر کو ادھر ادھر گھمائے، چلائے۔ نیند میں چونک جائے۔ قلت خون والے بچوں جن میں پھوڑے پھنسیوں کا رجحان ہو۔

سکوٹا وائروسا ۔ تشنج کے ساتھ۔ بازوؤں اور تمام جسم میں ڈرانے والے جھٹکے بیہوشی کے ساتھ۔ تشنج جس میں پیچھے کی طرف مڑے۔ تھوڑا سا چھونے سے، شور سے یا ہلنے سے دورہ شروع ہو جائے۔

مرک سال ۔ دماغ کی سوزش، چوٹ کے مابعد اثرات۔ سوزش دماغ جو کان میں سے اخراج کے دبنے کی وجہ سے ہو۔ اس دوائی کے استعمال سے ۲۴ گھنٹے کے اندر اندر اخراج دوبارہ شروع ہو جاتے ہیں اور تمام تکلیف رک جاتی ہے یا غائب ہو جاتی ہیں۔

ایکونائٹ - سوزشِ دماغ کے ابتدائی مرحلہ میں - دماغ میں اجتماعِ خون، غصہ یا دھوپ لگنے کی وجہ سے، ڈر کے ساتھ بخار، بے چینی، خشک جلد اور شدید پیاس

جیلسیمیم - پٹھوں کی مکمل یا نیم مکمل کمزوری کی وجہ سے (اپنا کام چھوڑ جانا کمزوری کیوجہ سے) نظر کی کمزوری - بولنے کی کمزوری -

اگنیشیا - ہسٹریائی مریضوں میں غم کیوجہ سے نصف سر کا درد - کئی دفعہ پیشاب زیادہ یا کم مقدار میں -

بیلاڈونا - دموی و کثرتِ خون والے اور تندرست آدمیوں میں سر درد - نظامِ دورانِ دل میں ابتری کیوجہ سے سر درد - سر درد شدید - اچھلنے والا اور تپکن والا ہو -

آئرس ٹینکس - سر درد جو ہفتہ کے روز اٹھنے سے پہلے شروع ہو جائیں بائیں آنکھ سے شروع ہو کر آدھے بائیں سر تک جائیں -

حرام مغز کی بتی کی سوزش

فالج بھی دیکھیے -

بیلاڈونا - جب حرام مغز کی بتی کا اوپر والا حصہ ملوث ہو - گولی لگنے کا سا درد جو پھر اکھڑ پن جیسا درد پٹھوں کا پھڑکنا، جیسے کہ بجلی کے شرارے سے چھوٹے جا رہے ہوں - شدید بخار -

برائی اونیا - سوئی گڑنے جیسا درد، حرام مغز کی بتی میں پھاڑنے والا درد جو حرکت سے زیادہ - پٹھوں کی سختی اور سن ہونا -

آرنیکا ایم } حرام مغز کی بتی میں درد اور سوزش جب کسی چوٹ یا زخم کیوجہ سے
ہائیپریکم } ہو - معمولی سی حرکت سے بھی درد - چھونے سے بہت زیادہ حساس - کھڑے ہونے یا چلنے کی کوشش سے ڈرے -

بیلبسم - ریڑھ میں شدید درد - بخار اور تشنج -

اگزالک ایسڈ۔ ٹانگیں سخت اور سر درد۔

سکوٹا وائرو سا۔ جب مریض چلائے تو شدید تشنج۔

کیوپرم آرسینکم۔ اینٹھن کے درد کو پاؤں سے دبانے سے افاقہ۔ سُن اور ٹانگ میں فالج کا احساس بار بار پیشاب کی خواہش۔

سٹرکنیا فاس۔ حرام مغز کی بیتی کی سوزش جس کے ہمراہ دل۔

الیومنا سلیکیٹ۔ دماغ میں اجتماعِ خون اور بتی اور ریڑھ کے اعصاب، نمایاں جلن اور ڈنگ لگنے جیسی درد۔

اعصاب۔ (انگلیوں کا سُن ہونا) متفرق میں دیکھئے

اکونائٹ این۔ سُن ہونے اور جھنجھناہٹ کی تازہ تازہ تکلیف۔

پلاٹینا۔ چھوٹی جگہوں میں سُن ہونے کا احساس خاص طور پر شام کے وقت اور بستر میں۔

دانتوں کا سن ہونا۔ زبان پر چیونٹیوں کے رینگنے کا احساس۔ جب بیٹھے تو ریڑھ کی ہڈی کے آخری حصے کے سن ہونے کا احساس۔ کانپنے کا احساس۔ سُن ہونے۔ چونٹیاں رینگنے اور اینٹھن کے دورے۔

ہائیڈروسائنک ایسڈ۔ احساسات کا اچانک اور مکمل طور پر کھو جانا۔

کوکا۔ ہاتھ اور پاؤں کا اندرونی حصہ سردی کے احساس کے ساتھ سُن ہونا۔ بازوؤں اور ٹانگوں کی کمزوری۔

آرسینکم۔ ہاتھ اور پاؤں میں رینگنے کا سُن جانے کے ہمراہ۔

مارفینم۔ کھڑے ہونے کی کوشش پر گرنے پر، ٹانگوں اور پاؤں کا سُن ہو جانا۔ بائیں تلوے کا برف کی طرح سُن ہو جانا۔ اینٹھن یا تشنج۔

جیلسیمیم۔ بازوؤں کی کمزوری اور سُن ہو جانا۔ فالج کے اثرات، پٹھے کمزور۔ اور مرضی کے مطابق کام نہ کریں۔ تمام پٹھوں کے نظام کی کمزوری۔ حرکت کرنے تمام اعصاب کے ساتھ۔

اگریکس ایم۔ جسم کے حصے ٹھنڈے اور نیلے مردہ ہونے کا احساس جیسے کہ ٹھنڈے جم گئے ہوں۔ رینگنے جیسا احساس جیسے کہ چونٹیاں رینگ رہی ہوں۔

سیکل کار۔ انگلیوں کا سن ہونا۔ انگلیوں کے سروں میں سوئیوں کا چبھنا سن ہونا بے حسی اور ٹھنڈک۔ رینگنے کا احساس۔ گرمی سے زیادہ ہونا مرض کا۔

لیکسس۔ ہاتھوں اور انگلیوں کا سُن ہونا۔ وتر یا بندھنی کا سکڑ جانا۔ صبح کے وقت اٹھے پرانے مریضوں میں جو باتونی ہوں اور رات کے وقت یا صبح سویرے زیادہ ہو اور جوں جوں دن گزرتے اچھے ہوتے جائیں۔ گرمی اور نیند کے بعد مرض میں زیادتی۔

اگزالک ایسڈ۔ بازوؤں کی پشت کا سُن ہو جانا۔ انگوٹھے کے گوے کا سن ہو جانا اور سوجنے کا احساس۔ کندھے سے لیکر انگلیوں کے کنارے تک کا سُن ہو جانا۔

پلمبم۔ مردہ پن اور بے حسی خاص طور پر دائیں طرف کی۔ اعضاء کے کام ڈھیلے پڑ جائیں اعصاب بجلی کی سی تیزی کے ساتھ پیغامات نہ پہنچائیں۔ جلد کا بے حس ہو جانا۔

سکوٹا وائرو سا۔ بازو فالج سے سُن ہو جائیں، تمام جسم کا سُن ہو جانا۔ ہاتھوں کی ٹھنڈک۔

اگنیشیا۔ چلتے وقت ایڑیوں کا سُن ہو جانا۔ اور مردہ ہونا۔

کونیم۔ تمام جسم پر سُن ہونے کا احساس۔ شدید کمزوری۔ کانپنا جھٹکے کھانا اور پٹھوں کی اینٹھن۔

ریفینس۔ ہاتھوں اور پاؤں کی ہتھیلیوں کا تلیوں کا سُن ہو جانا۔

بیوفو۔ جلد پر ٹکڑے بے حسی کے

کیلڈیمیم سلف۔ جلد اور ہاتھوں اور پاؤں کے پٹھوں میں گہرائی میں چونٹیوں کے رینگنے کا احساس جسموں کا دھبوں کی صورت میں سُن ہونا۔ فالج زدہ حصوں رینگنے کا احساس۔

امبر گریشیا۔ تمام حصوں کی گھٹی ہوئی حس۔ کمزور دوران خون۔ موسیقی ناقابلِ برداشت دھکن۔ ٹھنڈا پن۔ اور کانپنا اور بازوؤں کی سختی۔

السیومنیا۔ اعصاب کی پیغام دینے کی حس کمزور۔ جب ایک سوئی چبھوئی جائے تو ٹانگوں اور بازوؤں پر محسوس نہ ہو حتٰی کہ دوسری بار یا اسی طرح پھر اور بار بار۔ پاؤں کی تلیوں کا سن ہو جانا

ہاتھوں اور پاؤں کے بے ربط ہونا۔

فاسفورس۔ جب سُن ہونے کیوجہ جلق ہو۔ برائٹ کی مرض ہو یعنی پیشاب میں چربی آئے۔ سوئیاں چبھنے کے ساتھ جسم کا سن ہو جانا۔ بازوؤں اور ٹانگوں کا سن ہو جانا اور بے حسی اور انگلیوں کے سروں کا سن ہو جانا۔

اعصاب کی زُود حسّی

کافیا۔ بچوں میں زود حسّی۔ زچگی کے بخار میں بازوؤں اور ٹانگوں میں ٹھنڈک تھوڑی سی حرکت کو بھی زیادہ محسوس کرے۔ چھونے اور شور سے بہت زیادہ حساس۔ نظر۔ سننے سونگھنے۔ چھونے سے حساس۔ دردیں شور سے زیادہ ہو جاتی ہیں۔ زنانہ اعضائے تناسل کی شدید حساسیت۔ اکثر بستری یا مجامعت نہ کرے۔ رحم کی گرمی اور حساسیت کیوجہ سے

کیموميلا۔ جب کافیا ناکام ہو جائے تو یہ دوا موزوں ہوتی ہے۔ درد کے لئے بہت حساس۔ درد کی وجہ سے جسم حساس۔ ڈھانچے میں لہر دوڑ جائے۔ اینٹھن اور تشنج

اسارم یورو۔ انگلی یا ناخن سے لنن۔ سلک پر کھرچنا۔ کاغذ کا کھڑ کھڑانا اور اسی طرح کی چیزیں بہت ناگواری کا احساس پیدا کرتی ہے اور وقتی طور پر اس کے تمام خیالات اور کاموں کو پکڑ لیتی ہیں۔ ٹھنڈا۔ ہر حرکت سے کانپے۔ تصوّر کرے کردہ ہوا میں ایک روح کی طرح معلّق ہے۔ چلتے وقت پھسلنے کا احساس ہو۔

نکس وامیکا۔ بیرونی اثرات کے لئے شدید حساس، روشنی، شور اور خوشبوؤں کیلئے

بیلاڈونا۔ معمولی سے شور یا ہلنے سے شدید حساس ان میں سے کسی کو بھی برداشت نہ کر سکے۔ کھوپڑی حساس۔ بالوں کی کنگھی یا برش نہ کرنا چاہے۔

سلفر۔ گندی بدبوؤں سے شدید حساس، لیکن خود گندی اشیاء کو کھائے اور نگلے۔

تھوریڈون۔ احساس کر درد کی صورت میں برقیں اس کے جسم سے گزر رہی ہیں اس کے بعد تسلّی ہو عجیب و غریب قسم کی۔

ہیپر سلفر۔ نقوش سے حساس، ماحول سے حساس اور درد سے حساس۔ سردی سے حساس۔
جس کو برداشت کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ ضرورت سے زیادہ گرم کمرہ چاہے۔ نرم و نازک مریض۔

لیک کینیم۔ ذکی الحس، روشنی اور شور سے ذکی الحس۔ جب پڑھ رہا ہو تو صفحہ پر صاف نظر نہ آئے۔ اندھیرے میں اپنے سامنے چہرے دیکھتی ہے۔

نکس وامیکا۔ بیرونی نقوش سے ذکی الحس۔ روشنی، شور، خوشبوؤں، ہوا کے معمولی جھونکے اور اپنے ماحول سے ذکی الحس۔ اپنی خوراک کے معاملے شدید ذکی الحس۔ بہت قسم کی خوراکیں اسے پریشان کردیں۔ محرکات کی شدید خواہش رکھے جو اس کو مستعد رکھیں۔ زود رنج جلدی ناراض ہونے والا۔ گوشت سے نفرت اور اس سے زیادتی مرض ہو۔ اگر اس کے راستہ میں کرسی آجائے تو اسے دور پھینک دے۔ اگر کپڑے اتارتے وقت کپڑے کے کسی حصہ میں بٹن پھنس تو وہ اسے توڑ دے یا بعض اوقات کپڑے ہی پھاڑ دے۔ زود رنجی کی نہ کنٹرول ہونے والی حالت۔ اپنے طریقے سے لوگوں پر چیزیں ٹھونسنا چاہے۔ جب کسی چیز کی جزئیات یا کسی چیز کی تفصیلات بتائی جائیں تو ناراض ہو جائے اور دور جانا چاہے۔ چیزوں کو توڑے اور پھاڑے۔ برا بھلا کہے۔ اپنے گھر چلا جائے اور گھر میں بیٹھ کر باتیں کرے۔ وہ لڑتا ہے۔ لعنت ملامت کرتا ہے۔ حسد کی وجہ سے توہین کرتا ہے اور اس کے کچھ عرصہ کے بعد بلند آواز سے روتا ہے۔

آرسینکم البم۔ سونگھنے اور چھونے سے ذکی الحس۔ کمرے کے ماحول سے شدید ذکی الحس۔ انتہائی ذکی الحس اور نازک مزاج چاہے کہ کمرے کی ہر چیز ترتیب سے رکھی ہوئی ہونی چاہیے۔

کوکولس۔ سُن ہونا اور بازوؤں میں فالج کا احساس بعض اوقات ایک بازو سُن جیسے کہ سو جائے اور بعض اوقات دوسرا بازو سو جائے۔

سلیشیا۔ ہاتھ اور پاؤں کام کے دوران سو جائیں، شور سے ذکی الحس۔

الیومنا سلیسکٹ۔ اکیلے حصوں کا سُن ہونا اور درد والے حصوں کا سُن ہونا۔ گرمی کی لہریں سر کی طرف۔ گرمی کا سر میں اجتماع۔

ہائیوسائمس۔ جلد کے اعصاب کا ذکی الحس ہونا جس کے نتیجہ کے طور پر مریض ننگا ہونے کی خواہش کرے۔

اوپیم ۔ شور سے ذکی الحس ۔ مکھیاں دیوار پر چلتی سُن سکے اور دور کے گھڑیال کی آواز سُنے ۔

بیوفو ۔ جلد کی کچھ ٹکریوں کا زیادہ حساس ہونا ۔ دوسرے حصّوں پر سُن ہونے کا عمل ۔

پلمبیم ۔ جلد کا انتہائی ذکی الحس ہونا ۔ جس کے ہمراہ فالج اور طاقت کا کم ہو جانا ۔ وہ چھوا جانا برداشت نہیں کر سکتا جس سے اس کو تکلیف ہوتی ہے ۔ حاد تکالیف میں جلد ذکی الحس اور مزمن تکالیف میں جلد کی بے حسی ۔

تھریڈون ۔ اعصاب کا ذکی الحس ہونا ۔ لنن یا سلک پر کھرچنا یا کاغذ کا کھڑکھڑانا ناقابلِ برداشت ۔ علامات آنکھیں بند کرنے پر بڑھیں ۔

گرلغائٹس ۔ سردیوں میں سردی سے ذکی الحس اور گرمیوں میں گرمی سے ذکی الحس ۔

دردِ اعصابہ

آرسینکم ایلبم ۔ جب دردِ اعصابہ ملیریا کی وجہ سے ہو ۔ اور دورہ باقاعدہ وقفوں سے ہو جلن نمایاں علامت ہے ۔ بائیں حلقۂ چشم اور بائیں ٹانگ کا عرق النساء یا لنگڑی کا درد کا عام طور پر اعصاب پر اثر ہوتا ہے ۔

میگنیشیا فاس ۔ یہ دوائی دائیں طرف کو ترجیح دیتی ہے ۔ یہ کسی بھی حصّۂ اعصاب کو متاثر کر سکتی ہے ، آنکھ ، کان ، رحم اور ٹانگ ، یہ ایک دورے کے خلاف دوائی ہے پٹھوں کے سکڑنے کے ساتھ شدید تکلیف ۔ گرم پٹیوں سے دباؤ سے اور اندھیرے میں جانے سے افاقہ ہو جاتا ہے ۔

اگریکس ایم ۔ یہ چہرہ کے عصبی درد اور دوسری قسم کے چہرہ کے دردوں کے مفید ہے ۔ دردیں ہمیشہ ۔ پھاڑنے والی ۔ بھالا لگنے جیسی تیز اور شدید ہوتی ہے ۔ دردیں معمولی سے چھونے سے بھی بڑھ جاتی ہے ۔ ہمیشہ پٹھوں کی اینٹھن کے ہمراہ ، جن پٹھوں میں اینٹھن ہو وہ ٹھنڈے ہوں اور ان میں سختی ہو ۔

بیلاڈونا ۔ جب اعصابی درد کے حملے اچانک آئیں اور اچانک ختم ہو جائیں ۔ شور ،

روشنی اور چوٹ اور ہوا کے جھونکوں سے بھی زیادتی ہو۔ چہرے کے عصب کے پانچویں جوڑ کا درد۔ داہنے اوپر کے اور نچلے جبڑے کے حصہ میں کاٹنے والا درد۔

کیموملا - اس دوائی کی اس وقت ضرورت پڑتی ہے جب عصب ، مارفین ۔ کوکین یا صرف کافی کا تقاضا کرے جس سے وہ محروم ہو چکا ہے۔ دانت درد اور رحم کی ناقابل برداشت تکلیف کے لئے۔

آرجنٹم میٹ - جوڑوں اور اعصاب پھاڑنے والی دردیں اور کری ہڈی میں جو ٹھنڈی اور طوفانی موسم میں زیادہ ہوں یا بڑھیں۔ حرکت کرنے پر آفاقہ ، اگرچہ تھکا ہوا اور ناتواں لیکن تکالیف یا دردیں اتنی شدید ہوتی کہ مریض چلنے پر مجبور ہوتا ہے۔

آرجنٹم نائیٹریکم - پھاڑنے والی دردیں ٹانگوں کی نیچے کی طرف جیسے کہ حرکت کرنے کی نااہلیت میں۔ برچھی چبھنے جیسا اور گولی لگنے جیسا درد۔ ٹھنڈی ہوا ۔ ٹھنڈا کمرہ ۔ آئس کریم جیسی ٹھنڈی اشیاء پسند کرے ۔ گرمی زیادتی درد۔

سٹانم میٹ - اعصابی دردیں جو کہ اچانک شروع ہوں اور بتدریج بڑھیں اور بتدریج کم ہوں ۔ اگر درد دب جائیں تو یہ دق کی شکل میں ظاہر ہو۔ (یعنی درد کو مٹانے سے سِل ہو جائے) یہ عورتوں کی دوائی ہے، جہاں شدید اعصابی درد بند ہوا اس کے بعد کثیر مقدار میں زردی مائل لیکوریا شروع ہو جائے ۔ اس کو دق یا سِل سے بچاتے ہوئے۔

ایکونائٹ این ۔ اجتماع خون کیوجہ اچانک اندھے پن کے دورے۔ یہ دوائی ابتدا میں دی جانی چاہیئے۔

کاسٹیکم ۔ اچانک اور اکثر نظر کا بند ہونا۔ جیسے کہ آنکھ پر باریک پردہ تنا ہوا ہو۔ نظر کی دھندلاہٹ جیسے کہ دھند یا آنکھوں کے آگے پردہ ہے۔

جیلسیمیم ۔ سرگرانی کے ساتھ اچانک اور مکمل اندھاپن ۔ آنکھیں بوجھل اور دھندلی نظر۔ جلن کی وجہ سے نظر کا نہ رہنا۔ نظر کے میدان کا اوپر والا نصف نقص دار۔

لیکنتھس ۔ جب ٹکٹکی باندھ کر کسی چیز کو دیکھا جائے تو نظر دھندلا جائے۔ جب بھورے سیاکن دائرے نظر آئیں۔ آنکھیں چمکدار اور پتلیاں پھیلی ہوئی سرخ رخساروں کے ہمراہ۔

مرکیوریس ۔ اندھے پن کے چند لمحوں کے دورے۔ آنکھیں روشنی یا آگ کی چمک سے بہت زیادہ حساس۔

سکوٹا وائروسا ۔ شدید سر کی گرانی کے ساتھ نظر کا غائب ہو جانا۔ دماغ کی غیر حاضری کی وجہ سے خاص طور پہ چلتے وقت جب پڑھائی کے دوران الفاظ اِدھر اُدھر نظر بے قاعدہ نظر آئیں۔

ٹائیٹینیم ۔ شروع میں صرف نصف چیز نظر آئے۔ زکام کا رجحان ۔ نامردی مجامعت کے دوران سرعت انزال کے ساتھ۔

پلسٹیلا ۔ احساس کہ نظر کی دھندلاہٹ دور کی جا سکتی ہے آنسو پتلیاں سکڑی ہوئیں۔

سیلشیا ۔ پرانے کیسوں میں جہاں مطلوبہ صحیح منتخب کی گئی مستقل اثر نہ کریں۔

الیومنا سلیسلیکیٹ ۔ دھندلی نظر۔ رات کے وقت مصنوعی روشنی یا نظر کے زیادہ استعمال سے کم نظر آئے۔ دھند جیسی۔ کمزور نظر۔

ڈلبومسیا ۔ آنکھیں ٹھنڈک محسوس کریں۔ تھکی ہوئی ہوں ۔ چیزیں اوپر کو اٹھی ہوئی نظر آئیں۔ ہر طرف ڈیر سے چہرے نظر آئیں۔ نظر کے وہم یا نظر کا فریب ۔ ایک کرسی کو اپنا انتظار کرتی ہوئی محسوس کرے جبکہ کرسی نہ ہو۔ تصور کرے کہ اندھیرا ہے جبکہ صاف چمکدار دن ہو اپنی گم شدہ

گھڑی کو اپنے سر کے اوپر ہوا میں سے پکڑنے کی کوشش کرے۔ دو فٹ کے فاصلہ پر سے نہ پڑھ سکے۔ کئی رنگ مثلاً نیلا۔ پیلا اور سرخی مائل بھورا نظر آئیں۔ عصب بینائی میں اجتماعِ خون عصب بینائی کا فالج شریانیں سکڑی ہوئی۔

سنا۔ جیسے کہ جالی میں دیکھ رہا ہو آنکھیں پونچھنے پر افاقہ ہو۔

وریٹرم ورائیڈ۔ اجتماع خون کی وجہ سے نظر کی کمزوری یا عصب بینائی کے ہیجان سے۔ موم بتی کے ارد گرد سبز دائرے ظاہر ہوں جو چکر آنے پر سُرخ ہو جائیں۔

روٹا۔ دوران مطالعہ آنکھیں آسانی سے تھک جائیں۔ زیادہ مطالعہ کی وجہ سے نظر میں دھندلاہٹ۔ مطالعہ کے دوران گرمی اور جلن محسوس۔ مطالعہ کے دوران آنکھوں کے انڈھوں میں درد۔ مطالعہ کے بعد یا باریک سینے کے بعد نظر دھندلا جائے۔

میڈورینم۔ آنکھوں کے آگے جھلملاہٹ۔ دھندلی نظر سیاہ یا بھورے دھبے نظر آئیں۔ چیزیں یا تو دگنی نظر آئیں یا چھوٹی۔ آنکھوں میں ریت یا لکڑی کی ٹکڑیوں کا احساس۔

کونیم۔ جس وقت کسی چیز کو دیکھا جائے یا چھوٹی سے چھوٹی چیز پر نظر ڈالی جائے نظر جمی رہے لیکن جونہی نظر پھرائی تو سب کچھ دھندلا اور گڑبڑ محسوس ہو حتیٰ کہ مضبوطی سے چیزوں کو پکڑا جائے۔ لائٹیں حرکت کرتی ہوئی محسوس ہوں۔ چیزیں سُرخ نظر آئیں۔

کیوپرم میٹ۔ اخراجات کے دبنے یا پھوڑے پھنسیوں کی وجہ سے اندھاپن اس کے ساتھ تشنج بھی ہو سکتا ہے۔

فیرم میٹ۔ رات کے وقت چیزوں کو اندھیرے میں دیکھنے کی اہلیت۔

کاربونیم سلف۔ ہر چیز دھندلی سی نظر آتی معلوم ہوں۔ جیسے کہ چیزوں پر مکڑی کا جالا تنا ہوا ہو۔ سبز یا سُرخ۔ دائیں آنکھ کا اندھاپن اور بائیں آنکھ کی نظر کی بہت کمزوری کے ہمراہ۔ عصب بینائی کی لاغری۔

الیسٹر فاس۔ دُور کی نظر کی کمزوری۔ آنکھوں کے آگے سیاہ پٹیاں اور صرف قریب پڑی ہوئی چیزیں حرکت کرتی معلوم ہوں۔

نوٹ :- مندرجہ بالا اندرونی استعمال کی ادویات کے علاوہ درج ذیل آنکھوں کی ورزشیں کرنے کی سفارش کی جاتی ہے تاکہ نظر کو اچھا کیا جا سکے۔

(۱)- نہانے دھونے کے بعد آنکھوں کو ٹھنڈے پانی میں کھولا اور بند کیا جائے۔

(۲)- دن کے کسی وقت آنکھوں کو جان بوجھ کر جھپکا جائے خاص طور پر زیادہ دیر تک آنکھوں پر دباؤ پڑنے کے بعد۔

(۳)- آنکھوں، پپوٹوں کے نیچے آہستہ آہستہ بھینچنا دن کے خاتمہ پر۔

(۴)- آنکھ کے گڑھوں میں آنکھوں کو متواتر ہلانا۔

ایک کے دو نظر آنا

کاسٹیکم - آنکھ کو دائیں طرف گھمانے سے ایک چیز کو دو دیکھے۔

جیلسیمم - آنکھ کو کسی بھی طرف گھمانے سے ایک کے دو نظر آئیں۔ لیکن سر کو سیدھا کرنے پر ایک نظر آئے۔ آنکھ کے بالائی چھپڑ کا فالج بھی ہو سکتا ہے۔

ہائیوسائیمس - نظر کا دھوکا مریض ایک کے بجائے دو دیکھے۔

الیومن - موم بتی کی روشنی میں چیزوں کو دوہری دیکھے۔ پیپ دار آشوب چشم۔ آنکھوں کی متواتر دکھن۔

سینیگا - دوہرا نظر آنا پیچھے کی طرف جھکانے سے آنا ق۔ دونوں آنکھوں سے دیکھنے پر دوہرا نظر آئے لیکن جب ایک آنکھ سے دیکھے تو ٹھیک نظر آئے۔

گریفائٹس - جب لکھے تو الفاظ دوہرے نظر آئیں۔ الفاظ ایسے چلیں جب مطالعہ کریں۔

پلمبم - جب دونوں آنکھوں سے دیکھے تو دوہرا نظر آئے۔ لیکن جب ایک آنکھ سے دیکھے تو صحیح نظر آئے۔

سٹرامونیم - الفاظ یا چیزیں دوہری نظر آئیں۔

ورٹیرم ورائیڈ۔ ایک کے دو نظر آئیں۔ سر میں اجتماع خون کی وجہ سے سر درد کے ہمراہ۔
آرم فولیٹم۔ ہر چیز دوہری نظر آئے ایک چیز دوسری میں گڈ مڈ معلوم دے آنکھوں میں شدید دباؤ
آرم میٹ۔ دوہری چیزیں نظر آئیں اور چیزیں ایک دوسری میں ملی جلی معلوم دیں۔

چیزوں کا رنگ دار نظر آنا۔ نظر کا دھوکہ

ہائیوسائیمس۔ آنکھوں کے آگے سُرخ دھبے۔
روٹا۔ موم بتی کی روشنی سرخ ہالے سے گھری ہوئی محسوس ہو۔
تھوجا۔ آنکھوں کے آگے تنکے اڑتے نظر آئیں
اٹروپیا۔ جس کسی چیز پر بھی دیکھے سایہ نظر آئے۔ نظر کے دھوکہ کو ٹھیک کرے ہر چیز اپنے قدسے بڑی نظر آئے۔
سائیکلمین۔ آنکھوں کے سامنے آگ کے شعلے اور چمکدار شرارے۔ آنکھوں کے جلنے اور جلانے کی وجہ سے پڑھ کر نہ سکے۔ دھندلی نظر۔ چیزیں جیسے کہ دھوئیں اور دھند میں نظر آئیں۔ ایک کے دو دکھائی دیں۔
اموینم کارب۔ آنکھوں کے آگے زرد دھبے نظر آئیں۔
فاسفورس۔ آنکھیں بند کرنے پر آگ کا سمندر معلوم ہو۔ مطالعہ کے وقت الفاظ سرخ معلوم ہوں۔
سلفر۔ سیاہ دھبے آنکھوں کے آگے تیریں۔ قریب کی چیزیں کافی دور معلوم ہوں۔
بیلاڈونا۔ آنکھوں کے آگے شعلے۔ آنکھوں کے آگے تیز روشنی۔ چیزیں الٹی یا لمبی نظر آئیں۔
سیڈرن۔ چیزیں رات کو سرخ اور دن کے وقت زرد نظر آئیں۔
سٹرامونیم۔ چیزیں سیاہ کی بجائے سرخ نظر آئیں۔ چیزیں بہت چھوٹی نظر آئیں۔ چیزیں سیاہ۔ ٹیڑھی میڑھی دور اور ترچھی نظر آئیں۔
ایلنتھس۔ رات کے وقت آنکھوں کے پپوٹے بند کرنے پر آنکھوں کے سامنے چمکدار روشنی۔
ارجنٹم نائیٹریکم۔ بھورے دھبے اور تمام آنکھوں کے سامنے سے اژدہا کی صورت آنکھوں کے سامنے سے گزریں۔

آرم میٹ۔ ایک کے دو نظر آئیں اور دوسرے میں گھس جائیں جب چیزوں پر دیکھیے تو شدید درد۔ آنکھیں بند کرنے پر کم تکلیف یا درد میں اضافہ۔

نائیٹرک ایسڈ۔ آنکھوں کے آگے سیاہ دھبے ناچیں۔

ڈریٹرم وراٹیڈ۔ بڑے بڑے سبز دائرے موم بتی کے ارد گرد ظاہر ہوں جو چکر آکے پھر سرخ بن جائیں۔

الیومنا۔ موم بتی کے گرد زرد ہالہ۔ آگ جیسے دھبے دیکھے۔ سفید تارے۔ جیسے کہ دھند یا پردیں سے دیکھے۔

کالی کارب۔ آنکھوں کے آگے بہت سے رنگ یا مختلف رنگ اور چمکدار دھبے۔ چیزیں زرد پردے میں لپٹی ہوئی معلوم ہوں۔

مرکیورس۔ دائیں آنکھ کے آگے ہمیشہ سیاہ کیڑے یا مکھیاں اڑتی نظر آئیں۔ آنکھوں کے اندر دھند۔ نظر کی کمزوری یا دھندلاہٹ۔ آگ کی روشنی کو برداشت نہ کر سکے جو چکا چوند ہو۔

سیپیا۔ آنکھوں کے آگے آگ کے دھبے جب روشنی پر دیکھے جھلملائے۔ آنکھوں کے آگے سیاہ دھبے۔ آگ کے ٹیڑھے میڑھے شعلے۔ رنگوں کا پیچ پیچ جھمگٹا۔

سنا۔ نظر زرد۔

گریفائٹس۔ جب لکھے تو الفاظ دوہرے معلوم ہوں، وہ ایک دوسرے میں گڈمڈ ہو جائیں جس وقت مطالعہ کریں۔

میڈوریئم۔ آنکھوں کے آگے جھلملاہٹ۔ دھندلی نظر۔ سیاہ یا بھورے دھبے آنکھوں کے آگے ایک کی دو چیزیں نظر آئیں۔

دیکھئے آنسو۔ آنکھوں سے پانی بہنا۔



چوتھا باب

کانوں اور سننے کی بیماریاں

جلن۔

آرم میٹ ۔ جب ٹھنڈی ہوا میں چلنے تو کانوں میں جلن ہو۔

سینگوینریا ۔ سرخ رخساروں کے کانوں میں

مرک سال ۔ جلن گہری بائیں کان میں زیادہ۔

امونیامیور۔ جب ٹھنڈی ہوا میں چلے تو کانوں میں جلن۔

اگریکس مس ۔ کانوں میں جلن، سرخی اور خارش جیسے کہ شدید ٹھنڈ کی زد میں ہوں۔

بہرہ پن ۔ (دیکھیے چک)

کالی میور ۔ بہرہ پن کے لیے عمومی دوا ہے۔

ہیپر سلفر ۔ کان میں سوراخ یا پھوڑے کی وجہ سے بہرہ پن۔

فیرم پکریکم ۔ مِلّوں کیوجہ سے یا شور والے علاقے میں رہنے کیوجہ سے اعصابی بہرہ پن ۔ خون کی نالیوں میں تبدیلی کے بغیر ۔ نالیوں کا بہرہ پن۔

مرک ڈلس ۔ بڑی عمر کے لوگوں میں نزلاوی بہرہ پن اور کان و حلق کے درمیان نالی میں رکاوٹ سے۔ نمدار موسم میں زیادتی۔

سکوٹادائروسا } دماغ کی جھلیوں کے ورم کی وجہ سے بہرہ پن
ہائیڈروسائنک ایسڈ۔ } کافی عرصہ تک ہر ہفتہ ایک خوراک بدل بدل کر دیتے جائیں۔

پائیلوکارپیئم ۔ جب کان کے اندرونی حصہ میں خرابی کیوجہ سے بہرہ پن ہو۔ شور میں جیسے کہ گاڑی میں اچھا سنائی دے۔

گریفائٹس ۔ ایسا بہرہ پن جس میں شور کے اندر اچھا سنائی دے۔

میزیریم ۔ کان میں اگزیما کے بعد یا جب مزمن نزلہ کی وجہ سے۔ کان اور حلق کے درمیان نالی میں رکاوٹ سے کان کا پردہ کھنچا ہوا یا زخم زدہ ۔ پردہ کی جھلی موٹی ہوئی، ہو۔ ہر

کھانے کے بعد یا پہلے ۳۰ طاقت کی ایک خوراک دیجئے۔ جب بہرہ پن اگزیما کے دبنے کی وجہ سے ہو تو خالی معدہ صبح کے وقت ایک خوراک دیجئے۔

پلسٹیلا ۔ سردی کی وجہ سے یا چیچک کے بعد یا سرخ بخار کے بعد، نمدار موسم میں زیادتی نزلہ کی وجہ سے کان اور حلق کے درمیان نالی کی بندش یا رکاوٹ، کونین کے غلط استعمال سے

آئیوڈم ۔ کان اور حلق کی نالی میں رکاوٹ کی وجہ سے بہرہ پن تکلیف اور گلے بیٹھنے کیساتھ

میوریاٹکا کارب ۔ کم سنائی دے اور سنسنانے کی آوازیں۔

کالی آرسینکم ۔ کئی سال پرانا بہرہ پن۔

میفائیٹس ۔ مزمن بہرہ پن یا پیدائشی بہرہ پن اس سے ٹھیک کیا جا سکتا ہے۔ ۲۰۰ طاقت سے علاج شروع کرکے اونچی طاقت تک استعمال کیجئے۔ یہ کم از کم ۶ ماہ یا ایک سال تک دی جانی چاہیئے۔ ٹیوبر کولینم کی ۲۰۰ × طاقت کی ایک خوراک ہر ماہ دینی چاہیئے بطور عمل انگیز کے۔ اس سے دو دن پہلے اور دو دن بعد کوئی دوسری دوائی ہرگز نہ دی جائے۔

ورباسکم ۔ کان میں رکاوٹ کی وجہ سے بہرہ پن۔ محسوس کرے کہ کان ڈھانپا ہوا ہے۔

کاسٹیکم ۔ جب نمدار موسم میں اچھا سنائی دے۔ کان کے اعصاب کے فالج کی وجہ سے بہرہ پن۔

سیلیشیا ۔ بہرہ پن جس کی زیادتی نمدار موسم میں ہو

لیڈم ۔ کان سے بہتے ہوئے مواد (زکام) کے دبنے کی وجہ سے بہرہ پن۔

وسکم البم ۔ نزلاوی بہرہ پن کانوں میں آواز کے ہمراہ۔

آرسینکم آئیوڈائیڈ ۔ بہرہ پن جس کے ہمراہ افسردگی ہو جس کی زیادتی رات کے وقت ہو۔

میگنیشیا کارب ۔ بہرہ پن جو ڈر یا ٹھنڈ کی وجہ سے ہو۔

میڈورینم ۔ تقریباً دونوں کانوں کا مکمل بہرہ پن۔ نیم بہرہ پن یا غیر مستقل بہرہ پن۔ محسوس کرے کہ دائیں کان میں کیڑا رینگ رہا ہو اور کان کی نالی کی اندرونی دیوار میں سوراخ کر رہا ہے۔

سیلیسلک ایسڈ ۔ کانوں میں آوازوں کے ساتھ بہرہ پن کان کے عصب کے چکر کے ساتھ۔

فاسفورس ۔ بہرہ پن خاص طور پر انسانی آواز کے لیے۔

چینوپوڈیم اینتھم۔ زیادہ اونچی آواز سُنے لیکن انسانی آواز کے لئے تقریباً بہرہ ہو انسان کی آواز اچھی طرح سنے جب کار یا ٹرین شور بس میں سوار ہو۔ خاموش کمرے میں نہ سُن سکے۔

لوبیلیا انفلیٹا۔ اخراجات کے دبنے یا اگزیما کے دبنے کی وجہ سے بہرہ پن۔ گلے میں گولی لگنے جیسی درد۔

وریٹرم البیم۔ بہانے کا بہرہ پن۔

اخراج ۔ کان کا درد

دیکھئے کان کا بہنا۔

اکونائٹ۔ سردی سے کان درد

پلسٹیلا۔ جب اکونائٹ ناکام ہو جائے اور گاڑھا سادہ اخراج زردی مائل (زرد یا سبزی مائل) کانوں سے نکلے۔

بیلاڈونا۔ کھودنے والی۔ سوراخ کرنے والی اور پھاڑنے والی درد جو اچانک آئے اور شدید ہو۔ یہ دوائی اُس درد کے لئے جو پلسٹیلا کے لئے شدید ہو۔

سیلشیا۔ کان سے بدبودار پیپ کا اخراج جس کے ہمراہ ہڈیوں کا گلنا سڑنا اور ہڈیوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔

ہیپر سلفر۔ جب کانوں میں پھنسیاں اور پھوڑے ہوں۔

اکٹیا سپکٹا۔ جب ناقابل برداشت درد ہو۔ ناک صاف کرتے وقت یا چھینکتے وقت اینٹھن دار درد۔

کیمومیلا۔ ناقابلِ برداشت درد ہو جو گرمی سے زیادہ ہو اور رات کے وقت زیادہ ہو تقریباً بچوں کے کان درد کے لئے مخصوص دوا ہے۔

جیلسیمیم۔ موتوفی حیض پر کان درد۔ کان بھرے ہوئے اور گرم محسوس ہو۔

ٹیرنٹولا ہسپانیہ۔ جب جھٹکا مارتی ہوئی کان درد ہچکی کے ہمراہ۔

کالی میور۔ کان کے غدود سوجے ہوئے۔ کڑکڑ کی آواز جب کوئی چیز نگل لی جائے۔

میگنم - جب درد کان سے نکل کر دانت تک پہنچے۔

سپائیجیلیا - جب کان کی میل کے جمع ہونے سے جو کان کے اعصابی پٹھے کو دبائے۔

کیپسیکم - کان درد رات کے وقت شدید ہو۔ چکلی دار پھوڑا۔ کان کے درمیان حصہ کی سوجن۔ کان کی جھلی کے پھٹنے کے ہمراہ کنپٹی کی ہڈی کے بنیادی حصہ کی دکھن اور پھٹنے والا سر درد کے ہمراہ اور سردی۔ کان گرم درد گلے تک جائے۔

ادیمم - جب ناک صاف کی جائے تو کان درد ہو۔

میگنیشیا فاس - خالصتاً اعصابی کان درد کے لئے مفید ہے۔

آرم آرسینکم - کان سے بدبودار، گندہ پیپ دار۔ گاڑھا زرد اخراج۔ کان درد کان کے پیچھے۔ کان کے اندر جلن اور چبھن دار درد ہیں۔ بہت اچھی طرح سنائی دے لیکن بعد میں کم سنائی دے لیکن آخرکار بالکل ہی نہ سنائی دے۔

ایتھوزا - کان میں انگلی ڈالنے یا انگلی سے کان کے سوراخ کو چوڑا کرنے پر افاقہ۔

شور

کالی میور - گھٹی کے چلنے شور اور پرندوں کی آوازوں کیلئے چوٹی کی دوائی ہے نگلنے پر یا ناک پر جھٹنے والی درد اور کڑکن۔

کالی آئیوڈ - گانے اور سوں سوں کی کانوں میں آواز جیسے کہ چھت پر بارش برس رہی ہو یا قریب دریا بہہ رہا ہو۔

کالی سلف }
برٹیا میور } چباتے وقت کانوں میں شور۔

کریوزٹم - }
پیٹرولیم - } دوران حیض کانوں میں شور۔

لیڈم پال - کان میں گھنٹیاں بجنے یا طوفان کی آواز جیسا شور۔ کانوں میں ہوا طرح کی گرم۔

فیرم میٹ
وریٹرم البیم } خون حیض آنے سے پہلے کانوں میں شور۔

الیومنا۔ چباتے وقت کانوں میں کڑکڑ کا شور۔

ایلو۔ اچانک پھٹنا اور ٹکرانا بائیں کان میں بستر میں جانے سے قبل جیسے کہ شیشہ ٹوٹے ایک خاص علامت ہے۔

ڈیکم البم۔ کانوں میں شور نزلاوی بہرہ پن کے ہمراہ۔

نائیٹرک ایسڈ۔ کانوں میں گرج۔ جب چبائے تو کڑکن۔

مانسنیلا۔ محسوس کرے جیسے کہ کان بند ہوں۔ گھنٹیاں بجنے۔ گرجنے اور ڈھول کی آواز جیسا شور اور کان میں آوازیں۔

میوریٹکم ایسڈم۔ کانوں میں سن کی آوازیں اور شور۔

گریفائیٹس۔ دھماکہ یا بندوق کے چلنے جیسا شور۔

بسریڈ اکاڈیب۔ جب ناک صاف کرے تو شور کی گونج۔ دھماکے دار شور بہرہ پن کے ہمراہ۔

کینابس انڈیکا۔ کانوں میں شور۔

ڈلکامارا۔ رات کے وقت کانوں میں بھنبھناہٹ کا شور۔

کاسٹیکم
لائیکوپوڈیکم
فاسفورس
سیپیا
} گونج اور صدائے بازگشت اپنی ہی آواز کی گونج سُننے اور صدائے بازگشت سُنے

کان درد

کان درد بھی دیکھیے۔ کان کے اخراجات۔

کالی بائیکرومیکم۔ جب کان کا اخراج چپکنے والا ہو۔

ہیپر سلفر۔ جب کان میں پھوڑے کی وجہ سے اخراج ہو، کان میں سوراخ بھی اس سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

سورائینم - جہاں مندرجہ بالا ادویات ناکام ہو جائیں تو یہ دی جائے۔ کان سے بدبودار اخراج

آرم میٹ - جہاں کان کا نقارڈھول ضائع ہو جائے یا ہڈیوں کا گلنا ہو۔ گندی بدبو والا مواد

مِنڈی اخراج۔ کان میں جھنجھناہٹ اور سرسراہٹ کے ساتھ کان میں اخراج۔

ٹیلیوریم - اس کی ۶ طاقت بہت دیر تک دینے کا کان بہنا ٹھیک ہو جاتا ہے جبکہ زیادہ طاقت ناکام ہو جاتی ہے۔ بدبودار اخراج مچھلی کے چھڑے جیسی بو والا خون کے ساتھ ملا ہوا۔ پتلا اور پانی جیسا اخراج جو چھیلنے والا اور جلن دار ہو۔

پلسٹیلا - جب اخراج سادہ ہو زرد یا سبزی مائل رنگ کا ہو۔

گرلفیائٹس - چپکنے والا۔ بدبودار چھٹنے والا۔ شہد کے رنگ کا جلد کو چھیلنے والا جہاں جلد پر لگے۔ مریض ٹھنڈے اور ننگا ہونے سے زیادہ مواد کے اخراج میں اور ٹانسلز میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

سکارلیٹم - جب سُرخ بخار کے بعد اخراج ہو۔

سٹرپٹوکوکین - جب سٹرپٹوکوکین کے اثرات کی وجہ سے اخراجات ہوں ۲۰۰ طاقت میں دیجئے۔

گیرٹنر - متعفن حالات میں جبکہ بچہ پتلا کمزور اور ڈھیلے ڈھالے پٹھوں والا اور زرد چہرے والا، ذہنی طور پر بے چین۔ اندھیرے میں اور اکیلا رہنے سے ڈرے۔

ہائیڈراسٹس - چیپ دار پیپ کا اخراج جس کے ہمراہ یا جس سے پہلے تمام طبعی جھلیوں سے نزلہ ہو۔

وائیولا اوڈوریٹیا - کانوں میں جھنجھناہٹ اور گدگدی۔ رُکے ہوئے اخراج کو پھر سے شروع کر دے یا اخراج کو چند دنوں میں ٹھیک کر دے) دونوں کانوں سے اخراج بہرے پن کے ہمراہ مدر ٹنکچر کی ایک خوراک صحیح کر دے۔

کلکیریا کارب - سفید رنگ کا پیپ دار و سادہ اخراج۔

سیلیشیا - ہڈیوں کے ناسور کی وجہ سے بدبودار اخراجات۔ ان میں ہڈیوں کے

چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہوتے ہیں۔

مرکیوریس - درمیانی کان سے پیپ کا بہاؤ، پتلے اور چھیلنے والے اخراجات خاص طور پر آتشکی نوعیت کے۔ ٹانسلز کی سوزش کی وجہ سے کم سنائی دے۔ زیادہ مقدار میں سبز، گاڑھی، خراشدار، پیپ دار اور بدبودار اخراج کانوں سے۔

ایتھوزا - دائیں کان سے زرد اخراج چبھنے والی درد کے ہمراہ جس کو کان میں انگلی ڈال کر ہلانے سے افاقہ ہو۔

نائیٹرک ایسڈ - کانوں سے زردی مائل سفید اخراج۔ آنکھوں سے آنسوؤں کے ہمراہ پھولا ہوا چہرہ اور گھوڑے کے پیشاب جیسی بُو دار۔

سیپی کولا - مچھلی کے نمکین پانی کی طرح کا کان سے اخراج۔

ایسکولیس - کانوں سے زرد یا سبز اخراج کان سے۔

کلکیریا سلف - کانوں سے بدبودار اور پیپ دار اخراج گاڑھی اور خون آمیز پیپ کے ہمراہ۔

کاربونیم سلف - کانوں سے خون آمیز۔ بدبودار۔ ناگوار اور پیپ دار اخراج۔ کان سرخ کانوں کے پیچھے پھنسیاں۔ کانوں میں شور۔

کالی آئیوڈ - کان سے کافی مقدار میں گاڑھا سبز اخراج۔ مریض گرم ہوتا ہے جو ٹھنڈ میں افاقہ محسوس کرتا ہے۔

کان کے پردہ میں سوراخ

سلیشیا ۲۰۰× - ہر پندرہ دن کے بعد یہ دوا دی جائے۔

ہیپر سلفر - یہ چار چار گھنٹوں کے وقفوں سے چار دفعہ دی جائے سوائے سلیشیا والے دن کے یہ کافی لمبے عرصہ تک یعنی چھ ماہ سے آٹھ ماہ تک دی جائے۔

میل -

کونیم - کانوں میں میل کا اجتماع۔

پانچواں باب

ناک اور گلے کی بیماریاں

حنجرہ۔ حلق۔ گلا۔ اور۔ ناک وغیرہ !

پہلا حصہ

ناک - غدود نما۔

بسیلینم۔ اس دوائی کے ساتھ علاج شروع کرنا چاہیئے اور ہر پندرہ دن کے بعد ۲۰۰x طاقت کی ایک خوراک دی جانی چاہیئے۔ دوسری علامات کے مطابق ادویات کے ہمراہ جس دن یہ دوائی دی جائے اور اس کے دو دن پہلے یا دو دن بعد کوئی دوائی نہ دی جائے۔

اگریفنس نیوٹینس۔ غدود نماؤں کے لئے بہترین دوائی ہے یہ ۳x طاقت میں دیجانی چاہیئے۔

کلکیریا کارب۔ زرد موٹے بچوں میں جلن کے پاؤں ٹھنڈے اور رات کو سر پر پسینہ آئے

کلکیریا فاس۔ پتلے اور کمزور بچوں۔ زرد چہرے والوں۔ ہومیوپیتھک میں اس کی بہت سفارش کی جاتی ہے۔ بچہ چڑچڑا اور ضدی ہو، بغیر زکام کے چھینکے۔

کلکیریا آئیوڈ۔ بعض کیسوں میں اچھی یا سود مند ثابت ہو سکتی ہے۔

مرک آئیوڈ۔ ایک اور دوائی جو غددوں کے علاج میں یاد رکھنی چاہیئے۔

ہائیڈراسٹس۔ غددوں کے لئے مخصوص دوائی۔ بلغمی جھلی زرد اور اس کی بہت زیادہ لمبائی

بریٹا آئیوڈائیڈ۔ اگر بچہ ذہنی طور پر کمزور ہو تو غددوں کے لئے بہت کارآمد دوائی ہے۔

سٹس کیبن۔ کنٹھ مالا یا ہنجرہ یا خنازیر کی سوزش اور گلے کے غدود سے بیپ آنا۔ کوے کے پیچھے شدید جلن، خشکی دور کرنے کے لئے نکلے

بیرونی علاج

ہائیڈراسٹس مدر ٹنکچر .... ۱۰ گرام

خالص گلیسرین .... ۶۰ گرام

مندرجہ بالا آمیزہ سے اچھی طرح بھگوئے ہوئے روئی کے پھائے یا بڑے رات

کو سوتے وقت ناک میں دیئے جائیں یہ بہت فائدہ مند ثابت ہوں گے اور یہ غدود دوں کو کمزور کر دیں گے۔

ناک سے خون بہنا

برائی اونیا - یہ شاندار دوائی ہے سب سے پہلے دی جاتی ہے۔

ملی فولیم - یہ نکسیر کی عمومی دوائی ہے جبکہ اس کی وجہ معلوم نہ ہو اور جب برائی اونیا ناکام ہو جائے۔

ٹریلیم - ناک سے خون بہنے کے لئے شاندار دوائی ہے۔ جبکہ خون چمکدار سُرخ یا گہرا ہو اور لوتھڑے دار ہو۔ اس کا مدر ٹنکچر بہتے ہوئے خون کو جو ناک یا دانت میں سے بہہ رہا ہو اس کو بند کر دے گا۔

آرنیکا مانٹ - جب چوٹ کی وجہ سے ناک کا ٹھنڈا پن۔

امونیا کارب - صبح کے وقت منہ دھوتے وقت ناک سے خون بہنا۔

گریفائٹیس - جب خون نکلنے سے پہلے چہرہ اور سے ہمراہ گردن پر سرخی ہو یعنی سر کی طرف خون کا اجتماع ناک سے خون بہنے کے ہمراہ۔

کوکولس - گہرا تار دار خون۔

ہیمامیلس - جب خون گہرے رنگ کا ہو۔

ملی لوٹس - چہرے پر سفیدی اور شدید سُرخی۔

فاسفورس - اکثر اور کافی زیادہ خون بہنا۔ خون بہنے والی طبیعت یا رجحان۔

آرم ٹرائفلم - متواتر ناک کو چھیڑتے رہنا حتیٰ کہ خون بہنا شروع ہو جائے۔

وائپرا - ناک سے خون بہنے کی بڑی دوائی اگرچہ بہت مدت سے خون بہہ رہا ہو۔

نیٹرم سلف - حیض سے پہلے حیض کے دوران میں اور بعد میں ناک سے خون بہے۔

کروٹیلس میور - بوڑھے اور تباہ شدہ صحت والے لوگوں میں ناک سے خون بہے جب

دوسری ادویات ناکام ہو جائیں تو یہ دی جا سکتی ہے۔ خون میں نقص چہرہ پر سرخی کے ہمراہ چکر اور بے ہوشی۔

اموینم میور۔ نتھنوں سے خون کے چھلکے۔

اگریکس۔ ناک صاف کرتے وقت خون بہے۔

یوپی اونم۔ ناک سے خون بہے جب حیض رک جائے۔

آرسینکم ایلبم۔ ناک سے بہت خون بہے۔ جلندار درد اور ہیجان کے ساتھ۔

ایپیجیرون۔ چمکدار سرخ خون اور جسم کے ہر حصہ پر اجتماع خون کیلئے مخصوص دوائی ہے۔

پلسٹیلا۔ دبے ہوئے حیض کے ساتھ ناک سے بہنے کے لئے کارآمد دوائی ہے۔ ناک میں رکاوٹ اور سوزش، ذائقہ اور بو جاتی رہے۔

مرک سال۔ ناک کی درد کرنے والی سوزش۔ گندی ناک والے بچے۔ اکثر اور بہت زیادہ نکسیر۔

تھلاسپی برسا۔ آہستہ ناک سے خون بہے۔ ناک کی جڑ میں معمولی درد۔ خون اور مواد کا کافی بہہ جانا۔

بووسٹا۔ صبح سویرے ناک سے خون بہے۔ ناک اور سر میں گڑبڑ۔

رسٹاکس۔ رات کے وقت ٹیڑھا کھڑے ہونے پر۔

زکام۔ ٹھنڈ۔

دیکھئے زکام حاد و مزمن۔ بخار کاہی اور آتشک۔

اگریکس۔ بغیر زکام کے ناک سے صاف پانی بہے۔

نیٹرم میور۔ پانی کی طرح کے شفاف اخراجات جو آبلوں کی طرح کی پھنسیاں پیدا کریں۔ ذائقہ اور بو جاتی رہے۔

اکونائٹ - شروع میں یہ بہترین دوائی ہے، لیکن یہ حالت بغیر علاج کے گذر جاتی ہے
ابتدائی درجہ مریض بخار میں مبتلا ہوتا ہے اور ناک میں خشکی اور جھنجھناہٹ کے ساتھ بے چینی -

برائی اونیا - سر میں اجتماع خون کے ساتھ ناک بند - ناک سے سانس نہ لے سکے -
چھاتی میں خشک کھانسی کے ساتھ درد فلو کے لئے شاندار دوائی ہے -

فیرم فاس - سردی زکام کے لئے مخصوص ہے، ابتدائی درجہ اور ۳۰ x طاقت دی جائے -

جیلسیمیم - ناک سے سادہ گاڑھا مواد بہنے کے لئے اچھی ہے - اس میں چھینکیں،
سر درد - کمر میں ٹھنڈک اور مسلسل درد مریض سست اور کمزور رہتا ہے -

آرسینک البم - اس میں پانی کی طرح جلندار اور پتلے اخراجات - چھینکیں اور جیلسیمیم
کی طرح بازوؤں میں دردیں - فلو کے لئے بہترین دوائی ہے -

کاربوویج - معدہ کی خرابی کی وجہ سے زکام - جب زیادہ گرم کمرے میں جائے تو
چھینکوں کے ہمراہ زکام -

ایلیم سیپا - جب ناک سے جلن دار پانی اور آنکھوں سے سادہ پانی بہے - پٹھوں کی
دکھن اور تھکاوٹ محسوس کرے - کھلی ہوا میں آفاقہ اور گرم کمرہ میں زیادتی - پھولوں کی خوشبوؤں
اور حسین لڑکیوں کے لئے حساس -

یوفریزیا - ایلیم سیپا کے الٹ - دونوں میں آنکھوں اور ناک سے مواد کا اخراج -
یوفریزیا میں آنکھوں سے اخراجات جلندار اور ناک سے سادہ -

سورائینم - اس دوائی کے متعلق مزمن زکام میں سوچنا چاہیئے اور ا - ایم طاقت میں
دی جانی چاہیئے - اگر بہتری ہو تو کوئی دوسری دوائی دینے کی ضرورت نہیں - ناک سے
پانی کا سا اخراج - گرد اور تمباکو کے دھوئیں سے زیادتی - ناک میں گدگدی اور خارش -

لائیکوپوڈیم - گھر سے باہر زکام میں زیادتی -

اپیکاک - دم گھٹنے کے دوران کے بعد زکام - زکام سے آواز کا مکمل جاتے رہنا -
ہنجرو کی آواز کی جھلیوں میں اجتماع خون -

لیمنا مائینر ۔ مزمن زکام جس کے ساتھ ناک کے پچھلے حصہ میں نزلہ کا گرنا ۔ ناک کا گوشت اور ناک کا بند ہو جانا ۔

ڈلکامارا ۔ خشک زکام تھوڑی سی کھلی جگہ میں جانے سے زکام ہو جائے ۔ بھیگنے سے یا نمدار جگہوں پر رہنے سے کھلی ہوا اور رات کے وقت زیادتی ۔ ٹھنڈے نمدار موسم میں ناک بند ہو جائے ۔

پلسٹیلا ۔ جب ناک سے گاڑھا زرد مواد بہے ۔ یہ عموماً پکتے ہوئے زکام کے لئے مفید ہوتی ۔ پیاس کا نہ ہونا اس دوائی کی نمایاں علامت ہے ۔ زکام جس کے نتیجہ کے طور پر بُو اور ذائقہ جاتا رہے ۔

آرسنک آئیوڈ ۔ یہ دوائی آرسنک آلبم کے آخری درجوں میں مفید ہوتی ہے ۔ دونوں دوائیوں میں فرق کمی و بیشی کا ہوتا ہے ۔ جبکہ آرسنک البم کا مریض گرمی میں یا گرم پٹیاں میں افاقہ محسوس کرتا ہے ۔ اور آرسنک آئیوڈ کا مریض گرمی سے شدت محسوس کرتا ہے ۔

ہائیڈراسٹس ۔ اس دوائی کے تحت مواد گاڑھا ۔ نہ بہنے والا ۔ رسی دار ۔ زرد خون آمیز اور جلن دار ہوتا ہے ۔ ناک میں پھنسیاں یا ناسور ہو سکتے ہیں ۔ کھلی ہوا میں افاقہ ہوتا ہے ۔ ناک بند ۔ رسی کی طرح کا مواد ناک کے پچھلے حصہ سے گلے میں کھنچا جاتا ہے ۔

سنابرس ۔ مزمن زکام کے لئے ۔

سمبل ۔ ناک اور حلق کا زکام ۔

سینگوئنریا نائیٹ ۔ ناک کے پچھلے حصہ کا زکام ۔ سانس کی نالیوں اور حنجرہ کا مزمن زکام ۔

کلکیریا سلف ۔ زکام کے پرانے کیس ۔ کھلی ہوا میں افاقہ ۔ خشک زکام ۔ ناک سے خون آمیز ، پھیلنے والا ، بدبودار ۔ پیپ دار ، گاڑھا ، زرد یا سبز مواد خارج ہو ۔ ناک سے گندی بدبو ۔

مرک کار ۔ ناک کا زکام ۔ گاڑھا ۔ جلندار ، چپکنے والا ۔ اور خراش دار ۔

ہیپر سلفیورس - ناک کے زکام - ضدی - گاڑھے زرد یا سبزی مائل زرد اخراجات - چھینکنے کے شدید حملے۔
سیلیشیا - پاؤں کا پسینہ دب جانے کی وجہ سے زکام ناک۔
سائنیپس نائیگرا - حاد زکام چھینکوں اور آنسوؤں - ناک اور آنکھوں میں جلن - ناک میں خشکی یا جلن دار اخراجات۔

آیوڈم - گاڑھا سبزی مائل سبز مواد کا ناک سے اخراج - یہ جلاتا ہے اور چھیلتا ہے - مریض فوراً ہی لاغر ہونا شروع ہو جاتا ہے - جب تکالیف ہوتی ہیں اور بہت بھوکا ہوتا ہے - دماغ کی کھوپڑی میں، ناک کی نالی میں سوزش - سونگھنے کی حس کا ختم ہونا - ناک اور حلق کی نالی کا بند ہونے کی وجہ سے بہرہ پن - گلا بیٹھ جانا - ٹانسلز کا بڑھنا - چھوٹی خشک بھونکنے والی کھانسی - آرے چلنے جیسا تنفس - جلن اور دم گھٹنا۔
کالی ہائیڈرو آئیوڈ - گاڑھا زردی مائل اخراج - گرم کمرے میں زیادتی - ناک میں کچا زخم اور جلن - بیرونی ناک دبانے سے بہت دکھے - سارا چہرہ درد کرے اور مریض بہت بے چین ہوتا ہے - کھلی ہوا میں چلنا چاہے - جو اسے تھکاتی نہیں - اسے بری نہیں لگتی۔
نکس وامیکا - گرم کرہ میں نک بند ہو جانا۔
کاجو پیٹم - تھوکنے کا مسلسل رجحان - کافی مقدار میں سفید گاڑھے مواد کو نتھنوں سے حلق کے راستے کھینچے۔
نائیٹرک ایسڈ - ناک کا نزلہ، ناک میں شدید خارش اور سوزش کے ہمراہ - اخراج جلن دار پانی جیسا رات کے وقت زرد - بدبودار - جلانے والا - اوپر کے ہونٹ کی سوزش کے ہمراہ ہر سردی کے موسم میں زکام - جونہی ایک زکام سے آرام کرتا ہے دوسرا آلیتا ہے۔
کافیا۔
سنکس کینا - مزمن ناک کا نزلہ - زیادہ مقدار اور شدید چھینکوں کے ہمراہ جو سرد موسم میں شدید اور ٹھنڈی ہوا میں سانس لینے سے زیادتی - پنیر کی زبردست خواہش - بلغمی جھلیوں پر اثر کرے جو گاڑھا، زرد اور بدبودار مواد خارج کرتی ہیں - پرانا اور تکلیف دہ زکام - ناک اور چھاتی کو صاف

کرنے کے بعد زخمی محسوس کرے۔ جب چھاتی اور ناک دوبارہ مواد سے بھر جائیں تو افاقہ محسوس ہو۔

سیپیا - خشک زکام - نتھنے دکھیں - سوجے ہوئے، پھوڑے پھنسیوں والے، بڑے سبز بند کرنے والے مواد کا اخراج، شور سے گانے اور خوشبوؤں سے بہت حساس - چیزوں کے پکنے کی بو سے جی متلائے۔

انٹم ٹارٹ - چھاتی کا زکام جو سردی آنے پر سفید بلغم کے اخراج - کمزوری پسینہ اور ٹھنڈ - چہرہ کی زردی نیلاہٹ کے ساتھ۔

ہیپر سلفر - ناک - کان - گلا حنجرہ اور چھاتی کا زکام - کوئی بھی بلغم جھلی اس سے مستثنیٰ نہ ہو - زرد اور بدبودار اخراج نزلہ چھینکوں - جب ٹھنڈی ہوا میں جائے تو چھینکوں کے ہمراہ بہتا ہوا نزلہ ناک سے پانی جیسا بہتا ہوا نزلہ شروع ہو - اور آخر کار گاڑھے - زرد اور بدبودار اخراج پر منتج ہو - یا ختم ہو جائے گلے میں نگلتے ہوئے درد ہو جیسے کہ لکڑیاں چبھتی ہوں - ہاتھ یا پاؤں بستر سے باہر نکالنے سے تکالیف میں زیادتی ہو۔

میڈورینم - ۲۰۰ - ناک کا ضدی زکام - ناک کے پچھلے حصہ میں رکاوٹ بو کے نہ آنے کے ساتھ - سفید یا زرد مواد - یہ اس وقت آزمائی جائے جب دوسری ادویات ناکام ناکام ہو جائیں -

مرک سال - گاڑھا سبزی مائل زرد - جلن دار متعفن اخراج جو ناک ہڈیوں کو متاثر کرے ناک سے خون بہے - خون آمیز اخراج رات کے وقت زیادہ اور دن کے وقت افاقہ ہو۔

آرم آرسینکم - پرانے سخت زکام میں بہت ہی اچھی دوائی ہے - ناک ہڈیوں کا ناسور - نزلہ زکام بہنے والا ہو یا خشک - خونی اخراج - متعفن - بدبودار - سبزی مائل - پیپ دار - گاڑھا یا پانی جیسا پتلا - زرد رنگ کا۔

میگنیشیا کارب - خشک زکام جس میں منہ کے راستہ ہی سانس لیا جا سکے۔

امونیا کارب - خشک بند زکام جو رات کو زیادہ ہو - مریض منہ کھول کر سانس لیتا ہے، ناک نہ صاف کر سکے - چھاتی کا زکام جو سردی کے موسم میں زرد بلغم کے اخراج کے ساتھ ہے -

نیفتھلین - حاد زکام زیادہ مقدار میں چھیلنے والے اخراج کے ساتھ اور بہت زیادہ چھینکیں -

فائٹولاکا۔ بہت زیادہ پریشان کن اور کافی دیر عرصے سے زکام۔ طویل۔ سخت، پرانا زکام۔ ناک ہڈیوں کی تباہی کے ساتھ ناک کی مکمل بندش۔ جب سواری کرے تو لازمی منہ سے سانس لے۔

ایلینتھس جی۔ نزلہ بہت زیادہ خراش دار، چھیلنے والا۔ جلد از جلد جہاں بھی چھوٹے چھوٹے دھبے ہوں اور بجھ جائیں۔

کالی آئیوڈ۔ آنکھوں، ناک اور گلے کا مزمن نزلہ زیادہ سبز پیپ کے اخراج کے ہمراہ جو بعض اوقات بہت بدبودار ہوتے ہیں۔ زکام تھوڑی سی سردی سے دوبارہ لگ جاتا ہے جس سے ناک سرخ ہو جاتا ہے۔ اور سوج جاتی ہے۔ ہڈی کا سوراخ۔ ناک میں سے بولے۔ بیٹھی ہوئی آواز، گلا بیٹھا ہوا یا آواز بالکل ہی نہ رہے۔ گرمی سے اور بستر کی گرمی سے زیادہ ہو۔

کالی کارب۔ ناک کا کھلی ہوا میں کھل جانا۔ جلن اور سردرد کے ہمراہ جو بہت شدید ہوتا ہے ناک گرم کمرہ میں بند ہو جاتی ہے۔ جب ناک صاف کی جاتی ہے تو ناک صاف کرنے پر سردرد سے افاقہ محسوس ہو۔

کیڈمیم سلفر۔ ناک کا نزلہ زکام جو ناک کی ہڈی کو ناسور کی وجہ سے تباہ کرنے تک بڑھتا ہی جائے۔ ناسور، ہڈیوں میں دردیں، چھینک۔ زکام۔ پھوڑے اور پھنسیاں۔

برومیم۔ حاد زکام، بہت چھینکیں۔ ناک میں جلن۔ ٹھنڈی ہوا میں سانس لینے سے ٹھنڈ کا احساس۔ ناک سے خون بہے۔ ناک میں پھنسیاں۔ یہ جون جولائی کے زکام کے لئے مفید ہے یعنی گرم موسم کا زکام۔

الیومن۔ زکام نزلہ کا رجحان جو گلے میں گرے، جو لوگ متواتر نزلہ زکام میں مبتلا رہوں اور جن کے ٹانسلز بڑھے ہوئے ہوں اور سخت ہوں۔

بالم پیرو۔ سانس کی نالیوں کا نزلہ زکام۔ بہت زیادہ پیپ دار بلغم کا اخراج۔ کمزوری، اور تپ دق۔

سینا۔ بار بار چھینکیں جو ہاتھ کو گرم کر دیں۔ ناتوانی اور مشکل سے سانس لیں۔

الیومنا۔ مستقل نزلہ زکام کی حالت، ناک اور گلا خشک اور بند۔ آنکھوں کے اوپر

ماتھے میں درد۔ ناک میں بڑے بڑے سبز چھلکے۔ مزمن نزلہ۔ نظر میں کمزوری جیسے کہ دھوئیں یا دھند میں دیکھ رہا ہو۔

بخار کاہی۔ بخار جو ناک اور گلے کو متاثر کرے

(دیکھیئے نزلہ زکام)

ٹیوبرکولینم۔ بخار کاہی میں سب سے پہلے اس دوائی سے علاج کرنا اچھا ہوتا ہے، بعض اوقات حملہ کو کم کر دیتا ہے اور بعض اوقات مکمل صحت مند ہو جاتا ہے۔ پندرہ دن میں ایک ہی خوراک دیں۔ اس کے بعد چار خوراکیں دی جائیں۔ اس کے بعد ہر چھ ماہ بعد دی جائے۔ تقریباً ۲ سال تک ۲۰۰ x طاقت میں دی جائیں۔

سورائینم۔ جو مریض سردی سے متاثر ہوں، ان کے لئے مفید ہے۔ ۲۰۰ طاقت کی ایک بطور عمل انگیز دوسری ادویات کے ہمراہ دی جائے

سباڈیلا۔ زیادہ بہنے والا نزلہ اور شدید چھینکیں جو رکنے کا نام نہ لیں۔ ٹھنڈ میں زیادتی۔ دمے کی قسم کا بخار کاہی۔

سٹکٹا پلمونیریا۔ جب برانکائیٹس کا رجحان بھی ہو۔

سیکسینم ۲ x ایک یا دو گرین پانی کے ۱۲ چائے کے چمچوں میں حل کریں۔ ایک چمچ ہر دو گھنٹوں کے بعد۔

آرسینک آئیوڈ۔ بہت زیادہ چھینکیں اور کافی مقدار میں ناک سے جلندار پانی جو ہونٹ کو جلا دیتا ہے۔ آنکھوں سے آرسینکم البم کی طرح جلن دار پانی لیکن آرسنک البم کا مریض گرم پٹیوں اور ناک میں گرم پانی لے جانے سے افاقہ محسوس کرتا ہے۔ آرسنک آئیوڈ گرم کمرہ میں زیادتی محسوس کرتا ہے اور کھلی ہوا اور ٹھنڈی پٹیوں سے افاقہ ہو۔

آرسینک البم۔ پانی جیسا پتلا ناک سے اخراج، ہیجان اور چھینکوں کے ہمراہ۔ بے چینی۔

کورنیکو کالی سلف۔ بہت زیادہ چھینکوں کے ہمراہ۔ آنسو پانی جیسی رطوبت۔ ناک کی سرخی بعض اوقات برانکائی دمہ۔

مرک کالی آئیوڈ - پانی جیسی بہت زیادہ رطوبت - ناک سے چھینکوں - کھانسی اور آنکھوں سے پانی بہنے کے ہمراہ -

سناپس نائیگرا - بخار کاہی زکام کے ہمراہ چھینکیں - آنسو - آنکھوں میں خارش اور جلن خشک ناک یا خراشدار مواد بہے -

کاربوویج - پانی جیسا اخراج ہیجان کے ہمراہ جو چھاتی تک جائے، بیٹھے ہوئے اور دکھتے ہوئے گلے کے ساتھ -

ایلیم سیپا - جب ناک سے چھیلنے والا اور آنکھوں سے سادہ پانی بہے - ایسا احساس جیسے کہ حنجرہ میں یا حنجرہ کے نیچے کانٹے ہوں - گرم کمرہ میں زیادتی -

نیفتھلین - بخار کاہی کے لئے مخصوص بطور حفظ ماتقدم اور علاج کے لئے - آنکھوں اور ناک سے چھیلندار پانی، پپوٹے سوجے ہوئے - دمے کا رجحان -

سلفر - بخار کاہی یا انڈوں، مکھن - جانوروں کی چربی مچھلی وغیرہ سے الرجی کی وجہ سے دمہ - یہ دوائی بطور عمل انگیز استعمال کی جائے جبکہ اچھی طرح منتخب کی ہوئی ادویات ناکام ہو جائیں - پروں سے یا پروں والا سرہانہ استعمال کرنے سے بخار کاہی -

سیپیا - صبح کے وقت بستر میں چھینکیں - بادل والے موسم میں، مجلس میں یا جب ہمدردی ظاہر کی جائے زیادتی - رشتہ داروں سے لاپرواہ - فرض شناس - پیاس نہ ہو - ٹھنڈ میں زیادتی - رشتہ داروں - بدبودار سانس - چہرہ زردی مائل -

یوفریزیا - آنکھوں سے زیادہ مقدار میں جلن دار اخراج اور ناک سے سادہ پانی کا اخراج -

آئیوڈم - ناک سے گاڑھا سبزی مائل زرد مواد - یہ جلاتا ہے اور چھیلتا ہے - مریض علامات ظاہر ہونے پر کمزور ہو جاتا ہے اور بہت بھوک محسوس کرتا ہے - بخار کاہی کی دمہ والی علامات -

سیلنگوزیا - پھول سونگھنے یا خوشبوؤں سے بخار کاہی - پھولوں سے حساس - ہاتھ پاؤں جلیں مریض انہیں آرام کے لئے بستر سے باہر رکھے -

سٹیفسگیریا - چھینکیں زکام کے ہمراہ یا اس کے بغیر - پہلے پہل گاڑھی رطوبت پھر پتلی رطوبت

ناک سے نکلے۔ خارش۔ سینے کی ہڈیوں میں تیز باریک پھانسیں۔ چھاتی میں تنگی۔

کلکیریا فاس ۔ بغیر زکام کے چھینکیں۔

کالی ہائیڈرو آئیوڈم ۔ ناک کی دکھن اور جلن کے ہمراہ گاڑھا زردی مائل اخراج جس کی زیادتی گرم کمرہ میں ہو۔ باہر سے ناک دباؤ سے بہت دکھے۔ تمام چہرہ بہت درد کرے اور مریض بہت بے چین ہوتا ہے۔ کھلی ہوا میں چلنا چاہتا ہے جو اسے تھکاتی نہیں۔ بخار کاہی کی دمہ والی علامات۔

اوزینا ۔ ناک مزمن بیماری بدبودار اخراج جس کا انحصار ناک کی پھنسیوں یا ناسور پر ہو۔ آتشک کی ادویات کے تحت بھی دیکھئے۔

آرم میٹ ۔ یہ چوٹی کی دوائی ہے۔ نتھنوں کی گہرائی میں تباہی ناک ہڈی کا ناسور۔ بدبودار اخراج پھیلانے والی درد۔ رات کو زیادتی۔

آرم آرسینکم ۔ ناک کی مزمن بیماری، ناک میں خارش اور سنسناہٹ کے ساتھ۔ ناک ہڈیوں میں درد، جلن اور چھیدنے کے ساتھ ناسور جیسی درد۔ اکثر چھینکیں۔ ناک سوجی ہوئی۔

ایپوزینیم ۔ ناک کی کرتی ہڈی کے ناسور کے مزمن کیس میں نتھنوں کے درمیان کا گلا سڑا پردہ۔ نتھنوں کے بیچ کی ہڈی اور ناسور کی ہڈی۔

تھوجا ۔ پتلے زردی مائل سبز اخراجات کے ساتھ مزمن نزلہ

مرک کار ۔ ناک میں ناسور۔ پھیلنے والا اخراج۔ خاص طور پر گاڑھا چپکنے والا ناک سے اخراج ہو جو ہمیشہ جلندار درد کے ہمراہ ہو۔

مرک وائیو ۔ ہڈیوں کی دکھن کے ہمراہ

میزریم ۔ ناک اور چہرہ کی ہڈیوں میں جلندار درد کے ہمراہ

پٹرولیم ۔ ناک کے پہلو میں پھوڑے یا چھالے اور چیرے۔

پلسٹیلا ۔ زرد سادہ اخراج کے ہمراہ جس کی شام کے وقت زیادتی ہو۔

ہائیڈراسٹس ۔ بہت زیادہ اور خونی اخراج پھنسیوں کے رجحان کے ساتھ۔

کلکیریا کارب ۔ ناک کی جڑ پر سوزش اور پھنسیاں۔ گاڑھے پیلا بدبودار اخراج کیساتھ۔

ٹیوبرکولینم۔ یہ بطور عمل انگیزوی جاسکتی ہے۔ بعض اوقات مرض ناک کی ٹی بی کی وجہ سے ہوتی ہے۔

کالی آئیوڈ۔ آتشکی مزمن نزلہ۔ ناک کی ہڈیوں کا گلنا سڑنا جو چپٹی ہوجاتی ہیں۔ ناک کا کافی مقدار میں سبز اخراج۔

ناک کا گومڑ

ملنامائٹر۔ ناک کے گومڑ کیلئے چوٹی کی دوائی ہے۔ ۹ طاقت میں استعمال کیجیے!

ٹیوکریم۔ اگر ایک پہلو پر لیٹے تو ناک بند ہوجائے۔

سینگوینریا سی۔ جب بیمار سر درد کے ہمراہ۔

تھوجا۔ ناک کا گومڑ۔ ناک کی لمبی نالی سوزش کے ہمراہ۔ بری بو۔ پتلے سبز اخراج کے ہمراہ جس میں سونگھنے کی حس نہ رہے۔

کلکیریا کارب } یہ دونوں بھی ناک کے گومڑ کے لئے
نائٹرک ایسڈ } انتہائی مفید ہیں۔

الیومن۔ بائیں طرف کی ناک کی نالی کا گومڑ۔

ناک کا نالی کی شکل کا پھوڑا۔

کالی بائیکارب } سلیشیا۔ ۲۰۰ طاقت ہر پندرہ روز بعد دیجئے۔ دو دن پہلے اور
سلیشیا } دو دن بعد کوئی دوائی نہ دیجئے۔ وقفے کے دوران سے

کالی بائیکرومیکم۔ ۳۰ طاقت دن میں چار دفعہ ہر چار گھنٹے کے بعد دیجئے۔

آئیوڈیم۔ ناک کی نالی کا پھوڑا۔ گولی لگنے جیسی ہتھوڑے لگنے جیسی سر میں درد کے ساتھ اور نچلے جبڑے میں خاص طور پہ نزلہ زکام کے حملہ کے دوران میں جس کی زیادتی آگے کی طرف جھکنے پہ ہو۔

کالی آئیوڈ۔ ناک کی نالیوں میں پھاڑنے والا اور جھٹکے سے چبھنے والا، کھودنے والا اور مسلسل درد والا نزلہ زکام بار بار ہو۔ ناک سرخ اور سوجی ہوئی۔ اخراج گاڑھا سبز اور بدبودار۔

گندی بُو

اینا کارڈیم۔ بُو بدترین۔
سیلیشیا۔ ناک کے زکام میں۔
ہیپرسلفر۔ پُرانے پنیر کی طرح کی بُو۔
مرک سال۔ حلق کا زکام نزلہ۔ پرانے نزلہ و زکام میں۔
کالی بائیکارب۔ گندی بو پانی جیسے اخراج کے ہمراہ۔
آرم میٹ۔ جب ناک صاف کرے تو گندی بُو آئے۔
سلفر۔ گھناونی بوؤں کا شکار۔ گھناونا سانس یا گندا، بہت ہی بدبودار پاخانہ۔ اعضائے تناسل سے گندی بو۔ جو اس کے کپڑوں کے علاوہ کمرے میں سونگھی جا سکتی ہے۔ تمام اخراجات بدبودار اور خراشدار۔ گندی شدید بدبو کے ہمراہ۔ دھونے کے باوجود بغل میں سے چبھنے والی گندی بو آئے۔

بو کم ہو یا نہ ہو

الیومنا۔ بُو کی حس گھٹی ہوئی۔ بہنے والا زکام نزلہ۔ ناک کے سر کی نوک چری ہوئی نتھنے دکھیں اور سُرخ ہوں، چھونے پر زیادتی۔ گاڑھے زرد مواد کے ہمراہ چھلکے۔
آرم میٹ۔ پوشیدہ آتشک کی وجہ سے ناک کی خرابی میں بُو کی حس گھٹی ہوئی۔ مزمن نزلہ۔
آرجنٹم نائٹریکم۔ ٹائیفائیڈ بخار میں بو کی حس گھٹ جائے۔

میزیریم۔ ناک کی خشکی کے ہمراہ بُو کی حس جاتی رہے۔
مرک کار۔ گلے کی دُکھن کے ہمراہ گلے کی دُکھن۔
پلسٹیلا۔ زکام کی وجہ سے بُو کی کمی
نیٹرم میور۔ جب گاڑھے مواد میں پلسٹیلا ناکام ہو جائے تو یہ دی جائے۔
کیوپرم میٹ۔ پیشانی میں نزلہ زکام۔
الیپس۔ پرانے نزلہ میں ناک کی جھلی کی سوزش۔
تھوجا۔ ناک سے بدبودار سبز اخراج کے ہمراہ۔ ناک کی نالیوں کا پھوڑا،
بُو کا جاتے رہنا۔ ٹھنڈ سے ورم ناک۔
بنیزوائک ایسڈ۔ سونگھنے کی حس کا نہ رہنا، احساس جیسے کہ ناک کی جڑ میں کیڑا رینگے۔
کالی آئیوڈیٹم۔ بُو کی حس کا نہ رہنا۔
میگنیشیا میور۔ نزلہ زکام کے بعد ذائقہ بُو کی حس کا نہ رہنا۔

بُو سے بہت زیادہ حساس۔

گریفائیٹس۔ پھولوں کی خوشبو سے حساس۔ خوشبو بہت زیادہ معلوم ہو۔
کالچیکم۔ خوراک کی بُو سے آپے میں نہ رہنے دے انڈوں کی بو متلی اور قے لاحق کرے۔
بیلاڈونا۔ تمباکو کی بُو۔
سلفر۔ عمل انگیز دوائی کے طور پر عموماً بہت ہی حساس خوشبوؤں کے لئے۔
فاسفورس۔ تیز خوشبوئیں کھانسی کا باعث بنیں۔ پھولوں کی خوشبو سے بیہوش ہو جائے۔
سیپیا۔ پکانے کی بُو متلی کا باعث بنے۔
سلفیورک ایسڈ۔ کافی کی بُو کے لیئے بہت ہی حساس۔
نکس وامیکا۔ پھولوں کی خوشبو سے چکر۔

بُو کے وہم

سلفر۔ بُو کے وہم کے لئے اس دوائی سے شروع کیجئے۔ اگر یہ کام نہ کرے تو مندرجہ ذیل علامات کے مطابق دی جا سکتی ہیں۔

گریفائیٹس ۔ جلے ہوئے بالوں کی بو کا وہم۔

اینا کارڈیم ۔ جلے ہوئے اسفنج اور امرغیوں کی بیٹھوں کی بُو کا وہم۔

کروٹن ٹگ ۔ پاخانہ کی بُو کا وہم۔

چائنا ۔ مُردار کی بُو کا وہم۔

بیلاڈونا ۔ گلے سڑے انڈوں کی بُو یا مچھلی کے چورے کی بُو۔

پلسٹیلا ۔ پرانے بدبودار نزلہ کی بُو کا وہم۔

کلکیریا کارب ۔ گلی سڑی کھاد کی بُو کا وہم۔

یوفوربیم ۔ چوہے کی بُو کا وہم۔

سیلینی کولا ۔ بچے کے اعضائے تناسل سے مچھلی کے چورے کی بُو کا وہم، نہانے کے بعد بچے کے حصے مچھلی کے چورے جیسی بُو دیں۔

چھینکیں، خراٹے ۔ (دیکھئے بخار کا ہی)

لمنا مائنر ۔ ناک میں بندش کی وجہ سے خراٹے۔ ناک کی ہڈیوں کی بڑھوتری کی وجہ سے

ہیپوزینیم ۔ ناک کی سوزش اور سُرخی ۔ خراٹے ۔ ضدی نزلہ زکام کے ہمراہ ۔ کرتی ہڈیوں کا ظاہر ہونا ۔ ریڑھ کی ہڈی کا ناسور یا اس کا بڑھ جانا۔

اوپیم ۔ دورہ میں مرگی میں ۔ غشی ۔ زچگی کے تشنج ۔ کھلے منہ کے ساتھ ۔ چھاتی میں اجتماعِ خون کے ساتھ خراٹے۔

پلسٹیلا ۔ بے قاعدہ دردِ زہ کے تشنج کے بعد خراٹے۔

دبھے

سلفر۔ بھورے اور سیاہ دبھے ناک پر۔
سیپیا۔ ناک پر زرد کاٹھی۔

حلق۔ گلا۔

دوسرا حصہ

تنگیٔ تنفس اور گلے کی گھٹن دیکھیئے۔ گھٹنا یا بند ہونا۔

کیمومیلا۔ جب حلق میں کوئی چیز چڑھتی ہوئی معلوم دے جیسے کر وہ دم گھُٹ جائے۔
سپائیجیلیا۔ ناک کے پچھلے حصہ سے کافی مقدار میں مواد کی وجہ سے دم گھُٹے۔
لیکسس۔ جیسے کر کسی نے پکڑ رکھا ہو جس کی وجہ سے دم گھٹے جبکہ اُٹھنے یا بیدار ہونے پر زیادتی۔ دورے دار۔ گرم مشروب نگلنے پر۔ گرم چائے نگلنے پر یا گرم مشروبات نگلنے پر زیادتی۔

کیکٹس۔ دل کی تکلیف کے ہمراہ دم گھٹے۔
میفائیٹس۔ کھاتے وقت یا پیتے وقت دم گھٹے۔
الیسڈ نائٹرک۔ کھاتے وقت یا پیتے وقت چھوٹا سا ذرہ حلق میں چپکے جیسے کر حلق ہو گیا ہو۔ دم گھٹے۔ بڑی مشکل سے نگلے چہرے کو بگاڑ دے اور سر پیچھے کی طرف چلا جائے۔
سکوٹا وائروسا۔ حلق میں تیزی ہڈی کے ٹکڑے یا کسی اور زخم کی وجہ سے گلا بند ہو جائے گلا گھٹنے اور دم گھٹنے کا ڈر ہو۔

میگنیشیا فاس۔ گلے میں دورے دار تنگی کے ساتھ دم گھٹنے کا احساس۔ پہلے ٹانسلز کا بڑھ جانا تب چھت کی سرخی خشکی مشکل سے نگلے۔
میڈورینم۔ سانس کی نالی کے تشنج۔ حنجرہ میں گٹ گٹ کی آواز کے ہمراہ۔ ہوا مشکل سے باہر خارج کی جائے لیکن اندر لے جائی جائے۔

برومین ۔ سانس کی نالی کا تشنج ۔

کروپ کھانسی غیر خناقی ۔

ورم حنجرہ بھی دیکھئے

اکونائٹ نیپ ۔ مرض کے شروع میں ۔ نگلتے وقت گلے میں تکلیف ۔ خشک گہری بھونکنے والی کھانسی ۔ تیز بخار ۔ بے چینی ۔ ڈرا ہوا ۔ گلے اور حنجرہ میں جلن ۔ ٹھنڈے پانی کی چاہت یا خواہش جس کو نگلنا مشکل ہو ۔

سپونجیا ۔ گلا بیٹھا ہوا کروپ کھانسی ۔ ورم حنجرہ کے ساتھ کھانسی ایسے محسوس ہو ۔ جیسے کہ لکڑی تختہ پہ آرا چل رہا ہو ۔

کالی بائیکرومیکم ۔ تنگئی تنفس گلا بیٹھا ہوا ۔ کھردری کھانسی ۔ سانس کی آواز جیسے کہ دھات کی نالی میں سے ہوا گزر رہی ہو ۔

بیلاڈونا ۔ بھونکنے والی کھانسی جب کھانسے تو چہرہ سرخ ہو جائے ۔ جلد گرم و خشک بھرپور تیز نبض ۔ سوجے ہوئے سرخ ٹانسلز ۔

سینگونیریا سی ۔ جب حنجرہ میں جلن اور خشکی ہو ۔ بھاری کروپ کھانسی ۔ خرخراہٹ اور سیٹی دار سانس ۔ سیٹی دار کھانسی ۔

ہیپر سلفر ۔ ٹھنڈی ہوا لگنے سے کروپ کھانسی اور ورم حنجرہ کے اکثر حملے ۔ گلا بیٹھا ہوا ۔ خشک بھونکنے والی کھانسی ۔ سیٹی دار سانس ۔ کھڑکھڑاتی ہوئی اور دم گھٹنے والی کھانسی ۔ صبح کے وقت زیادتی ۔ بچہ کا کھانسی کے دورے کے وقت دم گھٹے ۔

فاسفورس ۔ جب گلا کافی دیر تک بیٹھا رہے ۔ مرض دورے کے آثار دکھائے ۔

انٹم ٹارٹ ۔ ٹھنڈا چہرہ ۔ نیلا ۔ جو ٹھنڈے پسینے سے تر ہو ۔ نبض سست آواز بے آواز آرا چلنے جیسا تنفس جیسے کہ ہوا کے راستے رطوبت سے پُر ہوں جو باہر نہ نکلے ۔

سمبوکس ۔ آدھی رات کے وقت کروپ کھانسی کے دورے شدید خرخراہٹ والی کوے

کی سی آواز والی اوردم گھٹنے والی کھانسی۔

لیکسس۔ گلے کا ناسور۔ سرخ، سیاہی مائل، دھندلا سا۔ خالی نگلنا مشکل بہ نسبت ٹھوس چیزوں کے۔ حنجرہ چھونے پر تکلیف محسوس کرے۔ شدید کمزوری۔

خناق

لیکسس۔ ناک سے پتلا خراش دار پانی بہے۔ گلا گہرا سرخ۔ گہرا بھورا نیلاہٹ کے ساتھ۔ جھلی بائیں طرف نمایاں جب مرض دائیں طرف کو جائے۔ گردن کے غدودوں کی سوزش اونگھ۔ نبض باریک۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے۔ سونے کے بعد زیادتی۔ پتلی مشروبات اور تھوک کا نگلنا مشکل۔ ہر دو گھنٹے کے بعد ۲۰۰ طاقت میں دیجئے۔

لیک کینیم۔ لیکسس کے خلاف یہ اپنی اطراف بدلتی رہتی ہے، اکثر بائیں طرف کو۔ دکھن اور سوزش۔ اچانک مخالف سمت میں چلی جاتی ہے۔ چند گھنٹوں کے بعد پہلی جگہ آجاتی ہے۔ جھلی بھوری زرد اور دہی کی طرح۔ اگر پھنسیاں بن جائیں تو وہ شیشے کی طرح چمکیں۔ گلے کا فالج پس مشروبات پینے پر ناک میں چلے جائیں۔

بیلاڈونا۔ گلے کی سوزشی حالت کے لئے۔ شدید ٹیکن والی درد، سر درد۔ تشنج اور اینٹھن۔

کروٹیلس۔ جب متواتر خون ناک سے بہے۔ جوف منہ کی بلغمی جھلیوں سے خون نکال کر مر جائے۔

ناجا۔ جب حنجرہ پر حملہ ہوا ہو۔ مریض گلے کو پکڑے دم گھٹنے کے احساس کے ساتھ۔ بدبودار سانس۔ چھوٹی گلا بیٹھی ہوئی کھانسی، حنجرہ میں دکھن کا احساس یا نالی کے اوپر کا حصہ دکھن محسوس کرے۔

لائیکو پوڈیم۔ ۴ بجے سے ۸ بجے شام زیادتی مرض۔ دائیں طرف زیادہ متاثر ہوتی ہے۔ بچہ نیند سے ڈرا ہوا اٹھتا ہے۔ ناراض اور چڑچڑا ہوتا ہے۔ نتھنوں کی پنکھوں کی طرح حرکت اس کی نمایاں ترین علامت ہے۔ گلے میں تنگی کا احساس، کوئی چیز نیچے نہ جائے۔ خوراک اور

مشروبات واپس ناک تک جائیں۔

ایپس - جب گلے میں سوزش ہو، ڈنگ لگنے جیسے درد کے ساتھ - یہ شدید درد والی یا بغیر درد کے سوجن ہو سکتی ہے - گرمی سے زیادتی - زبان کے کنارے پر دھبے - اونگھ اور بے رغبتی - بڑھا ہوا کوا - پھولا ہوا چمکدار، سُرخ چمکدار حصے - پیشاب کم مقدار میں آنکھیں سوجی ہوئیں

مرک سائینٹس - نقصان رسانی میں سخت بُرے کیسوں میں - اچانک خناق کا حملہ شدید کمزوری - حالت نزع - چھوٹی تیز اور وقفہ دار نبض - جھلی سبزی مائل اور کافی جگہ گھیرتی ہوئی ناک تک پھیل جائے - ایک ایم یا سی ایم طاقت کی طرف ایک خوراک دیجیے۔

برومیم - جب زیادہ گرمی یا گرمی کے موسم میں بچے کو لیٹنے سے رات کے وقت -

ڈفتھیریم - یہ بطور عمل انگیز دوائی کے استعمال کی جانی چاہیئے - علاج اسی دوائی شروع کرنا چاہیئے یہ ۲۰۰ طاقت میں دی جانی چاہیئے - ناک سے خون بہے شدید کمزوری کے ہمراہ - شروع میں تقریباً حالت نزع جیسی حالت - نبض کمزور - تیز اور قوت حیات کمزور - بغیر تکلیف کے نگل لے - لیکن مشروبات قے کر دے یا ناک کے ذریعہ واپس کر دے - سانس اور اخراجات بہت ہی بدبودار -

فائیٹولاکا - جب درد گلے سے کانوں تک جائے - نگلتے وقت - جب نگلے تو زبان کی جڑ پر بہت درد - جلن جیسی جلتے ہوئے کوئلہ یا آگ یا گرم سُرخ لوہے سے ہو - خشکی - نگلنے میں مشکل کانپتے ہاتھوں کے ساتھ - گلے میں گولے کا احساس - لگاتار نگلنے کی خواہش، گہری سُرخ نیلی یا راکھ کے رنگ جیسی جھلی - گرم مشروبات نہ پی سکے -

جیلسیمیم - خناقی فالج کے لئے شاندار دوائی ہے - تکلیف خواہ کہیں بھی ہو خناق کے نتیجے پر حلق کا فالج -

آرم ٹرائفلم - جلن اور تنگی منہ اور گلے کی دُکھن - ناک سے خراشدار اخراجات جو نتھنوں اور اُوپر کے ہونٹ کو چھیل دے -

کینتھرس - کئی بار پیشاب کرے پیشاب کرنے سے پہلے، دوران اور بعد میں جلن - پیشاب میں البیومن - خون یا چھلکے سے ہوتے ہیں -

کالی بائیکرومیکم - جب چبھنے والی، وقفہ دار، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والی بہت چھوٹی جگہ پر مرکوز ہو سکیں - زبان زردی مائل بھوری، فرسے ڈھانپی ہوئی ہو۔ کوا ڈھیلا گلے میں ڈاٹ کے احساس کے ساتھ۔

میوریٹک ایسڈ - پھیلی ہوئی گلے گہری سرخی - کوا پھولا ہوا - ٹانسلز اور حلقوم یا زخمہ سوجا ہوا - نگلنے کے ناقابل، آواز بیٹھی ہوئی - نچلے جبڑے کے غدود سوجے ہوئے - گہرا سڑا ہوا خون ناک سے اگرچہ بخار زیادہ نہیں ہوتا لیکن کمزوری بہت ہوتی ہے۔

نائٹرک ایسڈ - کھانا پینا عملی طور پر ناممکن - رِسا ہوا مواد کوّے کو ڈھانپ لے چبھن جیسے کے نوکدار لکڑی سے - شیشے کے ٹکڑے سے یا گرم تار سے - تھوک، بخار - کمزوری اور کھانسی - پیشاب سے گھوڑے کے پیشاب جیسی تیز بو آئے۔

آواز کا بیٹھ جانا - حاد

آرنیکا مانٹ - آواز کے استعمال کی وجہ اس کا بیٹھ جانا جیسے کہ واعظوں میں، گانے والوں میں اور مقرروں میں۔

آرم ٹرائفلم - زیادہ کام لینے اور زکام لگنے - پبلک کے مقررین بولی دینے والے - اداکار اور گانے والے - اپنے فرائض انجام دیتے ہوئے - ہوا کے جھونکے سے زکام میں مبتلا ہو جائیں اور آواز بیٹھ جائے جو کہ اس دوائی سے فوراً ٹھیک ہو جاتی ہے۔

سپونجیا - جیسا کہ آرم ٹرائفلم میں - ہنجرہ چھونے سے حساس اور نگلنے کا عمل تکلیف دہ ہوتا ہے - ان علامات کے ساتھ سپونجیا اور آرم ٹرائفلم میں ادل بدل کر دیجاتی ہے کھلی ہوا سے آواز کا جلتے رہنا۔

جیلسیمم - جب ہنجرہ مکمل طور پر فالج زدہ ہو جائے - ہسٹریا یا کسی اور وجہ سے اعصابی طور پر آواز کا بیٹھ جانا - حیض کے دوران آواز کا بیٹھ جانا۔

پلمبم - جب جلسیمیم ناکام ہو جائے تو اس کے متعلق سوچنا چاہیئے - کاسٹیکم زیادہ مدد نہیں کرتا - آواز کے پٹھوں کے فالج کی وجہ سے - آواز بیٹھ جانے کے پرانے کیس -

بیلاڈونا - گلے میں اجتماعِ خون کی وجہ سے، درہم برہم شدہ آواز میں تکلیف کیوجہ سے -

کاسٹیکم - آواز کے پٹھوں کی کمزوری کی وجہ سے - آواز کے بیٹھنے کی تکلیف زیادہ صبح کے وقت

فاسفورس - سوزش اور مواد کے اکٹھے ہونے کیوجہ سے آواز میں رکاوٹ - کھلی ہوا لگنے سے آواز کا نہ ہونا - بہت زیادہ لیسدار پسینہ اور جلد کے انتہائی ہیجان کی وجہ سے - ٹھنڈے پانی کی پیاس - شام کے وقت آواز زیادہ بیٹھے -

ریلومیکس - سخت لیسدار مواد کے زیادہ اکٹھے ہو جانے کی وجہ اور حنجرہ کے متواتر کھرچنے کی وجہ سے -

برومیم - زیادہ گرمی لگ جانے سے آواز کا بیٹھ جانا -

مرک سال - آواز بیٹھنے کے مخصوص دوائی ہے -

اپیکاک - آواز کا مکمل طور پہ بیٹھ جانا یا حنجرہ میں مواد اُگنے کی وجہ سے -

انٹم کروڈ - گرمی لگ جانے کی وجہ سے آواز کا جاتے رہنا -

اگنیشیا - ہسٹریائی کیسوں میں آواز کا جاتے رہنا -

کالی میور - زکام کی وجہ سے آواز کا بیٹھ جانا - چپکنے والی سخت مواد - خشک اکھڑ اور بھونکنے والی کھانسی -

برئیٹا آیوڈ - رکاوٹ کی وجہ سے آواز کا جاتے رہنا -

سنیگا - تنگیٔ تنفس کے ہمراہ آواز کا بیٹھ جانا - البیومن والے مواد کا زیادہ جمع ہو جانا - چھاتی میں جلن - درد اور سوئیاں چبھنا -

لیکسس - صوتی پٹھوں کے فالج کیوجہ سے آواز کا بیٹھ جانا -

مینتھا پپرٹیا - اونچا پڑھنے سے آواز کمزور ہو جائے - یہ گانے والوں کی مدد کرتی ہے تاکہ آواز بیٹھنے نہ پائے -

الیومنا - گانے والوں اور بولنے والوں میں آواز کا بیٹھ جانا۔ زکام، نزلے کے گلے میں گرنے سے جب بولے یا گائے، آواز کا پھٹ جانا یا بیٹھ جانا یا آواز کے زیادہ کام کی وجہ سے۔

الیومن - آواز مکمل طور پر جاتی رہے۔ آواز کا مزمن طور پر جاتے رہنا۔ یہ سب تازہ زکام کی وجہ سے ہو۔

رسٹاکس - آواز کا بیٹھ جانا جس کو بولنے سے افاقہ ہو چھاتی میں چھیلن کا احساس۔ سانس دبا ہوا اور شدید چھینکیں۔ آواز کچھ دیر استعمال کرنے پر ٹھیک ہو جاتی ہے۔ بولنے یا گانے کی صرف ابتدا میں آواز کا بیٹھ جانا۔

کاربوویج - بخار کا ہی کی وجہ سے آواز کا بیٹھ جانا اور گلے میں دکھن۔ پانی کی طرح کا اخراج چھاتی تک ہیجان کے ہمراہ۔

سمبوکس نائیگرا - آواز کا بیٹھ جانا۔ گہری خالی کھانسی کے ہمراہ۔ چھاتی میں دباؤ۔ اکثر چھاتی جمائیاں لے۔ بے چینی اور پیاس۔

پلسٹیلا - جب آواز مکمل طور پر جاتی رہے۔ ڈھیلی سی کھانسی کے ہمراہ ناک سے گاڑھی زرد رنگ کی رطوبت کا اخراج۔

کوکا - آواز کا جلتے رہنا۔ بولنے کے بعد آواز بیٹھ جائے۔ ہر نصف گھنٹہ کے بعد پانچ یا چھ قطرے مدر ٹنکچر کے دیجئے آواز کو استعمال کرنے ۲ گھنٹے قبل یہ عمل شروع کریں۔

میلنڈریم - چھوٹی چیچک یا بڑی چیچک کی وجہ سے آواز کا بیٹھ جانا۔

اکونائٹ این - سرد خشک ہوا لگنے سے آواز کا جلتے رہنا۔

سنا - آواز کا بیٹھ جانا جب ٹھنڈی ہوا لگے۔ جب اکونائٹ، فاسفورس اور سپونجیا ناکام ہو جائیں

سٹرامونیم - بولنے کی طاقت نہ رہے۔ صرف بیٹھی ہوئی ٹوٹی پھوٹی آواز جو دکھن کے ساتھ ہو۔ بدل کر بولا کرے۔ کروپ بھونکنے والی کھانسی۔ شدید تشنج کیونکہ بچہ کچھ نگل نہ سکے۔

برومیم - گنٹھیے کیوجہ جوڑوں، گانٹھوں میں درد کی وجہ سے آواز کا بیٹھ جانا۔

آرجنٹم میٹ - مقرروں کی آواز کا بیٹھ جانا یا پیشہ ور گانے والوں کی آواز کا بیٹھ جانا۔

گانے والوں کے حلقوم کی مزمن سوزش۔

کلکیریافاس ۔ آواز کا بیٹھ جانا، مریض کو بولنے سے پہلے یا گانے سے پہلے حنجرہ سے رطوبت صاف کرنا پڑے۔

آرجنٹم نائٹ ۔ گانے والوں میں حنجرہ کی مزمن سوزش ۔ اونچی آواز نکالنے پر کھانسی ۔

میگنیشم ۔ اگر آرجنٹم نائٹریکم کے ناکام ہو جائے تو مقرروں اور گانے والوں کے لیے بحران کن دوائی ہے ۔ گلے میں رطوبت کا اجتماع جتنی صاف کرے اس سے زیادہ بن جائے ۔

اگزالک ایسڈ ۔ دل کی تکالیف کے ساتھ آواز کا جاتے رہنا ۔ دل کی دھڑکن کے ساتھ ادل بدل کر آواز کا جاتے رہنا ۔

آواز کا بیٹھ جانا ۔ مزمن

بریٹیا کارب ۔ آواز کا بیٹھ جانا ۔ آواز کا بیٹھ جانا کھانسی کی وجہ سے ۔ ہوا کی نالیوں میں بلغم کا اجتماع کی وجہ سے آواز کا جاتے رہنا ۔ زبان کا فالج ۔ مزمن کیس ۔

کاربو ویج ۔ ضدی قسم کے کیس ۔ صبح و شام اور بولتے وقت زیادتی ۔

ہیپر سلفر ۔ آواز کا مزمن طور پر بیٹھ جانے کے لیے شاندار دوائی ہے ۔ خاص طور پر جب مریض میں پارہ کی ادویات، دوران علاج استعمال کرائی گئی ہوں ۔ آواز کا جاتے رہنا اور خشک کھانسی بھونکنے والی، جو اتوں میں صبح و شام یا جب ٹھنڈی ہوائیں جائیں ۔

سلفر
کلکیریا کارب
سلیشیا ۔
کیس کو مکمل کرنے کے لیے دیئے جانے چاہئیں، بعض کیسوں میں یہ ناگزیر ہوتے ہیں، ایک کے بعد دوسرے کو آزمایا جا سکتا ہے ۔

سینیشو آرس ۔ حیض کے دبنے سے آواز کا بیٹھ جانا ۔

فالج

ڈفتھیریا ۔ ڈفتھیریا کے ساتھ گلے کا فالج جب مشروبات پیئے تو ناک کے راستے واپس آجائیں ۔

حلقوم کی سوزش

بیلاڈونا ۔ نسیجوں اور کوے کا ڈھیلا ہو جانا ۔ گلے میں کالی مرچوں کا احساس ہونا ۔

سینگوئنیریا نائیٹریکم ۔ دائیں طرف کی گلے کی سوزش زیادہ ۔ مزمن کیسوں میں گلے کی سوزش ۔

گوائیکم ۔ بعض اوقات یہ درد ختم کر دیتی ہے ۔

زنکم میٹ ۔ جب گلے کی سوزش شراب، تمباکو یا کسی اور ہیجان کی وجہ سے ہو ۔

فائیٹولاکا ۔ گلا گہرا سرخ یا نیلا سرخ، کھردرا، تنگ اور گرم محسوس ہو ۔ کانوں میں گولی لگنے جیسی درد، پانی بھی نہ پی سکے ۔ یہ گنٹھیاوی دردوں کو بھی دور کرتی ہے ۔

سٹس کینیاڈینیس ۔ یہ گلے اور ناک سے نکلتی ہوئی سوں سوں کی آواز کیلئے بہت اچھی ہے ۔ گاڑھی بلغم کا اخراج ۔ حلق میں بلغم کا گرنا اور اسے کھرچتے رہنا ۔ بعض اوقات گلے میں ریت کا احساس ۔ گلے کی خشکی اور گرمی ۔ مریض کو اکثر پانی پینے کے لیے مجبور کرتی ہے ۔ ٹھنڈی ہوا میں سانس لینا تکلیف کو زیادہ کر دیتا ہے، ٹھنڈی ہوا سے متاثر ہونا اس دوائی کی نمایاں ترین علامت ہے ۔

سینگوئنیریا کین ۔ بلغمی جھلی کی سرخی اور ہموار پن ۔ چمکدار اور وارنش شدہ ہونا ۔ تھوک کی کمی کے ساتھ ۔ یہ دوائی مندرجہ بالا علامات کے لیے جو حاد ہوں یا مزمن بہترین دوائی ہے ۔

کالی میور ۔ کیسوی سوزش گلا کے لئے بہترین ادویات میں سے ایک ہے ۔ بھوری یا سفید مواد نکلنے کے ہمراہ ۔ ٹانسلز سوجے ہوئے اور پھولے ہوئے ناسور کے پھوڑے پھنسیوں کے ہمراہ

الیومنا
الیومن
} یہ دونوں ادویات خشک زکام، گلے کی سوزش تھوک کی کمی کے ہمراہ ۔

لائیکوپوڈیم ۔ خشک زکام کے لئے بہترین ادویات میں سے ایک ہے ۔ ناک رات کو بند ہو جائے ۔ تھوک یا مواد نہ ہو ۔

سٹکٹا پال ۔ سادہ اور مزمن خشک زکام ۔ ناک کی جڑ میں دباؤ اور بھراؤ کے احساس کے ہمراہ ۔ ناک صاف کرنے کی مستقل خواہش ۔

وتھیا - مزمن گلے کی سوزش اور حلق کی سوزش ، جہاں صاف بولنے کے لئے متواتر گلا صاف کرنے کی خواہش ہو۔ ۳x طاقت میں دی جائے۔

سیپیا - نگلنے پر گلے میں چبھنے والی اور خراش دار درد۔ جب بولے اور گائے تو آواز بیٹھ جائے۔ بلغم کا کافی اخراج بعض اوقات خون ملی بلغم یا خونی لکیر والی بلغم اور بمشکل اور زور لگا کر اکھاڑی جا سکے۔

کالی بائی - گلے کے زیادہ بڑھ جانے کے لئے بہترین دوائی ہے۔ مچھلی کی ہڈی کا احساس گلے میں کھنکارنے کے ساتھ۔

حلق کی سوزش - مزمن

مرک سال - دکھنے والا ۔ پُردرد ۔ چبھن دار دلد اور جلنے والا گلا ۔ موسم کی تبدیلی پر پھنسیاں سی ظاہر ہوں ۔ متواتر نگلنے کی خواہش ۔ آواز کا جاتے رہنا ۔ بدبو دار سانس ۔

مرک کار - گلا سرخ خشک سوجا ہوا ۔ سخت گھٹن کے احساس کے ہمراہ ، کوا سوجا ہوا ۔ نگلنے میں دقت ۔

آرسینکم آیوڈ - جب غیر موافق حالات ٹی بی کے پس منظر کے ساتھ ۔

کالی بروم - حلق کی ناطاقتی کی حالت میں ۔

کالی آیوڈ - حلق میں شدید ہیجان کے ساتھ ۔

آرجنٹم میٹ - گانا گانے والوں کے گلے کی مزمن سوزش ۔

کالی بائیکرومیکم - مزمن گلے کا ناسور ۔

نزلاوی - نزلہ کی وجہ سے گلے کی سوزش

آرجنٹم نائٹریکم } یہ دی گئی ترتیب
الیومنا ۔ } میں دی جانی چاہئیں ۔

کلکیریا آیوڈ - خنازیری اور سوکھا ساکھ کی طبیعت والے لوگوں کے لئے -

بپٹیشیا - گری گولی نگلنے - ہڈیوں کے یا کنکریوں کے نگلنے کا احساس - مریض ہمیشہ اپنے گلے میں ہڈیوں اور مچھلی کی ہڈیوں کا احساس کرتا ہے جو کہ وہاں نہیں ہوتا بپٹیشیا اس احساس کو مٹا دیتا ہے - اگر یہ ناکام ہو جائے تو درج ذیل ادویات دیجئے -

اگنیشیا - یہ گلے میں رکاوٹ کے احساس کے لئے شاندار دوائی ہے -

سٹس کینیا - حلقوم - گلے اور ناک میں ٹھنڈک کا احساس -

گنٹھیاوی گلے کی سوزش

لائیکو پوڈیم - حلقوم یا گلے چھوٹے پٹھوں کا گھٹیاوی درد - نگلنے میں تکلیف یا دقت یا گلے کو تھوڑا سا بھی دبانے سے، بلغمی جھلی زرد - سوزش نہیں ہوتی - گلے میں کوئی چیز نظر نہیں آتی لیکن گنٹھیاوی تاریخ، تشخیص مرض کی طرف راہنمائی کرتی ہے -

سوجا ہوا - دکھتا ہوا

بیلاڈونا - حاد کیسوں گلے میں اجتماع خون اور سرخی - گلے کی خشکی - ٹانسلز سوجے ہوئے اور بڑھے ہوئے - دائیں طرف کی سوزش اور دکھن اور درد دائیں کان تک بڑھے -

سباڈیلا - گولے یا کسی اور چیز کا احساس جس کو مریض متواتر نگلنے کی کوشش کرے - گرم مشروبات سے افاقہ ہو -

میگنیشیا کارب - گلے میں پھنسیاں حیض کے دوران - پھنسیاں بائیں سے دائیں، یا دائیں سے بائیں منتقل ہوں، حیض کے بعد غائب ہو جائیں -

لیکسس - گلا دکھے یا سوزش گلا - ٹانسلز بڑھے ہوئے - خناق - ٹھوس خوراک آسانی سے نگل سکے لیکن مشروبات نگلنے میں مشکل ہو - گرم مشروبات سے زیادتی مرض - گلے میں گولے کے پھنسے ہونے کا احساس -

سٹس کینا ڈینس - ٹھنڈی ہوا نگلنے یا ٹھنڈا سانس لینے سے زیادتی - گاڑھی زرد بلغم

زرد جھاگ جیسی بلغم جو صرف مقامی ذرائع سے ہی صاف ہو۔

مرک بن آئیوڈ۔ جب مرض بائیں طرف سے شروع ہو۔ خالی نگلنے یا خوراک نگلنے سے زیادتی۔

کالی آئیوڈ۔ پرانے ناسور گلے میں جو تمام نرم نسیجوں۔ کوّا اور نرم تالو کو تباہ کر دیں۔

لیکنیتھس۔ گلے میں سوزش یا دُکھن۔ گردن کی سختی کے ہمراہ۔

فائٹولاکا۔ جب درد کان تک جائے۔ کوّا بڑھا ہوا۔ جھلی گہرائی سرخ یا راکھ کے رنگ کی گرم مشروبات سے زیادتی۔ دائیں طرف گلے کی سوزش اور درد دائیں طرف کان تک بڑھے۔ مشکل سے نگل سکے۔

گوائیکم۔ گلے کی دُکھن ... حساس۔ گرمی سے زیادتی مرض۔

اگریکس مس۔ گلے میں تشنج اور گلے سے ایک عجیب قسم کی بے اختیار آواز نکالے جو دم گھٹنے جیسی ہو۔

ایلیس میلی۔ تپ محرقہ میں یا خناق کے بعد پٹھوں کا طاقت کھو بیٹھنا۔ حلقوم کی کری ہڈی کے ہیجان سے۔ گلے میں سوجن کے ہمراہ۔ ڈنگ لگنے والے درد۔

اوپیم۔ فالج میں۔

ہیپر سلفر۔ تیز چبھتی جیسی دُکھن گلے میں۔ ٹانسلز کی پیپ اور پھوڑے۔

نکسوامیکا۔ تمباکو نوشوں کے پُرہیجان گلے۔ شرابیوں اور واعظوں کے گلے کی دکھن اور تمباکو نوشی، شراب نوشی یا واعظ کی وجہ سے گلے میں خراش۔

اگنیشیا۔ محسوس کرے کہ ہڈی نگل رہا ہے جو ادھر اُدھر اٹک رہی ہے زچگی میں۔

سٹرامونیم۔ پٹھوں کی سکڑن یا تشنجی سکڑن۔ تشنج کے ہمراہ۔ گلے کی خشکی نچلے جبڑے کے غدود میں تکلیف۔ دماغ کی جھلیوں میں ورم میں۔ بیٹھی ہوئی پھٹی ہوئی آواز میں بات کر سکے جو دُکھن میں تبدیل ہو سکے۔

لیکسس۔ خناق میں ٹانسلز کے بڑھ جانے میں۔ گلے کی خشکی میں۔ ہر دوسرے روز زکام بڑھ جائے ... دائیں طرف سے شروع ہو۔

لوبیلیا انفلیٹا - کوئی چیز دل سے اٹھتی ہوئی معلوم ہو جو خوراک کو نیچے جانے سے روکے۔

لائی سین - مشروبات ناک سے بہہ نکلیں گلے میں سوزش اور دکھن سے

کالی کارب - خوراک راستے میں ہی رہ جائے، منہ بند ہونے کی وجہ سے اور قے کی وجہ سے اور قے کی وجہ سے (خوراک کی نالی کی گھٹن کی وجہ سے)۔

آرم ٹرائفلم - ایکٹروں یا فنکاروں - بولی دینے والوں اور مقرروں کے گلے کی سوزش۔

بریٹا کارب - مزمن ٹانسلز کے بڑھنے سے۔

آئیوڈم - حنجرہ میں گھٹن - بھراؤ اور دباؤ کے ہمراہ دکھن۔

سوزش - سوالونگ

ڈفتھریئم - جب مشروبات پیتے وقت ناک سے واپس آجائیں۔

لائیکوپوڈیم - جب خوراک یا مشروبات ناک کے ذریعہ الٹ دی جائیں۔

لیک کنیئم - جب پیئے تو مشروبات ناک کے ذریعے واپس آجائیں۔ نگلنے کا عمل مشکل تقریباً ناممکن اور تکلیف کانوں تک جائے۔

نائیٹرک ایسڈ - نگلنے کا عمل بہت مشکل - چہرہ کو بگاڑتے اور سر کو نیچے گرائے ایک چمچ بھر مشروبات بھی نہ نگل سکے جو کانوں تک جانے والی شدید درد کا باعث بنیں۔

اکونائٹ ایٹ - مشکل سے نگل سکے حتیٰ کہ کھاتے وقت گردن کی پشت کو اکثر دبانا پڑے گردن میں جلن اور درد - کان کے نچلے حصہ میں درد اور جلن۔

رسٹاکس - تھوک نگلنے میں دقت - چھوٹی چیچک میں سرخ بخار میں - خناق میں تقریباً نگل ہی نہ سکے۔

سٹرامونیم - گلے کے شدید تشنج کی وجہ سے نگلنے میں دقت۔

لیکسس - مشروبات کی نسبت ٹھوس اشیاء آسانی سے نگل سکے - گرم مشروبات رکاوٹ پیدا کریں۔

بیلاڈونا۔ گلے کی دُکھن اور سوزش کی وجہ سے یا ٹھوس یا مشروبات نگلنے میں دقت وہ بعض اوقات ناک میں یا ناک سے باہر نکال دیئے جاتے ہیں۔

ہائیوسائیمس۔ گلے زبان۔ حلقوم اور گلے کی کرّی ہڈیوں کے پٹھوں کا سخت ہو جانا، مشروبات ناک سے باہر آجائیں یا ہوا کی نالی میں چلے جائیں۔

جیلسیمیم۔ خوراک کی نالی کا فالج نگلنے کی طاقت نہ رہے۔

کاسٹیکم۔ خوراک غلط راستے نیچے جائے یا ہوا کی نالی میں چلی جائے یا ناک کے پچھلے حصّہ میں حلقوم اور خوراک کی نالی کے فالج کی وجہ سے۔

سکوٹا وائرِوسا۔ خوراک کی نالی کی اینٹھن یا تشنج جو نگلنے کی طاقت کو ہٹا دے یا معطل کر دے۔

ورم لوزتین یا ٹانسلز کا ورم

ایکونائٹ این۔ شروع میں ہی اس دوائی کے متعلق سوچنا چاہیئے۔ پریشانی بے چینی اور دُکھن نمایاں علامات ہیں۔

بیلاڈونا۔ جب ٹانسلز ہوا لگنے سے سوج جائیں تو یہ دوائی دی جائے۔ وہ سرخ اور خون سے پر معلوم ہوتے ہیں۔ ٹیکن والی درد جو کانوں تک جائے۔

سلیشیا۔ شدید ورم لوزتین چبھنے والی دردیں۔ جب پھوڑا پھٹ جائے اور اسے آرام نہ آئے۔

مرک آئیوڈ۔ جب بائیں طرف درد ہو تو ورم لوزتین یا ٹانسلز کے لئے بہترین دوائی ہے۔

سٹریپٹوکوکین۔ تیز بخار کے ساتھ ورم لوزتین ہو تو عمل انگیز کے طور پر یہ دوائی دیں۔

فائیٹولاکا۔ جب درد کانوں میں گولی لگنے جیسی آئے۔ بلغمی جھلی اور حنجرہ میں دھبوں کی طرح زخم ٹھنڈے مشروبات اچھے ثابت ہوں جبکہ گرم مشروبات اچھے ثابت ہوں جبکہ گرم مشروبات نگلنے مشکل ہوں۔ گلے کی سوزش گہری سرخ یا تقریباً نیلی آواز کا بیٹھ جانا اور خشک کھانسی۔

ہیپر سلفر۔ جب پیپ ناگزیر ہو۔ گلے میں ناسور۔ پھانس یا مچھلی کی ہڈی کا گلے میں احساس کانوں تک درد بڑھے۔ گرم مشروبات افاقہ دیں۔

ایپس میل ۔ گلے کی سوزش ۔ ڈنگھ لگنے جیسی اور جلن دار ٹھنڈ سے آفاقہ ہو۔
زبان اور کوا سوجا ہوا اور پھولا ہوا ۔ کوا لٹکا ہوا اور گھٹن کا باعث ہو نتیجتاً موت کا خطرہ ہو۔

برٹیا کارب ۔ ٹانسلز کے بڑھنے میں چوٹی کی دوائی ہے ۔ بچے آہستہ آہستہ بڑھیں اور ذہنی طور پر پس ماندہ ہوں ۔ ناک کے پچھلے حصہ میں نزلہ ناک سے خون بہنے کے ہمراہ ۔ زکام میں مبتلا ہونے پر ٹانسلز میں پیپ ۔ کھلی ہوا ۔ خشک موسم اچھا رہے ۔ ۲۰۰ طاقت مزمن حالت میں اور ۶ طاقت میں حالت میں ۔

لاروسیروس ۔ گلے کی تشنج گھٹن اور گلے کی نالی کی تشنجی گھٹن ۔ مشروبات گلے کی نالی اور معدہ کی نالی میں آواز پیدا کرتی ہوئی جائیں ۔

اوپیم ۔ جب مشروبات پینے پر نیچے نہ جائیں بلکہ ناک سے باہر نکلیں ۔ گلے کی نال کا فالج ۔ مشروبات غلط راستے پر چلے جائیں ۔

برومین ۔ سانس کی نالی کا تشنج اور کھچاؤ ۔

اگنیشیا ۔ نگلنے پر گلے کی تکلیف اور درد کو آفاقہ ہو یا نگلنے کے عمل کے دوران میں تکلیف میں زیادتی ہو ۔

بپٹیشیا ۔ صرف مشروبات ہی نگل سکے تھوڑا سا ٹھوس بھی منہ بند کر دے ۔

ٹیوبرکولینم ۔ یہ دوائی بطور عمل انگیز کے ایک ماہ کے دوران ایک خوراک ۲۰۰ طاقت میں دی جائیں ۔

تھوجا ۔ یہ دوائی بطور ۲۰۰ طاقت میں برٹیا کارب سے بدل کر ہر ہفتہ میں ایک دفعہ دی جائے ۔ مزمن ٹانسلز میں یہ ادویات اس ہفتہ میں ہر گز نہ دی جائیں جب ٹیوبرکولینم دی جائے ۔

آئیوڈم ۔ شدید بھوک کے ساتھ وزن میں کمی ہونا ۔ فوری بھوک بہت زیادہ پیاس کے ساتھ ۔ تھوڑی سی محنت کے ساتھ پسینہ آجائے اور بہت کمزوری ۔ ٹانسلز اور تھائی رائیڈ غدود کا بڑھ جانا ۔ گرم اور نمدار موسم میں ۔ کھلی ہوا اور خوراک کھانے سے آفاقہ ۔ کان اور حلق کی نالی میں

رکاوٹ کی وجہ سے بہرہ پن۔

مرک پروٹو آئیوڈ۔ ٹانسلز بہت زیادہ بڑھے ہوئے۔ ناک کے مزمن نزلہ زکام کیساتھ۔

لائیکو پوڈیم۔ جب مرض دائیں سے بائیں طرف جائے اور گرم مشروبات سے آفاقہ ہو۔

لیکس۔ جب مرض بائیں سے دائیں جائے اور گرم مشروبات سے زیادتی مرض ہو۔

تھوک کی لمبی تاریں۔ خاص طور پہ رنگ دار نار اض لوگوں کے لئے ہے۔

گن پاؤڈر۔ جراثیم کی وجہ سے ٹانسلز بڑھ جائیں۔

رسٹاکس۔ گلے کا گنٹھیا جو ٹانسلز پر اثر انداز ہو سکے گی۔ استسقائی سوجن

مشروبات نگلتے وقت گھٹن کا احساس۔

اگنیشیا۔ زیادہ تکلیف خاص طور پر جب خوراک کے علاوہ مشروبات نگلے۔

مرکیورس۔ دائیں طرف کے ٹانسلز میں تکلیف شروع ہو لیکن ٹھنڈے مشروبات

سے افاقہ۔ زبان گہری فر سے ڈھانپی ہوئی شدید چبھنے والی گندی بدبو۔ قبض۔

مرکیورس بن آئیوڈ۔ خناق۔ گلے کی زہر آلودگی کی وجہ سے خون میں زہر کا پھیل جانا۔

تاثر ہونا بائیں سے دائیں طرف کو ہو۔

برٹیا میور۔ جب نگلتے وقت گلے میں درد اور گلے کے بند ہونے کا احساس ہو

کلکیریا فاس۔

کلکیریا کارب ۱۔ ایم اینڈ ٹیوبر کولینم ۱۔ ایم۔ ہر پندرہ روز کے بعد ادل بدل کر دینے

سے مزمن ٹانسلز کو ٹھیک کر دیتی ہے جو ایسے بچوں میں جن میں موٹے ہونے کا رجحان ہو اور مٹی

پلستر اور کاغذ وغیرہ کھانے کا رجحان ہو۔ اوپر کی ادویات ۲۰۰ طاقت میں دو ماہ تک دی جائے

۱۔ ایم طاقت میں استعمال کرنے سے پہلے۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو برٹیا ۲۰۰ اور تھوجا ۲۰۰

طاقت ہر ہفتہ اور ٹیوبر کولینم ۲۰۰ طاقت میں ہر ماہ ایک خوراک۔

الیومن۔ جب ٹانسلز بڑھتے رہیں اور سخت ہوں۔ نزلہ کے رجحان کے ہمراہ جو گلے میں گرے۔



ٹانسلز دُور کرنے کے بعد کی تکالیف

سٹریپٹوکوکین - ٹانسلز دُور کرنے کے بعد کی تمام تکالیف مثلاً جب مریض زرد - پتلا - آنکھوں کے نیچے سیاہ حلقے بھوک نہ رہے - بے پرواہ ہو - ہر ماہ ایک - ایم طاقت میں ایک خوراک دیجئے -

کلکیریا کارب - ٹانسلز کے دُور کرنے کے بعد ناک کے پچھلے حصہ کا نزلہ اور سانس کی نالیوں کی تکالیف کیلئے ۲۰۰ طاقت ہر ہفتہ ایک خوراک دیجئے -

سلفر - دل میں جلن - مٹھائیوں کی زبردست خواہش دن کے وقت بھوک نہ ہو - رات کے وقت کھانے کیلئے شدید رغبت و بھوک - موسم کی تبدیلی کے وقت علامات میں زیادتی طوفانوں سے پہلے - خارش -

حلق کا کوا

ایپس - حلق کے کوے کے بڑھے ہوئے ہونے کیلئے مخصوص اور چوٹی کی دوائی ہے -

مانسینیلا - حلق کے کوے بڑھے ہونے کے لئے جس میں گلا بری طرح سُوجا ہوا ہو -

مرک کار - تھوڑا سا مرک کار کی چھوٹی طاقت میں حلق کے کوے پر لگائیے یہ فوراً مستقل طور پر آرام کر دے گا -

ہائیوسائیمس - حلق کے کوے کا بڑھ جانا، سرسراہٹ والی کھانسی کے ہمراہ جو لیٹ جانے پر زیادہ ہو -

الیومن - جب حلق کا کوا ڈھیلا ہو گیا ہو، حلق میں چھیلن کے ساتھ -

نرخرہ - حنجرہ

تیسرا حصہ

(کروپ کھانسی - حنجرہ یا ہوا کی نالی کے اُوپر والے حصہ کی سوزش بھی دیکھئے -)

ورم نرخرہ

اکونائٹ این - جب پُر ہیجان کھانسی ہو - بخار - بے چینی - اور پریشانی کے ہمراہ - خشک گرم جلد اور آواز بیٹھی ہوئی -

سپونجیا - عام طور پر اکونائٹ کے چھ گھنٹہ بعد دی جائے یا جونہی سانس لینے کا عمل باریک اور تیز ہو اور بھونکنے والی کھانسی آواز کا بیٹھ جانا اور اس کا چلتے رہنا، ہوا کی نالی کے اوپر والے حصّہ میں درد کے ہمراہ -

ایلیم سیپا - گلا بیٹھا ہوا - سخت - بجنے والی - تشنجی کھانسی جو ہنجرہ میں مستقل سرسراہٹ اور پھاڑنے والی درد - تکلیف کے ساتھ - شدید نرخرہ کی کھانسی -

لیکسس - گلا حساس - مشکل سے نگلے، گرم مشروبات تکلیف کو بڑھائیں جب مندرجہ بالا ادویات ناکام ہوجائیں تو یہ دی جائیں -

کالی بائی - جب گاڑھی چپکنے والی اور تار دار بلغم ہو تو یہ دی جائے -

کاسٹیکم - جب آواز کے پٹھوں کی کمزوری ہو سخت کھانسی جس کے ہمراہ پیشاب خارج ہوجائے -

فاسفورس - خشک - پُر ہیجان زرد اور قلتِ خون والا ہنجرہ - آواز حملے کے کافی دیر بعد تک بیٹھی رہے -

مینگنم - خشک بیٹھی ہوئی آواز کے ہمراہ کھانسی -

کلورم - اگر ۱۲ یا ۳۰ طاقت میں دی جائے تب بھی مفید ہوتی ہے -

سیلینیم
نیٹرم میور } ٹی بی والے مریضوں میں ورم ہنجرہ -

سمبوکس نائیگرا - لیس دار کف کا ہنجرہ میں اکٹھے ہوجانا - آواز کا بیٹھ جانا - دم گھٹنے والی خالی گہری کھانسی - بے چینی اور پیاس کے ہمراہ - سوں سوں کی آواز کے ساتھ سانس -

کاربوویج - ٹی بی یا اس کے علاوہ جب زکام ناک سے شروع ہو اور آخر کار چھاتی اور ہنجرہ میں بیٹھ جاتا ہے -

سپیبل سیرولیٹا - ہنجرہ کی دق -

ریلو میکس - پُرہیجان متواتر سرسراہٹ ٹھنڈی ہوا میں سانس لینے سے زیادتی -


زرخرہ یا ہنجرہ کا تشنج

برومیم - سینے کی ہڈیوں کے پیچھے - تشنجی گھٹن - سرسراہٹ اور جلن کے ہمراہ - سانس اندر کی طرف لے جانا جو کھانسی پیدا کرتا ہے بہت مشکل ہوتا ہے بہ نسبت سانس خارج کرنے کے - غدود بڑھے ہوئے خاص طور پر کان کے پاس کے غدود اور غدود درقیہ -

کیوپرم میٹ - سانس کی نالی کے اوپر کے سرے کا تشنج سانس رکنے کے ہمراہ - چہرہ نیلا انگوٹھا ہتھیلی کی طرف بھینچ جائے اور انگلیاں اس کے اُوپر چڑھ جائیں -

کلورم - سانس کی نالی کے اُوپر کے سرے کا تشنج سانس رکنے کے ہمراہ - زرخرے کی ہڈی کرتی کا تشنج - ہوا کی نالی کا تشنج - زرخرے خالصتاً ہیجان کیوجہ سے - آواز کے پٹھوں کے تشنج کیوجہ سے تنگی تنفس - وحشیانہ نظر - گھورتے اور باہر کو ابھری ہوئی آنکھیں چہرے کے نیلے پن کے ہمراہ - برومیم کے برخلاف کلوروفارم کا مریض آسانی سے سانس لے سکتا ہے لیکن بمشکل سے خارج کرتا ہے -

کلکیریا کارب - ہنجرہ کے تشنج جب اعصابی تکلیف کی وجہ سے نہ ہو یہ ایک جسمانی بناوٹ کے مطابق دوائی ہے -





مسوڑھے، دانتوں
منہ اور زبان کی
بیماریاں

مسوڑھے

پھوڑے اور سوزش

مرکیورس ۔ مسوڑھے کے پھوڑے سے پیپ نکلے۔ مسوڑھے سُوجے۔ اسفنج کی طرح اور ان میں سے خون نکلے۔ سانس بدبودار۔ بستر کی گرمی اور رات کو زیادتی مرض ۔

ہیپر سلفر ۔ یہ اس وقت دی جائے جب حقیقتاً پیپ نکلنا شروع ہو جائے ۔ یہ پھوڑے کو بٹھانے اور ختم کرنے کا دہرا عمل کرے گی۔ ۲x طاقت میں استعمال کیجئے ۔

سیلیشیا ۔ جب ہیپر سلفر ناکام ہو جائے تو یہ استعمال کی جائے ۔

ہیکلا لاوا ۔ مسوڑھے کے پھوڑوں کے لئے بہترین دوائی خاص پر بوسیدہ گلے ہوئے دانتوں کے ۲x طاقت میں استعمال کیجئے ۔

بیلاڈونا ۔ جب مسوڑھوں میں ٹپکن والا درد ہو ۔

مرک آئیوڈ ۔ یہ دوائی بیلاڈونا سے اول بدل کر دی جائے ، جب شدید دردیں ہوں ۔

کلکیریا فلور ۔ جب کیلشیم کی کمی اور دانتوں کا انیمل نہ رہے تو یہ دوائی کارآمد ہوتی ہے ۔

آرنیکا مانٹ ۔ مصنوعی دانتوں کے ختم ہونے کے بعد مسوڑھوں میں درد اور سوزش ۔

مسوڑھوں سے خون نکلنا

مرک سال ۔ مسوڑھوں کے ناسور اور ان سے خون بہے ۔ خارش جلن اور مسوڑھوں کی سُرخی ۔

فاسفورس ۔ مسوڑھوں کے ناسور اور ان میں سے خون بہنے کے لئے شاندار دوائی ہے اس دوائی سے علاج شروع کیا جائے حتیٰ کہ دوسری ادویات کی صاف علامات ظاہر ہو جائیں ۔

کلکیریا فلور ۔ مسوڑھوں سے خون بہے دانتوں کے گلنے کے ہمراہ ۔

کاربو ویج ۔ جب دانت مسوڑھوں سے علیحدہ ہو جائیں اور ڈھیلے ہو جائیں ۔ دانت جلدی جلدی گلیں ۔ جب دانتوں کی صفائی کی جائے تو خون بہے یا تھوڑا سا بھی دانتوں کو چھونے پر خون بہے ۔ دونوں سرد اور گرم یا نمکین خوراک سے تکلیف ہو ۔
لیکس ۔ مسوڑھوں سے خون بہے پانی کی شدید پیاس کے ہمراہ ۔ گنٹھیا میں مبتلا ہونے کا رجحان ۔ دانتوں کے ارد گرد سے خون بہے ۔
انٹم کروڈ ۔ مسوڑھوں سے اور دانتوں سے جلد علیحدہ ہو جائیں اور آسانی سے خون بہے ۔
سٹیفسگیریا ۔ اسفنج کی طرح کے مسوڑھوں کو جن کو خوراک یا انگلی کے چھونے سے آسانی سے خون بہنا شروع ہو جائے ۔
ٹیریبنتھ ۔ پیشاب میں البیومن کے اخراج کے ہمراہ مسوڑھوں سے خون بہے ۔
کاسٹیکم ۔ دانتوں کے ناسور میں آسانی سے مسوڑھوں سے خون بہے ۔
سیڈرن ۔ حیض کے دوران مسوڑھوں سے خون بہے ۔
کلکیریا کارب ۔ حیض کے دبنے کی وجہ سے مسوڑھوں سے خون بہے ۔
سلفر ۔ ٹائیفائیڈ بخار میں مسوڑھوں سے خون بہے ۔
الیومن ۔ مسوڑھوں سے خون بہے جو دانتوں سے پیچھے ہٹیں ۔ دانتوں کا گلنا ۔

منہ کی دکھن اور زخم

آرسینکم البم ۔ منہ اور زبان پر شدید خشکی اور جلن ۔
ہائیڈرو کوٹائل ۔ پوٹاشیم کلوریٹ کے غلط استعمال کی وجہ سے ۔
لیکس ۔ بلغمی جھلی کے قریب گہری ارغوانی رنگ کا اظہار ۔
مرک سال ۔ جب تھوک اور دکھن ہو ۔
نائٹرک ایسڈ ۔ تیز چبھنے والی درد ،
خاص طور پر مٹھائیوں کے رسیا ہونے کی صورت میں ۔

پائیوریا

مسوڑھوں کے تحت خون بہنا بھی دیکھیئے۔

کیلنڈولا۔ پائیوریا کے لیے چوٹی کی دوائی ہے۔ کچھ وقت کیلئے ۲۰ قطرے تین دفعہ دیجئے۔

کلکیریا رینالس۔ پائیوریا کے لیے شاندار دوائی بتائی جاتی ہے۔

مرکیوریس۔ سفید اسفنج کی طرح کے مسوڑھے۔ منہ سے بدبو آئے 6 طاقت میں استعمال کیجئے۔

سیلیشیا۔ درد والی سوزش۔ مسوڑھوں میں پیپ کا بننا۔ مسوڑھوں کے پھوڑے۔

گن پاؤڈر۔ جب مسوڑھوں میں پیپ بنے اور پیپ خارج ہو۔

کالی کارب۔ پائیوریا منہ سے بری بدبو آئے اور دانت ہلیں۔

پلانٹیگو میجر۔ دانت دکھیں اور چھونے سے حساس ہوں۔ چاقو مارنے والی اور سوراخ کرنے والی تکلیف۔

کریوزوٹم۔ بیمار دانت گندی بو کے ہمراہ۔ کھینچنے والی۔ ٹیکن والی درد۔ مسوڑھے ناسور زدہ اور ان سے جلدی خون بہے۔

بیپٹیشیا۔ مسوڑھے گہرے سرخ اور بدبودار۔ مسوڑھوں سے خون ابلے۔ بدبودار تھوک (ذہن کے تحت درد اعصابہ بھی دیکھیئے)

درد اعصابہ

سٹیفسیگریا۔ یہ بہترین دوائی ہے۔ سب سے پہلے دی جائے۔

کوکنیلا۔ دوسرے نمبر پہ یہ دوائی دی جائے۔

گومڑ۔ رسولی۔

میگنیشیا کارب۔ داڑھ کی ہڈیوں کی رسولی۔

نائیٹرک ایسڈ۔ مسوڑھوں کے گومڑ یا رسولی اخروٹ کے برابر۔

پھوڑا یا ناسور

مرک کار۔ جب ناسور کے ہمراہ بہت زیادہ پانی کی طرح کا تھوک ہو۔
کریوزوٹم۔ جب مسوڑھے ہلکے نیلے۔ سُرخ۔ نرم۔ اسفنج کی طرح کے جن سے خون بہے، اور سوجے ہوئے۔

نیٹرم میور } یہ ادویات مسوڑھوں کے
نائٹرک ایسڈ } ناسور کے لئے مفید ہیں۔

جبڑا

کڑکڑانا دوسرا حصہ

رسٹاکس۔ جبڑے کا کڑکڑانا۔ گنٹھیا کے ہمراہ یا اس کے بغیر۔
نائیٹرک ایسڈ۔ اگر رسٹاکس ناکام ہو جائے تو یہ استعمال کی جائے۔
گریفائٹم۔ جبڑے کی پُر درد کڑکن۔
آرم ٹرائفلم۔ نگلتے وقت جبڑے کے جوڑ میں تکلیف جیسے کہ موچ آئی ہوئی ہو۔

گلنا سڑنا۔

ہڈی کا گلنا سڑنا دیکھیے۔ ایپولس بھی دیکھیے۔
تھوجا۔ اگلے بڑے دانتوں کے پیچھے دانتوں کے ناسور۔
کلکیریا کارب۔ جب تھوجا ناکام ہو جائے تو یہ دی جائے ۲۰۰ طاقت یا سی ایم طاقت کی خوراک ہی استعمال کرائی جائے۔
برائی اونیا۔ نچلے جبڑے کے بائیں طرف کے زاویے کی سوزش یا رسولی۔

بیلمبیم الشیئیکم
لیک کینیم۔ } اگرچہ مندرجہ بالا ادویات ناکام ہوجائیں تو یہ دی جائیں۔
میگنیٹس پولس آرک۔ جبڑے میں سوزش اور تکلیف خاص طور پر بائیں جبڑے میں ٹھنڈک کا نمایاں احساس۔

دانت بند ہوجانا یا جبڑوں کا نہ کھلنا

اکٹیا سپائیکٹیا۔ جب اوپر کے جبڑے میں درد ہو۔
میگنیشیا فاس۔ جبڑوں کا نہ کھلنا۔ ٹھنڈے پانی میں کھڑے ہونے کی وجہ سے تکالیف۔
انگسچورا۔ جبڑوں کا نہ کھلنا۔ ہونٹ پیچھے کی طرف کھنچ جائیں۔ دانت نظر آئیں۔

جبڑوں کا گلنا سڑنا۔

انگسچورا ویرا۔ یہ ۲۰۰ کی طاقت میں دی جانی چاہیئے۔
فاسفورس۔ بائیں طرف کے نچلے جبڑے کا گلنا سڑنا۔
سیلیشیا۔ یہ مختلف طاقتوں میں دی جانی چاہیئے، اگر مندرجہ بالا ادویات ناکام ہوجائیں۔
اگریکس ایم۔ اوپر کے جبڑے کی ہڈی میں درد اور دانتوں میں درد۔

ہونٹ۔

تیسرا حصّہ

خون بہنا۔

آرم ٹرائفلم۔ ٹائیفائیڈ بخار وغیرہ میں ہونٹوں سے خون کا بہنا۔ مریض ہونٹوں کو چبائے حتکہ ان میں سے خون بہے۔
لیکس۔ بخاروں اور خناق میں ہونٹوں سے خون بہے۔
بروميم۔ کالی کھانسی میں ہونٹوں سے خون بہے۔ (دیکھئے ہونٹوں کا ناسور، بخار کے

نیچے۔ متفرقات کے نیچے کینسر دیکھیے)

چھالے پھٹے ہوئے

آرم سلفیوریٹم ۔ ہونٹ پھٹے ہوئے۔
آرم ٹرائفلم ۔ ٹھنڈی ہوا سے پھٹے ہوئے ہونٹ۔
برائی اونیا۔ ٹائیفائیڈ بخار میں اسہال میں۔
نیٹرم میور ۔ ملیریا کے بخار کے بعد ہونٹ پھٹ جائیں۔
سیپیا۔ درد میں ہونٹ پھٹ جائیں

انٹم کروڈ }
کنڈورانگو } منہ کے کناروں پر تکلیف دہ چیرے۔
زنکم میٹ }

پیچھے کی طرف کھنچ جائیں۔

انگسچورا ۔ ہونٹ پیچھے کیطرف کھنچ جائیں۔ دانت نظر آئیں۔

سوزش۔

کیڈمیم سلف ۔ ہونٹوں کی سوزش۔

رسولی

کنڈورانگو }
کونیم }
کاربو ویج } یہ ادویات مریض کی حالت کے مطابق دیجائیں۔ ایسے کیسوں میں کونیم سخت رسولی میں اور سب سے پہلے دی جانی چاہیئے۔ اور نرم رسولی میں سب سے پہلے سٹیفسگیریا دی جا سکتی ہے۔
سٹیفسگیریا۔ }

فاسفورس ـ
سلفر ـ
سلیشیا ـ
} سخت قسم کے گومڑوں یا رسولیوں میں دی جا سکتی ہیں ۔ یا سب سے پہلے مریض کی عام حالت کو دیکھ کر یا مندرجہ ذیل میں سے ایک یا دو ادویات دینے کے بعد جب حلاوہ نسخ دینے میں ناکام رہا ۔

ہونٹوں کا تشنج

اولیم انیمیل ۔ ہونٹوں کا تشنج ۔

منہ ——————— چوتھا حصہ

منہ کی خشکی

آرسینکم البم ۔ تھوڑے تھوڑے وقفے کے ساتھ، تھوڑے تھوڑے پانی کی پیاس کے ساتھ منہ کی خشکی ۔

برائی اونیا ۔ کثیر مقدار میں لمبے وقفے کے ساتھ پانی کی پیاس زیادہ ۔

نکس ماسکاٹا ۔ منہ کی بہت خشکی ۔ زبان اتنی خشک کہ منہ کی چھت کے ساتھ چپک جائے ۔ تھوک کپاس کی طرح ہو ۔ گلا خشک ۔ سخت پیاس نہ ہو ۔

لیکس ۔ منہ اتنا خشک ہو کہ مریض زبان باہر نہ نکال سکے

الیومن ۔ منہ گلا اور زبان خشک ۔ برف جیسے ٹھنڈے پانی کی پیاس ۔ منہ میں جلن زخم شدہ گندا ۔ اور اسفنج کی طرح کا ۔

نکس وامیکا ۔ سانس بدبودار ۔ کھانا کھانے کے بعد منہ کی خشکی یا صبح کے وقت منہ کی خشکی ۔

پلسٹیلا ۔ سانس بدبودار ۔ شام کے وقت یا رات کے وقت منہ کی خشکی ۔

آرم میٹ ۔ سانس بدبودار لڑکیوں میں بلوغت کے وقت ۔

آرم ٹرائفلم ۔ منہ سے گندی بدبو ۔

کیپسیکم - گرم چبھنے والی گندی ہوا پھیپھڑوں میں سے نکلے، کھانستے وقت گلے کا ذائقہ گندا ہو۔
ہائیوسائیمس - منہ خشک۔ زبان جیسے کہ جلا ہوا چمڑا ہو چمڑے کا ہی ذائقہ ہو۔ زبان منہ میں خشکی کی وجہ سے کھڑکھڑاتی ہے۔
برائٹا میور - منہ خشک۔ زبان پھٹی ہوئی۔ مسوڑھوں سے خون بہے۔ لیسدار تھوک منہ کو بھر دے۔ منہ سے گندی بدبو آئے۔ جلد میں جلن اور چبھن۔
مرکیوریس پرینس - منہ اور گلا خشک منہ میں کھانڈ نہ پگھل سکے یا حل ہو سکے کھانا کھانا کھانے سے خشکی میں زیادتی۔ سانس گرم اور ہونٹوں کو خشک کردے۔
ایپیس - منہ کی خشکی میں یہ دوائی مفید ہے۔
ایسڈ فاس - ذیابیطس کے مریضوں میں منہ کی خشکی کے لئے مفید ہے۔

یورینیم نائٹ فاسفورس	ذیابیطس کے مریضوں میں منہ کی خشکی کے لئے یہ ادویات مفید ہیں۔

سلیسیلک ایسڈ - منہ خشک زبان پر جلنے والی چھوٹی چھوٹی جگہیں۔ منہ میں زخم اور دکھن اور بدبودار سانس۔
ورٹیرم ایلبم - پسینہ کے دوران میں شدید پیاس۔

منہ کھولنا۔

لیکس کاسٹیکم	منہ کھولنا مشکل ہو۔

اوپیم - نیند کے دوران منہ کھلا ہو۔
بیوفو - مرگی کے حملہ سے پہلے منہ کھلا ہو

لائیکوپوڈیم سلفر	منہ بند نہ کر سکے۔

زبان کے نیچے کا گومڑ۔ تندوا۔

تھوجا۔ نیلی یا دریدوں کی گانٹھیں زبان پر یا منہ میں۔

امبر گریسیا۔ بدبودار سانس کے

ہائیڈرو فوبینم۔ جب دقفے کے بعد تندوا متوقع ہو یا تندوا وقفے کے بعد واقعی ہوجائے۔

کلکیر یا کارب۔ اگر مذکورہ بالا ادویات ناکام ہوجائیں تو یہ دی جاسکتی ہیں۔

مرک سال۔ سخت اور جسامت میں بڑا۔ یہ تھوجا سے ادل بدل کر دی جائے۔

تھوک

مرک سال۔ سادہ تھوک، منہ اور مسوڑھے دکھیں۔ حمل کے دوران بھی۔ نیند کے دوران میں تکیہ بھگودے۔

نیٹرم میور۔ ضدی قسم کا تھوک۔ منہ زبان پر پھوڑے یا ناسور کے ہمراہ۔ ہونٹوں کے زاویے اور منہ کی اندرونی دیواریں۔ متواتر اور شفاف تھوک سے پُر۔

ایسٹیک ایسڈ۔ جلن دار پانی کی منہ بھر کر الٹی بہت ہی تھوک کے ہمراہ۔ دن اور رات۔ کھٹے پانی کی الٹی۔

آئیوڈم } پارے کی وجہ سے تھوک۔ اگر پہلی دوائی
نائیٹرک ایسڈ } ناکام ہوجائے تو دوسری دوائی دی جائے۔

آئرس ور۔ اعصابی درد کے ہمراہ تاردار تھوک۔

ایلیم سٹائیوا۔ کھانا کھانے کے بعد بہت ہی زیادہ مقدار میں تھوک۔ بول چال کے دوران منہ سے پھوار گرے۔

جبرانڈی۔ حمل کے دوران اعصابی وجوہات سے۔

مرکیورس } بدبودار اور گندا تھوک۔
نائٹرک ایسڈ }

پکرک ایسڈ ۔ سفید جھاگ دار تھوک تاروں سے فرش تک لٹکے ۔

کالی بائی ۔ تاردار تھوک ۔

سائیکلمین ۔ نمکین تھوک ۔

اگنیشیا ۔ ترش یا کھٹا تھوک ۔

وریٹرم البم ۔ بے ذائقہ تھوک ۔ شدید کمزوری ۔ جسم ٹھنڈا ۔ غش کھانے کا رجحان ۔

مینجرس کون ۔ سوتے وقت سرہانے پر بہت زیادہ تھوک بہے ۔

ایپی فیگس ۔ لیسدار تھوک ۔ سر درد کے دوران تقریباً مستقل تھوکنے کی خواہش ۔

سلفر ۔ تھوک جس خون کی ملاوٹ ہو اور بواسیر کے رجحان کے ساتھ ۔

پلسٹیلا ۔ جب زیادہ تھوک متلی اور خوراک سے نفرت کے ہمراہ ۔ حمل کے دوران ۔

آرسنکم البم ۔ شدید کمزور ۔ لاغر ۔ کمزور اور زرد لوگوں میں غشی کے ہمراہ ۔ دل کی جلن خوراک کی قے ۔ حمل کے دوران ۔

کیموملا ۔ مٹھاس والا تھوک ۔

کریوزوٹم ۔ حمل کے دوران تھوک زیادہ ۔

کالچیکم ۔ منہ کا تھوک جس کو نگلنے پر جی متلائے ۔

برٹیا میور ۔ منہ سے گندی بو کے ساتھ تھوک کی زیادتی ۔

برٹیا کارب ۔ نیند کے دوران تھوک منہ سے بہے ۔

منہ کی دکھن

بیلاڈونا ۔ منہ سرخ خشک اور جلن اور بغیر پیاس کے ۔

کیپسیکم ۔ منہ کی سادہ سوزش جلن کے ہمراہ ۔

نیٹرم میور ۔ نقشہ دار ۔ زبان کے ساتھ، منہ کی سوزش اور سرخ نشان ۔ منہ اور زبان گرم خشک اور جلے ہوئے معلوم ہوں ۔

ہیپر سلفر - منہ کے کناروں پر بھوسی دار داغ - ٹھوڑی پر پھنسیاں - نرم تالو کا ناسور جو حلق کے کوّے کو کھا لیتا ہے اور نرم تالو کو تباہ کر دیتا ہے اور بعد میں منہ کی چھت کی ہڈیوں والا حصّہ تباہ کر دیتا ہے - منہ سے شدید ناگوار بو سڑے ہوئے پنیر جیسی آتی ہے اور پارے کا غلط استعمال -

مرک کار - منہ کی زخم دار سوزش -

میوریٹک ایسڈ - چھالوں والا منہ - زبان کی کھجلی یا خارش - بار بار ہونے والے ناسور -

آرم ٹرائفلم - منہ میں بہت زیادہ دکھن - زبان کی سرخی - اٹھے ہوئے دانے - ہونٹ اور منہ کے کونے پھٹے ہوئے ناک دکھنے -

ریوم - سونے کے بعد منہ بدبو دار کف سے بھر جائے -

بوریکس - بلغمی جھلی شکن دار جیسے کہ جلی ہوئی ہو - منہ خشک - منہ کی سوزش پیاس اور قے کے ہمراہ - چھونے پر چھالوں سے آسانی سے خون بہے -

ہائیڈرو کوٹائیل - زبان نرم جس پر دانتوں کے نشان پڑ جائیں - احساس جیسے کہ یہ جل گئی ہو - خاص طور پر زبان کا اگلا حصّہ یا سامنے والا حصّہ -

سورائینم - زبان کی نوک خشک اور جلی ہوئی محسوس ہو -

سینگوئنریا - منہ کی چھت اور گلے کی چھت محسوس کرے کہ یہ جلی ہوئی ہے یا گرم پانی سے دھولی گئی ہے -

ہائیڈراسٹس - خاص طور پر چھالوں والے پر درد منہ کے لئے مفید ہے - زبان شدت سے ڈھانپی ہوئی - نسیجی ناسور منہ میں، منہ سے چپکانے والا کف -

بپٹیشیا - غدودوں کے ناسور - گہرے سرخ یا بینگنی رنگ کے - گندہ اور بدبو دار بہت زیادہ تھوک - زبان پر درد پھٹی ہوئی اور ناسور دار (سل و دق - پارے کے اصل یا ماخذ دالی)

آرسینکم البم - منہ میں اور زبان پر سرخی اور نیلگوں چھالے - گالوں اور مسوڑھوں کی ناسوری سوزش بخار کے ہمراہ ناسور کے درمیان میں سیاہ نقطوں والا حصّہ شدید بےچینی اور کمزوری -

نائٹرک ایسڈ- پارے کا غلط استعمال یا آتشک کی وجہ سے ناسور- تھوک خراشدار اور بدبودار- منہ کے کناروں کو پھیلنے والا- دانت زرد نظر آئیں ڈھیلے ہوں اور گر پڑیں- یہ ناسور اور گنگرین قسم کی زخموں کو تندرست کرتی ہے- منہ سے گندی بدبو-

ایتھوزا- دودھ خارج کرتا ہے منہ اور گلے کی عمومی چھالوں والی حالت جن کی وجہ سے نگلنے میں دقت ہو- معدہ کی خرابی کیوجہ سے بچہ دہی کی صورت میں- دودھ خارج کرتا ہے تیزی سے قے کرنا یا منہ بھر کر قے کرنا اور پھر اس کے بعد کمزوری-

فاسفورس- منہ کے زخموں کی وجہ سے منہ کی دکھن اور مسوڑھوں سے خون بہے- سفید یا زرد لکیر مسوڑھوں پر- عام بدنی کمزوری-

مرک سال- جہاں پارے کے استعمال کا کوئی نشان نہ ہو- منہ کے زخموں کی وجہ سے منہ کی دکھن کے لئے بہت مفید ہے- مسوڑھوں کے زخم بہت زیادہ تھوک کے ہمراہ- بدبودار سانس اور رات کو تکالیف میں زیادتی -

سیپیا- زبان میں تکلیف یا درد جیسے کہ جل گئی ہو-

الیومن- منہ کا پکنا اور اس میں خشکی- ٹھنڈے- پانی کی پیاس-

سفلینم- منہ کا پکنا- منہ کے زخم رات کے وقت سونے پر بہت زیادہ مقدار میں تھوک مرک سال کی طرح سرہانے کو خراب کر دے-

نیٹرم سلف- جب منہ میں چھوٹے چھوٹے چھالے ہوں یا بہت ہی حساس قسم کے پھوڑے جن کو ٹھنڈا پانی منہ میں رکھنے پر افاقہ ہو-

ہیلی بورس نائیگر- منہ کے چھالے بہت زیادہ تھوک کے ہمراہ کے لئے مفید دوائی ہے- سرخی مائل زرد کناروں کے ساتھ زخم- زبان کا سن ہونا اور سوج- گلے میں کڑوا ذائقہ-

سلفیورک ایسڈ- منہ میں چھالے- زبان بہت ہی سوجی ہوئی، بہت زیادہ مقدار میں تھوک سانس بدبودار- منہ سے خون بہے-

لیکسس- منہ کے اندر چھالے اور ننگی جگہیں جلیں اور دکھن کے ساتھ مسوڑھے

سوجے ہوئے۔ اسفنج کی طرح کے، خون بہے زبان سوجی ہوئی۔ جلتی ہے۔ کانپتی ہے۔ سرخ خشک اور کناروں سے پھٹی ہوئی ہوئی۔

بولنے میں تکلیف ہو

سیڈرن۔ حیض کے دوران بولنے میں تکلیف ہو۔
جیلسیمیم۔ زبان کے بھاری پن کیوجہ سے بولنے میں تکلیف ہو۔
امونیا کارب۔ درد کے ہمراہ بولنے میں تکلیف۔
کیوپرم میٹ۔ جب گلے میں تشنج کی وجہ سے ہو۔
مرکیورس۔ منہ اور زبان کے کانپنے کی وجہ سے بولنے میں تکلیف آواز لڑکھڑائے۔

اگریکس ایم }
روٹا } جب زبان میں تشنج ہو۔
سٹرامونیم }

ڈلکامارا۔ جب زبان کی سوزش کیوجہ سے ہو۔
لیکسس۔ جب ٹائیفائیڈ بخار میں
آرجنٹم میٹ۔ جب لیسدار تھوک کی وجہ سے۔
سٹانم۔ جب چھاتی یا گلے کی کمزوری کی وجہ سے
کالی بردم۔ ہچکچاہٹ سے بولے یا بولنے میں ہچکچاہٹ محسوس کرے۔
ہائیپریکم۔ آواز کانپے۔
کیمومیلا۔ بولنے میں تکلیف کے ساتھ الفاظ چھوڑ جائے۔
نکسوامیکا۔ الفاظ اور رکن ہجی چھوڑ دے۔
لائیکوپوڈیم۔ غلط الفاظ اور غلط رکن ہجی استعمال کرے۔
گلونائن۔ گفتگو مشکل اور غیر واضح۔ مشکل سے بول سکے۔

بیوفو - لڑکھڑانا اور ہکلانا جب غیر مربوط گفتگو سمجھ میں نہ آئے - تو ناراض ہو جائے -
کوکولس - گفتگو غیر واضح -
اسوزیا میور - صحیح طریقہ سے نہ بول سکے -
تھوجا - ایک قسم کے رکن تہجی بولے -
اکونائیٹ این - گفتگو کانپتی ہوئی اور ہکلاتی ہوئی -

بولنے کی طاقت جاتی رہے

لیکسس - بولنے کی طاقت مکمل طور پر جاتی رہے - زبان کو منہ سے تکلیف سے باہر نکالنے کی -
ہائیوسائیمس - اگر ڈر کی وجہ سے ہو تو زبان کی حرکت ناکافی سُن ہونے اور لڑکھڑانے کے ساتھ -
سٹرانشیم کارب - ٹائیفائیڈ بخار کی وجہ سے -
کاسٹیکم - جب عضو کے فالج کی وجہ سے -
بکسوامیکا مرگی کے حملہ کے بعد
اکٹیاریس - ایک بھی رکن تہجی نہ بول سکے اگرچہ وہ کوشش کرے -
فیرم پکریکم - پبلک میں تقریریں کرنے والوں کی آواز کا بیٹھ جانا یا ناکام ہو جانا -

تھوکنا -

کوکولس - تھوکنے کی لگاتار خواہش -
کروٹیلس ایچ - سیاہ خون تھوکنا -
ایپی فیگس - اعصابی سر درد کے ہمراہ لگاتار تھوکنا - لیسدار تھوک کے ساتھ
سٹرامونیم - منہ پر جھاگ کے ہمراہ لگاتار تھوکنا -
کاجوپٹم - لگاتار تھوکنے کا رجحان

ہکلانا۔

سٹرامونیم ۔ ہکلانے کی چوٹی کی دوائی ہے ۔ لفظ بولنے سے کافی دیر تک دی جائے ۔ چہرہ کو بگاڑنے اور بولنے کے لئے کافی کوشش کرنا پڑے ۔

بووسٹا ۔ بچوں میں ہکلانا ۔

کالی برم ۔ ہکلانا ۔ آہستہ اور بولنے میں مشکل محسوس کرے ۔

کلکیریا کارب ۔ بڑی ۔ بھاری اور سخت تالو کی وجہ سے ہکلاہٹ ۔ سی ایم طاقت میں دی جائے

ہائیوسائیمس ۔ جب ہائیوسائیمس ناکام ہو جائے تو درج ذیل دیجائے ۔

نیٹرم کارب ۔ زبان کے بھاری پن کی وجہ سے ہکلانا ۔

سکوٹا وائروسا ۔ جب اپنے الفاظ کو نگل جاتا ہے ۔

کاسٹیکم ۔ جب جوش یا انتہائی ناراضگی کی وجہ سے ہو یا زیادتی ہو ۔ زبان کی فالجی حالت کی وجہ سے ہکلانا ۔

آرجنٹم نائیٹریکم
لائیکو پوڈیم
ورٹیٹرم ایلبم
} جب ٹائیفائیڈ بخار کی وجہ سے ۔

لیکس ۔ خاص رکن ہجی مثلاً ایکس ۔ ایس ۔ وی ۔ ٹی ۔ اے پی پر ہکلانا ۔

سیڈرن ۔ عورت میں مباشرت یا جنسی فعل کے ہکلانا ۔

بیوفو ۔ ہکلانا اور لڑکھڑانا ۔ جب اس کی بے ربط گفتگو سمجھ میں نہ آئے تو ناراض ہو جائے ۔

دیکھیے منہ کا دکھنا ۔ منہ کا سوج جانا ۔

منہ کا ذائقہ

چائنا ۔ ہر چیز حتیٰ کہ پانی کا ذائقہ بھی کڑوا معلوم ہو ۔

اکونائیٹ این ۔ ہر چیز کا ذائقہ سوائے پانی کے کڑوا معلوم ہو ۔

برائی اونیا
نیٹرم میور
پلسیٹیلا
سلفر

جب خوراک کا ذائقہ کڑوا لگے دی گئی ترتیب میں دیجیے حتیٰ کہ کسی خاص دوائی کی علامات ظاہر ہوں۔

کریوزوٹم - پانی پینے کے بعد خوراک کا ذائقہ کڑوا معلوم دے۔

کاربو ویج
بوریکس

کھانا کھانے سے پہلے ذائقہ کڑوا۔

سائیکلامین - نمکین ذائقہ - ذائقہ کم یا بگڑا ہوا۔

کیمفر - ہر قسم کی خوراک کا ذائقہ بڑھا ہوا۔

وریٹرم ورائیڈ - پانی کا ذائقہ میٹھا معلوم دے، مٹھائیوں سے نفرت۔

مرک سال - روٹی کا ذائقہ میٹھا معلوم دے۔

کیوپرم میٹ - دھاتی ذائقہ - چکنا اور میٹھا ذائقہ۔

رسٹاکس - ذائقہ کھٹا یا ترش - دھاتی اور گریس کی طرح کا۔

نکس وامیکا - ذائقہ برا - ترش ہر قسم کی تبدیلیوں کے ساتھ - دودھ کا ذائقہ پریشان کن - جیسے کہ خراب ہو۔

بووسٹا - خون جیسا ذائقہ

لائیکوپوڈیم - ہر چیز کھٹی یا ترش معلوم دے۔

نٹرم میور - کھانے کے بعد بھی کافی دیر تک ذائقہ رہے - نمکین ذائقہ

کیپسیکم - گندا ذائقہ جیسے کہ سڑا ہوا پانی ہو - جب کھانے تو منہ میں چبھنے والا برا ذائقہ۔

ہائیڈراسٹس - برا ذائقہ جیسے کہ صابن کا ہو - زبان کی نوک پر ذائقہ ہو - یہ میٹھا یا نمکین ہو سکتا ہے۔

آئیوڈیم - خوراک کا عجیب سا ذائقہ ہو کھانے کے عرصہ بعد تک ذائقہ ہو۔

کوکولس - میٹھا دھاتی ذائقہ تھوکنے کی لگاتار خواہش کے ساتھ۔

میڈورینم۔ تانبے جیسا ذائقہ زبان پلستر شدہ۔ رخساروں اور ہونٹوں کے اندرونی طرف چھالے۔

مرکیورس نمکین ذائقہ۔ میٹھا۔ دھاتی۔ شیرہ جیسا یا گندہ انڈوں جیسا۔

پلسٹیلا۔ گلے سڑے گوشت جیسا ذائقہ، قے کے رجحان کے ساتھ۔ منہ میں جلی ہوئی چیزوں کا ذائقہ، کڑوا، ہر چیز کا ذائقہ کم۔

ٹرامونیم۔ ذائقہ کڑوا۔ تمام چیزوں کا ذائقہ کڑوا معلوم ہو۔ ذائقہ جاتا رہے۔

وریٹرم البم۔ منہ میں ذائقہ کی کمی۔ بے ذائقہ تھوک۔ پسینہ کے دوران شدید پیاس دیکھئے منہ دکھنا۔ ناسور۔

دانت

پانچواں حصہ

دانت کا ناسور۔

کلکیریا فلور۔ دانت کے ناسور اور گلنے سڑنے، دانتوں کی پالش اتر جانے کیلئے چوٹی کی دوائی ہے۔ دانتوں کی پالش کا اتر جانا۔ دانتوں کا غیر قدرتی ڈھیلا پن تکلیف کے ساتھ یا تکلیف کے بغیر۔ دانت اپنے خلاؤں میں ڈھیلے ہو جائیں۔

سٹیفسگیریا۔ جب دانت سیاہ ہو جائیں۔ ان میں گہری دھاریاں پڑ جائیں گلنا سڑنا شروع ہو گئے ہوں۔ تھوڑا سا چھونے پر بھی حساس ہوں۔ یعنی دکھیں۔ کھانے یا پینے پر دکھیں۔ دانت درد دودھ کے دانت اچھی طرح نہ بڑھیں۔ ان پر سیاہ دھبے ہوں اور ٹوٹ پھوٹ جائیں۔

مرک سال۔ دانتوں کا گلنا اور ڈھیلے ہو جانا۔ مسوڑھوں سے خون بہے۔

پلانٹیگو۔ تیزی سے گلنا اور ڈھیلے ہو جانا۔ مسوڑھوں سے خون بہے۔

کریوزوٹم۔ جوں ہی دانت ظاہر ہوں، وہ سیاہ ہو جائیں اور گلیں سڑیں۔

فلورک ایسڈ۔ دانتوں کا جلد ناسور یا آنسوؤں کا ناسور۔

تھوجا۔ دانت جڑوں میں گل جائیں جب کہ سر یا باہر کے حصے تندرست ہوں۔

ایسڈ فاس۔ زرد دانت۔ مسوڑھوں سے خون بہے۔ سوجے ہوئے۔ دانتوں سے دور ہٹیں۔ مسوڑھوں پر درد والی گانٹھیں۔

سفلیشیم - دانت ٹوٹ پھوٹ جائیں اور زرد ہو جائیں - مسوڑھوں کے سروں پر دانت گل جائیں اور ٹوٹ جائیں -

ٹیوبر کولینیم بو - جب دانت بالکل نہ نکلیں یا نہ ظاہر ہوں - یہ دوائی دانت پیدا کر دے گی - بچوں کے دانت گندے نظر آئیں اور تقریباً سبز رنگ کے ہوں - اس دوائی کی ایک خوراک دانتوں کو صاف کر دے گی -

پیچیر تیھس - عقل داڑھ کے نکلتے وقت کی تکالیف کے لئے بہترین دوائی ہے -

آرنیکا مانٹ - معالج دندان کے پاس جانے سے پہلے ایک یا دو خوراک اس دوائی کی لینا چاہئیں - یہ اپریشن کے صدمہ سے محفوظ کر دے گی - اپریشن کے بعد دو یا تین خوراکیں ہر گھنٹہ کے بعد لی جائیں -

اپیکاک - دانت نکالنے سے خون بہے اگر خون چمکدار سرخ اور زیادہ مقدار میں ہو -

فاسفورس - اپریشن کے بعد دانتوں کے خلاؤں میں سے خون بہے - ہر پندرہ پندرہ منٹ بعد اس کی دو یا تین خوراکیں دیجئے - خون بہنے کو روک دے گی - اور صدمے سے نجات دے گی - دانت بے رنگ بھورے - کھوکھلے - مسوڑھوں سے خون بہے - دانتوں کے خلاؤں سے مواد بہے - جبڑے گلنا سڑنا -

میزریم - تیزی سے گلیں سڑیں - اور دانت لمبے معلوم ہوں -

سلیشیا - سوکھے مسان میں مبتلا بچوں کے دانتوں کا گلنا سڑنا -

کلکیریا فاس - دانت نکلنے میں دیر کریں یا جلدی گل سڑ جائیں - چھونے سے یا دبائے جانے سے حساس ہوں -

کلکیریا کارب - موٹے بچوں میں دانتوں کا گلنا سڑنا - دانت ظاہر نہ ہوں، جہاں ظاہر ہوں وہ ٹوٹے پھوٹے ہوئے - اوپر والے بدنما حصے سیاہ ہوں - یہ خون کو روکنے والی دوائی ہے - دانت اکھاڑنے یا نکالنے کے بعد خون کو منجمد کرنے میں بہت زود اثر دوائی ہے -

کاربو ویج - دانت تیزی سے گلیں - اسفنج کی طرح کے مسوڑھے - آسانی سے خون بہے - گرم یا

ٹھنڈی یا نمکین خوراک سے چیرنے پھاڑنے والی دردیں ہوں۔

نیٹرم سلف۔ دانت ڈھیلے ہو جائیں اور سائیکوسس حالت میں چلے جائیں اور گر جائیں۔ دانتوں سے مسوڑھے علیحدہ ہو جائیں۔ دانتوں میں گرم اشیاء سے درد، ٹھنڈے مشروبات اور ٹھنڈی ہوا سے افاقہ۔ (ناسور بھی دیکھئے۔)

دانتوں کی بدنمائی

کلکیریا فلور۔ بچوں میں بدنما دانت۔ ٹوٹے پھوٹے۔ دھبے دار۔ جلدی گلیں۔ کپ کی شکل کے دانت۔ شدید درد۔ دانت کی جڑ میں کیڑے رینگنے کا احساس۔

دانت گرنا۔

مرک وائیو۔ سادہ قسم کے کیسوں میں

فاسفورس۔ مسوڑھوں میں پیپ پڑنے کی وجہ سے دانت گریں۔

دانت کا ناسور

سلیشیا۔ دانت کا ناسور۔ مسوڑھوں کے پھوڑے۔ دانتوں کی جڑوں میں پھوڑے۔ مسوڑھے سرد ہوا سے متاثر ہوں۔

الیسڈ فلورک۔ دانت کا ناسور جس سے متواتر خونی اور نمکین مواد نکلے۔ دانت گرم محسوس ہوں۔ اوپر کے جبڑے کے دانت اور ہڈیوں پر اثر کرے۔

علیحدگی۔

کاربوویج۔ مسوڑھوں کا دانتوں سے علیحدہ ہونا۔ دانت ڈھیلے ہو جائیں۔ اسفنج کی طرح کے مسوڑھے۔ دانت تیزی سے گلیں۔ مسوڑھوں سے خون بہے۔ ٹھنڈا اور گرمی سے درد۔

الیومن۔ دانت ڈھیلے ہوں اور گلیں۔ مسوڑھے ہٹ جائیں۔ مسوڑھوں سے خون بہے۔

دانت درد

آرم ٹرائفلم ۲۰۰x گلی ہوئی اور ٹوٹی ہوئی داڑھ میں درد خاص طور پہ بائیں طرف کی داڑھ۔

چینوپوڈیم۔ جب درد کو مٹھائیوں سے آفاقہ ہو۔

کافیا کروڈ۔ جب منہ میں برف کی طرح کا ٹھنڈا۔ پانی رکھنے سے درد میں آفاقہ ہو۔
۲۰۰x طاقت میں خوراک دیجئے۔

کلکیریا کارب۔ دوران حمل میں دانت درد جو ٹھنڈک اور آرام سے زیادہ ہو۔ ادھر ادھر چلنے سے آفاقہ۔

پلسٹیلا۔ منہ میں ٹھنڈا پانی رکھتے یا کھلی ہوا میں چلنے پر درد میں آفاقہ۔ حاملہ عورتوں میں اعصابی دانت درد۔ مریض کو پیاس نہیں لگتی، پسینہ زیادہ آتا ہے۔ گرم چیزوں اور کمرہ کی گرمی سے درد میں زیادتی۔

فاسفورس۔ جب پانی ہاتھ ڈبونے سے درد زیادہ ہو۔ دھوبن عورتوں میں دانت درد۔

ہیکلالاوا۔ دانت درد۔ مسوڑھوں کے پھوڑے۔ جبڑوں میں سوزش۔ دانت مشکل سے نکلیں۔

کریوزوٹم۔ گلے ہوئے دانتوں کا درد۔ سکڑتی مسوڑھے۔ دودھ کے دانتوں کا وقت سے پہلے گلنا۔ وہ زرد۔ گہرے ہوں اور پھر گل جائیں۔

الیمم سیپیا۔ جب درد کو ٹھنڈی ہوا یا ٹھنڈے پانی سے دھونے افاقہ ہو۔ دانت کو خلال کرتے سے اور چوسنے سے درد میں آفاقہ۔

بیلاڈونا۔ دانت میں ٹیکن دار درد۔ اور دانت کے بڑھے ہونے کا احساس۔

نیٹرم میور۔ دانت درد۔ دانت بہت حساس۔ اندر ہوا لیجانے، زبان کے دباؤ۔ اور خوراک کے دباؤ سے درد۔ دانت ڈھیلے ہو جائیں۔ دانتوں سے کانوں تک کھینچنے والی درد۔

میگنیٹس پولس آرک۔ دانتوں میں درد۔ نچلے بائیں جبڑے کی سوزش کے ہمراہ۔ ایک رخسار سرخ اور گرم۔ جسم ٹھنڈا۔

اگریکس ایم۔ دانتوں میں درد اور اوپر کے جبڑے کی ہڈی میں۔

لائیکوپوڈیم - مسوڑھے سوجے ہوئے گرم اور نرم - پھیلا ہوا ہوئی دانت درد، گرم مشروبات سے افاقہ - دانت کو چھونے سے یا دبا کر دانے سے زیادتی -

سیپیا - حمل کے دوران میں دانت درد -

انٹم کروڈ - خلا والے دانتوں میں درد - بعض اوقات درد سر میں جذب ہو - رات کو قوت اور ٹھنڈے پانی سے زیادہ درد - دانت کو زبان سے چھونے سے شدید درد - اعصاب کو پھاڑنے والا درد - کھلی ہوا میں چلنے پر افاقہ، ہر کھانے کے بعد، گلے سڑے دانتوں میں کاٹنے والی تکلیف -

نیٹرم کارب - مٹھائیاں اور میٹھے پھل کھانے کے بعد دانتوں میں درد -

بسمتھ - منہ میں ٹھنڈا پانی لینے سے دانت درد کو افاقہ -

چائنا اوف - بچے کو دودھ پلاتے وقت دانت درد -

کلیمٹس - گلی سڑی داڑھ میں درد - روٹی کا ٹکڑا اسمیں آنے پر شدید درد - ٹھنڈے پانی پر افاقہ - تمباکو نوشی پر زیادتی درد -

مرک سال - جب گلے ہوئے دانت کی جڑ پر سوزش ہو - دانت سیاہ، گندے اور گلیں -

ٹیکن دار دانت درد جو رات کو زیادہ ہو - یا نمدار موسم میں زیادہ ہو - دانت لمبے معلوم ہوں - اور دکھیں - ٹھنڈی یا گرم اشیاء لگنے سے زیادتی ہو -

اگنس کاسٹس - گرم خوراک یا گرم مشروبات سے دانت درد میں زیادتی -

فاسفورس - جب پانی ہاتھ ہاتھ ڈبونے سے درد زیادہ ہو، دھوبن عورتوں میں دانت درد -

کیمومیلا - جب گرم خوراک یا گرم مشروبات سے درد زیادہ ہو - ناقابل برداشت درد - ناقابل برداشت تکلیف تمام دانتوں کی قطار میں درد جو کانوں اور چہرہ تک اثر کرے - دانت درد کو دن کے وقت افاقہ رات کے وقت جونہی مریض گرم بستر میں جاتا ہے درد ہو -

سٹیفسیگریا - دانت درد جو آنکھوں تک جائے - سیاہ، ٹوٹنے والے، پھوٹنے والے - گلنے سڑنے والے پرت دار، چھونے اور ٹھنڈی اشیاء سے بہت متاثر ہوں - حیض کے دوران دانت درد - گلے دانتوں کی جڑوں میں کاٹنے والا درد - گلے ہوئے دانت کو چھونے سے درد -

کلکیریا فلور ۔ دانت درد کے لئے جب کیلشیم کی کمی اور دانت پالش نہ ہوسکنے کے لئے بہترین دوائی ہے۔ جب کوئی خوراک دانت کو چھو جائے تو دانت درد۔

پلانٹیگو میجر ۔ دانت درد جو کانوں تک جائے۔ اس کا مدر ٹنکچر اُوپر لگایا جاسکتا ہے یہ فوراً درد کو بند دیتا ہے۔

کوکینسیلا ۔ دانت، مسوڑھوں اور منہ کا اعصابی درد جس کی زیادتی رات کو ہو۔

اوئیم انیمیلس ۔ دانت درد جس میں دانت کو دانت سے دبانے پر افاقہ۔

میگنیشیا کارب ۔ حیض کے دوران اور حیض سے پہلے اور حمل کے دوران دانت درد چہرے کے بائیں طرف۔ درد اگرچہ دانتوں کی جڑیں بالکل صحیح ہوں۔

نیٹرم سلف ۔ دانت درد کو گرمی سے زیادتی۔ ٹھنڈے مشروبات اور ٹھنڈی ہوا سے افاقہ۔ مسوڑھے دانتوں سے علیحدہ ہوجائیں۔ ڈھیلے ہوں اور گر پڑیں۔

کاربوویج ۔ گرم۔ ٹھنڈی یا نمکین خوراک سے کھینچنے والی اور پھاڑنے والی دردیں مسوڑھوں سے خون بہے۔ اسفنج کی طرح مسوڑھے جب دانت صاف کرے، خون بہے۔ مسوڑھوں کا دانتوں سے علیحدہ ہونا۔ دانتوں کی ساری قطار زیادہ لمبی اور بہت نرم معلوم ہو۔

ریفینس ۔ حمل کے ابتدا میں دانت درد۔

رہوڈوڈینڈرون ۔ طوفان سے پہلے یا طوفان باد باراں کے دوران دانت میں درد۔

آرنیکا مانٹ ۔ دانت اکھاڑنے کے بعد۔ دانت بھرنے کے بعد یا سوراخ کرنے کے بعد خون نکلنے کے لئے مفید ہے۔

سپائیجیلیا ۔ گلتے ہوئے دانتوں میں پھاڑنے والی درد جو داڑھوں تک کی ہڈی کو متاثر کرے۔ تکلیف وہ جھٹکے، گلتے ہوئے دانتوں میں ٹھنڈک سے یا ٹھنڈے پانی سے سر کو ٹھنڈے پر رکھنے تکلیف میں زیادتی۔ سر کو اٹھانے پر افاقہ۔

الیومن ۔ دانتوں سے خون بہے، مسوڑھے گلیں۔ اور دانتوں سے پرے ہٹ جائیں۔ دانت ڈھیلے ہوجائیں۔ دانت اکھاڑنے کے بعد خون نکلے۔

زبان

چھٹا حصہ

متفرقات - کاٹتا ہے کاٹنا

زبان کا کینسر - سرطان

الیومن - زبان خشک - سیاہ شام کے وقت - جلن دار درد - دُکھن کا احساس زبان کی نوک پر چبھن والا درد - سختی کا رجحان جب کبھی بھی سوزش زبان پر ہو -

فاسفورس - زبان کا سرطان جیسے کہ زبان کے درمیان میں سوراخ، زبان سوجی ہوئی - کنارے اوپر کو ابھرے ہوئے اور سخت - شدید خون بہنے کے ساتھ زبان کا کینسر یا سرطان - ہر ہفتہ - ۲۰ طاقت کی ایک خوراک دیجئے -

ایپس الیم - گومڑ - سختی - سخت کینسر یا کھلا ہوا سرطان - ڈنگ لگنے جیسی جلن دار درد - زبان خشک - سوجی ہوئی - بہ مشکل سکنے کے سوزش - پھٹی ہوئی، دُکھتی ہوئی - سرطان زدہ یا دھبوں سے ڈھانپی ہوئی - زبان کا سرطان

آرسینک الیم - زبان نیلی یا سفید - نیلے رنگ کے ساتھ سرطان زدہ - جب آرسینکم کی نمایاں علامات ہوں تو یہ پوٹینسی کی صورت میں دینے پر شفا ہو جائے گی - جب علاج بالمثل زیادہ سادہ حالت میں درکار ہو تو چھوٹی پوٹینسی بہتر کام کرتی ہے - جیسا کہ اس حالت میں آرسینکم سرطان زدہ نسیجوں پر اور سرطان زدہ نظام پر بہت اچھا کام کرتا ہے -

آرسینکم ہائیڈرائیڈ - زبان کا سرطان - دانتوں کا نشان زبان پر ہو - کناروں کی طرف کٹاؤ پھٹاؤ -

ہائیڈراسٹس - زبان بڑھی ہوئی ہو گہرے بے قاعدہ ناسور - گرہ دار سوجنیں، منہ گرم اور خشک -

کنڈورانگو - زبان کا سرطان، منہ کے کونوں پر تکلیف دہ چیرے - زبان کی اوپر والی سطح پر تکلیف دہ - گومڑ یا پھنسیاں یا زبان کی نوک کے دائیں طرف -

کالی سائنیٹم - زبان کی دائیں طرف سرطانی پھوڑے - ہونٹ اور بلغمی جھلی زرد - زبان
گہری سفید پالش کے ساتھ -

آرم میٹ - منہ کا دھاتی ذائقہ - زبان ہلکی بھوری قے کے ساتھ پالش شدہ - ذائقہ نہ
ہو - غمگین - منہ میں کڑوا ذائقہ - خشکی کا احساس - ذائقہ نہ رہے - زبان چمڑے کی طرح سخت
اور ہل نہ سکے - سورج غروب سے لیکر سورج طلوع ہونے تک زیادتی - خودکشی کا رجحان - کیفیت
ٹوٹی پھوٹی، آتشک یا پارے کے اثر کی وجہ سے -

آرم میور - زبان میں بُرا ذائقہ - ذائقہ مطلقاً جاتا رہے - سرطان - زبان چمڑے کی طرح
سخت بمشکل ہلے - سُرخی، خشکی - زبان پر پھنسیاں -

بنیزوائک ایسڈ - ہلکے نیلے رنگ کی زبان - پیشاب بہت بُو والا - اور بہت رنگدار - سطح
زبان اسفنج کی طرح گہرے شگاف اور پھیلے ہوئے زخم - منہ کے بائیں طرف سرطانی گومڑ -
جبڑوں کے اتصال یا جبڑوں کے جڑنے والی نرم جگہ پر آخری داڑھ کے پیچھے -

کلکیریا کارب - پھٹی ہوئی یا چری ہوئی زبان - پارے کے غلط استعمال کی وجہ سے
زبان کی سوزش - سفید پالش والی زبان - ناگوار ذائقے کے ساتھ گندی زبان - زبان ہونٹ
ہاتھ سفید اور ٹھنڈے ہوں - جب نگلیں تو بائیں طرف کی زبان کی ہڈی کے پیچھے زبان کے
نیچے تکلیف - زبان کے نیچے غدود سوجے ہوئے - زبان اوپر کی طرف کو کھنچی ہوئی گول نیم
شفاف گول، اتار چڑھاؤ والا گومڑ - کبوتر کے انڈے کے سائز کا - تیندوا - سرطان یا زبان
کے آتشکی گومڑ - پھوڑے - پھٹی ہوئی، چری ہوئی زبان - زبان کے نصف پہلو کی سوزش -

آرسینکم البم -
ہائیوسائیمس - } زبان بھوری

نیٹرم سلف - زبان پر علیحدہ علیحدہ سرخ ٹکڑیاں -

ٹاریکسیکم - نقشے دار زبان جو دھبوں کو صاف کردے - گہرے سرخ نشان چھوڑتے ہوئے نرم
دھبے جو حساس ہوں -

کالی میور۔ نقشے دار زبان ۔ زبان پر بھوری مائل سفید پالش یا تہہ۔

دراڑیں یا شگاف

بیلاڈونا۔ دراڑوں والی یا شگاف شدہ خشک جھلسی ہوئی زبان ۔
سیکل کار۔ دراڑوں والی خشک زبان ۔ زبان کی نوک میں جھنجھناہٹ جو کہ زبان سخت معلوم ہو۔
رنکولیس الیس۔ چھلکا اترتا ہوا اور دراڑوں والی زبان ۔
آرم ٹرائفلم۔ پھٹی ہوئی زبان پر درد زبان، خون بہے۔ زبان کی سوزش جس کے ہمراہ ناک سے جلن دار اخراج۔ زبان اور گلے کی فالجی کمزوری، نگلنا مشکل ہو۔ خوراک اور مشروبات ناک کے راستے باہر نکل آئیں ۔ زبان سرخ زبان پر سرخ دانے نکلے ہوئے۔ زبان تقریباً ننگی معلوم ہو۔
رس ٹاکس۔ زبان درمیان سے پھٹی ہوئی ہو۔
کالی بائی ۔ زبان پھٹی ہوئی ہو۔ گلاس کی تہہ کی طرح چمکے ۔
کنڈورانگو۔ تکلیف دہ شگاف ۔
ہائیوسائمس۔ زبان سخت پھٹی ہوئی، خون بہے مشکل سے بولے یا بول سکے۔ زبان اطاعت نہ کرے یعنی مرضی کے مطابق الفاظ ادا نہ کرے۔

زبان خشک۔

ہائیوسائمس۔ زبان منہ میں کھڑکھڑائے اور جلے ہوئے چمڑے کی طرح خشک ہو۔
میوریٹک ایسڈ۔ چمڑے کی طرح خشک ٹائیفائیڈ بخار میں ۔
کیمفر۔ ٹائیفائیڈ بخار میں دبے ہوئے پیشاب کے ہمراہ زبان خشک۔

فاسفورس مرک سال	اسہال میں زبان کی خشکی دی گئی ترتیب میں دیکھئے۔

بکس مس۔ رات کے وقت اتنی خشک زبان جیسے کہ ریزہ ریزہ ہو جائیگی۔ زبان منہ کی چھت سے چپٹ جائے۔

بیلاڈونا۔ منہ میں ایک ٹکڑے کی طرح کھڑکھڑائے۔
برائی اونیا۔ پیاس کے ساتھ زبان کی خشکی۔
پلسٹیلا۔ بغیر پیاس کے زبان کی خشکی۔
سیکل کار۔ زبان خشک پھٹی ہوئی۔ خون کی طرح کی روشنائی زبان سے نکلے۔ گہری
پالش۔ زبان کی نوک کی جھنجھناہٹ اور سختی۔

سوزش۔

مرکیورس۔ زبان کی شدید سوزش اور باہر نکلنا۔ منہ میں میٹھا ذائقہ۔ زبان ڈھیلی ڈھالی۔ دانتوں کے نشانات کے ہمراہ۔ رات کے وقت سارے منہ میں زبان گردش کرتے کو پُر کرتی ہوئی۔
اکونائیٹ۔ اگر شدید بخار ہو تو مرکیورس کے بعد دی جائے۔
کینتھرس۔ اگر سوزش جلنے یا جھلنے جانے کی وجہ سے ہو۔
ایپس ایم۔ حاد سوزش۔ خشک زبان ڈنگ لگنے جیسی جلن دار تکلیف گلے میں۔
ایسڈ اوگزالک۔ اگر زبان سوجی ہوئی۔ پُر درد جلن دار اور با جھاگ دار ہو۔
بنزوائک ایسڈ۔ زبان کی سوزش اور زخم۔ جب جوڑوں کی دردیں۔ طوفانی موسم اور سردی کی وجہ سے اچانک بند ہو جائیں۔
پلسٹیلا۔ جب خون کے بہاؤ کے رُکنے اور گنٹھیاوی تکالیف کی وجہ سے سوزش زبان ہو
بیلاڈونا۔ جب تکلیف تیزی سے مرکیورس کیساتھ ٹھیک نہ ہو، جب تکلیف تیز قسم کا زیادہ قسم کی۔
آرسینکم البم } جب گنگرین کی علامت کا خدشہ ہو،
لیکس } تو ان ادویات کے متعلق سوچا جائے۔
کروٹیلس ہور۔ زبان اپنی عمومی جسامت سے دوگنی سوج گئی ہو، ایک بھی لفظ نہ بول سکے زبان اتنی زیادہ سوج جائے کہ منہ میں جگہ ہی نہ رہے۔

زبان پر لگانے کے لئے۔

آرنیکا۔ آرنیکا مدر ٹنکچر کے بیس قطرے چھ جانے والے پانی کے چمچوں میں ملائیں اور دن میں تین دفعہ غرارے کرائیں۔

آرنیکا یورینس۔ مندرجہ بالا طریقہ سے تیار کردہ لوشن کارآمد ثابت ہوتا ہے جب تھوڑی سی ظاہری تبدیلی کے ساتھ یا جب جلنے یا چھلنے جانے تکالیف ہوں۔

زبان کا اعصابی درد

میگنیشم۔ زبان کا اعصابی درد۔

اگریکس ایم۔ } زبان میں جلن کے ساتھ اعصابی درد کے لئے

آرسینکم البم۔ } دی گئی ترتیب میں ادویات استعمال کریں۔

زبان کا فالج۔

کاسٹیکم۔ فالج کے لئے چوٹی کی دوائی ہے، جب فالج کی وجہ سے تھتھلاہٹ ہو یہ سب سے پہلے استعمال کی جائے۔

ڈلکامارا۔ زبان سوجی ہوئی اور سخت فالج زدہ محسوس ہو، باہر نہ نکالی جا سکے۔

جیلسیمیم۔ زبان بہت موٹی اور سوجی ہوئی اور مشکل بول سکے۔

پلمبم۔ یہ ایک اور بہت اہم دوائی ہے اگر اور ادویات اثر نہ کریں تو اسے ہرگز نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے۔


لیکسس۔ جب مریض زبان باہر نہ نکال سکے تو یہ دوائی استعمال کی جائے۔ زبان چمڑے کی طرح معلوم ہو۔ بمشکل بول سکے۔

بریٹا کارب۔ بوڑھے لوگوں میں زبان کا فالج۔ بوڑھے لوگوں میں زبان کی سختی۔ عمر سے پہلے بوڑھا ہو جانا اور مچھوں کا جواب دے دینا۔ (منہ کے زیر عنوان تفیدوا۔ منہ کے زیر عنوان

دکھن بھی دیکھیے)

تیندوا۔ ناسور یا زخم۔

ایسڈ میور۔ بار بار منہ کے زخم۔ اسفنج کی طرح کا گوشت۔ سوجن، سختی اور زبان کا فالج۔
لائیکوپوڈیم۔ زبان کے نیچے زخم۔
نائیٹرک ایسڈ۔ کالی کھانسی میں زبان کے نیچے زخم یا ناسور۔
مرکیورس۔ گندے اور بغیر درد کے ناسور یا زخم۔ آتشکی سوزائیس
گریفائیٹس۔ جب آتشک کی وجہ سے ناسور یا زخم ہوں۔
کاربو ویج۔ جلن دار تکلیف کے ساتھ بہت ہی بدبودار اخراج۔ شام اور رات کے دوران۔
کالی بائی۔ زبان زخموں والی۔ موٹی خشک۔ ہموار، سُرخ اور پھٹی ہوئی،
شیشے کی طرح چمکے۔
بپٹیشیا۔ زبان سوجی ہوئی۔ پُر درد اور بدبودار۔ سیاہ خون سے ڈھانپی ہوئی۔
دکھے۔ ننگی اور چمڑے کی طرح خشک یا جیسے کہ لکڑی کی بنی ہوئی ہو۔ چھالوں کی تکڑیاں
جن کے سرے سے زیادہ بڑے ناسور نہ ہوں۔ سیاہ اور بدبودار ہوں۔
امونیم میور۔ زبان کی نوک پر جلن دار دانے۔
یوپی روٹم۔ زبان ابھری ہوئی ہو اور گانٹھوں سے پُر ہو۔
کنڈورانگو۔ زبان پر بند منہ والے زخم یا پھوڑے۔
سلفیورک ایسڈ۔ سوجی ہوئی زبان پر زخم۔ منہ میں چھالے کافی زیادہ تھوک سانس بدبودار۔



ساتواں

باب

چھاتی، پھیپھڑوں کی بیماریاں اور کھانسی

پہلا حصہ

چھاتی اور پھیپھڑے

ہوا کی نالیوں کی سوزش

اکونائٹ این - ابتداء میں جب بخار تیز ہو، ٹھنڈ لگنے سے پھیپھڑوں میں اجتماع خون، پسینے کو روکنے اور ٹھنڈی ہوا لگنے سے پانی جیسے خونی لکیروں والی بلغم کا اخراج، لیکن کبھی بھی گاڑھا اور خونی لکیروں والا نہ ہو۔ غیر ضروری پریشانی اور بہت زیادہ پریشانی اور بے چینی۔

برائی اونیا - خشک کھانسی جو سر کو تکلیف دے جسم کے دور دراز حصوں کو بھی ہلا کر رکھ دے۔ بخار میں پانی کی بہت زیادہ مقدار میں پیاس اور لمبے عرصے کے بعد زیادہ پانی پیئے۔ مریض چپ چاپ لیٹ جانا چاہیے۔ اور اس کی مرضی ہو کر کوئی اسے بلائے بھی نہیں۔

اپیکاک - کھانسی اونچی خرخراہٹ کی آواز کے ساتھ۔ بلغم ساری چھاتی میں۔ کھانسی کے دوروں کے ساتھ کھڑکے، قے اور گھٹن کا احساس۔

انٹم ٹارٹ - اپیکاک جیسی علامات ہوں سوائے شدید کمزوری اور ٹھنڈے پسینے کے۔ بلغم ساری چھاتی میں کھڑ کھڑائے۔ خرخراہٹ۔ ڈھیلی کھانسی لیکن بلغم نہ خارج ہو۔ مشکل سے سانس آئے۔

بیلاڈونا - سانس چھوٹے، تیز تیز۔ دباؤ والے، مشکل سے خشک کھانسی، آتشی آواز بھاری۔ آواز بیٹھی ہوئی۔ بعض اوقات آواز بالکل نہ نکلے۔ پیشاب گہرا بہت کم مقدار میں۔ جلد گرم اور خشک لیکن ڈھانپے ہوئے حصوں پر نمدار۔

ہائیوسائیمس - خشک کھانسی لگاتار جب لیٹے تو زیادہ ہو۔ بیٹھنے پر اور آگے کو جھکنے سے افاقہ۔

سٹکٹا پلم - ناک بند۔ ناک اور گلے میں رطوبت ہوا کی نالیوں کی سوزش کے ساتھ۔ کانوں میں اور آنکھوں کے ڈھیلوں میں دھیمے دھیمے درد کے ہمراہ سر درد۔

ریومیکس - گلے میں گدگدی کی وجہ سے کھانسی جو ٹھنڈی ہوا سے ہو۔ ہوا میں درجہ حرارت

کی تبدیلی بولنے سے یا کھانے سے زیادہ ہو۔ جونہی مریض بستر میں جا کر اپنے آپ کو کپڑوں میں لپیٹتا ہے۔ وہی ہوا بار بار استعمال کرتا ہے وہ اپنے آپ کو کافی اچھا محسوس کرتا ہے اور کھانسی نہیں ہوتی۔ کھڑکی کھولنے سے، منہ اور ناک کو کھلا چھوڑنے پر ناک میں گدگدی اور کھانسی شدید ہو جاتی ہے۔

ہیپر سلفر۔ جب کھانسی ڈھیلا کرنے پر کھڑکھڑاہٹ۔ کمزور کرنے والی۔ دم گھٹنے والی۔ گھٹن میں کھانسی ایک نمایاں علامت ہے۔

فاسفورس۔ نیم حاد اور دیر تک ٹھیک نہ ہونے والے نرم کیسوں، لمبے پتلے، زیادہ بڑھے ہوئے یا دق والے لوگوں میں۔ چھاتی میں دم گھٹنے والی اور جنجرہ میں تنگی۔ آواز بیٹھ جائے بلغم کھڑکھڑائے۔ خونی اور بلغم نمکین اور میٹھا سا ذائقہ رکھتی ہو۔ کھانا کھانے کے بعد زیادہ کھانسی۔

کریوزوٹ۔ سانس کی نالیوں کی سوزش۔ خطرناک بو والی سانس اور بلغم۔ مریض کے قریب کوئی آدمی جانا پسند نہ کرے۔

مرکیورس۔ سوجی ہوئی نالیوں (سانس کی) کا زکام۔ نیچے چھاتی تک کھردراپن اور دکھن۔ خشک دکھن والی تشنجی کھانسی جو بہت کمزور کرنے والی ہو۔ پانی کی طرح کا بلغمی اخراج تھوک زرد اور پیپ دار بلغم۔

سلفر۔ عمل انگیز کے طور پر کام کرنے والی دوائی جب غیر جذب شدہ دھبے ہوں اور اچھی طرح سے منتخب شدہ ادویات کام نہ کریں۔

ٹیوبرکولینم۔ ایک اور بہت اچھی دوائی علاج کے شروع میں دی جانی چاہیے۔ جب مندرجہ بالا ادویات مرض کو ٹھیک کرنے میں ناکام رہیں۔

سانس کی نالیوں کی مزمن سوزش۔

نیفتھلین۔ سانس کی نالیوں کی سوزش دباؤ اور دبی ہوئی کھڑکھڑاہٹ والی بلغم۔ چلنے پر کوتاہ دمی یا سانس کا تیز ہو جانا۔ تنگی تنفس اور خرخراہٹ رات کے وقت۔ تکلیف دہ

تشنجی کھانسی جس میں بلغم مشکل سے خارج ہو۔ یہ دمے میں مفید ہے۔ کالی کھانسی بخار کا ہی۔ پھیپھڑوں کی دق اور تشنجی کھانسی کے لئے مفید ہے۔

گرانڈیلیا۔ پھیپھڑوں اور معدہ کے اعصاب پر عمل کرتی ہے پہلے یہ خون کے دباؤ کو اونچا کرتی ہے نتیجۃً نبض کو تیز کرتی ہے اور خون کا دباؤ کو کم کرتی ہے اور نبض کو دھیما کرتی ہے باقی علامات اس کی نیفتھلین سے ملتی جلتی ہیں۔

نوٹ:۔ مندرجہ بالا دونوں ادویات میں اتنی زیادہ یکسانیت ہے کہ یہ ایک یا دو گھنٹے کے بعد ادل بدل کر دی جاسکتی ہیں۔ مریض کی علامات کے مطابق ۶ طاقت میں استعمال کیا جانا چاہیے چونکہ یہ دونوں ادویات اکثر کیسوں کو قابو میں کر لیتی ہے اور سب سے پہلے دی جانی چاہئیں۔ دوسری علامات کے ظاہر ہونے پر دوسری ادویات دی جانی چاہئیں۔

کیپسیکم۔ مزمن برانکائٹس گندے سانس کے ہمراہ گہرے سانس باہر کی طرف لیجانے اور بلغم کے اخراج میں۔

اوریری۔ بچوں کے پھیپھڑوں اور ہوا کی نالیوں۔ ہوا کی نالیوں اور نمونیا اور چیچک میں مبتلا ہونے پر۔ دیگر علامتی ادویات کے ہمراہ ہر ہفتہ ایک خوراک دیجئے۔

بیسی لینم۔ مزمن دم گھٹنے والا نزلہ، پیپ دار بلغم کے اخراج۔ ۲۰۰ طاقت میں ہر ہفتہ ایک خوراک دوسری علامتی ادویات کے ہمراہ۔

ڈروسیرا۔ مزمن برانکائٹس میں مفید ہے۔ تشنجی کھانسی جس میں آدھی رات کے بعد زیادتی ہو۔ خشک کھانسی۔ اونچی گہری آواز پیدا کرنے والی جس میں مریض اپنی چھاتی پکڑنے پر مجبور ہو۔ محسوس خوراک لینے میں تکلیف ہو۔ بلغم کا حنجرہ میں اجتماع۔

انٹم آرسینکم۔ جب سانس مشکل سے آئے۔ تیز ہو، سائں سائں کرے۔ کھڑکھڑاہٹ نمایاں تنگئی تنفس بے چینی۔ جلد کم دار ادل بدل کر گرم اور ٹھنڈی۔

انٹم آئیوڈ۔ کھانسی کے اکثر دورے۔ گاڑھی۔ بھاری زردی مائل چپدار بلغم خارج ہو۔

کالی بائیکرومیکم۔ ڈھیلی ڈھالی سیٹی دار کھانسی۔ بلغم کے حنجرہ، حلق اور نالیوں میں جم

جانے کی وجہ سے کھڑ کھڑاہٹ تاردار اور چکنے والی بلغم ۔ بلغم بہت مشکل سے اکھڑے ۔ اور کھانسی اکثر قے پر منتج ہو ۔ اکثر بلغم کا اخراج بند ہو جائے تو گنٹھیا شروع ہو جائے ۔

کالی سلف ۔ ہوائی نالیوں کی بلغمی جھلیوں کی سوزش کے بعد چھاتی میں کھڑکھڑاہٹ ۔ بغیر اخراج بلغم کے کھڑ کھڑاہٹ ۔

کاسٹیکم ۔ چھاتی میں خاص طور پر سینے کی ہڈیوں کے پیچھے تکلیف گہری خشک کھانسی کی وجہ سے چھاتی میں دکھن کے ساتھ کھڑکھڑاہٹ ۔ چھاتی کی تنگی گہرے گہرے سانس لے کھانستے وقت ۔ اکثر بلا ارادہ پیشاب خارج ہو جائے ۔

کاربوویج ۔ شام کے وقت گلے کا بیٹھ جانا ۔ حنجرہ اور ہوائی نالیوں میں دکھن اور کھرچن یا خراش ۔ چھاتی میں دباؤ ، بوڑھے لوگوں میں ہوائی نالیوں کی سوزش ۔ کافی زیادہ زرد بدبودار بلغم خارج ہو ۔ ہوائی نالیوں سے اخراجِ خون ۔

انٹم ٹارٹ ۔ چھاتی میں کھڑکھڑاہٹ کی آواز ۔ نبض تیز اور کمزور ، پھیپھڑے کمزور اور جزوی طور پر فالج زدہ ۔

آرسینکم البم ۔ سانس کی نالیوں کے علاوہ ، آنکھوں ، ناک اور حلق اور انتڑیوں سے پتلے جلن دار پانی کا اخراج ۔ شدید بے چینی اور کمزوری ۔ تھوڑے تھوڑے وقفے پر تھوڑے ٹھنڈے پانی کی پیاس ۔

سکوئیلا ۔ بہت زیادہ لیسدار اور چپکنے والی بلغم ۔ لیسدار اور چپکنے والی بلغم کی نوعیت کی وجہ سے مریض کو بلغم اکھاڑنے کے لئے کافی دیر تک کھانسنا پڑے ۔

پلسٹیلا ۔ بہت زیادہ زرد بلغم یا پیپ دار اخراج گلے سے ، ناک سے ، آنکھوں سے مریض کھلی ہوا میں آفاقہ محسوس کرتا ہے ۔ پیشانی میں سر درد بھی ہو سکتا ہے ۔

امونیم کارب ۔ بلغم کا خارج نہ ہونا اس دوائی کی نمایاں علامت ہے اگر بلغم خارج ہو تو اس کے ساتھ خونی لکیریں ہوں ۔ دل کی دھڑکن ۔ کمزوری اور نبض کی تیزی ہوتی ہے ۔

لیڈم ۔ جب نسیجوں میں ہوا کی موجودگی ہو ۔

نارسیس ۔ مزمن کیسوں میں اسے ۳ طاقت میں دیجئے!

کلورم ۔ جب برانکائٹس کے بعد سانس رک جائے ۔

سیبل کیپر ۔ مزمن برانکائٹس ہوا کی نالیوں میں پھیلاوٹ کے بعد ۔

ہوا کی نالیوں کی بلغمی جھلیوں کی سوزش

ٹیوبر کولینم ۔ ہوا کی نالیوں کی بلغمی جھلیوں کی سوزش کی چوٹی کی دوائی ہے اور مرض کے شروع میں ۲۰۰ طاقت کی ایک خوراک دی جائے ۔ دوسری ظاہر ہونے والی دوائی چوبیس گھنٹے کے بعد دی جائے ۔

اپیکاک ۔ چھاتی میں کھڑکھڑاہٹ قے اور متلی کا رجحان چھینکوں کے ساتھ ۔ دم گھٹنے کا احساس اور گھٹن ۔

برائی اونیا ۔ جب خشک کھانسی اور پیاس زیادہ پانی کے لمبے وقفے کے بعد ۔ مریض خاموش ہو کر لیٹنا چاہے یا بے چین ہوتا ہے، چھاتی میں درد کیوجہ سے، سانس مشکل سے لے اور تکلیف دہ ہو ۔

چیلنڈ ونیم ۔ دائیں پھیپھڑا متاثر ہو ۔ جلد اور چھوٹا سانس تنگی تنفس چھوٹی تھکا دینے والی کھانسی ۔ کھڑکھڑانی والے مشکل سے بلغم خارج ہو ۔ دائیں کندھے کے جوڑ کے نیچے سوئیاں لگنے جیسا درد ۔ ناک کے نتھنوں کا پھڑپھڑانا ۔

آئیوڈین ۔ دائیں طرف کا نمونیا زیادہ درجہ حرارت کے ساتھ ۔ بلغم خون کی لکیروں کے ہمراہ ۔ چھاتی مشکل سے پھیلے ۔ مشکل ساں ساں کرتا ہوئی ۔ عمل تنفس یا سانس پھیپھڑوں کے پردوں سے اخراج ۔ کھانسی جس کی زیادتی ۔ کمرے میں ۔ گرمی سے اور نمدار موسم سے ۔

فاسفورس ۔ خشک کھانسی بہت کم بلغم کا اخراج اور چھاتی پر دباؤ ۔ ڈھیلی کھانسی خون آمیز اور پیپ دار بلغم کا اخراج ۔ ۳۰ طاقت سے کم ہرگز نہ دینا چاہیے ۔

آرسینکم آئیوڈ ۔ یہ آرسینکم البم کی علامات رکھتی ۔ لیکن یہ کمی بیشی میں مختلف ہے ۔ آرسینکم

ایلیم کا مریض گرمی سے آفاقہ محسوس کرتا ہے جبکہ آرسینکم البم کی علامات کا مریض گرم پٹیوں یا گرم چیزوں یا گرم کمرے میں جانے پر زیادتی محسوس کرے

گلسیرین - انفلوئنزا و الانمونیا - بہت زیادہ اخراج اور تنگئ تنفس - دونوں پھیپھڑوں کا جم جانا یا جام ہو جانا۔

لوبیلیا انفلیٹا - بچپن کی پھیپھڑوں کا سانس کی نالیوں کی سوزش چھاتی کی تکالیف کا نامکمل آرام، خاص طور پر ٹی بی کے خدشہ -

انٹم ٹارٹ - کھلے ہوئے دھوئیں والے ہر سانس کے ساتھ پھڑپھڑانے والے نتھنے پھیپھڑے بلغم دار، بلغم سے بھرے ہوئے - اٹھانا مشکل ہو - چھاتی میں کھڑکھڑاہٹ - شدید کمزوری اور عمل کی کمی -

لائیکوپوڈیم - انٹم ٹارٹ کی طرح کی علامات کے لیے، لیکن جب وہ کام کرنے میں ناکام ہو تو ہر سانس کے ساتھ نتھنوں کا پھڑپھڑانا اور تکلیف دائیں طرف سے شروع ہو اس دوائی کی نمایاں علامات ہیں، ابھارے کے ساتھ -

سلفر - یہ ایک عمل انگیز کے طور پر کام کرنے والی دوائی ہے - پھیپھڑوں کے دھبوں کے سلسلے میں اسے نظر انداز نہیں کرنا چاہئے - جب ایسے دھبوں کی وجہ سے بخار ہو تو اس کو دور کرتی ہے - بُرے حال اور بگڑے ہوئے کیسوں کے لئے مفید ہے اور سورک طبیعت - ٹی بی کے رجحان کے ہمراہ - کمزوری اور بیہوشی -

خنازیر - بجریں -

برومیم - پھیپھڑے کے دائیں حصہ پر رات کے وقت ۲ طاقت کی ہر روز ایک خوراک دی جائے -

سانس کی نالیوں کا سرطان کارکام

بریٹا کارب - بوڑھے لوگوں میں دم گھٹنے والی کھانسی - پھیپھڑوں میں دھوئیں کا احساس

جس کی وجہ سے سانس لینا مشکل ہو۔

گلیسرین ۔ انفلوئنیزا اور نمونیا بہت زیادہ نزلہ و زکام اور تنگئ تنفس، دونوں پھیپھڑوں کا جام ہو جانا ۔ یا جم جانا۔ ۲۰۰ طاقت میں دیجیے۔

آرم ٹرائفلم ۔ جب حنجرہ کی کھانسی کے ہمراہ۔

پھیپھڑے کے پردے کی سوزش - ذات الجنب

برائی اونیا ۔ جب تکلیف پھیپھڑے کے پردہ کی سوزش کی نوعیت کی ہوں جن میں سوئی چلنے اور بھالا لگنے جیسی نوعیت کی ہوں ۔ اور حرکت کرنے پر زیادہ ہوں۔ جب مریض آرام کر رہا ہو یا تکلیف والی طرف لیٹ جائے تو ان میں افاقہ ہوتا ہے۔

رننکولس بلب ۔ پھیپھڑوں کی جھلی کی سوزش، استسقاء یا جلودر اور چبکنے کے ہمراہ چھاتی کے پٹھوں میں درد اور دکھن۔ پھیپھڑوں کی جھلی کی سوزش کے لیے یہ چوٹی کی دوائی ہے مریض درد والی جگہ پہ دباؤ یا چھوئے جانے کو پسند نہ کرے۔

آرسینکم البم ۔ جب بہت زیادہ بے چینی، تھوڑے تھوڑے وقفے سے تھوڑے تھوڑے پانی کی پیاس ہو اور نمایاں کمزوری ہو۔ دردیں جلن دار نوعیت کی ہوں، جن کو گرمی اور گرمائش سے افاقہ ہو۔ دمہ والا سانس اور تنگئ تنفس۔

آرانیا ڈایا
اپیکاک
نکسوامیکا
} ان ادویات کی ڈاکٹر کلارک نے جسمانی ساخت کے مطابق سفارش کی ہے جب جسم میں پانی بھر گیا ہو اور پھیپھڑوں کی جھلی کی سوزش وقفہ دار بخار کے ہمراہ۔

کینتھرس ۔ یہ دوائی پھیپھڑوں کی جھلی دوسری سٹیج پر جس میں چھاتی میں شدید گرمی اور جلن کا احساس ہو۔ بہت زیادہ مقدار میں اخراج ہو۔ امعائے مستقیم اور مقعد میں جلن ہو

بیلاڈونا ۔ بچوں میں پھیپھڑوں کی جھلی دوسری سٹیج جس میں، چھاتی میں تشنج کے ہمراہ اجتماعِ خون کی قسم کا ہو۔

اپیس میل - جب رطوبت کا اخراج زیادہ ہو لیکن کینتھرس کے مقابلہ میں سوزش کم ہو
رطوبت کی زیادہ مقدار کی وجہ سے تنگئ تنفس اور سانس میں گھٹن -

اسکلی پیانز - } جب برائی اونیا ناکام ہو جائے تو ان کا خیال
سنیگا - } کیجئے یا ان کے متعلق ضرور سوچیے !

کالی کارب - پھیپھڑوں کی مزمن سوزش تیز ہوئی - چبھنے جیسے پھلانگنے والی جلن دار دردیں، چھاتی میں ٹھنڈک کے ہمراہ - کھانسی اور دمہ والا سانس - صبح تین بجے زیادتی - حرکت کرنے پر دردوں میں زیادتی یا تکلیف والی طرف لیٹنے سے زیادتی - ٹھنڈی چیزیں لگانے سے عارضی افاقہ -

سٹانم - چاقو گھونپنے جیسے درد - آگے کی طرف جھکنے خاص طور پر بائیں طرف زیادتی -
آرسینکم آئیوڈ - پھیپھڑوں کی پیپ نکلنے والی سوزش، سانس خارج کرتے وقت شدید کمزوری تیز دبی ہوئی کھانسی -

ہیپر سلفر - جب پیپ اکٹھی ہو جائے - تپدق اور کمزوری نمایاں ہو ٹھنڈے کے بار بار حملے کے ہمراہ - بخار اور پسینے - زیادہ دیر تک پیپ بہے -

سلفر - } پھیپھڑوں کی جھلیوں کی مزمن سوزش اور اخراج، سانس چھوٹا - چھاتی
سورائینم } میں دباؤ اور کمزوری - سورائینم خاص طور پر اس وقت ضروری ہوتی ہے جب بدبودار سانس اور بہت ہی بدبودار پیپ -

سلیشیا - بلا تکلیف پیپ کا اخراج کافی عرصہ سے پتلی بدبودار پیپ آہستہ آہستہ کمزوری لاحق ہو -

پھیپھڑوں کے پردوں کی سوزش کی ادویات دیکھئے -

پسلیوں کی تکلیف - نمونیہ -

ایکونائیٹ - ابتدائی درجہ میں جب تیز بخار سے پہلے سردی لگے - پھیپھڑوں میں اجتماع خون

سخت خشک تکلیف دہ کھانسی، پتلی خون کی لکیر والی بلغم کا اخراج لیکن کبھی بھی گاڑھی خون والی نہ ہو۔ غیر ضروری پریشانی۔

ویریٹرم ویرائیڈ۔ پھیپھڑوں میں شدید اجتماع خون۔ دل کی شدید دھڑکن جو تیز نبض سے ظاہر ہو، متلی۔ اٹھنے پر غشی۔ زبان درمیان سے ذرا نیچے سرخ۔

برائی اونیا۔ جب پھیپھڑے ٹھوس ہو جانا شروع ہو جائیں۔ کھانسی سخت اور تکلیف دہ۔ سانس لینے پر دباؤ۔ آرام سے لیٹ جانا چاہے۔ پہلے ۶ طاقت میں دیجیے۔ جب افاقہ شروع ہو جائے تو ۲۰۰ طاقت میں دیجیے۔

انٹم ٹارٹ۔ برائی اونیا۔ انٹم ٹارٹ ناکام ہو جائیں تو یہ دی جائیں یہ ۲۰۰ طاقت میں دی جائے۔

فاسفورس۔ برائی اونیا کے ساتھ اول بدل کر دی جا سکتی ہے۔ جب کھڑکھڑاہٹ والی آواز۔ چھاتی میں پائی جائے اور پھیپھڑے کے فالج کا خطرہ ہو۔

سلفر۔ جب پھیپھڑوں سے رطوبت رسے تو یہ دوائی نہیں بھولنی چاہیئے۔ یہ زحل ہونے والے پھیپھڑوں میں دھبوں کو بننے سے روکتی ہے اور شفاء دیتی ہے

چیلیڈونیم۔ نمونیا صفراوی علامت کے ہمراہ۔

ٹیوبرکولینیم۔ بطور عمل انگیز دوائی کے استعمال کی جانی چاہیئے۔ ساختی خرابیوں اور زہر کو دور کرنے والی دوائی ہے۔

نکس وامیکا۔ } نمی اور نمدار موسم میں بہت جلد متاثر ہونے والے اشخاص میں
ایپکاک } (اس مراد سے ایسے مریض جو نمدار رہائش سے بہت جلد متاثر ہو
ارانیا ڈائیا ڈیما } جاتے ہوں۔ یہ مریض اپنے جسم میں بہت زیادہ رکھتے ہیں اسلئے نمدار موسم یا نمدار رہائش سے بہت جلد متاثر ہو جاتے ہیں۔ دائیں پھیپھڑے کا نمونیہ کی وجہ سے ٹھوس ہو جانا۔ بایاں پھیپھڑہ بالکل ٹھیک۔ اول بدل کر اچھے ہوں یا متاثر ہوں۔ ٹھنڈک محسوس کریں۔ دی گئی ترتیب میں یہ ادویات استعمال کی جا سکتی ہیں۔

سینیگا - جو نمونیہ پھیپھڑوں کی سوزش کے ہمراہ ہو چھاتی - چھاتی میں درد جو حرکت کرنے پر اچھا محسوس ہو - کھانسی اور دمہ آرام کرنے پر اچھے ہوں -

اینٹومڈیم - جب پھیپھڑوں کا انجماد شروع ہو چکا ہو - اور تنگی تنفس نمایاں ہو - رخسار اور متاثرہ طرف ٹی بی والی سرخی ہو -

سٹرکنیا فاس - جب انٹم ٹارٹ ناکام ہو جائے تو یہ دوائی انٹم ٹارٹ کی تمام علامات رکھتی ہے جیسا کہ چھاتی میں کھڑکھڑاہٹ - کمزور تیز نبض - تنگی تنفس، ٹھنڈے پسینے وغیرہ کمزور دل کے ہمراہ - یہ تین طاقت میں دی جانی چاہیئے - مریض کی حالت کے مطابق ہر گھنٹے کے بعد دی جانی چاہیئے -

سانم آئیوڈائیڈ - نمونیا کی آخری سٹیج میں جمے ہوئے حصے کا حل ہونے کا عمل شروع ہو چکا ہو، باقی حصوں کو بغیر جمے ہوئے چھوڑ کر - غیر تحلیل شدہ نمونیا میں جب سلفر ۲۰۰ طاقت ناکام ہو چکا ہو -

گرانڈیلیا - دل میں چربی کے اجتماع کے ہمراہ انٹم ٹارٹ والی علامات میں ضروری ہے - سونے سے ڈرے ایسا نہ ہو کر سوتے میں دل فیل ہو جائے - لازمی جاگتا رہے - دیکھنے کے لئے کہ دل دھڑکتا ہے -

سٹروفینتھس - نمونیا کے دوران میں دل کے فیل ہونے کو روکنے کے بہترین دوائی ہے - نبض تیز، کمزور اور بے قاعدہ - چوٹی کے قریب سوئی لگنے جیسی اور اینٹھن دار دردیں -

تپ دق - ٹی - بی

فاسفورس - ٹی بی کے علاج کے لئے چوٹی کی دوائی ہے - یہ پھیپھڑوں اور لمبی ہڈیوں کے لئے خاص لگاؤ رکھتی ہے - مریض خالی چھاتی والا یا مرغی کے چوزے جیسی چھاتی والا اور خون تھوک سکتا ہے یا خون تھوکے - گلا بیٹھا ہوا - شدید سرسراہٹ والی کھانسی جو ہنسنے یا بولنے پر زیادہ ہو چھاتی میں دباؤ کے ہمراہ - ۳۰ طاقت سے کم یہ دوائی ہر گز استعمال نہ کیجیے -

ٹیوبر کولینم۔ یہ ایک عمل انگیز دوائی ہے ۲۰۰ یا اس سے اوپر کی طاقت ہر ہفتہ بعد یا پندرہ روز بعد دوائی کی طاقت کے مطابق ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ طاقت استعمال کیجئے۔ یہ چھوٹی چھوٹی گولیوں کی صورت میں ۳ یا ۴ گولیاں ایک خوراک میں استعمال کریں۔ یہ بہتر ہے کہ ایک ڈرام کی شیشی میں گولیاں ڈال کر اس کے دو یا تین قطرے ڈال دیں اور ان کو جھٹکے دے کر ہلا کر رکھ چھوڑیں۔ کیونکہ قطروں کی صورت میں دوائی کا استعمال مرض کو بڑھا سکتی ہے جس کا نتیجہ خطرناک ہو سکتا ہے۔

آرسینکم آئیوڈ۔ جب نزلہ یا انفلوئنزا بڑی وجہ مرض ہو۔ کمزوری اور لاغری نمایاں علامات ہیں۔ شدید پیاس لگتی ہے۔ لیکن ٹھنڈا پانی معدہ میں بے چینی پیدا کرتا ہے اسلیئے مریض گرم مشروبات استعمال کرتا ہے۔

آئیوڈم۔ جب غدود متاثر ہوں تو یہ دوائی استعمال کی جاتی ہے۔ مریض عموماً گہرے رنگ کا ہوتا ہے۔ خشک غیر صحت مند جلد اور کافی زیادہ بخار ہوتا ہے۔ آہستہ آہستہ لاغر ہوتا رہتا ہے۔ لگاتار اور تنگ کرنے والی کھانسی ہوتی ہے۔

کلکیریا آئیوڈائیڈ۔ جب ماساریقی غدود ملوث ہوں تو یہ دوا دی جاتی ہے۔ شدید کمزوری صرف ہڈیوں اور کھال کا ڈھانچا، پیٹ بہت زیادہ تنا ہوا۔ غدود بڑھے ہوئے اور دانے دار۔ پاخانہ کی کئی دفعہ حاجت ہو۔ پاخانوں کا رنگ سبز یا مختلف رنگوں کا بہت زیادہ گیس کے ہمراہ۔ جلد بہت خشک سوائے رات کے پسینوں کے ۶۰ یا ۳۰ طاقت عام طور پر استعمال کیجاتی ہے۔

ٹیوبر کولینم بوو۔ اگر ۱۰۰۰ یا سی ایم طاقت میں دی جائے تو یہ حفظ ماتقدم کے طور پر اور شفاء دینے والی ہوتی ہے، زندگی میں صرف ایک یا دو خوراکیں دی جائیں ۳ یا ۴ ماہ کے وقفے سے۔

کاربوانیملس۔ پھیپھڑوں کی دق کی آخری سٹیج کے لیئے ہے۔ دم گھٹنے والی آواز بیٹھی ہوئی۔ کھانسی جو تمام دماغ کو ہلا کر رکھدے، سبز بدبودار بلغم اور پیپ خارج ہو۔ بدبودار تھوک میٹھا۔ بدبودار اور تنگئ تنفس۔

سیبل سر۔ حنجرہ کی ٹی بی کیلئے مخصوص ہے۔

گیلیکم الیسڈ۔ جب پھیپھڑوں سے خون بہنے کے ہمراہ۔ بہت زیادہ بلغم کا اخراج اور رات کے پسینے۔

چلینم سلف۔ جسم کے گھل جانے کے ساتھ یعنی ٹی بی کے مریض کی آخری سٹیج میں جب شدید، نحیف و نزار ہو جائے۔

(۱)۔ وزن میں کمی (۲)۔ سالوں تک لگاتار کھانسی رہے (۳) جب کھانسی بند ہو جائے تو داہنی طرف چہرے میں درد یا مندار موسم میں زیادتی۔ (۵) ہر چوتھے دن مرض کی زیادتی۔ دوسرے معنوں میں یہ دوائی ٹی بی کے مریض جس میں پانی زیادہ ہو گیا ہو کے لئے بہتر ہے۔

فاسفورس کالی نائیٹریکم } بخار شام کے وقت ٹھنڈ کے ہمراہ واپس ہو۔ وزن میں کمی۔ رات کو پسینے اور معمولی کھانسی (تین ہفتوں کے بعد متواتر ہر دو گھنٹے کے بعد اول بدل کر استعمال کرنے کے بعد بخار جاتا رہا لیکن ایک سال کے بعد یا زیادہ عرصہ بعد بیماری کی واپسی کا خدشہ ہوتا ہے۔ نکسوامیکا اور آرسینکم البم ادل بدل کر دینے سے یہ رجحان ختم ہو گیا۔

سٹانم آئیوڈ ۳x ۔ صاف رنگت والے اور لمبی پلکوں والے لوگوں میں ٹی بی کے لئے مفید ہے۔ گلے میں سرسراہٹ کے ساتھ کھانسی ہو۔

ویکسینم x۲۰۰ ۔ ٹی بی کے دوران کھانسی کے لئے عمل انگیز کے طور پر کام کرنے والی دوائی ہے۔

اوسیمم x۲۰۰ ۔ جب پیشاب سے بنفشہ جیسی بو آئے، مولی جیسے ڈکار اور لہسن جیسا پسینہ ہو۔ سانس کی نالی میں چبھن ہو۔

لائیکوپس ورج ۔ دق کی ابتدائی سٹیج میں (بائیں جو لی متاثر ہو) پاخلنے کے ڈھیلا ہونے کے ہمراہ۔

کوکولس انڈ۔ حنجرہ کی دق جس کے بعد ہوا کی نالیوں کا نزلہ۔ زکام

ہیلکس ٹوسٹا۔ جب پھیپھڑوں سے خون آنے کے ہمراہ۔ لگاتار آواز کا بیٹھے رہنا۔

خشک سرسراہٹ والی کھانسی رات کے وقت زیادتی جو سونے نہ دے۔ تنگی تنفس سیڑھیاں چڑھنے پر زیادتی

سلفر۔ ایسے لوگ جو ٹوٹ پھوٹ گئے ہوں زرد اور کمزور چبھنے والی۔ خشک کھانسی بلغم دار اور ہلکی۔ پاؤں اور ہاتھوں کی جلن۔ ۲۰۰× کی طاقت میں دی جانی چاہیے اور دہرائی نہ جائے کیونکہ یہ ٹی بی کی حالت کو دوبارہ لا سکتی ہے۔

السٹونیالی۔ ہلکا بخار، پیچش کے ہمراہ ۹ طاقت استعمال کیجئے۔

کلکیریا فاس۔ جب مریض بہت کمزور ہو جائے تو ایک ایم طاقت میں استعمال کیجئے۔

لیکنتھس۔ رات کے پسینوں۔ خشک کھانسی۔ درد اور کمر اور گردن میں سختی، چہرے پر سرخی کے دائرے ٹائیفائیڈ بخار یا ٹائیفو نمونیا میں بھی بہتر ہے۔

پکس لیکویڈا۔ پھیپھڑوں کی دق کی تیسری سٹیج میں پیپ دار اخراج۔ بدبودار بُو اور ذائقہ تیسری کرتی ہڈی کی پسلی میں درد کے ہمراہ۔

گوائیکم۔ ٹی بی کی بڑھی ہوئی سٹیج بائیں پھیپھڑے کی چوٹی پر پھیپھڑوں کی جھلی میں میں درد۔ بدبودار مواد کے تھوک کے ہمراہ ۴ گرام بیٹن کو ۹۶ گرین ملک شوگر ملا کر چاقو کی نوک پر آنے والا آمیزہ دن میں چار دفعہ کھلائیے۔ ٹی بی کے لئے بہتر ہے۔ بڑی تعریف کی گئی ہے۔

یربا سانٹا۔ ہوا کی نالیوں کی ٹی بی۔ رات کے پسینوں اور جسم کے وزن میں کمی کے ہمراہ اکثر ہوا کی نالیوں کے نزلہ زکام کی وجہ سے۔

سیکرم لیکٹس۔ جسم کے گھلنے کی آخری سٹیجوں میں پیچش یا اسہال۔

سٹانم۔ کافی زیادہ سبز رنگ کے مواد کے اخراج کی وجہ سے کمزوری۔ ٹی بی میں تھوک کا میٹھا ذائقہ۔ چھاتی میں کمزوری محسوس کرے۔ بمشکل بول سکے۔

تھوجا۔ یہ دوائی بطور عمل انگیز کے دی جانی چاہیے، ایسے مریضوں کو جو آتشک میں مبتلا رہ چکے ہوں۔ ۱۔ ایم طاقت میں دینا چاہیے۔

سفلینم۔ یہ دوائی بطور عمل انگیز کے دی جانی چاہیے۔ ایسے مریضوں کو جو آتشک میں مبتلا رہ چکے ہوں۔ ایک ایم کی طاقت میں دی جانی چاہیے۔

کونو بارک ۔ ٹی بی کے مزمن اسہال ۔ بہت زیادہ اور کمزوری کرنے والے ۔
کافی مقدار میں مدر ٹنکچر میں دیجئے! ۔

ڈروسیرا ۔ حنجرہ کی ٹی بی کے لیے مخصوص ۔ گھٹنے کے جوڑوں یا جسم کے دوسرے
حصّوں کی ٹی بی ۔

سلیشیا ۔ صدمہ پیدا کرنے والی کھانسی ۔ بہت ہی ناگوار بو والی بلغم جو پانی کی تہہ میں
میں بیٹھ جائے ۔ بلغم ڈھیلوں کی شکل میں ۔ زرد یا سبز ۔ ٹھنڈے یا نمدار موسم میں زیادتی ۔
اور ٹھنڈے نمدار موسم میں زیادتی ۔ اور ٹھنڈے خشک موسم میں افاقہ ۔ دق کی نزلاوی قسم

لائیکوپوڈیم ۔ بچوں کی دق جو چیچک اور کالی کھانسی کے ہمراہ گردن اور چھاتی کی
غیر موزوں بڑھتری میں تنگی تنفس ۔ پیٹ کا تن جانا ۔ سبز مواد کا اخراج اور چھاتی میں گھڑگھڑاہٹ ۔

سینشیو ۔ حیض کی رکاوٹ کی وجہ سے دق ۔

کھانسی

حصہ دوسرا

دمہ ۔

دمہ ایک خطرناک بیماری ہے ، یہ ایک ایسی بیماری ہے جس کا علاج آسانی سے نہیں کیا جا سکتا ۔ حاد حملہ میں تکلیف کو عارضی طور پر روکنے والی ادویات دینے کے بعد ایک ڈاکٹر کو جسمانی بناوٹ کے لحاظ سے ادویات کی طرف توجہ دینا چاہیئے تاکہ مریض کو مستقل شفا نصیب ہو جائے ۔ جسمانی بناوٹ کے لحاظ سے نمایاں یا بڑی بڑی ادویات دوسری موزوں ادویات کے ہمراہ دی جائیں وہ یہ ہیں ۔

(۱) ۔ ٹیوبر کولینم (۲) تھوجا (۳) نیٹرم سلف (۴) میڈورینم (۵) سفلینم ۔
مندرجہ بالا ادویات بطور عمل انگیز دی جاتی ہیں ۔ ا ۔ ایم یا سی ایم طاقتوں میں زیادہ موزوں ہوتی ہیں ۔ ان ادویات کو استعمال کرنے سے پہلے مریض کو دو یا تین دن قبل یا بعد دوسری کوئی دوائی ہرگز نہیں دینی چاہیئے ۔ اگر مندرجہ بالا ادویات میں سے کوئی اپنا اثر دکھانا

شروع کردے تو مزید دوائی دینا بند کر دیں۔

خوراک کے معاملے میں ایک ہدایت بھی ضروری ہے۔ سفید آٹا یعنی میدہ اور سفید کھانڈ یا ان سے بنی ہوئی اشیاء، گوشت، مچھلی، دودھ اور حلوہ وغیرہ سے پرہیز کیا جائے۔ سالم گندم کا آٹا۔ شہد، سلاد۔ تازہ سبزیاں۔ پنیر اور انڈوں کے ہمراہ کھائیں۔

اکونائٹ 9x، اپیکاک 9x } حملے کے دوران اوّل بدل کر دونوں دی جائیں۔ یہ بطور عارضی علاج کے کام کرے گی۔ کھانسی اور سانس کے عمل روک سکے۔ مِل میں کام کرنے والوں کے دمہ کے لئے بھی اکونائٹ فائدہ مند ہے۔ اپیکاک، تشنجی قسم کے دمہ جس میں چھاتی پر بہت وزن یا پریشانی کے ساتھ۔ ساں ساں کی آواز۔ کوتاہ دمی یا چھوٹے چھوٹے سانس، دم گھٹنے کا احساس۔ حرکت پر زیادتی۔ لگاتار کھانسی جس سے قے واقع ہو۔ چھاتی بلغم سے پُر یا بھری ہوئی۔ ہاتھوں اور پاؤں پر ٹھنڈے پسینے۔ دمہ جلدی امراض کے ہمراہ۔ ۲۰۰ طاقت میں استعمال کیجئے۔

زنجبار۔ گیس کی تکالیف کی وجہ سے دمہ۔ آواز بیٹھ جائے۔ حنجرہ سے نیچے شدید مشکل سے سانس لے۔ چھاتی میں سوئیاں چبھن۔ صبح کے وقت دمہ کی زیادتی۔

کالی کارب۔ یہ دوائی عموماً دی جاتی ہے۔ جب دمہ کا دور خصوصی طور پر آدھی رات کے بعد یہ مریض کو مجبور کر دیتا ہے۔ وہ خاص طریقے سے بیٹھ جائے جس میں اس کو افاقہ ہو۔ موسم کی تبدیلیوں اور ٹھنڈی ہوا کے جھونکوں سے متاثر ہو۔ پُر ہیجان زود حس۔ مختلف قسم کے خوف اور تصورات سے تنگ۔

بیلاڈونا۔ جب دمے کی شدید دورے ہوں، گلے اور چھاتی کی گھٹن کے احساس کیساتھ جیسے کہ مریض دم گھٹ کر مر جائے گا۔ تشنج کے خلاف دوائی ہے۔

ایلیڈوبیرما۔ ایسا دمہ جس میں مشکل سے سانس آنے کے لئے مؤثر دوائی ہے ۲ طاقت یا ۳ طاقت میں دیجئے۔

گرانڈیلیا۔ جب غیر معمولی بلغم کا اجتماع ہو، سوتے وقت سانس اور تنفس رک جائے۔ پھیلے ہوئے دل کے ساتھ پھیپھڑوں میں ہوا ہو۔ بوڑھے لوگوں میں دمہ ہوا کی نالیوں کی سوزش کی وجہ جو کہ شس معدوی عصب میں فالج کا باعث ہو۔ بھوک واپس لانے کے لئے شاندار دوائی ہے

دل کی دھڑکن اور تنگی تنفس کے افاقہ کے لئے۔

کاربوئیم سلف۔ تکلیف والے سانس اور تیز تنفس والے دمہ کے لئے اچھی دوائی ثابت ہوتی ہے۔ شراب کے استعمال سے خراب صحت والے لوگوں کے لئے۔

پلموولیس۔ بہت زیادہ سیٹی دار سانس۔ کھڑکھڑاہٹ اور پھیپھڑوں میں پانی بھر جانا۔

بلاٹا اوری۔ دمہ۔ سانس کی نالیوں کی سوزش کے ساتھ یا اس کے بغیر کے لئے شاندار دوائی ہے۔ تنگی تنفس گاڑھی پیپ دار بلغم کے ہمراہ۔ حملہ کے دوران ۲x یا ۳x طاقت میں دی جا سکتی ہے۔

کلوریلم۔ سائں سائں کی آواز کے ہمراہ دمہ جب لیٹا ہوا ہو تو ناک اندر لے اور ہونٹوں سے سانس باہر لے جائے۔

امبروسیا آرٹ۔ بخار کاہی کے ساتھ ریگ وِیڈ کے زرد دانوں کو دیکھ کر۔

ارالیا ریسوسا۔ دمہ نزلہ زکام سے ادل بدل کر جائے، بہت زیادہ سائں سائں کی اور سیٹی دار تنفس لیٹنے پر یا رات کے وقت تھوڑی نیند کے بعد تھوک گرم اور نمکین ہو جائے گلے میں سرسراہٹ اور چھاتی میں گھٹن کے ساتھ کھانسی۔ دم گھٹنے سے بچنے کے لئے بیٹھنا پڑے۔

کالی بائی۔ جب دورہ یا دمہ کا حملہ مباشرت کی وجہ سے ہو یا مباشرت کے بعد ہو۔ صبح سویرے زیادتی۔ تاردار اخراج اس کی نمایاں علامت ہے جو کافی مقدار میں خارج ہوتی ہے۔ سانس کی نالیوں کی سوزش کی وجہ سے دمہ۔

کالی فاس۔ اعصابی دمہ میں۔ ایک ایم طاقت بطور عمل انگیز دوائی کے دیجئے۔

کالی نائٹریکم۔ شدید تنگی تنفس بیہوشی متلی۔ دھیمی چبھن دار درد۔ چھاتی میں جلن دار درد۔ کافی اخراج بلغم۔

کالی سلف۔ زرد بلغم کا اخراج۔ چھاتی میں بہت کھڑکھڑاہٹ۔ دقت سے سانس آئے۔ بولنے کے تقریباً نااہل۔

الیومنا سلیکیٹ۔ سانس لینے کا عمل کھانسی سے بگڑ جائے۔ دمہ والا سانس چھاتی میں
کھڑکھڑاہٹ کے ساتھ۔ کھانسی سے سانس مشکل سے آئے۔

سلفر۔ جب دمہ پھنسیوں کے دبنے یا ان ادل بدل کر۔ دمہ ظاہر ہو جب پھنسیاں غائب
ہو جائیں یا اس کے الٹ یعنی ہو۔

لائیکوپوڈیم۔ جب دمہ غصہ یا جذبات کی وجہ سے ناک کے نتھنے پنکھے کی طرح چلیں۔
اعصابی دمہ۔ ٹھنڈ محسوس کرنے والے مریضوں میں دمہ جو ہمیشہ زکام میں مبتلاء ہوں۔ جلدی تھک
جانے والے اور کمزوری کرنے والے۔ جب زکام لگے۔ بلغم دائیں پھیپھڑے میں جم جائے۔ دمہ کے ہمراہ
معدہ میں جلن گلے کی طرف اور پر کو اٹھے ڈکاروں کے ساتھ معدہ میں اینٹھن۔ ۴ بجے سے ۸ بجے شام
دمہ کی زیادہ ہو۔

ناجا۔ سانس مشکل سے لے لیٹ نہ سکے۔ بہت زیادہ چھینکیں جو سانس لینے میں مدد
دیں۔ پھیپھڑوں کی خشکی سانس مشکل سے لے۔ نبض آہستہ۔

نیٹرم سلف۔ نمدار موسم یا بارشوں کے موسم میں حملے۔ جب مریض ہر موسم کی تبدیلی کے
ساتھ حملوں کا نشانہ بنے۔ صبح سویرے دمہ کے حملے۔ ڈھیلی کھانسی نمدار زیادہ نمدار لیسدار
سبزی مائل زرد بلغم۔ مواد کھڑکھڑائے۔ کھڑکھڑاہٹ۔ آوازیں۔ زیادہ مقدار میں سفید گاڑھی
اور تاردار چھاتی میں دکھن محسوس ہو اور دبی ہوئی محسوس ہو۔ کھانستے وقت چھاتی کو ہاتھوں سے
پکڑے جس سے تھوڑا سا افاقہ ہو۔ سانس کی نالیوں سوزش کے ساتھ اور چھاتی میں بگاڑ کے ساتھ
گنٹھیا کے ہمراہ دمہ یا اس سے ادل بدل کر دمہ۔ اگر یہ دوائی آرام دینے میں ناکام ہو جائے تو
میڈورینم بطور عمل انگیز دوائی کے دی جا سکتی ہے۔

سمبوکس نائیگرا۔ سانس تیز اور دقت سے آئے۔ اونچا خرخراہٹ والا۔ چھاتی میں دباؤ جیسے
وزن سے ہو۔ ذہنی کوفت اور دم گھٹنے کا ڈر ہو۔ بعض اوقات چہرے اور منہ پر سوزش سرخی رنگ
کے ہمراہ۔ عام گرمی۔ خرخر بھی سے زیادہ اونچا نہ بول سکے۔ دم گھٹنے والی کھانسی۔ لیٹے ہوئے کی صورت
میں زیادہ ہو۔ بچوں میں، نانبائیوں میں اور نانبائیوں۔ مل میں کام کرنے والوں میں دمہ۔ بچہ سانس

نہ لے سکنے کی وجہ سے جاگ پڑے، جسم پر پسینہ۔

آرم ٹرائفلم ۔ خاص طور پر گلوکاری کے لئے موزوں ہے۔ چھینکیں۔ شام کے وقت گلے میں درد اور سکڑن بہت زیادہ نزلہ زکام کے ہمراہ۔

ماسکس ۔ ہسٹیریائی طبیعت والی عورتوں میں یا جن بچوں کو سردی لگ گئی ہو میں دمہ سانس کی نالی کے اوپر والے حصہ میں دورے وار سکڑن دم گھٹنے کے دوروں کے ہمراہ اس احساس کے ساتھ جیسے کہ گندھک کے بخارات میں سانس لیا جا رہا ہو۔

کیوپرم میٹ ۔ ماسکس جیسی علامات میں دی جائے لیکن اس کے ناکام ہونے پر اینٹھن دار یا تشنجی دمہ۔ دوروں کا خطرہ گلے کی سکڑن۔

لوبیلیا انفلیٹا ۔ چھاتی کا تناؤ۔ سانس کی نالی میں سرسراہٹ کا احساس۔ جلد جلد سانس آئے۔ سانس لینے کے لئے منہ کھلا رکھنا پڑے۔ چھاتی کے دباؤ کی وجہ سے دباؤ کو ہٹانے کے لئے گہرا سانس لینا پڑے۔ گہرا سانس لینے پر چھاتی کی ہڈی کے نیچے ہلکی سرسراہٹ۔ کھانسی اور بلغم کا اخراج نہیں ہوتا۔ ٹھنڈ اور تمباکو کے دھوئیں سے زیادتی جس کی برداشت نہ ہو سکے۔

فاسفورس ۔ ہر قسم کے دمہ کے لئے بہتر ہے۔ ٹھنڈے پانی کی شدید پیاس۔ جونہی معدہ میں گرمی ہوتی ہے قے شروع ہو جاتی ہے۔ شدید دباؤ۔ پیشاب کی کمی البیومن کے اخراج کیساتھ۔

ایسڈ فاس ۔ جب فاسفورس ناکام ہو جائے تو یہ استعمال کی جائے۔ پہلے 3 x میں اور پھر 200 x میں دی جائے۔

نیٹرم آرسینیکم ۔ الرجی یا جلدی خارش کے ساتھ دمہ۔ کوئلے کے باریک ذرات پھیپھڑوں کے اندر چلے جانے کی وجہ سے دمہ۔

اگریکس ایم ۔ پتلے۔ بید کی طرح کے پتلے اعصابی اور بے چین حضرات جو تشنج میں مبتلا ہو جائیں۔ پٹھوں کا کانپنا۔ اعصاب کی جھنجھناہٹ۔ بے ڈول اور بھدے حضرات۔ اِدھر اُدھر گریں چیزیں ہاتھ سے گرا دیں اور توڑ دیں۔ شدید ٹھنڈ محسوس کریں۔ تھک جانے کا رجحان۔ چھاتی کا زکام رات کے پسینوں کے ہمراہ۔ شدید کھانسی کے دورے جو چھینکنے پر منتج ہوں۔ سانس نہ آنا۔

دل کی دھڑکن۔ بازوؤں کے جھٹکے جن کے بعد شدید کمزوری اور تھکاوٹ صبح کے وقت لیکن شام کے وقت خشک کھانسی وہ خوش و خرم اور کام کے ناقابل ہوتے ہیں۔

تھوجا۔ جب ٹیکہ لگانے کے بعد دمہ ہو۔ چہرہ زرد۔ بیماروں کی طرح کا۔ موٹی اور چمکدار، کبھی کبھار مسّے ظاہر ہوں۔ شام کے وقت خشک کھانسی ہو، بچوں کا دمہ، خشک کھانسی یا ڈھیلی کھانسی، پرانا نزلہ، گاڑھی زردی مائل سبز اخراج کے ساتھ۔ جب اچھی طرح منتخب کی ہوئی ادویات ناکام ہو جائیں تو یہ بطور عمل انگیز کے دی جائے۔

ہیپر سلفر۔ ٹھنڈی ہوا لگنے دمہ۔ مشرقی خشک ہوا کے چلنے سے دمہ میں زیادتی۔ نمدار موسم میں بہت زیادہ بہتر۔

کیلیڈیم۔ دمہ۔ خارش وار جانوں سے ادل بدل کر۔

سٹکٹا فاس۔ خشک کھانسی شام کے وقت زیادتی ہو۔ لیٹ کر سو نہ سکے۔ جتنا زیادہ کھانسے کھانسی بڑھتی ہی جائے۔ عورتیں جن میں دودھ کم اترے۔

برومین۔ ملاحوں کا دمہ جب وہ ساحل پر جائیں، جونہی وہ سمندر پر چلے جائیں وہ ٹھیک ہو جائیں۔ گرد اور ہوا کے جھونکوں سے زیادہ ہو جائے۔

سیلیشیا۔ یہ سائیکوٹک مریضوں اور سردی محسوس کرنے والے مریضوں کے لئے موزوں ہے۔ چھاتی کے پرانے زکام پرانے مریضوں۔ دمہ کی وجہ سے سائیں سائیں یا خرخراہٹ۔ تھرتھراہٹ کے ساتھ دم گھٹے۔ حرکت نہ کر سکے۔ زیادہ گرمی لگنے اور زیادہ کام کرنے کے ساتھ مزمن سانس کی نالیوں کی سوزش اور پھیلاؤ۔ نمدار دمہ۔ بلغم کی بھدی سی کھڑکھڑاہٹ۔ تمام چھاتی بلغم سے بھری ہوئی محسوس ہو جیسے کہ وہ دم گھٹ کر مر جائے گا۔ سوزاک کے دب جانے سے واقع ہو۔ نسیجوں میں ہوا بھر جائے جہاں لچک کم ہو گئی ہو اور ریشے آخری درجے تک ڈھیلے ہو چکے ہوں۔ نئے یا پورے چاند کے دوران زیادتی ہو۔

اگنیشیا۔ دمہ جذبات۔ احتیاطوں اور غموں کی وجہ سے زیادہ ہوتا ہو۔

میڈورینم۔ دمہ کے لئے ایک عمل انگیز کے طور پر دوائی ہے۔ جب دوسری اچھی طرح سے

منتخب کی ہوئی ادویات ناکام ہو جائیں یا مکمل صحت نہ دے سکیں۔ دم گھٹنے والی کھانسی جیسے بند کر اس میں ہوا نہ گزر سکے۔ صرف چہرے کے بل لیٹنے سے افاقہ ہو۔ گہری خالی لیٹنے سے زیادتی معدہ کے بل لیٹنے سے افاقہ۔ سانس مشکل سے آئے۔ پنکھا جھلوانا چاہے۔ ٹھنڈک محسوس کرے لیکن اوپر لئے گئے کپڑوں کو دور پھینکے۔ گرمی سے بھی زیادہ ہو۔ ہوا کے تند جھونکوں، بجلی کے طوفانوں سورج کی روشنی سے غروب آفتاب تک زیادتی۔ ہمیشہ ہی شام کے وقت زیادہ۔ سمندر یا ساحل سمندر پہ افاقہ اور اندرون ملک زیادہ (برومیم کے الٹ) دمہ گنٹھیے کے ساتھ یا اس کے متبادل ہو۔

اکشیا ریس — دمہ کے شدید دورے جن کی زیادتی حیض کے دوران ہو یا بولتے وقت اور رات کے وقت۔ بلغم کا اخراج شاذونادر۔

ریومیکس — کھانسی کے شدید دورے جس کی درجہ حرارت کی تبدیلی پر، گرم کمرے سے باہر کی ٹھنڈی ہوا پر جانے میں اور اس کے الٹ اور بولنے سے اور ہنسنے سے، ہنسلی کی ہڈی کے نیچے درد کا احساس کھانسی چھاتی اور سر کو ہلا کر رکھ دے، بلغم کم اور مشکل سے نکلے۔

سنیگا — بلغم کی بھری کھڑکھڑاہٹ کے ساتھ دمہ، سخت اور تاردار جس کو آسانی سے نکالا نہ جا سکے، خشک گلے کے ساتھ۔ سانس اندر لے اور کھانسے۔ ہوا کی نالیوں کی مزمن سوزش۔ سانس لینے کے اعضا کی زکام کی حالت کو افاقہ دیتی ہے۔

ایسڈ سلفیورک — دمہ، چھوٹی خشک کھانسی کے ہمراہ، اکثر منہ تک معدہ سے مواد آئے یا قے ہو۔ چھاتی کمزور اور جلن دار اور سوئیاں چبھنے والی تکلیف سے پر۔ ڈرانے والا دباؤ اور چھاتی کی گھٹن جس کو ٹانگیں نیچے لٹکانے سے افاقہ ہو۔

کاربو ویج — دمہ جو معدہ میں گیس کے اکٹھا ہونے کی وجہ سے ہو۔

پوتھوس — گرد و غبار سانس کے ذریعہ اندر جانے سے دمہ جس کو پاخانہ خارج کرنے پر افاقہ ہو۔

کالو سنتھس — بدہضمی اور گیس کی وجہ سے دمہ۔ سمندر کے کنارے زیادتی۔ گرما کے موسم

میں ٹھنڈک محسوس کرے۔

سورائینم۔ بازوؤں کے کھلے رکھ کر لیٹنے سے افاقہ ہو۔ بستر پہ بازوؤں کو پھینکنے سے سانس میں آسانی کے لئے۔ جب بازو جسم کے قریب لائے جائیں تو زیادتی ہو۔ سردی اور ٹھنڈے موسم میں زیادتی۔ اخراج چپکنے والا اور بدبودار۔ بوڑھے لوگوں کا دمہ۔

ہائیپریکم۔ دھند والے موسم میں زیادتی۔ کافی مقدار میں اخراج بلغم اور پسینہ کی زیادتی سے افاقہ ہو۔

ڈلکا مارا۔ نمدار موسم میں دمہ یا نمدار جگہوں پر رہنے کی وجہ سے دمہ۔

کرومیکو کالی سلفیوریکم۔ جرمن لوگ کہتے ہیں کہ دمہ کے لئے مخصوص ہے جس میں شدید دباؤ گاڑھی بلغم جو مشکل سے اکھاڑی جائے۔

سباڈیلا۔ کاہی دمہ کے لئے بہت بہتر دوائی جو دباؤ چھینکوں اور پانی جیسے اخراج کے ہو۔

ہائیڈروسائنک ایسڈ۔ اعصابی دمہ کا شدید حملہ میں شدید گھٹن کے ہمراہ۔

سینگونیریا سی۔ خاص طور پر خوشبویات سے دمہ زیادہ یا ان کی وجہ سے کھانسی سخت خشک گلا بیٹھا ہوا۔

سفلینم۔ ہر گرمی کے موسم میں دمہ عود کر آئے یا دمہ کی بیماری ہو گرمی کے موسم میں لاحق ہو جائے ایک ایم طاقت میں دیجئے۔

پلسٹیلا۔ بزدل یا ڈرپوک جلد ناراض ہو جانے والے طبیعت جلد تبدیل ہو جانے والا ہنسیں اور آسانی سے چیخیں۔ اندھیرے کا ڈر۔ موت کا ڈر۔ تنگی۔ چربی سے سخت نفرت۔ بلیوں کے خواب۔ ا۔ ایم طاقت میں صرف ایک خوراک دیجئے کچھ عرصہ کے لئے اور انتظار کیجئے۔

دل کی خرابی کی وجہ سے دمہ

اکونائٹ ایپ۔ ہائی بلڈ خشک کھانسی۔ موت کے ڈر کے ہمراہ دمہ۔

ناجا۔ مشکل سے سانس آئے۔ لیٹ نہ سکے۔ شدید چھینکیں جن سے سانس لینے میں افاقہ ہو۔

نبض آہستہ یا دھیمی ۔

سیبل سر ۔ خرخراہٹ کے ساتھ، دل کی خرابی والا دمہ خرخراہٹ کے ہمراہ شدید کھانسی سرد اور نمدار موسم میں زیادتی ۔ گلا خشک ۔ ۲ یا ۳ طاقت میں استعمال کرائیے ۔

بریٹا کارب ۔ ہائی بلڈ پریشر کے ساتھ دمہ ۔ غدودوں کی سوزش کا رجحان ۔ آنکھوں کے آگے سیاہ دھبے ۔ ڈھیلوں میں بھراؤ کا احساس، کانوں میں بھنبھناہٹ کی آواز اور کم سنائی دے ۔ احساس جیسے کہ دھواں اندر پھیپھڑوں میں لے جایا گیا ہو ۔ چھاتی میں درد ۔

بریٹا میور ۔ بوڑھے ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں میں دمہ ۔ ذہنی کمزوری اور حافظہ جاتا رہے ۔ دم گھٹنے والی کھانسی بلغم خارج کرنے کی طاقت نہ ہو ۔ ہر قسم کی موسمی تبدیلی سے زیادتی ۔

ڈسکم البم ۔ گردوں کی تکلیف یا ہائی بلڈ پریشر اور غالباً پیشاب میں البیومن کی وجہ دمہ ۔ لیٹنے پر دم گھٹنے کا احساس نبض کمزور اور تار دار ۔ دل میں بھاری پن اور دباؤ کا احساس ۔

کریٹیگس ۔ دل کے فیل ہونے اور ہائی بلڈ پریشر والے، دمہ والے لوگ شدید تنگی تنفس اور دل کھلا ہوا ۔

آرم میور ۔ اونچی آواز کی کھانسی زرد رنگ کم بلغم کے ہمراہ ۔ دل کے اوپر تکلیف یا درد ۔

سٹرکولیا ۔ یہ کمزور دل والے خاص طور پر شرابیوں میں دمہ کی دوائی ہے ۔

امونیا کارب ۔ کمزور دل ۔ لاغر ۔ دل کی دھڑکن اور چلنے پر مشکل سے سانس لے ۔

ایپوسائنم کین ۔ دمہ جس میں پیشاب میں کھار آئے ۔ گردوں میں تکلیف اور دل کمزوری سے سوجن کے ساتھ ۔ دل کے خانوں کی نا اہلیت ۔ سانس چھوٹا ۔ خون کی نالیوں کا کم دباؤ ۔

کیکٹس گ ۔ دم گھٹنے کے وقفہ دار دورے ۔ غشی کے ہمراہ چہرے پر ٹھنڈے پسینے اور نبض کا نہ ہونا ۔ احساس چھاتی کا نچلا حصہ مضبوطی سے اسی سے باندھا ہوا ہے دباؤ اور دل کی دھڑکن ۔ لیٹنے میں مانع ہو یا لیٹا نہ جا سکے ۔ چھاتی میں خون کا اجتماع، احساس جیسے کہ دل اور چھاتی ایک بانک میں کچلے جا رہے ہیں ۔ دورہ ۱۱ بجے صبح ہوں کھلی ہوا میں افاقہ ۔

کھانسی

اکونائٹ این - خشک کروپ دم گھٹنے والی - اونچی اور کھُردری کھانسی، دم گھٹنے والی سخت - بجنے والی اور سیٹی دار خشک ہواؤں اور ہوا کے جھونکوں سے -

بیلاڈونا - جب گلے میں اجتماع خون کی وجہ سے خشک - بھونکنے والی کھانسی ہو - کھانستے وقت چہرہ سُرخ ہو جائے -

برائی اونیا - خشک کھانسی جب حاد زکام کا حملہ ہو - منہ، خشک - چھاتی کے پہلوؤں میں سوئیاں چبھنے جیسے درد -

کالی بائی - جب چھٹنے والی کھانسی جو رسی کی طرح کھینچی جا سکتی ہے - ڈھیلی کھانسی -

ہائیوسائمس - خشک کھانسی جب لیٹے تو زیادہ ہو - بیٹھنے پر افاقہ - کھانے پینے اور بولنے سے زیادہ ہو -

سائیکلیمین - رات کے وقت سوتے میں کھانسی بغیر جاگے خاص طور پر بچوں میں -

کالی کارب - خشک کھانسی جب دورے دار - لیسدار بلغم خارج ہو یا پیپ جو نگل لی جائے ۲ سے ۴ بجے کے دوران زیادتی -

کاربو ویج - دمہ جو معدہ میں گیس کے اکٹھا ہونے کی وجہ سے ہو -

پلسٹیلا - ڈھیلی کھانسی جب کہ گرم کمرے میں زیادہ ہو اور کھلی ہوا میں افاقہ -

فاسفورس - گرم کمرے سے ٹھنڈے کمرہ میں جانے پر کھانسی، ہنسنے پر، کھانے اور پینے اور بائیں طرف لیٹنے پر کھانسی زیادہ -

سپونجیا - خشک کھانسی ساں ساں کی آواز کے ساتھ جیسا کہ لکڑی میں سے آرہ کھینچا جا رہا ہو - مٹھائیوں سے ٹھنڈے مشروبات سے - تمباکو نوشی سے - نیچا سر کر کے لیٹنے سے زیادتی - پڑھنے پر بھی - گانے پر بولنے پر اور نگلنے پر بھی زیادتی - کھانے پر بہتر یا گرم مشروبات کروپی خر خراہٹ کی آواز جب سانس لے -

ہیپر سلفر - جب خشک ٹھنڈی ہوا لگنے سے کھانسی ہو۔ چلنے پر زیادتی۔ جسم کو ننگا کرنے پر کھانسی۔ چھاتی کی کمزوری پریشان۔ بھرائی ہوئی خرخراہٹ دار سانس۔

پٹرولیم - رات کے وقت کھانسی زیادہ جب دن کے وقت اسہال شروع ہو جائیں تو کھانسی میں افاقہ۔

سینگونیریا کین - خشک اور ہمدار کھانسی جس کے بعد سوزش ہو۔ سانس کی نالیوں کی کھانسی جنجرہ اور چھاتی کے اوپر کے حصہ میں خرخراہٹ۔ رات کے وقت جگادے اس وقت تک نہ بند ہو جب تک بیٹھے نہ اور ہوا نہ خارج ہو۔

کیپسیکم - دور دراز حصوں میں درد کے ساتھ کھانسی۔ بدبو دار سانس لوگوں کا کمرہ میں بیٹھنا مشکل کر دے۔ پھیپھڑوں سے گندی ہوا زور سے نکلے۔ ۲۰۰ x طاقت میں ۱۲ سے ۱۵ گھنٹے کے وقفے سے دہرائیے۔

میفائٹس - ہر صبح کھڑکھڑانے والی کھانسی۔ بولنے پر یا اونچی پڑھنے پر کھانسی کھانسی کے ہر دورے پر پیشاب یا پاخانہ خارج ہو جائے۔

ایناکارڈیم - کھانا کھانے کے بعد کھانسی۔ بولنے پر، سونگھنے اور ذائقہ کا جاتے رہنا۔ کھانسی کے ہر دورہ کے بعد مواد کا منہ پر چڑھنا اور قے کا آنا۔

نیٹرم میور - ماتھے میں درد کے ساتھ کھانسی اور بلا ارادہ پیشاب کا خارج ہو جانا۔ جگر کے مقام پر سوئیاں گڑنے جیسا درد کھانسی کے ہمراہ آنسوؤں کا بہنا۔

ایلیم سیپا - کھانسی حنجرہ میں سرسراہٹ کی وجہ سے ہو سرسراہٹ سے نجات پانے کے لئے متواتر کھنکھارنے کا رجحان۔

امونیا کارب - انفلوئنزہ کے بعد کھانسی جب برائی اونیا اور دوسری ادویات ناکام ہو جائیں۔ گلے کے بھر جانے کی وجہ سے کھانسی۔ خون تھوکنا۔ گلے میں سرسراہٹ جیسے کہ گرد و غبار سے ہو۔ کھانسی صبح ۳ بجے ہو۔

ڈروسیرا - کھانے کھانے کے دوران یا بعد میں کھانسی کے دورے۔

کاسٹیکم - زیادہ گہری کھانسی نہ کھانس سکے کہ بلغم کو اکھاڑ دے یا تھوڑی سی اکھڑی ہوئی۔ بلغم حلق میں پھسل جائے نہ کھانسی کے دوران پیشاب خارج ہو جائے۔ کھانسی بول چال اور ٹھنڈے پانی سے زیادہ ہو لیکن ٹھنڈے پانی کے گھونٹ لینے سے افاقہ۔

کوکولس - اونچا بولنے یا دانتوں میں برش کرنے پر کھانسی اور قے۔

کیوپرم میٹ - ٹھنڈی ہوا میں سانس لینے سے کھانسی لیکن ٹھنڈا پانی پینے پر کھانسی رک جائے۔ کھانسی گلے میں قلقل کی آواز کے ساتھ جیسے کہ بوتل میں سے پانی باہر انڈیلا جائے۔

سیلیشیا - بیہوش کرنے والی کھانسی خطرناک مواد تھوکنا جو گولی دار زرد یا سبز اور پانی کی تہہ میں بیٹھ جائے اور بہت گندی بو آئے۔

چیلیڈونیم - ہوائی نالیوں میں گرد و غبار کے احساس کی وجہ سے کھانسی۔

اکٹیا ریسیموسا - خشک پھاڑنے والی کھانسی رات کے وقت اور ہر بار بولنے کی خواہش پر زیادتی۔

اکالیفا انڈیکا - شدید خشک کھانسی جس کے بعد خونی بلغم خارج ہو۔ کھانسی شدید رات کے وقت۔

کوریلیم رب - بچے اپنا سانس گنوا دیں یا بچوں کو سانس نہ آئے ان کے چہرے زرد اور سیاہ ہو جائیں۔ سانس کے لئے منہ کھولیں جس کے بعد قے ہو جائے۔ ہوا کے راستوں میں برف جیسی ٹھنڈک۔ اعصابی اور باریک و مہین کھانسی۔

سائم آئیوڈائیڈ ۳x
سٹیفسگیریا ۳۰x } تمباکو نوشوں کی کھانسی

سنیگا - جب کھانسی کا خاتمہ چھینکوں پر ہو۔

ٹیرنٹولا ایچ - کھانسی جسے کو تمباکو نوشی سے افاقہ ہو۔ رات کے وقت لیٹنے پر خشک کھانسی اور صبح کے وقت اٹھنے پر چھاتی میں پھاڑنے والے درد کے ساتھ کھانسی۔

ٹرائفولیم پی - کھانسی جس کے بعد ہچکی لگے۔

نیفتھلینم - دم گھٹنے والی کھانسی۔ سانس لینے کے ناقابل بعض اوقات اتنی شدید کہ پسینہ آجائے۔

انٹم ٹارٹ - جب بچہ ناراض ہو جائے، ادل بدل کر کھانسنے اور جمائیاں لے۔
کروٹن ٹگ - جب ایگزیما کے دبنے کی وجہ سے کھانسی ہو۔ یہ دوائی کھانسی اور پھوڑے پھنسی کے ادل بدل کر آنے کے لئے یعنی جب کھانسی ختم ہو جائے تو پھنسیاں ہوں اور جب پھنسیاں غائب ہو جائیں تو کھانسی ہو۔ دورے والی کھانسی جو آدھی رات کو مریض کو گہری نیند سے جگا دے۔
یوفریزیا - بعض اوقات خشک کھانسی لیکن عموماً ڈھیلی ڈھالی، دن کے وقت زیادہ رات کو تکلیف نہ دے۔ خون کے بہاؤ کے رک جانے پر کھانسی۔
لیکیسو کا - دورے دار کھانسی، دم گھٹنے کے احساس کے ہمراہ۔
ٹیوبرکولینیم بو - نوجوان لڑکیوں میں کھانسی حیض دب جانے کی وجہ سے۔
سکوئلا - خشک سخت کھانسی - چھینکوں کے ہمراہ۔ کھانستے وقت پیشاب خارج ہو جائے کھانسی کے ساتھ تنگی تنفس کافی زیادہ نمکین، لیسدار بلغم کا اخراج۔
ریومیکس - کھانستے وقت پیشاب خارج ہو جائے۔ خشک متواتر تنگ کرنے والی کھانسی ہوا کی تبدیلی سے زیادتی یا کمرہ کی تبدیلی سے زیادہ، گلے کے گڑھے کو چھونے یا دبانے سے زیادتی۔
میننگنم - لیٹنے سے کھانسی کو افاقہ اور ہڈیوں کا احساس ہونا۔
انٹم کروڈ - آگ کو دیکھنے سے کھانسی میں زیادتی۔
کوکس کیکٹائی - کھانسی گاڑھی لیسدار بلغم کے ہمراہ - یہ گرمی کے آخری مہینوں میں شروع ہوتی ہے - اور ساری سردیوں میں رہتی ہے - یہ ٹھنڈے موسم میں آتی ہے لیکن حقیقتاً یہ ٹھنڈے مشروبات اور ٹھنڈی ہوا سے کم ہوتی ہے - یہ گرم کمرے اور گرم مشروبات سے زیادہ ہوتی ہے - گلے میں سرسراہٹ - دورے دار کھانسی - کالی کھانسی، شرابیوں کی کھانسی۔
بروسیم - گرم کمرے میں کھانسی، یہ گرد وغبار والی چیزوں کے استعمال سے زیادہ ہو جاتی ہے۔
بریٹا کارب - حنجرہ میں اور ہوا کی نالی میں ہیجان کی وجہ سے کھانسی جس کو پیٹ کے بل لیٹنے سے افاقہ ہو۔
انٹم ٹارٹ - چھوٹی چیچک کے نتیجے کے طور پر کھانسی۔

آرم ٹرائفلم ۔ کھانسی چھاتی میں دکھن کے احساس کے ساتھ پھیپھڑے دکھیں۔ سانس کی نالی اور سانس کی بڑی نالیوں میں جلن۔

امبر گریسیا ۔ جب زیادہ لوگ ہوں تو کھانسی زیادہ ہو اور اعصابی مریضوں میں بھی ۔ گانے سے زیادتی ، کھانسی جس میں بعد میں معدہ سے ڈکار آئیں ۔ دوسری ادویات ایسڈ سلف ۔ آرنیکا ، سیگونیا ۔ اور ورسیٹرم البم ۔

ایریلیا ریسموسا ۔ تھوڑی سی نیند لینے کے بعد رات کے وقت کی کھانسی ، کھانسی کے دورے کے دوران لیٹنے سے زیادتی ، لیٹنے کے فوراً بعد بھی یا عام طور آدھی رات سے پہلے ۔

بسمتھ ۔ کھانسی جب معدہ خالی ہو ۔

امونیا آرسینکم ۔ خون آمیز بلغم کے ساتھ کھانسی بلغم بدبودار ۔ پیپ دار ، میٹھے ذائقہ والی سخت ، زرد ، دمہ والی کھانسی رات کے وقت ۔ چھوٹی بے قاعدہ کھانسی ۔ دم گھٹنے والی ۔

دِل کی خرابی کی وجہ سے کھانسی

ہائیڈروسائنک ایسڈ ۔ یہ چوٹی کی دوائی ہے ، سب سے پہلے یہ آزمانی چاہیے ۔

ڈیجیٹیلیس ۔ کھانسی جس میں سانس مشکل سے آئے ۔ نبض بے قاعدہ اور وقفہ دار ۔ چہرہ مُردوں جیسا زرد ۔

سپونجیا ۔ خشک بھونکنے والی کھانسی ۔ گلے میں ڈاٹ لگنے کا احساس ۔ حنجرہ میں سرسراہٹ ناچا ۔ گلے سے سانس لینا دم گھٹنے کے ہمراہ ۔ دل کی تکلیف کی وجہ سے پُرہیجان کھانسی لیس دار یا چپکنے والا بلغمی مواد اور تھوک ۔

آرم میور ۔ دل کی وجہ سے کھانسی ۔

آکزالک ایسڈ ۔ تھوڑی سی مشقت سے دِل کی خرابی والی کھانسی ۔ حنجرہ میں رکاوٹ کا احساس ۔

کالی کھانسی

پرٹوسین ۔ یہ ایک نوسود ہے کالی کھانسی کی ابتداء میں دی جانی چاہیے ۔ اگر کیسوں میں اس کی

ایک خوراک کالی کھانسی کو درست کر سکتی ہے یا اس کے وقت کو کم کر سکتی ہے۔

ڈروسیرا - یہ کالی کھانسی کے لئے تقریباً مخصوص دوائی ہے۔ اس کی ۳۰x طاقت دی جانی چاہیئے۔ چار روز کے بعد دوہرائی جائے۔ کچھ طبیب خیال کرتے ہیں کہ اس کی ۲ طاقت میں دو دو قطرے تین گھنٹے کے وقفہ سے دینے چاہئیں۔ کھانسی کے دورے بار بار آئیں اور مریض کو سانس لینے کا موقع بھی نہ دیں۔ اس کے بعد جی متلائے اور قے ہو۔ کھانسی بلیٹھی ہوئی آواز کے ساتھ۔ سانس لینے کی داخلی مختلف سوراخوں مثلاً ناک۔ گلا اور حنجرہ سے خون جاری ہو۔

بیلاڈونا - کالی کھانسی کے ابتداء میں۔ خشک کھانسی نصف گھنٹہ یا اسی وقفہ سے تین یا چار لہروں میں ایک وقت میں چہرہ سُرخ ہو جائے۔ بعد میں ناک سے خون بہے۔

کالی کارب - جب ڈروسیرا ناکام ہو جائے تو یہ ایک مخصوص دوائی ہے۔ اس دوائی کا مخصوص نشان اوپر کے پپوٹے اور ابرو کے درمیان تھیلے کی مانند سوزش۔

فاسفورس - بعد کی حالتوں میں جب خطرناک نتائج کی توقع ہو۔ گاڑھی۔ زنگ کے رنگ کی یا سُرخ چمکدار جھاگ دار۔ بلغم۔ گلا بیٹھا ہوا۔ آواز جاتی رہے اور سرسراہٹ۔

ایپکاک - جب قے کے ہمراہ شدید کھانسی ہو۔ یہ اتنی شدید ہوتی ہے کہ بچہ کا چہرہ نیلا ہو جاتا ہے۔ چمکدار بلغم کا بہت زیادہ اخراج۔

میفائیٹس - سخت کالی کھانسی تشنجی دوروں کے ہمراہ جس کی زیادتی رات کے وقت اور لیٹے ہونے کی صورت میں ہو۔ دم گھٹنے کا احساس۔ بچہ سانس باہر نہ نکال سکے۔ بعض اوقات بعد میں اینٹھن ہو۔ چھاتی کے اوپر کے حصہ میں بلغم کھڑکھڑائے (بعض اوقات یہ دوائی دینے سے تکلیف زیادہ ہو جاتی ہے لیکن حقیقت میں بیماری کا دور گھٹ جاتا ہے) شدید کھانسی جیسے کہ ہر دورہ مریض کی زندگی ختم کر دے گا۔ زکام کی علامات نہ ہوں۔ بلغم کا اخراج بہت ہی معمولی یا بالکل ہی نہ ہو۔

کوریلم رث - شدید کھانسی۔ بچے اپنا سانس نہ لے سکے۔ ان کے چہرے زرد اور سیاہ پڑ جائیں۔ سانس کے لیے تڑپیں۔ قے بھی ہو سکتی ہے۔ ہوا کی نالیوں کی برف کی طرح کی ٹھنڈک۔

اعصابی اور چھوٹی بندوق کی طرح کی کھانسی ۔ سانس لینے پر ہوا ٹھنڈی معلوم ہو۔ کھانسی سے پہلے دم گھٹنا اس کی نمایاں نشانی ہے ۔

کیوپرم میٹ ۔ سانس کے رک جانے یا دب جانے سے کھانسی۔ چہرے کا نیلا پن اور قے ہو۔ انگلیوں کے ناخن بے رنگ آنکھیں اوپر کو الٹ جائیں بچہ کھانستا ہے حتیٰ کہ اس کا سانس اکھڑ جاتا ہے اور بیہوشی کی حالت میں لیٹ ہے۔ کھانسی جو ٹھنڈی ہوا سے پیدا ہو اور ٹھنڈے پانی سے افاقہ ہو۔ کھانسی کا شدید دورہ جس کو ٹھنڈا پانی پینے سے آفاقہ ہو۔ مریض کو اینٹھن ہوسکتی ہے ۔ انگوٹھے اور مٹھیوں کو بھینچ لے ۔

اٹیم سیپیا ۔ بچوں میں قے ۔ بد ہضمی ۔ گیس اور بدبودار گیس کے اخراج کے ہمراہ کالی کھانسی ۔

کوکس کیکٹائی ۔ کالی کھانسی صبح کے وقت زیادتی جس کا خاتمہ ریسوں جیسی صاف بلغم کے اخراج جو منہ میں تاروں سے لٹکتی ہوئی محسوس ہو۔ کالی بائی بھی تاردار بلغم رکھتی ہے لیکن اس میں مواد زرد ہوتا ہے اور کوکس کیکٹائی کی طرح شفاف نہیں ہوتا ۔

سنیگا ۔ شام کے قریب کھانسی میں انڈے کی سفیدی کی طرح کی سخت شفاف بلغم کا اخراج ۔ مریض کچل دینے والا وزن چھاتی پر محسوس کرے ۔

نیٹرم میور ۔ جب کالی کھانسی میں آنسو بھی ہمراہ ہوں ۔

نیفتھالین ۔ دم گھٹنے والی کھانسی ۔ سانس لینے کے ناقابل ۔ بعض اوقات اتنی شدید کہ پسینہ آجائے ۔ کھانسی کے حملے اچانک ہوں اور کافی دیر تک رہیں ، گلے میں تنگی بہت نمایاں ہوتی ہے ۔ (عورتوں میں کسی سبب کی وجہ سے کھانسی)

ٹیرنٹولا کیوبنیز ۔ کالی کھانسی کے لئے بہترین دوائی ہے جو مریض کو حصوں میں یا چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں بانٹ دے ۔

عورتوں میں بغیر اختیار کے کھانسی ۔

سینشوا رنیس ۔ حیض کے دب جانے کی وجہ سے کھانسی ۔

سیپیا۔ جب کھانسی پیڑو میں سے اٹھتی ہوئی معلوم ہو۔ نمکین ذائقہ کی بلغم کا اخراج ۔

ملی فولیم ۔حیض کے دب جانے یا خون کے اخراج کے دب جانے سے کھانسی ۔

اکیٹیا ریسموسا۔ خشک تھکا دینے والی کھانسی جو رات کے وقت زیادہ ہو پرائیوٹ حصے بہت ہی حساس ہوں ۔


امبر گریسیا ۔ رحم کی کمزوری کی وجہ سے جب تھوڑے سے بھی جذبات کھانسی اور حیض کو بڑھا دیں۔

ایپس میل ۔ بالغ ہونے پر ہونے والی کھانسی ۔ دائیں طرف کی بچہ دانی کی حساسیت کی وجہ سے

وائبرنم اپولس ۔ حمل کے دوران میں کھانسی جو اسقاط حمل کا باعث بن سکتی ہو۔ یہ دوائی اسقاط حمل کو روک دیتی ہے ۔

کالی بائیکرومیکم ۔ حمل کے دوران میں کھانسی ۔

میڈورنیم ۔ سوزاک کے ہمراہ یا سوزاک کی وجہ سے یا پرانے سوزاک کی وجہ سے ۔



آٹھواں ۸

باب

دِل اور خُون کی نالیوں کی بیماریاں

خون کی نالیوں کی پھیلاوٹ

بریٹاکارب ۔ کافی دیر تک رہنے والی شدید دل کی دھڑکن جو بائیں طرف لیٹنے سے ہو اور چھوٹے چھوٹے سانسوں کے ہمراہ ۔ چھاتی میں بھراؤ خاص طور پر اوپر چڑھتے وقت ۔ چھاتی میں سانس لیتے وقت سوئیاں چبھنے کا احساس و تکلیف، کمر میں تپکن و شدید کمزوری جیسے کہ دورانِ خون رُک گیا ہو ۔ یہ مندرجہ ذیل ادویات پایۂ تکمیل تک پہنچانے والی ہے تاکہ مکمل شفاء ہو جائے ۔

کاربوانیملس ۔ سینے کی خون کی پھیلاوٹ آواز جاتی رہے ۔ تیز سوئیاں چبھنے والی جیسی جلن دار درد چھاتی میں جو چلنے پر زیادہ ہو ۔ ایک ایم طاقت میں دیجئے ۔

لائیکوپوڈیم ۔ خون کی نالیوں کی پھیلاوٹ، گوشت کی کمی کے ہمراہ، ہونٹ دُکھیں یا درد کریں ۔ گیس اور قبض کا رجحان ۔

دردِ دل

امائیل نائٹریٹ ۔ حادحملوں میں جب دل کا فعل تیز اور ہنگامہ خیز ہو ۔ سر کے گرد پٹی بندھی ہونے کا احساس دل کے گرد سکڑن ۔ دبی ہوئی سانس ۔ چہرہ پر خون ۔ بازوؤں کی کمزوری اور کانپنا ۔ پریشان اور تشویش ۔

دِل کا پھڑ پھڑانا ۔ دِل کی دھڑکن اور کمزوری

گلونائن ۔ جب سارے جسم پر تپکن محسوس ہو ۔ تکلیف دل کی طرف نکلتی ہوئی معلوم ہو ۔ سانس مشکل سے لے دل کے پھڑکنے کے ساتھ ۔

کریٹیگس ۔ اچانک اور شدید درد چھاتی کے بائیں طرف دل سے نکلتی ہوئی اور بائیں بازو

مایوس اور موت سے ڈرے ۔ کھانا کھانے کے بعد فوراً یا پانی کے ہمراہ مدر ٹنکچر کے پانچ قطرے فی خوراک ۔ دل کی تمام تکالیف کے چوٹی کی دوائی ہے ۔

لیکسس ۔ غش کے ہمراہ اینٹھن دار دردیں ۔ دل کی دھڑکن اور معمولی سے پریشانی سے بھی گھٹن ۔ محسوس کرے کہ دل ایک دھاگے سے لٹکا ہے اور ہر دھڑکن اسے پھاڑے دل کے حصہ میں سوئیاں چبھنے جیسی دردیں ۔

ناجا ۔ دل کے حصہ سے گدی تک پھیلتی ہوئی درد ۔ بائیں کندھے اور بازو میں پریشانی اور موت کے ڈر کے ساتھ ۔ دل کا پھڑ پھڑانا ۔ اور دل کی دھڑکن ۔ نبض سست اور بے قاعدہ ۔

اکونائٹ ۔ ایک کارآمد دل کی دوائی جب ذہنی پریشانی ۔ موت کا خوف ۔ دباؤ اور دل کی دھڑکن ۔ بائیں بازو کا سُن ہونا ۔ انگلیوں میں جھنجھناہٹ ۔

آرسنیکم البم ۔ دل کی تکلیف کے لیے اچھی دوائی ہے ۔ شدید اور ناقابل برداشت دل کی تپکن ۔ خاص طور پر جب پیٹھ کے بل لیٹا ہو ۔ ۱۲ بجے شب کے بعد ۔ دل کی چربیلی تنزلی ۔ دل کے پردوں میں پانی آجانا ۔ بے چینی ۔ استسقاء ۔

سپائیجیلیا ۔ دل کی دھڑکن اور دل میں تیز سوئیاں چبھیں ۔ نبض کمزور اور بے قاعدہ بھرپور اُچھلتی ہوئی حرکت سے زیادتی ۔

میگنیشیا فاس ۔ یہ دل کی درد کے حملوں کو کم کرتا ہے اور درد سے نجات دلاتا ہے ۔ ۶ x طاقت میں گرم پانی کے ہمراہ دیجئے ! ۔

سمی سی فیوگا ۔ جب دل کا فعل اچانک رُک جائے تو شدید دردیں ۔ مریض بیہوش ہو جاتا ہے ۔ نبض کمزور اور باریک ۔

شریانوں کی دیواروں کی سختی

بریٹا میور ۔ جب خون کی بڑی نالیاں اور اورطہ ملوث ہو تو چوٹی کی دوائی ہے ۔ رات کو لیٹنے پر شدید سر درد ۔

آرنیکا مانٹ - دماغ کی شریانوں کی دیواروں کی سختی - بوڑھے لوگوں کے چکر - خون کے اخراج کا رجحان -

پلمبم - بلڈ پریشر اور شریانوں کی دیواروں کی سختی - تار کی طرح باریک نبض - مزمن ورم گردہ -

آرم میور - دل کا حد سے زیادہ بڑھ جانا - چھاتی اور سر میں اجتماع خون - دل کی شدید دھڑکن - سر کی شریانوں کے لیے خاص لگاؤ رکھتی ہے -

آرم میٹ - دل کی درد مزمن گنٹھیے کی وجہ سے جو ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ تک آوارہ پھرے - حرکت پر دل ہلتا ہوا معلوم ہو اور دل کی دھڑکن جو اسے ٹھہرنے پر مجبور کرے -

ارگوٹین - شروع شروع میں جب شریانوں کی دیواریں سخت ہو جائیں - جب دل کا ہیجان اور دل کی سخت آواز ظاہر ہو - شریانوں کی دیواروں کی سختی اور سیاہی اور نالیوں کی تشنجی سکڑن سختی کے ساتھ -

سٹرنٹیتھس - بڑھاپے میں شریانوں کی دیواریں سخت ہو جائیں - چربی کا شریانوں میں چربی کا جم - مرمت نہ کر سکنا - قطروں کے اکٹھے ہونے کا رجحان -

ایڈرینالین - شریانوں کا تناؤ سے بلڈ پریشر - ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے کانوں میں گرج -

آرسینکم آئیوڈ - ہر قسم کی دل کی بیماریوں کے لئے خاص دوائی ہے - نبض دھیمی دل کی دھڑکن کے ساتھ - سانس پھولی ہوئی - سیڑھی نہ چڑھ سکے - منزل والوز کی خرابی منزل کی سکڑن درد دل کے ساتھ - 3x طاقت میں دن میں دو دفعہ کھانا کھانے کے نصف بعد دوسری ادویات کے ہمراہ یہ دوائی ہمیشہ دل کی تمام بیماریوں میں دوسری علامتی ادویات کے ہمراہ دی جانی چاہئے -

سپائیجیلیا - ایک اور بہت مشہور یا ضروری دوائی دل کی سوزش کے لئے جس میں دل کی اندرونی اور بیرونی جھلیاں متاثر ہو چکی ہوں - منزل والو کی کمی شراب نوشی کی سے اس دوائی کی نمایاں علامت ہے - آنکھوں کے آگے شرارے ہوتی ہے - دل میں تکلیف یا درد سر چکرانا سر میں آوازیں آئیں - شدید اعصابیت - گلے میں رکاوٹ کا احساس - سو نہ سکنا -

ہائی بلڈ پریشر
شریانوں کی جلد کی سختی بھی دیکھیے۔

لیکسس - ہائی بلڈ پریشر کے لیے چوٹی کی دوائی ہے۔ مریض صبح جاگنے پر زیادہ بری حالت محسوس کرتا ہے۔ نیند کے دوران زیادتی - بے چینی - فٹ کپڑے نہیں پہن سکتا۔ ان کو ڈھیلے کرنا چاہتا ہے جب پہلے اکثر کیسوں میں یہ دی جانی چاہیے۔ ایک ایم طاقت میں دیجیے۔

آرم میٹ - جب غصّے کے دبنے یا ناراضگی کی وجہ بہت زیادہ حساس - سر میں گرج، چکر، شدید سر درد - موت کا خوف - دل کی دھڑکن - ناامیدی اور مایوسی۔

اکونائیٹ - دل کی دھڑکن - بہت پریشانی جسم کی گرمی - دل کے حصہ میں بھالا لگنے جیسے درد - جھنجھناہٹ کے ساتھ بیہوشی - نبض بھرپور، مضبوط اور سخت۔

ایلیم سٹائیوا - ایلیم جسیم یا موٹے تازے مریضوں کے لیے موزوں ہے جو بہت زیادہ خوراک کھائیں، خاص طور پر سبزی خور نہ ہو - خون کی نالیوں کو پھیلاتے والی خصوصیات رکھتی ہے۔ بلڈ پریشر عام طور پر ۳۰ سے ۴۵ منٹ کے بعد ۲۰ سے ۴۰ قطرے مدر ٹنکچر کے استعمال کرنے لگتے ہیں۔

سٹروفینتھس - بوڑھے لوگوں میں دل کی تکالیف جن کو گردے کی بیماریاں ہوں پھیلا ہوا دل سخت شریانوں کے ساتھ پیشاب کافی مقدار میں۔ دل سکڑنے کو بڑھا دیتا ہے اور دل کی تیزی کو کم کرتا ہے۔

پلمبم میٹ - جب قبض اور بزدلی ہمراہ ہو۔

نیٹرم میور - مریض جو نمک کے بہت زیادہ شوقین ہوتے ہیں اور بہت زیادہ پشیمان ہوتے ہیں۔ ان کا بلڈ پریشر کم کر دیتی ہے۔ ۲۰۰ طاقت یا بڑی طاقت دیجیے۔

کاربوانیمیلس - ضدی قسم کی سر کی کھوپڑی کا سر درد۔

جلسیمیم - جب بری خبر کی وجہ سے اچانک صدمہ ہو جائے۔ ایک ایم طاقت میں دیجیے۔

اگنیشیا ۔ جب جذبات ۔ ناکام محبت اور غم کے اثرات کی وجہ سے ۲۰۰ طاقت میں دیجئے۔

گلونائین ۔ سستی ۔ کام کرنے کو بالکل جی نہ چاہیئے ۔ لُو کے جلنے پر جوش و ہیجان اور سردرد ۔ سر اور دل کی طرف خون کا زیادہ ہو جانا ۔ تپکن دار دردیں ۔ بھڑ بھڑاتا ہوا دل ۔ قبض اور خارش والی بواسیر ۔

بیریٹا میوریٹکیم ۔ بوڑھے لوگوں میں شریانوں کی دیواروں کی سختی اور دماغ کی بیماریاں چکر اور کانوں میں آوازیں ۔ نبض کا تناؤ ، فالج کے ساتھ جسم بہت ہی ٹھنڈا ۔ شریانوں کا موٹا ہو جانا ۔ بوڑھے لوگوں میں ہوا کی نالیوں کی تکالیف اور دل کا بڑھ جانا ۔

ورٹیرم ورائیڈ ۔ پُرخون کثرت دم والے لڑاکے آدمی ۔ کمزوری نبض سخت پُرخون علامات کے ساتھ ۔

بیلاڈونا ۔ دل کی شدّید دھڑکن ۔ سر میں گونج دار آوازیں تکلیف دہ سانس کے ہمراہ ۔ تھوڑی سی بھی محنت سے دل کی دھڑکن ۔ تمام جسم میں تپکن ۔ جلد پُرخون اور گرم پریشانی یا ڈر ۔ پیاس نہ ہو ۔ بائیں جانب یا پیچھے کی طرف گرنے کا ساتھ چکر ۔ چھونے سے شور سے ، بے ہنگم آواز اور نیچے لیٹنے سے زیادتی ۔

آرسینکم البم ۔ بے چینی کے ہمراہ ، آنکھوں اور پاؤں کا سوج جانا ۔ سانس لینے میں مشکل رات کے وقت لیٹنے پر دم گھٹے ۔ سیڑھیوں پر چڑھنے سے زیادتی ۔

تھوجا ۔ ہائی بلڈ پریشر خاص طور پہ کمزور شریانی دیواروں کے ہمراہ ۔ ذاتی اور خاندانی تاریخ وریدوں میں خون کے لوتھڑے ظاہر کرے ۔

ایڈرینالین ۔ شریانوں کا بہت اونچا بلڈ پریشر ۔ کانوں میں گونج ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے ۔

لائیکوپوڈیم ۔ زود رنج لوگوں میں جو یورک ایسڈ کی تکلیف میں مبتلا ہونے کا رجحان رکھتے ہوں ، جو جلد پر جگر کے رنگ کے دھبے رکھتے ہوں ۔ مٹھائیوں کی زبردست خواہش ۔ گھومتی ہوئی گیس پیٹ میں جو ۴ اور ۸ بجے کے دوران زیادتی ہو یا صبح سویرے ۔ حرکت سے افاقہ ۔

نیٹرم میور - نمک کی زبردست خواہش۔ گرم موسم میں بے ہوش ہو جائے۔
چائنا آفیشیلس - چکر۔ بیہوشی۔ دل کا اُچھلنا کودنا۔ جو بھی چیز کھائے گیس میں تبدیل ہو جائے اور اوپر نیچے نہ ہو۔ کانوں میں آوازیں۔ رطوبات زندگی کا بہت زیادہ اخراج اور کمی۔
سیپیا۔ آنکھوں کے نیچے زردی مائل گہرے حلقے۔ تمام جسم میں دھڑکن۔ کھٹی چیزوں کی خواہش۔ شدید مشقت سے کمی۔ دوپہر کے کھانے کے بعد شکم کا اوپر کا حصّہ بالکل خالی معلوم ہو۔ جگر کے دھبے۔ زندگی اور اپنے محبوبوں سے لاپرواہ۔
کاربو ویج - ناطاقتی۔ پیٹ کے اوپر والے حصّہ میں گیس بھری ہو۔
ٹیوبر کولینم - یہ ان لوگوں میں بطور عمل انگیز دوائی کام کرتی ہے جو اپنی صحت کو کھو رہے ہوں
کلکیریا فاس - یہ تھکے ہوئے نوجوانوں میں متاثر ہوتی ہے تیزی سے بڑھنے والے نوجوانوں میں۔
وکم ایلبم - نبض سُست اور کمزور۔ جوڑوں کا درد اور درد گنٹھیا۔ اعصابی درد اور لنگڑی کا درد۔ ڈاٹ لگنے کا احساس۔ مستقل چکر۔ دل پر وزن اور دباؤ جیسے کہ بھینچا جا رہا ہو۔ لیٹنے کے نااہل۔ سردیوں اور ٹھنڈے طوفانی موسم زیادتی تکلیف۔
جلیسیم - دل کی بے قاعدہ دھڑکن۔ دل کی دھڑکن۔ نبض بے قاعدہ۔ نرم کمزور۔ دم گھٹے۔ پھیپھڑوں کا فالج۔

شریانوں میں خون کے لوتھڑوں کا جم جانا

مرکیورس - دل کی کمزوری۔ جیسے کہ مر رہا ہو۔ کانپتے ہوئے دل کے ساتھ جلگے اور ہلچل جیسے کہ ڈرا ہوا ہو۔ دل کی چوٹی پر درد جو اوپر کی طرف بڑھے۔ دل کا دباؤ۔ ڈر کے ساتھ دل کی دھڑکن۔ رات کے وقت یا تھوڑی سی محنت کے ساتھ زیادتی کھانسی کے ہمراہ اور خونی بلغم کا اخراج کے ہمراہ
میڈورنیم - سانس لینے میں دقت چھاتی میں دباؤ کی وجہ سے دِل کا پھڑپھڑانا اور ٹیکن دار درد درد دِل۔ حاد۔ تیز۔ دھیمی دل کی چوٹی پر تیز درد۔ حرکت پر زیادتی۔ دل میں جلن

جو بیٹھے اور بائیں بازو تک جائے۔

لائیکوپوڈیم ۔ دل کی دھڑکن، خصوصاً بستر میں بھی رات کے وقت بستر میں پریشان پہلو بدلنے پر۔ کھانا کھانے کے بعد زیادتی ہضم ہونے کے اور دوران زیادتی۔ دل کا عمل دبا ہوا اور غیر واضح۔ پیشاب میں البیومن کا اخراج۔ چھاتی میں اینٹھن اور گھٹن۔ سانس نہ لے سکے۔ چھوٹی پسلیوں کو سانس کی وجہ سے سوئی لگنے جیسی تکلیف ہو۔

للیم ٹگرینم ۔ احساس جیسے کہ دل مضبوطی سے پکڑا ہوا ہو یا بانک (لوہاروں کا ایک اوزار جس میں چیزوں کو مضبوطی سے کسا یا پکڑا جاتا ہے)۔ میں بھینچا جا رہا ہو۔ جیسے کہ تمام خون دل کی طرف چلا گیا ہے۔ دہرا ہونیکا احساس پیدا ہو۔ سیدھا چلنے کے نااہل ہو، دل جیسے کہ زبردست پکڑ میں اور تب اچانک چھوڑ دیا جائے اول بدل کر گھٹن میں دل میں تکلیف تقریباً۔ متواتر کھانا کھانے سے زیادتی خواہ کتنا ہی کم کیوں نہ کھایا جائے۔ اکثر اوقات دل کی دھڑکن اور تشویش۔

آرنیکا ۔ رات کے وقت ڈرے۔ اچانک موت کا ڈر۔ صدمہ۔ جسم کے اوپر دکھن دار رگڑیں جسم پر۔ ناراضگی آرنیکا کی نمایاں علامت ہے۔ جسم سرد اور سر گرم۔ آرنیکا دل کی شریانوں کی امراض کے لئے بہت مفید ہے۔ مریض علیحدہ چھوڑ دیا جانا پسند کرے۔ غمگین، چڑچڑا۔ اُداس۔ ڈرنے والا۔ آسانی سے ڈر جانے والا۔ ہر قسم کی چیزوں کا تصور کرے۔ رات کے وقت دہشت زدہ۔ اچانک موت کا ڈر اکثر رات آئے۔ بے چین۔ سخت گھٹن زیادہ کام کرنے یا تھک جانے پر۔ آرنیکا متاثرہ حصوں کو آرام دے دیگا اور علاج کر دے گا۔

سیکل کار ۔ سیکل میں بازوؤں اور ٹانگوں کا سُن ہونا اور ٹھنڈے ہونا پایا جاتا ہے۔ دل میں درد اور چھاتی میں سوراخ کرنے والا درد۔ سینے میں دُکھن۔

دل کی جھلی کی سوزش

اکونائیٹ این ۔ چھاتی میں سوئی گڑنے جیسی تکلیف۔ پریشانی۔ بے چینی اور بخار۔

سپائیجیلیا۔ دل کے حصہ سے تیز باہر کی طرف جانے والی تکلیف دل کی دھڑکن اور بے چینی کے ہمراہ۔
لیکسس ۔ دل کے حصہ میں پھوڑے کی طرح کی درد میں۔
کالمیا لیٹی فولیا۔ جب جوڑوں کی دردوں کے ہمراہ جگہ بدلنے والی تکلیف۔
گن پوڈر۔ خون گندہ ہونے کی صورت میں یا خون زہریلا ہونے کی صورت میں ۳- ایکس طاقت میں دیجئے۔
ناجا۔ والوز کے متاثر ہونے کی صورت میں حاد حالت کے بعد

دِل کی عام بیماریاں۔

ڈیجیٹیلس۔ نبض بھرپور۔ بے قاعدہ۔ آغاز میں بہت سُست اور کمزور۔ ہر تیسری پانچویں یا ساتویں سٹروک وقفہ دار یہ احساس کہ دل حرکت کرنا بند کر دے گا، اگر وہ چلی۔ استقساء یا جلودھر دل کی بیماریوں کی وجہ سے۔ بھاری سانس جو لیٹنے پر زیادہ ہوں۔ دل خون کی کمی کے ہمراہ ڈھیلا ڈھالا۔ سُست تھکا ماندہ۔ بے ہوش۔ سخت تھکاوٹ اور شدید کمزوری۔ دہشت ناک خواب اور معدہ بیٹھنا۔ سونے سے ڈرنے کہ اس سے دم گھٹ جائے گا۔

سٹروفنیتھس۔ کھلے دِل کے لئے دل کی دھڑکن اور کمی خون کے لئے شراب۔ تمباکو اور چائے نوشی کی وجہ سے دل کا اپنے افعال میں ناکام ہونا۔ تنگی تنفس۔ پھیپھڑوں کی سوزش کے ہمراہ۔ یہ قے، کھانسی، پھیپھڑوں سے خون آنا اور استقساء یا جلودر اگر دِل کی تکالیف کی وجہ سے یا دل کی تکالیف ہمراہ ہو۔ دل کی اپنے افعال سرانجام دینے کی نا اہلیت بغیر گھٹن کے۔

لاروسیرو کیسس۔ ڈیجیٹیلیس کے غلط استعمال کیوجہ سے دل کا فیل ہو جانا۔

کالنسونیا۔ دِل کی بیماریاں۔ بیہوشی کے حملے۔ دباؤ۔ مشکل سے سانس لے، خونی بواسیر کے ہمراہ۔ جب خونی بہنا رک جائے تو دل کی تکالیف ظاہر ہوں۔

ایپوسائینم۔ دِل کی بیماریوں کی وجہ سے استقساء یا جلودر۔

لائیکوپس ورج ۔ دل کی دھڑکن۔ نبض سُست، اونچائی پر چڑھنا مشکل۔ جیسے کہ سیڑھیوں پر چڑھنا وغیرہ۔

کیکٹس گرینڈی - دردِ دل۔ گھٹن اور دل کی عام کمزوری اور لاغری کے ساتھ، احساس جیسے کہ دل لوہے کے کڑے یا پھندے میں تنگ سے تنگ تر کسا جا رہا ہے۔ دل کا سکڑاؤ اور گھٹن سر میں خون کا شدید دورہ - بازو، ٹانگوں میں ٹھنڈک کا شدید احساس۔ چھاتی دل اور جسم میں خون کی غیر متوازن حرکت۔ دل کے کام کرنے کی نااہلیت گھٹن کے ہمراہ۔

لوبوسٹا - دل بہت بڑا محسوس ہو۔ چھاتی میں دباؤ کے ہمراہ کھانا کھانے کے بعد دل کی دھڑکن یا حیض کے دوران میں دل کی دھڑکن۔ ان تکالیف کے ہمراہ دماغ میں گبھراہٹ، سر درد سر کے بڑا ہونے اور سوجے ہوئے ہونے کا احساس۔

جیلسیمیم - دل کے پٹھوں کی کمزوری اس احساس کے ہمراہ کہ دل کی دھڑکن رک جائے گی۔ نیند سے مریض اچانک اٹھ بیٹھتا ہے اس احساس کے ساتھ کہ دل کی دھڑکن رک جائے گی۔ حرکت میں رہے ورنہ دل رک جائے گا۔ نبض شاذونادر، نرم، کمزور اور تقریباً نامعلوم۔

گرانڈولیا - دل اور پھیپھڑوں کی کمزوری۔ جب مریض سو جائے تو اس احساس کے ساتھ اٹھے کہ سانس رک چکا ہے۔

میگنولیا - چھاتی کا دباؤ، پھیپھڑوں کا پھیل نہ سکنا۔ کھانا کھانے کے بعد بے چینی کا احساس۔ گھٹن کا احساس جب تیز چلے یا بائیں کروٹ لیٹے، تنگیٔ تنفس۔ دل میں اینٹھن دار درد۔ دردِ دل۔ دل کے غلاف کی سوزش۔ بیہوشی کی رغبت۔ احساس جیسے کہ دل کی دھڑکن رک جائے گی۔ دل میں درد خارش کے ہمراہ۔ گنٹھیا وی دردِ دل۔

سکوٹلی وائرڈسا - کانپنا۔ دل کی دھڑکن۔ احساس جیسے کہ دل کی دھڑکن رک جائیگی۔ بعض اوقات بیہوشی کے احساس کے ساتھ۔

لیکسس - چلنے پر دل کی گھٹن۔ بینگنی رنگ کا چہرہ استسقاء اور بڑھے ہوئے جگر کے ہمراہ۔ نیند اور نیند کے بعد زیادتی۔ سونے سے زیادتی مرض کی وجہ سے ڈرے۔

فاسفورس - دل کی چربیلی تنزلی۔ دل پھیلا ہوا۔ بائیں جانب لیٹنے سے دل کی دھڑکن میں زیادتی۔

گریٹیگس ۔ دل کے فیل ہونے ہی والے عمل کے لئے بہترین دوائی ہے ۔ بیہوشی اور حالتِ نزع یا قریب المرگ ۔ دل کا غیر قدرتی طور پر بڑھ جانا ۔ اور دل کی خون کی رو کنے والی جھلیوں کی بیماریاں ۔ دل کی دھڑکن اور دِل کا جلدی جلدی عمل کرنا ۔ دردِ دل ۔

آرم میٹ ۔ گنٹھیا وی دِل کے لئے بہترین دوائی ہے ۔ جب درد ایک عضو سے دوسرے عضو تک منتقل ہو اور آخر کار دِل میں ٹھہراؤ ہو جائے ۔ یہ دل کی اندرونی جھلیوں پر اثر کرتی ہے ، سُن ہونے کے ہمراہ اور بائیں بازو میں جھنجھناہٹ والی درد ۔ مزمن ورم شاہرگ ۔

آرسینک آئیوڈ ۔ زہر کی وجہ سے دل کے غلاف کی سوزش اور دِل کی استقسائی حالت عام سوزش اور آنکھوں اور پاؤں کی سوزش ۔ دِل بے قاعدہ دھڑکے اور نبض وقفے دار ۔

سکوٹیلیریا ۔ تمباکو نوشی سے دل کمزور ۔

فیرولیس نانا ۔ کمزور اور بغیر آواز کے دل ۔ نبض کمزور اور وقفہ دار اور کمزور ۔ جب اور کوئی تحریک پیدا کرنے والی دوائی کام نہ کرے تو دل کو فیل ہونے سے بچاتی ہے ۔

بیسرس لون ۔ ذہنی کوفت والی اور اینٹھن دار ، دل کی دردیں ۔

لائیکوپوڈیم ۔ کم بلڈ پریشر اور کمزوری کے لئے کھانا کھانے لار یا منہ سے پانی بہے ۔ گیس اور پیٹ پھول جائے یا تن جائے ۔ کمزور دل ، کمزور دورانِ خون ۔ بستر میں بھی دِل کی دھڑکن ۔ کھانا کھانے کے بعد زیادتی ۔

ناجا ۔ منزل والو کی تنگی دِل کی دھڑکن ۔ دل کے درد کے ہمراہ ۔ دل پر درد محسوس ہو ۔ دل کی درد گدی تک ۔ بائیں کندھے بازو تک جائے اور موت کا ڈر ۔ کم دباؤ ۔

کرد کس ۔ قابو نہ پائی جانے والی ہنسی اس احساس کے ساتھ کہ کوئی چیز اچھل رہی یا اُچھلتی ہوئی تکلیف ، سوئی لگنے جیسی تکلیف اور صدمہ جیسے کہ چھاتی میں کچھ اچھل کود رہا ہو ۔

مرک وائیو ۔ دِل کی جھلیوں کی سوزش جو جوڑوں اور دِل کے غلاف ۔ سفید زبان ۔ شدید پسینے کے ہمراہ جس میں رات کے وقت علامات کی زیادتی ہو ۔

اگنیشیا ۔ پریشانی کی وجہ سے دِل کی شدید دھڑکن ۔ ایک ایم طاقت میں دیجئے ۔

تھائیرائیڈنیم - تھائیرائیڈ غدود کے بڑھنے کے ساتھ دل کی تکلیف اور دھڑکن۔ چیت نزلیٹ لیکے۔ اعصابی ہسٹریا اور مرگی کے دوروں کے ساتھ۔ گنٹھیا دی دل بھینچنے والی درد کے ساتھ نیچے نزلیٹ لیکے۔ شدید قسم کا درد دل۔

کاربوویج - بدہضمی کی وجہ سے دل کی تکلیف یا پیٹ کے اوپر والے حصہ میں ہوا کی وجہ سے دل کی تکلیف۔

تھوجا - ٹیکوں کی وجہ سے یا زیادہ ٹیکوں کی وجہ سے دل کی بیماریاں۔

ایرس - تھوڑی سی حرکت پر دل کی دھڑکن یا کوتاہ دمی یا سانس کا نہ آنا۔ نرم اور وقفہ دار نبض۔ بائیں بازو میں تکلیف اور بے حسی۔ چکر۔ ہاتھ اور پاؤں ٹھنڈے۔ گلے میں گھٹن کا احساس۔ اعصابی، رات کے وقت یا صبح کے قریب، علامات کی زیادتی۔

اگزالک ایسڈ - دل کی دھڑکن۔ آواز کے نہ ہونے سے ادل بدل کر آئے۔ کانپنے۔ اینٹھن احساس نہ رہے۔ جسم اور بازوؤں انگلیوں اور ہونٹوں کا سُن ہو جانا۔ دل، حرام مغز اور دماغ کی بیماری کیوجہ بازوؤں کا فالج۔ تمام جسم میں دکھن۔ تھکاوٹ۔ پھاڑنے والی۔ تیر کی طرح نکلنے والی۔ کاٹنے والی شدید دردیں۔ سانس مشکل سے لے۔

ایڈونس ورنیلس - منزل اور اوطی میں خون کی واپسی۔ شاہرگ کی مزمن سوزش۔ دل کی دھڑکن۔ تنگی تنفس۔ چربی کیوجہ سے دل کی جھلیوں کی سوزش۔

ایڈرینالین ۲۰۰ x - دل فیل ہونے کی صورت میں۔

کالمیا۔ ایل با - جب گنٹھیا دل کی طرف جائے تو یہ مفید ہوتی ہے۔ یا جب دل کی تکالیف گنٹھیا کے ہمراہ ہوں۔

کالچیکم - جب کالمیا ایل ناکام ہو جائے تو یہ آزمائی جائے۔

کنوبلیریا - دل کی دھڑکن، ارحم کے حصہ میں دکھن کے ہمراہ۔ آخری علامت کے ہمراہ۔ ڈاکٹر نیش نے دل کے استسقاء کا کامیاب علاج کیا۔ اس دوائی کی ۳۰ x طاقت کے ساتھ۔

کیلمٹس }
ارم } دل کے والوز کی بیماریوں میں سُن ہونیکے ہمراہ اور بائیں بازو میں جھنجھناہٹ کے ساتھ۔

مرکیورس سائنیٹس ۔ دل کی جھلّی کے السر۔ دل کی خطرناک بیماریوں میں دل کے جلدی فیل ہونے کی مفید دوائی ہے۔

لیلیم ٹگریئیم ۔ احساس جیسے کہ دل پکڑا گیا ہو۔ بانہہ میں کس کر کھیلا جا رہا ہو خون دل کی طرف جائے دُہرا ہونے کے ساتھ۔ دل میں تکلیف۔

آرنیکا مانٹ ۔ دل کی شریانوں کی بیماریاں جسم ٹھنڈا اور سرگرم علیحدہ رہنا پسند کرے گا۔ بدمزاج۔ چڑچڑا۔ غمگین۔ ڈرپوک۔ آسانی سے ڈر جائے۔ اچانک رات کے وقت موت کا ڈر۔

سیکل کار۔ دل کا درد۔ خون کا بہت زیادہ دباؤ گھٹن ہونے کے ہمراہ۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے

میڈوریئم ۔ چھاتی پر دباؤ کی وجہ سے مشکل سے سانس ہونے کے ہمراہ۔ دل اِدھر اُدھر پھڑپھڑائے تھوڑی سی ورزش سے بھی دل کی دھڑکن۔ دل میں تیز۔ جلد جلد اور جلن دردیں۔ دل میں جلن۔

دل کا بڑھ جانا

کریٹیگس ۔ دل کے والوز کی نااہلیت کی وجہ سے دل کا بہت بڑھ جانا۔ تنگیٔ تنفس اور استسقاء کے ہمراہ۔

کالمیا لیٹی فولیس ۔ دل کے والوز کی بیماریاں دل کے بڑھنے کے ہمراہ جس کے بعد گنٹھیا کے حملہ کا ڈر ہو یا اس کے ساتھ گھٹیا ہو۔ دل کی دھڑکن اور دل میں تکلیف جو نیچے پیٹھ کے جائے۔

آرنیکا ایم رسٹاکس } جب دل کا بڑھنا والوز کے صدمہ یا چوٹ کے ہمراہ ہو اور یہ زیادہ دیر تک طاقت سے زیادہ کام کرنا جیسے کہ دوڑ لگانا یا کاروباری طور پر تھکے ہوئے لوگوں میں شدید دباؤ کی وجہ سے بڑھ گیا ہو۔ تنگیٔ تنفس۔ سیڑھیاں نہ چڑھ سکے۔ دھواں برداشت نہ کر سکے۔ کمی خون۔

لارڈسیر الس ۔ منرل والوز کی نااہلیت کی وجہ سے دل کا بڑھ جانا۔ سانس لینے کے لئے ہانپے۔ ناطاقتی۔ چلنے پر یا چڑھنے پر بے دم ہو جائے۔

ایبرس - دل کا بڑھ جانا اور پھیلا ہو جانا - دل کا شدید اور تیز عمل، نرم نبض کے ہمراہ تھوڑی سی بھی حرکت یا کام کی زیادتی پر دل کی دھڑکن - ہاتھ اور پاؤں ٹھنڈے - گلے کے بند ہونے کا احساس - دل کے عمل کے رُکنے کا احساس - مدر ٹنکچر کا ایک قطرہ فی خوراک دیجئے!

کیکٹس - شدید دل کی دھڑکن - کمر کے بل لیٹنے پر زیادتی - جوش دلانے پر، حرکت کرنے پر، اچانک اُٹھنے پر یا چلنے پر زیادہ - چہرہ سرخ چُندیا پر سر درد - شریانوں کی ٹپکن - نوجوانوں میں دل کا بڑھ جانا اس کی خاص نشانی ہے -

اکونائٹ این - دل کا سادہ بڑھ جانا بغیر والوز کی بیماری کے - انگلیوں کا سُن ہو جانا اور جھنجھناہٹ (والوز کی تکلیف میں یہ بہت نقصان کر سکتی ہے) -

آرم میٹ - والوز کی تکالیف میں سُن ہونے اور بائیں بازو میں جھنجھناہٹ کے ہمراہ - آرم میٹ چربی والا دل بغیر پھیلاوٹ کے ہوتا ہے -

نیٹرم میور - ہائی بلڈ پریشر دل کے پھیل جانے کے ہمراہ چڑچڑے اور ہمدردی سے نفرت کرنے والے لوگوں میں جو شدید ضبط کرنے والے - اپنی پریشانیوں اور غموں کے متعلق کبھی بات نہ کریں - اس سلسلہ میں معمولی ہمدردی، انہیں ناراض کر دیگی - خاموش غم - جلد زرد چمکیلی -

ورم شریان - شریانوں کی سوزش

کلکیریا کارب - شریانوں کی سوزش

ورم وریدی

ہیما میلس - سادہ اور حاد ورم ورید حساسیت - وریدیں سخت گرہ دار اور تکلیف دہ

پلسٹیلا - جب بچہ کی پیدائش کے بعد - نیلے حصے - دکھن اور ڈنگ لگنے جیسی تکلیف -

ہیپوزنیم - جب پیپ بن چکی ہو -

دھڑکن

اکونائیٹ نیپ - دل کی دھڑکن جو طاقت در ہو - بائیں کندھے اور چھاتی میں درد۔ پریشانی ڈر اور انگلیوں میں جھنجھناہٹ۔

نکس وامیکا - جب بدہضمی کی وجہ سے - کھانا کھانے کے بعد گیس۔

وائپرا - وریدوں کا ورم - متاثرہ بازو کو نیچے لٹکانے سے زیادتی۔ بھڑاؤ - درد اور وریدوں میں پھٹنے کا احساس۔ قبض - کھانا کھانے کے بعد زیادتی۔

الیومن - دائیں طرف لیٹنے سے دھڑکن جو اس دوائی کے لئے خاص اور نمایاں ہے۔

پلسٹیلا - عورتوں میں بدہضمی سے یا سنہرے بالوں والے لوگوں میں - تیزابیت۔ پاخانہ ڈھیلا - ڈھالا۔

کاربوویج - کھانا کھانے کے بعد پیٹ میں بہت زیادہ گیس - ڈکاروں سے افاقہ۔

ماسکس - اعصابی دھڑکن - بیہوشی کے ہمراہ۔

تھائیرائیڈینم - دل کی دھڑکن اور بیہوشی دل کے نہایت تیز عمل کی وجہ سے۔

کریٹیگس - دل کی دھڑکن، دل فیل ہونے کے خطرہ کے ساتھ۔ دل کے حصہ میں درد اور بائیں کندھے کے جوڑ میں درد۔ سانس بہت چھوٹا۔ تیزی کے ساتھ۔ نرم اور بے قاعدہ نبض۔ انگلیوں اور پنجوں کا نیلا پن۔

ڈیجیٹیلس - دل کی دھڑکن بے قاعدہ اور وقفہ دار نبض کے ہمراہ۔

آرسینکم ایلبم - دل کی دھڑکن یا دل جب تمام جسم ہل رہا ہو اور چھاتی جگہ سے اپنی دیواروں کو پھڑ پھڑائیں۔ بیٹھنے پر آگے جھکنے یا پیچھے جھکنے پر افاقہ۔

کوکا - سانس چھوٹا۔ دباؤ۔ تنگی تنفس۔ شدید سنی جانے والی دھڑکن جو پہاڑی پر چڑھنے کی وجہ سے ہو۔

کالمیالیٹ - دھڑکن یا دل میں درد نیچے کی طرف پیٹ میں آتی ہوئی۔ دل کا بڑھ جانا یا والوز

کی تکالیف جس کے بعد گنٹھیے کا دورہ یا دل بدل کر گنٹھیے کا دورہ یا حملہ۔

لاروسیرو کیسس۔ دل کا بڑھ جانا، منرل والوز کی نا اہلیت کی وجہ سے۔ سانس کے لیے ہانپنا۔ ناطاقتی چڑھنے پر یا چلنے پر۔ سانس نہ آئے۔

لائیکوپس ورج۔ دھڑکن سست نبض۔ اونچائی پر چڑھا نہ جا سکے، جیسے کہ سیڑھیوں پر۔

کیناابس انڈیکا۔ دل کی دھڑکن۔ نیند سے بیدار کر دے۔

ابرس۔ دل کا بڑھ جانا اور پھیل جانا۔ دل کا شدید اور تیز عمل نرم نبض کے ہمراہ۔ تھوڑی سے حرکت یا کام سے دھڑکن۔ ہاتھ اور پاؤں ٹھنڈے۔ گلے میں رکاوٹ کا احساس۔ دل کے عمل کیلئے حساس۔ مدر ٹنکچر کا ایک قطرہ فی خوراک دیجئے۔

اولینڈر۔ تیز نبض کے ساتھ دل کی دھڑکن۔ جی متلائے اور قے۔ تمام جسم میں درد۔

کیکٹس۔ دل کی شدید دھڑکن جو بائیں جانب لیٹنے پر یا حیض کے شروع پر زیادہ ہو۔ دل کے گرد لوہے کے کڑے کا احساس۔ دم گھٹنے کے ساتھ اور ٹھنڈے پسینے۔ دل کی چوٹی پر درد جو بائیں بازو تک جائے۔ سرگرانی۔ سانس چھوٹا اور گیس کے ہمراہ۔ دھڑکن نبض کمزور تیز اور بے قاعدہ۔

ناجا۔ دل کے گرد وزن کا احساس، سوئی لگنے جیسی درد کے ساتھ جو گردن کی گدی، بائیں کندھے اور بازو تک پریشان اور موت کے ڈر کے ساتھ۔ متعدی امراض کے بعد دل کی خرابی۔

برومیم۔ دل کی دھڑکن جی متلانے کے ہمراہ اور سر درد اور اعصابی برانگیختگی کے ساتھ۔ کام سے، پڑھنے سے نفرت۔ گھر کے کاموں میں کوئی دلچسپی نہ لے۔ لاپرواہ۔ تھکا ماندہ۔ غمگین اور بے حوصلہ۔

آرنیکا مانٹ دوڑ لگانے والوں میں زیادہ طاقت کے استعمال کیوجہ سے دھڑکن۔ زیادہ
رسٹاکس وزن اٹھانے والوں میں۔ بائیں بازو اور کندھے کا سُن ہو جانا۔ دی گئی ترتیب سے ان ادویات کو آزمائیے۔

سٹانم۔ تھوڑی سی مشقت سے بھی دھڑکن اور پریشانی جیسے کہ گھریلو ہدایات دینے پر بھی۔

کلکیریا آرسینکم۔ تھوڑے سے جذبات دل کی دھڑکن کا باعث بنیں۔
سٹرونیشیمس۔ دل کے پھیل جانے اور خون کی کمی کی وجہ سے دھڑکن۔
آرجنٹم نائیٹریکم۔ دائیں جانب لیٹنے سے دھڑکن۔
آرجنٹم میٹ۔ چھاتی میں یا سارے جسم میں پیٹھ کے بل لیٹنے پر، ہلنے پر، پھڑپھڑانے اور کانپنے کے احساس کے ساتھ۔ دھڑکن۔
اگنیشیا۔ بہت زیادہ متاثر ہونے والے آدمیوں اعصابی دھڑکن۔ رات کے وقت بستر میں زیادتی دھڑکن مریض کو جاگتا رکھے۔
لیکسس۔ تھوڑی سی ہلچل پر دھڑکن خاص طور پر زندگی کی تبدیلی پر۔

امبرگریسا۔
سٹیفسگیریا۔ } گانا سننے پر دل کی دھڑکن

انٹیم ٹارٹ۔ پاخانہ کے دوران دل کی دھڑکن۔

سلفر
کونیم } پاخانہ کے بعد دل کی دھڑکن

ڈیجیٹیلس
اوپیم } غم اور ڈر کے بعد دل کی دھڑکن۔

ڈیجیٹیلس
سیپیا } مجامعت کے بعد دل کی دھڑکن۔

اموئیم کارب۔ تنگیٔ تنفس کے ساتھ دھڑکن۔ لیکن بغیر کسی دل کی بیماری کے نہانے پر زیادتی۔
نیٹرم میور۔ جب بستر میں لیٹے یا کھانا کھانے کے بعد۔ کونین کے غلط استعمال کے بعد اور جب دھڑکن سارے جسم کو ہلا کر رکھ دے۔ بائیں جانب لیٹنے پر زیادتی
اگیٹیا ریسں۔ پیٹ کے گڑھے میں ڈوبنے کا احساس کے ساتھ دھڑکن شدید بے چینی اور بے نیند۔
سپائیجیلیا۔ دل کے حصہ میں شدید تیر لگنے جیسا کاٹنے والا درد منہ سے گندی بُو کے ہمراہ،

نبض کمزور اور بے قاعدہ۔ اعصابی درد جو بازوؤں تک جائے۔ گرم پانی کی زبردست خواہش جو کہ افاقہ دے۔

بیلاڈونا۔ تھوڑی سی مشقت سے دھڑکن پورے ٹپکن دار سر درد کے ہمراہ، سرخ چہرہ، روشنی اور شور سے بہت حساس۔

تھیا۔ دل کے پھڑپھڑانے اور وقتی طور پر رک جانے کے ساتھ دھڑکن۔

میگنیشیا میور۔ ہسٹیریا والی عورتوں میں دل کی دھڑکن جس کو چلنے پھرنے سے افاقہ ہو۔

فاسفورس۔ تباکو نوشی کی وجہ سے دل کی دھڑکن جنسی کمزوری۔

وریٹرم ورائیڈ۔ جب نبض ۳۰ یا اس سے نیچے گر جائے۔ بعض اوقات کلائی میں محسوس ہی نہ دے۔ مریض سرخ دھاری رکھتا ہو زبان کے درمیان میں۔ کمزور دل لوگوں کے لئے یہ استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔

نبض

اولینڈر۔ نبض تیز تھے اور جی متلانے کے ساتھ یہ نبض کی رفتار کو نیچے لے آتی ہے۔

اکونائٹ این۔ نبض تیز۔ جلد اور اچھلتی ہوئی یا اچھلا لگتی ہوئی۔

بیلاڈونا۔ نبض اچھلتی ہوئی۔ چہرہ سرخ۔ پرخون مریض۔ ٹپکن دار نبض۔

کاربو ویج۔ بے قاعدہ نبض، ناک سے خون بہنے کے ساتھ۔

میوریٹیک ایسڈ۔ جب نبض ہر تیسرے شروک پر وقفہ دے۔

وریٹرم ایلبم۔ نبض ۳۰۔ ۴۰ پر آجائے، لیکن دوبارہ فوراً اوپر آجائے اور پھر گر جائے۔ نبض ٹھنڈے پسینے کے ہمراہ غائب۔

ڈیجیٹیلیس۔ نبض بے قاعدہ اور بہت سست اور کمزور ہر تیسری، پانچویں اور ساتویں ضرب پر وقفہ ہو۔

کیلکٹس۔ نبض گھٹن کے ہمراہ غائب ہو۔ گنٹھیا وی دل میں وقفے دار نبض۔

ایمبرس۔ جھٹکے دار نبض۔ تھاپ ایک دوسرے میں ملتی ہوئی معلوم دے، دہری نبض۔

آرسنیک سلف فلیوم۔ نبض تیز۔ بے قاعدہ۔ وقفہ دار۔ چھوٹی اور کمزور۔

پھولی ہوئی رگ۔ فوطوں کی پھولی ہوئی رگیں۔

پلسٹیلا۔ بطور حفظ ماتقدم یا جب متاثرہ حصے نیلے ہوں۔ دکھن کے ساتھ اور ڈنگ لگنے جیسی درد ہو۔ پھولی ہوئی رگوں کے لیے چوٹی کی دوائی ہے۔

فارمیکا۔ جب کمزوری ساتھ ہو۔

فلورک ایسڈ۔ بہت ہی پرانے کیس۔ ضدی۔ خاص طور پر عورتوں میں جنھوں نے بہت بچے پیدا کئے ہوں۔ رگوں میں گانٹھیں اور پھولی ہوئی رگوں کے لیے چھوٹی رگوں میں پھوڑے خاص طور پر ٹانگوں پر۔

پائروجینم۔ پھولی رگوں کے پھوڑے۔ پھوڑوں والی ٹانگوں جن میں مواد بہت زیادہ رِسے اور انتہائی شدید درد۔

آرسینکم البیم۔ آگ کی طرح جلیں، خاص طور پر رات کے وقت۔

نکسوامیکا۔ حمل کے دوران امیرانہ زندگی گزارنے کی وجہ سے۔

ہیمامیلس۔ ڈنگ لگنے جیسے اور سوراخ کرنے والی درد (پھولی ہوئی رگوں پر ہیمامیلس کا سلیوشن ہر حالت میں لگایا جانا چاہیے)

وائیپرا۔ متاثرہ حصہ کو لٹکنے دینا جیسے کہ یہ بھراؤ کی وجہ سے پھٹ جائے گا۔ اس دوائی کی نمایاں علامت پھٹ جانے کا احساس۔

بیلاڈونا } پُرخون لوگوں میں پھولی ہوئی رگیں جہاں خون سر کی طرف اُمڈے۔

گلونائن } دریدوں میں ٹیکن دار درد۔

میگنیٹک پولس آسٹ۔ ٹانگوں میں ٹیکن دار درد جب نیچے لٹک رہی ہوں تو گرم پانی کے گرنے کا احساس۔ متاثرہ حصوں پر چلنے پر بیہوشی۔

لیکسس۔ حمل کے دوران دریدوں کا ورم۔


ملی فولیم۔ پھولی ہوئی دریدوں میں بہت ہی مفید دوائی ہے خاص طور پر جب شعری نالیاں

اسفنج کی طرح اور بڑھی ہوئی ہوں۔ وریدیں آسانی سے ٹوٹ جائیں جب ان میں اجتماع خون ہو۔ زخموں سے آسانی سے اور زیادہ خون بہے۔ وریدوں کی سوزش پُر درد حمل کے دوران۔ پھولی ہوئی ٹانگوں کی وریدیں پھوڑے پُھنسی والیاں اور حاملہ عورتوں میں ان سے خون بہے۔

سلفر ۔ وریدیں پھوڑوں والی۔ پھٹ جائیں اور خون بہے۔ ٹانگوں اور ہاتھوں کی وریدوں کی سوزش۔ یہ دوائی بطور عمل انگیز کے استعمال کرنی چاہیئے جب دوسری ادویات ناکام ہو جائیں یا نامکمل آرام دیں۔

خوراک

دل کی تمام بیماریوں میں گوشت، مچھلی۔ پرندے اور ان سے بنی ہوئی چیزیں۔ کھانڈ کیک، پیسٹری۔ جام۔ مارملیڈ اور مٹھائیوں سے ہمیشہ پرہیز کرنا چاہیئے۔ نمک کی بھی کم سے کم مقدار استعمال کرنا چاہیئے ــــ



نواں ۹

باب!

نظامِ انہضام

کی بیماریاں!

پیٹ

پیٹ — زندہ

کروکس — جیسے کہ کوئی زندہ چیز پیٹ میں یا چھاتی میں حرکت کر رہی ہے۔

اینا کارڈیم — یقین کرے کہ جب کوئی چیز پیئے تو یہ معدہ میں نہ جائے، جیسے کہ اس کے اندر کوئی ہے، جو چیز وہ کھاتا یا پیتا ہے وہ نگل لیتا ہے۔ یہ تمام علامات بعض اوقات پارے کی مرہم سے اگزیما کے اندر دب جانے کی وجہ سے ہوتی ہیں۔

تھوجا — کوئی زندہ چیز کے پیٹ میں ہونے کا احساس۔ بچے کے ہاتھ کی حرکت کو محسوس کرے یا اس کی انتڑیوں میں کوئی جانور ہے۔

ورم زائدہ۔

برائی اونیا — سوئی لگنے جیسی اور جلن دار درد جو تھوڑی سی حرکت سے زیادہ ہوں۔ دباؤ اور درد والی طرف لیٹنے سے افاقہ۔ پیٹ کے نچلے دائیں طرف دکھن، مریض خاموشی کے ساتھ لیٹے ٹانگیں اوپر کھینچی ہوئی ہوں۔ پیٹ کے پٹھوں کو آرام دینے کے لئے۔ چھونا پسند نہ کرے اور ہر سانس سے درد میں زیادتی ہو۔ ٹھنڈے پانی کی زیادہ مقدار میں شدید پیاس۔ 9 طاقت میں ہر چار گھنٹے کے بعد دیجیے حتیٰ کہ درد رک جائے۔

سلفر — بطور حل انگیز استعمال کی جانی چاہیے تاکہ مکمل شفا ہو جائے

آئرس ٹینکس — ورم زائدہ کا علاج شروع کرنے کے لئے پہلی دوائی ہے۔ وہ جہاں کراندھی آنت اور چھوٹی آنت آکر ملتی ہیں شدید درد۔ دباؤ سے بہت زیادہ درد۔ موت جیسا احساس معدے کے گڑھے پر۔

بیلاڈونا — یہ آئرس ٹینکس جیسی علامات رکھتی ہے لیکن یہ اس وقت دی جائے جب پہلی دوا ناکام ہو جائے۔ یہ اندھی آنت اور چھوٹی آنت کے ملنے والی جگہ پر شدید درد ہو، ہلنے یا دھچکا

سے زیادتی۔ معمولی سا چھوا جانا بھی برداشت نہ ہو سکے۔ بستر کی چادر کا چھونا بھی تکلیف دہ ہو۔ قے بھی ہو۔ پُرنیند لیکن سو نہ سکے۔ روشنی کے لئے بہت زیادہ حساس اور دوسری بیرونی احساسات کے لئے۔ پیٹھ کے بل لیٹنے پر گھٹنوں کو کھینچ کر لیٹنے پر افاقہ۔ اعصابیت۔ چکن دار سر درد۔ ٹیک لگانے پر زیادتی۔ ڈھیلے کپڑے پہننے چاہیے۔

ڈائسکوریا۔ جب تکلیف و درد متواتر ہو اور مریض درد سے نجات نہ پا رہا ہو تو یہ دوائی بہترین دوائی ہے۔ انتڑیاں گیس سے بھری ہوئی پیٹ میں درد ہو۔ دہرا کرنے والا درد جس کو پیچھے کی طرف ہونے سے افاقہ ہو۔ یہ گرم پانی میں دی جانی چاہیئے۔

مرکیورس۔ جہاں بیرونی علامات حاد ہوں۔ انتڑیوں کی یا پیچش کی حالت موجود ہو۔ سخت سوزش چھوٹی آنت اور اندھی آنت کے ملنے کی جگہ پر درد۔ انتڑیوں میں دُکھن۔ پسینہ سے کوئی افاقہ نہ ہو۔ اپنڈکس کے حصہ میں نرم گولہ معلوم ہو۔

کالوسنتھ۔ خاص طور پر جب شدید درد ہو رہا ہو جو کاٹنے والا ہو۔ دُہرا کرنے والا یا اینٹھن دار ہو۔ منہ کا ذائقہ کڑوا۔ جیلی کی طرح کا پاخانہ یا لیسدار پاخانہ۔ برہم ہونے یا غصہ آنے پر زیادہ۔ دباؤ یا گرمی سے زیادہ۔

لیکسس۔ ایک قیمتی دوائی۔ سارے پیٹ میں دُکھن اور سوئی چبھنے جیسی تکلیف۔ سوزش والی جگہ پر۔ کولہوں سے پچھلی طرف اور نچلی طرف۔ مریض پیٹھ کے بل لیٹتا ہے۔ گھٹنے کھینچے ہوؤں کے ساتھ۔ گرمی محسوس کرتا ہے۔ سرد موسم میں بھی کپڑے برداشت نہیں کر سکتا۔

لائیکوپوڈیم۔ جب حاد حملہ ختم ہو چکا ہو تو اونچی طاقت مثلاً 1000 طاقت میں اچھی دوائی ہے۔ ہر پندرہ روز بعد یا ایک ماہ بعد دہرائی جائے تاکہ دوبارہ حملہ نہ ہو۔

آرسینک البم۔ جب عفونتی حالت ہو یا جراثیمی حالت ہو تو یہ دوائی دیجئے۔ سردی کی لہریں۔ دق کی علامت۔ پیچش۔ بے چینی اور طاقت کا اچانک جواب دینا کی علامات ہوں۔

رسٹاکس۔ چھوٹی آنت اور اندھی آنت کے ملنے والی جگہ پر شدید سوزش اور شدید درد جس کی وجہ سے نہ رکنے والی بے چینی ہو۔ یہ جراثیمی یا زہریلی حالتوں کو بھی کنٹرول کرتی ہے۔

اگنیشیا- اینڈگس میں شدید درد اپریشن کا ڈر خاص طور پر ذہنی علامت ہے گھٹنے ٹھوڑی گھٹنوں سے لگی ہوئی- جسم گرم اور سخت- مریض حساس- چست اور اعصابی ہوتا ہے- وہ بیک وقت ذہنی طور پر اور جسمانی طور پر مرض میں مبتلا ہوتا ہے- انتڑیوں میں درد والا سوئی چبھنے جیسی تکلیف- اعصابی مریضوں میں اس دوائی سے علاج شروع کرنا چاہیئے-

فیرم فاس
کالی میور
میگنیشیا فاس
} چھوٹی آنت اور اندھی آنت کے علاقہ کی سوزش کے لئے کارآمد ادویات ہیں-

پیٹ کا استسقاء- جلودر

ایپس میل- جلودر پیاس کے بغیر- یہ بخاروں کے بعد بھی ہو سکتا ہے، خاص طور پر دانے دار بخار- جلد زرد- موم جیسی اور شفاف پیشاب بہت کم- جلد خشک گرمی سے زیادتی اور ٹھنڈک سے افاقہ ۹ یا ۶ طاقت میں دیجئے!-

ایپوسائیم کین- ٹائیفائیڈ کے بعد جلودر یا سرخ بخار یا جگر کی رکاوٹ کی وجہ سے- جب عضوی مرض ہو تو یہ جلودر کے لیئے مفید ہے- سردی سے زیادتی اور سرد مشروبات سے حساس- ٹھنڈے مشروبات سے پیٹ میں درد- ایپس کی طرح پیشاب کم اور جلد خشک شدید پیاس کے ساتھ لیکن پیشاب کم-

آرسینکم البم - ہر قسم کے جلودر میں مفید خاص طور پر جب دل اور پھیپھڑوں میں خرابی ہو- اور گردوں کے علاقہ کا جلودر ہو- چہرہ پر سوزش اور پلکوں کے گرد سوزش ہو موم جیسی شفاف جلد- پیاسا اور قے ہو وغیرہ جلودر میں خون آب کا باہر رسنا بھی ایک علامت ہے-

لیک ڈی فلورینٹم- جلودر دل کی عضوی بیماری کی وجہ سے جگر کی مزمن تکالیف- پیشاب میں بہت زیادہ مقدار میں البیومن جس کے بعد وقفہ دار بخار ہو-

ڈیجیٹیلس- دل کے جلودر میں مفید ہے- کمزور بے قاعدہ جیسے کہ خاموشی سے کھڑا ہو-

گہرا سانس لینے کی خواہش کے ساتھ - پیشاب کم - گہرا اور البیومن والا - نبض سست خصیوں کی تھیلی اور آلہ تناسل سوجا ہوا - ٹھنڈے پسینے -

میوریٹک ایسڈ - جگر کے کینسر کی وجہ سے جلودر

ہیلی بورس - جیلی کی طرح کے پیچش کے ساتھ جلودر - پیشاب گہرے رنگ کا اور مقدار میں کم

تھلاسپی برسا - جلودر میں مفید ہے - مدر ٹنکچر کے ۱۰ قطرے فی خوراک دیجئے -

یوریا - گردوں کے جلودر میں مفید ہے - پیشاب میں البیومن - پیشاب میں کھار آنے اور شوگر - کم وزن مخصوص کا پیشاب -

لیاٹرس سپائیکیٹا - جگر اور تلی کے بڑھنے کی جلودر - اس کے متعلق کہا جاتا ہے - کہ یہ ۱/۲ گیلن پیشاب ایک دن میں خارج کر دیتا ہے - آدھا اونس جڑ سے ۱/۸ گیلن جوشاندہ بنائیے جو ایک دن میں استعمال کرائیے یا مدر ٹنکچر کے ۱ قطرے فی خوراک دیجئے -

ڈلکا مارا - پسینہ دب جانے کے بعد جلودر یا پھنسیوں کے دب جانے سے یا ٹھنڈ لگنے سے جلودر -

ایسٹیک ایسڈ - پیٹ کے جلودر گیس کے ہمراہ - ڈکار کے ہمراہ یا منہ میں پانی آنا یا رالیں بہنا اور پیچش -

لیکسس - جلودر - پیشاب گہرا اور البیومن ملا - جلد گہری یا نیلگوں سفید -

ٹیریبنتھنا - گردوں میں زیادہ خون کی وجہ سے جلودر - گردوں کے علاقہ میں دھیمی دھیمی درد گہرا اور دھوئیں کے رنگ کا پیشاب -

کالچیکم - گہرے پیشاب کے ہمراہ جلودر - خاص طور پر گنٹھیا دی پیچیدگیاں اس دوا کی مظہر ہوتی ہیں - خوراک یا کھانے پکنے کی بو کو برداشت نہ کر سکنا اس کی نمایاں علامات ہیں -

لائیکو پوڈیم - جگر کی بیماریوں کی وجہ سے جلودر، نچلا نصف پیٹ تنا ہوا - ٹانگوں پر پھوڑے بڑھی ہوئی تلی کے ساتھ جلودر - شام کے وقت بخار بغیر پیاس کے لیٹے پر سانس مشکل سے آئے - پیشاب کم مقدار میں اور گہرے رنگ کا قبض دار پاخانہ دل کا فعل کمزور طاقت: ۲۰۰ عدد -

پلسٹیلا۔ بلوغت پر یاس یاس یا حیض کے ختم ہونے پر جلو در۔ خاص طور پر نرم طبیعت شریف اور آسانی سے مان جانے والی طبیعت والی عورتوں میں۔ کھلی ہوا پسند کریں خواہ بہت ٹھنڈی ہی کیوں نہ ہو۔

نیچے کی طرف کھنچاؤ

لیلیم ٹیگری نم ۔ تمام اعضا پیٹ کا نیچے کی طرف کھنچاؤ۔ معدہ سے نیچے کی طرف کھنچاؤ۔ میننگنم ۔ انتڑیوں کا نیچے کی طرف کھنچاؤ۔ ڈھیلا چھوڑنے پر تمام پیٹ وزنی معلوم ہو تھکی ماندی۔ کمی خون والی عورتیں رحم اور امعائے مستقیم کا خروج ہو۔

دردِ قولنج

نکسوامیکا۔ بدہضمی کی وجہ سے درد قولنج کے لئے چوٹی کی دوائی ہے۔ یہ ابتداء میں کم طاقت میں گرم پانی کے ہمراہ دی جانی چاہیئے۔ درد پیٹ کے کسی بھی حصّہ میں ہو۔ دردیں مسلسل یا اینٹھن دار اور کھانا کھانے پر زیادتی اور اس کے ہمراہ گیس ہو قبض ہو۔ اور جی متلائے، حمل کے دوران میں پیٹ میں اینٹھن۔

کالوسنتھس۔ پیٹ درد۔ شکنجہ کی طرح پکڑا ہوا۔ اینٹھن دار۔ کھودنے والا خنجر لگنے والا۔ درد۔ جیسے کہ انگلیوں سے پکڑا ہوا ہو۔ آگے کی طرف جھکا کر دُہرا ہونے پر افاقہ یا پیٹ کی دیوار پر سخت دباؤ سے افاقہ۔ گرمیوں کی تکالیف اور پیچش بھی۔ درد قولنج گیس کی وجہ سے غیر ہضم شدہ خوراک یا کچے پھلوں۔ ٹھنڈک سے یا شدید جذبات جیسے کہ غصّہ کا دورہ یہ سوزش والے قولنج میں کوئی خاص فائدہ مند نہیں ہوتا۔

وریٹرم البم ۔ پیٹ کی دردیں جن کو دہرا ہونے سے افاقہ ہو۔ یا ٹہلنے سے آرام ملے درد قولنج جیسے کہ انتڑیوں میں گانٹھ پڑ جائے۔ پیٹ میں اینٹھن۔ چہرے پر ٹھنڈے پسینے۔ یہ خاص طور پر مفید ہے جب انتڑیاں ایک دوسرے میں سے گزر جائیں۔ پیٹ میں ٹھنڈک کا احساس۔

بووسٹا ۔ دوہرا ہونے اور کھانے کے بعد افاقہ محسوس کرے ۔ پیشاب سرخ۔
کروٹن ٹگ ۔ انتڑیوں میں درد پانی کی طرح کی پچیش جو پانی کے نل کی طرح خارج ہو۔ تیمارداری اور کھانا کھانے سے زیادتی۔
ڈائسکوریا۔ ناف والے حصہ میں درد جو لگاتار اور مستقل ہو۔ پیچھے کی طرف جھکنے پر افاقہ اور جسم کو کھینچنے پر افاقہ۔ رطوبت کی وجہ سے گنٹھیا اور اعصابی درد قولنج۔ خوراک منہ کو آئے۔ کھٹے یا کڑوے ڈکار۔
کیوپرم میٹ ۔ سوزش والی درد قولنج کے لئے مفید کے لئے دوائی ہے۔ پیٹ سخت درد قولنج کے شدید دورے جیسے کہ پیٹ میں چاقو گھونپا جارہا ہو۔ ٹھنڈے مشروبات سے زیادتی۔
کیمومیلا ۔ یہ ایسی درد قولنج کے لئے مفید ہے جو اچانک آئے غائب ہوجائے غصہ کی وجہ سے درد قولنج ، گرمی سے زیادتی۔ سٹیفسگیریا ایک اور دوائی ہے جو غصہ کے بعد درد کے لئے موزوں ہوتی ہے یا پیٹ کے اوپریشن کے بعد۔ گیس کو ڈکاروں سے فائدہ ہے۔
اکونائٹ ۔ جب پیٹ اور رحم میں اجتماع خون ہو۔ بھرپور اور تعداد میں زیادہ نبض ہو۔
کوکولس انڈیکا ۔ اعصابی درد قولنج۔ رات کو زیادتی۔ گیسوں کے ہمراہ جس کے اخراج پر کوئی افاقہ نہ ہو۔ ٹھنڈے مشروبات کی زبردست خواہش خاص طور پر ٹھنڈی بیئر کی۔ کڑوا یا دھاتی ذائقہ۔ پیٹ میں اینٹھن۔
الیومن ۔ سیسے میں کام کرنے والوں میں درد قولنج کا رجحان۔ جیسے کہ پینٹرز۔
پلمبم۔ پیٹ میں دردیں جو ہر طرف کو نکلیں۔ پیٹ کی دیواریں کھنچی ہوتی۔ جیسے کہ پیٹ اور پیٹھ کے ایک دوسرے کے بہت قریب ہوں۔ ٹانگوں میں اینٹھن۔ ضدی قسم کی قبض لیکن گیس نہ ہو۔ پیٹ کی پتھر جیسی سختی۔ خصوصاً سیسے کے درد قولنج کے لئے ناف کی درد کا نٹے ٹک جائے۔ مریض پیچھے کی طرف جھکے۔
پلسٹیلا۔ ٹھنڈک سے درد قولنج جو پیسٹری اور مرغن غذاؤں کی وجہ سے ہو۔ پیٹ اونچی اونچی

گڑگڑاہٹ اور آواز۔ گیس والا درد قولنج۔ ہسٹریا والی اور حاملہ عورتوں میں پیشاب کی کثرت سوئی لگنے جیسی یا اینٹھن دار دردیں۔ جی متلانے کے ہمراہ۔

کیڈمیم سلف۔ معدہ میں جلندار اور کاٹنے والی دردیں شدید جی متلانے کے ہمراہ اور قے۔ سیاہ قے۔ تھوڑی سی شے بھی ہونٹوں کو لگنے پر قے کی تحریک ہو۔

کیوپرم آرسینکم۔ پیٹ میں اعصابی دردیں۔ جلندار۔ اینٹھن دار اور درد قولنج۔

زنکولس بلب۔ سوئی لگنے جیسے درد۔ پسلی کے نیچے پیٹ کے دائیں کوکھ کے نیچے کا درد۔

نیٹرم کارب۔ معدہ میں درد جس کو کھانا کھانے سے افاقہ ہو مریض کو ۵ بجے صبح بستر میں سے اٹھا دے کر کچھ کھائے۔

سینا۔ درد قولنج خصوصاً بچوں میں جب بچہ کا پیٹ ہوا سے بھرا ہوا ہو۔ یہ کمزوری اور انتڑیوں کی دور کرتی ہے۔

میگنیشیا فاس۔ شدید دورے دار درد جو کہ گرم اشیاء لگانے سے کم ہو۔ دائیں طرف درد کی زیادتی جس کو دبانے سے افاقہ ہو۔ ڈکار اور ہوا کا اخراج کوئی فائدہ نہ دے۔ متواتر ہچکی ابکائی کے ہمراہ دن رات ٹانگوں میں اینٹھن۔ پتہ میں سوزش پتہ کی وجہ سے درد۔

چیلیڈونیم۔ شکم کے بالائی حصہ میں پریشانی اور دباؤ کے ہمراہ تیز درد۔ پیٹ میں کھنچاوٹ محسوس کرے جیسے کہ رسیوں سے بندھا ہوا ہو۔ درد دائیں کندھے کے جوڑ کی طرف پھیلے۔ ناف کے حصے میں درد۔ دائیں طرف حرکت کرنے پر۔ موسم کی تبدیلی پر اور صبح کے وقت زیادہ۔ رکاوٹی یرقان۔ سوزش پتہ۔ پتے کی پتھری۔ بالائی شکم میں درد انتڑیوں میں تبخیر کی وجہ سے۔

چائنا آف۔ شکم کے بالائی حصہ میں درد، وزن اوپر ہونے کا احساس معمولی سی غذا کھانے پر بھی۔ رطوبات کے اخراج کی وجہ سے شدید کمزوری۔ منہ کا ذائقہ کڑوا۔ خوراک کا ذائقہ نمکین معلوم ہو۔ ٹھنڈے پانی کی پیاس اور بھوک کا احساس۔ پیٹ ہوا سے پر۔ ڈیوڈینم میں درد۔ ہچکی۔

بیلاڈونا۔ پیٹ بہت ہی تنا ہوا۔ معمولی سا شربت بھی خارج ہو جائے۔ معمولی سا چھوا جانا بھی برداشت نہ ہو اور شدید درد کا باعث بنے۔ انتڑیوں میں رکاوٹ۔ پیچھے کی طرف جھکنے سے افاقہ۔

ڈلکامارا۔ ناف کے حصے میں درد یا چھنیاں خاص طور پر سوراخ۔
پلاٹینیم۔ پینٹرز کا درد قولنج۔ ناف کا درد پیٹھ تک جائے۔ وہ چیختا چلاتا ہے اور ہر ممکن کوشش کرتا ہے کہ درد سے نجات مل سکے۔
گیسٹوریم۔ اعصابی قسم کا درد قولنج جو خاص طور پر چھوٹی آنت میں ہو رہا ہو۔ دردوں کو دبانے سے افاقہ ہو۔ اچانک طاقت کا ڈوبنا جیسے کہ زندگی کا بنیادی اصول بجھا رہا ہو۔
سٹیفسگیریا۔ غصے کی وجہ سے درد قولنج کے لئے مفید ہے۔
سٹانم درد قولنج شدید دباؤ سے آرام پذیر ہو۔ دردیں آہستہ آہستہ شروع ہوں بتدریج چوٹی تک بڑھیں اور تب بتدریج کم ہو جائیں۔
گریشی اولا۔ پیٹ میں شدید کاٹنے والی دردیں۔ گیس کی گڑگڑاہٹ پیٹ میں ٹھنڈک کے احساس کے ساتھ۔
ایلیم سیپا۔ شدید کاٹنے والی درد نچلے بائیں حصہ پیٹ میں۔ پیشاب میں جلن اور پیشاب کی بہت زیادہ خواہش۔ بچوں میں درد قولنج دہرا ہونے کے ساتھ اور بدبو دار ہوا کے ساتھ۔
جب انٹری۔ پیڑو میں شدید درد جس پر ٹھنڈا پانی گرانے کی زبردست خواہش ہو جس سے افاقہ ہو۔
کاربو ویج۔ معدہ کے اوپر والے حصہ میں گیس کے ہمراہ درد جو ڈکار آنے پر کم نہ ہو۔
الیومنا۔ پینٹرز کا درد قولنج۔
لائیکو پوڈیم۔ کھانا کھانے کے بعد پیٹ کے بالائی حصہ میں درد یا دباؤ۔ کھٹے ذائقہ کے ساتھ بہت زیادہ تناؤ خاص طور پر پیٹ کے نچلے حصہ میں۔ زبان بغیر پیاس کے خشک۔ شدید بھوک۔ گوشت یا روٹی کھانے پر زیادتی۔ ۴ سے ۸ بجے شام کے دوران اور چلنے پر افاقہ ڈکار آنے اور گیس کو خارج کرنے پر افاقہ۔
کافیا۔ حمل کے دوران بے خوابی کے ساتھ اینٹھن دار درد۔

مزمن پیچش۔

سلفر۔ مزمن پیچش کی چوٹی کی دوائی ہے۔ اس دوائی کے ساتھ علاج شروع کرنا چاہیئے یہ بہت زیادہ کیسوں کو درست کر دیتی ہے۔ بغیر کسی اور دوائی کی مدد کے ۲۰۰ طاقت استعمال کیجئے۔

میگنیشیا کارب - پیٹ - بہت زیادہ تنا ہو سبز پانی کی طرح کا پاخانہ انتڑیوں سے پانی کے نل کی طرح خارج ہوتا ہے۔
چائنا آف - جب پیچش پھل کھانے یا شدید ٹھنڈا پانی پینے سے ہو۔ زرد پانی کی طرح کا پاخانہ گیس کے ہمراہ بغیر تکلیف کے اور کھانے کے بعد زیادتی۔
لیکسس - پیچش بدبودار، پیچش قبض سے اَدل بدل کر۔ موسم بہار میں زیادتی۔
سیلینیم - انتڑیوں کی جھلی کی ٹی بی۔ سیب کھانے سے، انگور یا لیموں کھانے سے پیچش۔
تھوجا - پیچش یا امیبائی پیچش کے لئے شاندار دوائی۔ ۱-ایم طاقت میں دیجئے۔

پیٹ کا بڑھ جانا

لیکسس - نوجوان لڑکیوں میں پیٹ کا بڑھ جانا۔
گیس - معدہ کے تحت گیس بھی دیکھئے۔
چائنا آف - جب تمام پیٹ میں گیس ہو۔ گیس کی وجہ سے پیٹ کا تناؤ تقریباً پھٹنے کے قریب مچھلی۔ پھل اور شراب سے زیادتی۔
کاربو ویج - جب پیٹ کے اوپر والے حصہ میں گیس۔ سانس لینے میں دباؤ ڈالے یا چھاتی کے گرد تیز دردیں۔ پاخانہ بے قاعدہ یا ڈھیلا ڈھالا۔ خوراک کے گلنے سڑنے کی وجہ سے پیٹ ڈھول کی طرح پھول جائے۔
لائیکو پوڈیم - جب پیٹ کے نچلے حصہ میں گیس ہو۔ شام ۴ سے ۸ بجے تک زیادتی۔ جو چیز بھی کھائے گیس میں تبدیل ہو جائے چھوٹی چھوٹی چیزوں سے ناراض ہو جائے اور تنگ ہو جائے۔ ایک لقمے ہی سے گیس بھر جائے اور پیٹ تن جائے۔ رحم سے گیس کا اخراج۔
رافینس - جب ہوا ناف کے گرد ہو، جو خارج نہ ہو سکے اور پُر درد۔
کاربالک ایسڈ - پیٹ میں گیس کی وجہ سے تناؤ جس کی وجہ سے اکثر آہیں اور ڈکار آئیں۔
نکس ماسکاٹا - گیس کی وجہ سے تناؤ جس کی ضعف معدہ جہاں ہر چیز گیس میں تبدیل ہو جائے۔

کیمومیلا۔ گیس جس کو ڈکاروں سے افاقہ ہو۔

ایلو۔ گیس بدبودار۔ جلن دار۔ بہت زیادہ خارج ہو۔ کم پاخانہ بہت زیادہ ہوا خارج ہو۔ پیٹ میں اتنی گڑگڑاہٹ ہوتی ہے کہ کمرے میں موجود کوئی بھی سن سکتا ہے۔ اینٹھن پاخانے سے پہلے اور بعد میں۔ سخت پاخانہ بغیر پتہ چلے باہر خارج ہو جائے۔ پیٹ میں اتنی ہوا کہ معلوم ہو کر پیٹ پھٹ جائے گا۔

لیک کینینم۔ رحم سے ہوا خارج ہو۔

سارسپریلا۔ جب پیشاب کے ساتھ ہوا خارج ہو۔ پیشاب آواز کے ساتھ خارج ہو۔

اولینڈر۔ ہوا کے ساتھ پاخانہ خارج ہو جائے۔

کلکیریا آئیوڈ۔ خالی ڈکار۔ بدبودار۔ کڑوے۔ بُسے ہوئے۔ چھاتی اور بالائی شکم میں درد۔ دُکھن کے بعد معدہ میں جھٹکنے والی درد۔ سکڑنے والی درد بالائی شکم میں جو سانس کو روک دے۔ بالائی شکم میں گیس کا اجتماع جو چھونے پر حساس ہو یعنی درد کرے۔

فیل توری۔ پیٹ میں گڑگڑاہٹ اور بے ہنگم آوازیں سے بُو دبے ذائقہ ڈکار۔ کھانا کھانے کے بعد سونے کا رجحان۔

فیوکس ولیس۔ اس دوائی سے گیس کم ہو جاتی ہے اور بالآخر غائب ہو جاتی ہے بلڈر شکیچر کے تین قطرے فی خوراک دیں۔

کیسٹوریم۔ پیٹ ہوا کی وجہ سے پھولا ہوا۔ جوڑوں میں کھچاوٹ۔ ناف کے گرد کاٹنے والا درد جس کو دبانے سے افاقہ ہو۔ سبز لیسدار پاخانہ جو جلن دار ہو۔ اعصابی قولنج (بچوں کے لئے گرمیوں میں سبز پاخانہ میں مبتلا ہو جانا۔

ایلیم سیپا۔ بدہضمی۔ قے اور گیس بچوں میں۔ بدبودار گیس۔ درد کی وجہ سے دہرے ہو جائیں کالی کھانسی۔

ہومرس۔ رات کے وقت ہوا خارج کرنے کے لئے جاگ جائے۔

آرجنٹم نائٹریکم۔ ہوا اتنی کہ پیٹ پھٹنے کے قریب۔ ہوا کے خارج ہونے یا ڈکاروں سے خاص افاقہ نہ ہو۔

کاکولس۔ جب ہوا کی بندش ڈھول کی طرح پیٹ پھولا دے۔
لائیکوپرسیکم۔ پیٹ میں بہت زیادہ گیس خاص طور پر ۱۰ سے ۱۱ بجے صبح پانی کی زیادہ مقدار والی پیاس کے ساتھ۔
لیکس۔ پیٹ گرم۔ حساس۔ پُر درد پھولا ہوا۔ گیس۔ دباؤ نہ برداشت کر سکے۔ کافی ہوا خارج ہوا۔ ڈکاروں سے افاقہ۔
پلسٹیلا۔ پیٹ سخت پھولا ہوا۔ درد قولنج اکثر قے اور پیچش کے ہمراہ۔ دباؤ جیسے کہ پتھر ہو جو شانہ تک بڑھے۔ چربیلی غذا۔ پیسٹری اور پھلوں کے بُرے اثرات۔
نکس وامیکا۔ شراب۔ کافی اور بیٹھے رہنے والی زندگی کے بُرے اثرات۔ گیس کا دباؤ اوپر کی طرف جو سانس کو روک دے۔ چھاتی میں دباؤ جیسے کہ معدہ میں پتھر ہوں۔ قبض، پاخانہ کی لاحاصل خواہش۔ یعنی پاخانہ کی خواہش کے باوجود کھُل کر نہ آئے۔

ھـــرنیا۔

کلکیریا کارب۔ ہرنیا کے لئے چوٹی کی دوائی ہے جس کے ساتھ علاج شروع کرنا چاہیے یہ اکثر کیسوں کو درست کر دے گی۔ ہرنیا جہاں پیٹ کی دیواریں تپلی ہوں اور ہرنیا کی ہیٹی نہ پہنچ جا سکے۔
لائیکوپوڈیم۔ دائیں جانب کا ہرنیا۔ آنتوں کے اُلجھنے کی وجہ سے ہرنیا۔ ہر پندرہ روز کے بعد ایک ہزار طاقت کی ایک خوراک دیجئے۔ پیٹ کا گیس کی وجہ گڑگڑاہٹ اور تناؤ۔
نکسوامیکا۔ بائیں جانب کا ہرنیا۔ ہر پندرہ روز بعد ایک ہزار طاقت کی ایک خوراک دیجیے۔
جب لائیکوپوڈیم ناکام ہو جائے تو یہ دائیں جانب کے ہرنیا کو بھی ٹھیک کر دیتا ہے۔
کاکولس۔ جب لائیکوپوڈیم اور نکسوامیکا ناکام ہو جائیں تو ۳۰ طاقت میں دی جائے۔
آرم میٹ۔ بچوں میں چڈے کا ہرنیا جب درج بالا ادویات ناکام ہو جائیں۔
لیکس۔ آنتوں کے الجھاؤ کی وجہ سے ہرنیا اور آنتوں کا گلنا سڑنا۔

پلمبم - آنتوں کے الجھاؤ کی وجہ سے ہرنیا خواہ ران کا۔ چڈے کا یا ناف کا ہرنیا ہو۔
سٹیفسیگریا - مثانے کا ہرنیا۔
سلیشیا - چڈے کے غدودوں کا پھول جانا اور سوزش۔ چھونے پر دکھیں، پر درد چڈے کا ہرنیا۔
ایسکیولس ہپ - چڈے کا ہرنیا۔ داہنے چڈے کے حصے میں کاٹنے والا درد۔

انتڑیوں میں رکاوٹ

بیلاڈونا - انتڑیوں کی رکاوٹ کے لئے اس دوائی سے علاج شروع کرنا چاہیئے۔
اوپیم - پاخانہ کی چھوٹی آنتوں میں دردرے دار رکاوٹ۔ پیٹ سخت پھولا ہوا۔ ڈھول کی طرح، درد قولنج کے دوران پاخانے کی حاجت اور سخت پاخانے کا اخراج۔
پلمبم - انتڑیاں سخت پاخانے سے پر۔ اینٹھن نمایاں طور پر محسوس کیجا سکتی ہے اور دیکھی جا سکتی ہے۔
کاسٹیکم - گیس کا رک جانا سخت پاخانے کے ساتھ۔
لیکس - پیٹ پھولا۔ حساس۔ پر درد کمر کے گرد کوئی چیز برداشت نہ کر سکے۔

انٹسپشن آف باولز

اکونائٹ ایپن - چیخ کے ساتھ اچانک درد۔ شدید بے چینی۔ پیٹ تنا ہوا۔ امعائے مستقیم سے خون اور رطوبت رسے۔ امعائے مستقیم۔ غبارے کی طرح پھولا ہوا ہو۔ جیلی کی طرح سرخ رطوبت امعائے مستقیم سے رسے۔ ۳۰ طاقت میں دیجئے ہر ۲ منٹ کے بعد ایک خوراک اچھی طاقت میں بھی یعنی ایک ہزار طاقت میں کام کرتی ہے۔
پلمبم - درد قولنج پاخانے کی قے کے ہمراہ۔ ناف پر رسی کی طرح کا کھنچاؤ جیسے کہ پیٹ اندر کی طرف کھنچا ہوا ہو۔ بعض اوقات یہ احساس کہ پیٹ اور کمر بہت ہی قریب ہو گئے ہیں۔
اوپیم - شدید درد قولنج اور اینٹھن۔
ورٹیرم البم - درد ادھر ہو آگے کی طرف جھکنے اور دبانے سے افاقہ۔ سخت اذیت یا سخت تکلیف۔

ناف

لائیکو پوڈیم۔ گیس کی وجہ سے ناف کا باہر نکلنا۔
نکس ماسکاٹا۔ ناف کے گرد پھوڑے پھنسیاں نوزائیدہ بچوں میں۔
ابروٹینم۔ نوزائیدہ بچوں میں ناف سے خون کی طرح کی رطوبت رسنا۔
کلکیریا فاس نوزائیدہ بچوں میں ناف سے خون کی طرح کی رطوبت رسنا۔
ہائیوسائمس۔ نوزائیدہ بچوں میں ناف سے پیشاب کا اخراج کا رسنا۔
ڈائسکوریا۔ ناف سے درد شروع ہو اور ہر طرف پھیلے۔
الیومنا۔ ناف کا سکڑ جانا یا کھنچ جانا۔

رکاوٹ

نکس وامیکا۔ قولون کا وہ حصہ جہاں سے امعائے مستقیم شروع ہوتی ہے میں تکلیف کے ساتھ رکاوٹ تکلیف والی طرف لیٹنے سے لیکن دباؤ سے افاقہ۔ پاخانہ یا ہوا خارج کرنے کے نااہل یعنی دونوں خارج نہ کر سکے۔
رسٹاکس۔ ٹھنڈی اشیاء کے علاوہ ہر شے قے کر دے۔ زبان پر فرسرخ تین کونوں والا سرا۔ بے چینی۔ اکثر اپنی حالت کو بدلنا چاہے۔ جس طرف لیٹے سُن ہو جائے اور درد ہو۔
اوپیم۔ انتڑیوں کی رکاوٹ۔

لبلبہ

آئرس ور۔ لبلبہ کے حصہ میں جلندار بے چینی۔ میٹھے پانی کی قے کے ہمراہ۔ گریس کی طرح کا تھوک۔ پانی کی طرح کے پیچش جن میں غیر ہضم شدہ چربی ہو۔
آئیوڈین۔ یہ تھوک کے غدودوں پر اثر کرتی ہے۔ پانی کی طرح کا زیادہ مقدار میں تھوک

پانی کی طرح کی کثرت سے شدید قے یا گھٹے مواد کی پیچش بکثرت نرم پانی جیسے جھاگدار پاخانے جن میں چربی ہو۔ کھاتے پیتے ہونے کے باوجود کمزور ہوں

فاسفورس۔ مختلف اعضاء خاص طور پر دل، جگر اور گردوں کی چربیلی تنزلی۔ غیر ہضم شدہ پاخانہ جس میں خوراک ساگودانہ کی طرح کے ذرات ہوں۔ تیل کیطرح نظر آنے والا پاخانہ۔ لبلبہ کی چربیلی تنزلی۔

بیلاڈونا۔ لبلبہ کا زکام خونی لبلبہ کی سوزش

سوزش غشائے مصلی

معدہ کی جھلی پریٹونیم کی سوزش۔

اکونائٹ اینپ۔ جب ٹھنڈ لگنے سے۔ بخار پیٹ میں پریٹونیم میں درد۔

فیرم فاس۔ ٹھنڈ کی وجہ سے پریٹونیم میں درد کے لیے ایک اور دوائی ہے۔

برائی اونیا۔ بخار تمام جسم پر جلن دار گرمی کے ساتھ شدید پیاس بہت زیادہ پانی پینے کی۔ پیٹ میں درد جو حرکت اور دباؤ سے زیادہ ہو۔

بیلاڈونا۔ پیٹ پھولا ہوا جو ڈرم کی طرح سخت اور چھونے پر حساس۔ تھوڑی سی حرکت شور اور روشنی درد کو بڑھا دے۔ ابکائیاں اور قے۔

مرک سال۔ جب پیپ آنا شروع ہو جائے۔ پیٹ اس کے نکلنے سے پھولا ہوا ہو۔ مریض کو ٹھنڈے پسینے آتے ہوں۔ پیچش ٹھنڈ اور بخار کے ساتھ۔

لیکس۔ پیٹ کی جھلی پریٹونیم کا درد جب معمولی سا چھوا جانا بھی برداشت نہ ہو سکے۔

رسٹاکس۔ پیٹ کی جھلی پریٹونیم کی سوزش ٹائیفائیڈ کے رجحان کے ساتھ۔ تیز بخار۔ خشک زبان۔ زبان کا سرا سرخ۔ پیٹ میں سوزش۔ کڑوا ذائقہ۔ دودھ کی خواہش۔

ویریٹرم البم۔ جب مریض حالت نزع جیسی تصویر پیش کرے۔ شدید ٹھنڈک۔ کمزوری۔ قے۔ اسہال۔ اور ہاتھ پاؤں میں اینٹھن۔

ٹی بی - تپ دق

فاسفورس - میزنٹرک غدود یا ماساریقی غدودوں کی ٹی بی۔

ناسور -

اورنیتھوگیلم - معدہ کے زیریں حصہ اور اندھی آنت کا ناسور معدہ کے شدید تناؤ کے ساتھ۔ ڈکاروں - بدبودار گیس سخت تکلیف۔ کپڑے ڈھیلے کرنے پڑیں۔ معدہ اور بارہ انگشتی آنت کے ناسور۔

ایسٹیک ایسڈ - معدہ کے ناسور۔ گرم کھٹے ڈکار۔ خون اور تمام کھائی ہوئی خوراک کی قے۔ کاٹنے والی درد۔ معدہ کا تناؤ۔ معدہ اور پیٹ میں جلن۔ معدہ پر لیٹنے سے افاقہ گیس اور جلودر پیچش خالص خون کے۔ کمی خون کمزور اور لاغر۔ بھوک کی کمی۔

آرجنیٹم نائیٹریکم - انتڑیوں کا ناسور یا معدہ کا ناسور۔ خونی قے کے ہمراہ۔ کھانا کھانے کے فوراً بعد تکلیف۔

کالی بائیکرومیکم - انتڑیوں کا ناسور مزمن پیچش کے ہمراہ۔

مرکسکار - بڑی آنت کا ناسور۔ خون پاخانے کے ہمراہ۔

ٹیربنتھنا - انتڑیوں کا ناسور اخراج خون کے ہمراہ۔

نائیٹرک ایسڈ - ٹائیفائیڈ بخار میں انتڑیوں کا ناسور

فاسفورس
آرسینک ایلبم } معدہ کا ناسور جلندار درد کے ہمراہ دی گئی ترتیب بھی دیجئے۔

یوفوربیم - معدہ کے ناسور جلن دار درد کے ہمراہ دی گئی ترتیب اگر ناکام ہو جائے تو یہ دوا معدہ کے ناسور جو کوئلوں کی آگ کی طرح جلیں۔ جلندار درد جب فاسفورس اور آرسینک البم ناکام ہو جائیں

لائیکوپوڈیم - چند ہی لقموں سے پیٹ ابھر جائے۔ ۴ سے ۸ بجے تمام زیادتی۔ ۱-ایم طاقت میں دیجئے

لیکسس - معدہ کا ناسور جب مریض جاگنے پر بہت زیادہ تکلیف محسوس کرے۔ کسی قسم کی بندھن برداشت نہ کرسکے۔ ڈھیلے کپڑے پہننا چاہے۔ سورج کی گرمی برداشت نہ کرسکے۔

پلسٹیلا۔ ایسے مریض جو چربی ہضم نہ کر سکیں۔کھلی ہوا میں افاقہ۔

تھوجا۔ زیادہ ٹیکے لگوانے والے حضرات میں معدہ کا ناسور۔

گریفائیٹس۔ یہ معدہ اور بارہ انگشتی آنت کے ناسور کے لئے بہت مفید ہے۔گرم خوراک اور گرم مشروبات اور لیٹنے سے افاقہ۔

نیٹرم فاس۔ معدہ کا ناسور۔ ایک مخصوص جگہ پر درد کھانا کھانے کے بعد زیادہ تیزابیت اور تیزابی مواد منہ میں آئے۔

میڈورینم۔ بارہ انگشتی آنت کا ناسور کھانا کھانے کے دو گھنٹے بعد درد۔ بہت زیادہ گیس اور سمندر کے کنارے پر ہمیشہ افاقہ۔ ایک۔ایم طاقت میں دیجئے۔

ایسکیولس۔ اجتماعِ خون اور معدہ کا ناسور، قے کے رجحان کے ہمراہ جو کھٹی ہوتی ہے بھٹے ڈکار۔ متواتر بے چینی اور معدہ میں جلن۔

یورینیم نائٹریکم۔ پائیلورک اور معدہ کے ناسوروں کے لئے مفید۔پسی ہوئی کافی کی طرح کے مواد کے ساتھ خون آمیز قے۔ پاخانہ تارکول کی طرح کا سیاہ اور گہرا۔

معدہ

دُوسرا حصّہ

تیزابیت (گیس اور ڈکار دیکھئے) شدید بھوک۔بڑھی ہوئی بھوک۔

سِنا۔ بڑھی ہوئی بھوک جب بھوک بڑھنے کی وجہ پیٹ میں کرم ہوں۔ بچہ کھانے پر آسودگی محسوس کرے۔

لیک کینینم۔ بہت بھوکا۔ اتنا نہیں کھا سکتا کہ بھوک مٹ سکے۔

فلورک ایسڈ۔ بڑھی ہوئی بھوک اور متواتر بھوکا۔ٹھنڈے پانی کی زبردست خواہش۔ پیٹ میں کچھ بھی نہ ہونے کا احساس۔ ہمیشہ کچھ نہ کچھ کھاتا رہے لیکن زیادہ دیر تک نہیں۔ کیونکہ وہ زیادہ نہ برداشت کر سکے اور جلد ہی بھوکا ہو جائے۔

ایپس کین۔ کاٹنے والی بھوک۔ زیادہ کھانے کا رجحان۔

گریشی اودلا - کھانا کھانے کے بعد بھوک - خالی پن کا احساس -
لیکس - بڑھی ہوئی بھوک معدہ میں درد کے ہمراہ -
لائیکوپوڈیم - شدید بھوک لیکن کھانا شروع کرنے پر چند ایک لقموں سے سیر ہوجائے یا بھوک رہے -
پیٹرولیم - پیچش کے ہمراہ بڑھی ہوئی بھوک -
آئیوڈین - شدید بھوک کے لئے بہترین ہے بیہوشی سی محسوس کرے اگر تین یا چار گھنٹے کے بعد نہ کھائے - وہ دونوں کھانوں کے دوران کھاتا ہے لیکن پھر بھی بھوکا رہتا ہے -

x۲ طاقت میں دوائی دیجیے -

الیومنا سلیکیٹ	}	بھوک بڑھی ہوئی خوراک کی خواہش کے بغیر - کھانا کھانے کے بعد بھی
الیومنا فاس		بھوکا - شدید بھوک -

ابروٹینم - دودھ میں ابلی ہوئی روٹی کی زبردست خواہش اپنی کاٹنے والی بھوک مٹانے کے لئے - دودھ سے نفرت -
رسٹاکس - کتوں جیسی بھوک کھانا کھانے کی خواہش کے بغیر -
آرجنٹم میٹ - مکمل کھانا کھانے
آنتھرم - غیر صحت مند یا بے قابو بھوک - بھوک کیوجہ سے رات کو جاگ جائے - ٹیپ ورم -
ہائیڈراسٹس - بھوک مگر خوراک سے مطمئن نہ ہو - اس دوائی کی یہ علامت نمایاں ہے - صحیح طور پہ جذب نہ ہونا -
سلفر - معمول کے وقت سے ایک گھنٹہ پہلے خوراک کے لئے بے کل ہوجانا، خاص طور پر گیارہ بجے صبح - اگر خوراک نہ ملے تو وہ کمزور ہوجائے اور جی متلائے - ہتھیلیوں، تلیوں اور سر کی جلن وغیرہ -
نکس وامیکا - بسیار شراب کے استعمال کے بعد - مزمن پیچش میں -
الیسٹرفاس - کتوں جیسی بھوک کی وجہ سے رات کو جاگ جائے

کلکیریا کارب } شدید بھوک جو کمی سے
فیرم میٹ } ادل بدل کر ہو - سوکھا
آئیوڈم } مسان میں اچھا کھانا کھانے کے باوجود سوکھتا جائے۔
مرک کار - معدہ کے سرطان میں۔
کافیا - جلدی جلدی کھانا کھانے کے ساتھ۔
آرسینکم البم - کھانا کھانے اگرچہ وہ سمجھے کہ سردی لگے گی -
ہائیوسائمس - مرگی کے دورہ سے پہلے کتوں جیسی بھوک -
لوپٹیوریم پرف - کونین کے بعد وقفہ دار بخار میں بھوک -
زنکم میٹ - بازوؤں میں کمزوری کے احساس کے ساتھ -
نیٹرم کارب - معدہ کے گڑھے میں صبح کے وقت بھوک نے ہونے کا احساس
ایلیم سٹائیوا - بہت زیادہ کھانے کی عادت - پیٹو -
وریٹرم البم - حمل کے دوران - بہت زیادہ -
اولیم جیکیف - سوکھا مسان بچوں میں -
اگنیشیا - عادی تمباکو نوشی سے -
کینابس انڈیکا - بھوک جو خوراک سے دور نہ ہو -
میگنیشیا کارب - بچے جو دودھ پینے سے انکار کردیں - درد میں مبتلا ہوں اگر دودھ پئیں۔

بھوک نہ رہے

نکس وامیکا - کڑوا ذائقہ - زبان پچھلی طرف سے زرد فر سے ڈھکی چھپی ہوئی - بڑی وجہ بدہضمی ہوتی ہے۔
چائنا - بھوک کی کمی جو کھاتے وقت ہی لگ جائے -
اگنیشیا - خوراک مشروبات اور اور تمباکو نوشی کی بالکل خواہش نہ ہو - ان سے نفرت یا ان کے بُرے ذائقے کے بغیر۔

فیرم فاس - بھوک کم یا بالکل نہ رہے - خوراک کی خواہش بالکل نہ رکھے - خوراک دودھ گوشت وغیرہ سے نفرت - پیٹ پھولا ہوا - جگر اور تلی بڑھی ہوئی - بہت زیادہ گیس - جی متلائے اور قے -

ہومرس - بھوک کی کمی ہلنے کی نااہلیت کے احساس کے ساتھ - جب وہ صبح کے وقت جاگے - گلے میں دُکھن -

لیک ویک ڈیفل - بھوک کی کمی پانی کے بہت زیادہ مقدار میں پینے کی پیاس کے ہمراہ -

ایپس نائیگرہ - صبح کے وقت بھوک بالکل نہ ہو لیکن دوپہر اور رات کے وقت خوراک کی شدید خواہش -

جنشیانلٹے - سادہ بھوک کی کمی یا حاد بیماری کے بعد - مدر ٹنکچر اور ۲X طاقت کھانا کھانے سے نصف گھنٹہ پہلے دیں -

پرونس ایس - چند لقمے کھانے سے احساس جیسے کہ بہت کھالیا ہے - اس علامت پر لائیکوپوڈیم بھی دی جا سکتی ہے -

کلکیریا آرسینکم - خوراک کی خواہش کی کمی لیکن ٹھنڈے پانی کی پیاس -

مرکیورس - بچے دودھ پینے سے انکار کردیں -

کینسر

اورنھوگلم - معدہ کے زیریں حصہ اور اندھی آنت کے کینسر - یہ دوائی مدر ٹنکچر میں ایک قطرہ فی چمچ پانی میں دیا جانا چاہیئے - اس سے مریض سیاہ لیسدار قیئیں کرنا شروع کردیگا - بہت افاقہ ہوگا - اگر پہلی خوراک کام نہ کرے تو دوسری خوراک ۴۸ گھنٹے کے بعد دی جائے -

کاربوونیج - پیٹ کے اوپر والے حصہ میں جلن اور گیس -

کنڈورانگو - معدہ کا کینسر - سخت گانٹھ دار - سوزش زیریں معدہ میں -

آرسینکم البم - جلن اور بے چینی کے ہمراہ - پانی کی تھوڑی تھوڑی مقدار کی پیاس کے ہمراہ - اور گرم پٹیوں سے افاقہ -

چیلیڈونیم - معدہ کا کینسر - ایک ایم یا سی ایم طاقت میں دیجئے۔
فاسفورس - پسی ہوئی کافی کی طرح کے مواد کی قے کے ہمراہ خاص طور پر جب کینسر کی حالت میں بدلنے والی ہو۔ بہت اونچی طاقت ایک ایم یا سی ایم طاقت میں دیجئے۔

ڈکار - (پیٹ میں درد یا معدہ اور گیس -)

آرجنیٹم نائیٹریکم - اونچے - کثرت سے اور بغیر تکلیف کے ڈکار۔
کاربوویج - پیٹ تنا ہوا - ڈکار - کھائی ہوئی خوراک کے ذائقہ کے ڈکار بغیر - جلن دل کے ڈکار۔
کاربو انیملیس - کاربوویج کے بعد گیس - ایسوفیگس تک آئے - دباؤ اور گھٹن کا باعث ہو۔
کاربالک ایسڈ - ڈکار - اعصابی بدہضمی کے ہمراہ -
ایبس نائیگرا - بالائی شکم میں پر درد گولے کا احساس جیسا کہ اوپر سخت اُبلا ہوا انڈا ہو۔
نکس ماسکاٹا - گیس اعصابی مریضوں میں -
سلفر - خوراک کے ذرات کے ہمراہ ڈکار جو بہت کھٹے ہوں -
اوسیمم - مولی کے ڈکار -
سلفیورک ایسڈ - دل کی جلن کے ہمراہ ڈکار جو دانتوں کو کنارے پر سیٹ کر دیں -
انٹم کروڈم - جو چیز کھائی ہو اسی کی ڈکاریں - جی متلائے اور قے کی خواہش - کڑوا ذائقہ -
بسمتھم - ہر کھانے کے بعد جی متلائے - جونہی پانی معدہ میں پہنچتا ہے قے کر دیا جاتا ہے گندی بدبو کا اٹھنا - پیٹ میں گڑگڑاہٹ - پیٹ میں جلن - قے اور پیچش - معدہ کا کینسر -
اپیکاک - جی متلائے خالی ابکائیاں - سور کا گوشت کھانے کے بداثرات - پئے ہوئے پانی اور غیر ہضم شدہ خوراک کی قے پیچش کے ساتھ قئیں - خون کی قئیں -
ہائیڈراسٹس - کھٹے مواد کی ڈکاریں - معدہ کا کینسر - سوائے دودھ کے ہر چیز کی قئیں - روٹی یا سبزیاں تیزابیت کا باعث نہیں - مزمن گیس کا زکام -
فیرم آئیوڈیٹم - خوراک اوپر کی طرف دھکیلتی ہوئی معلوم دے -
کیوپرم میٹ - جب پانی پیے تو اس کی آواز سنائی دے -

برائی اونیا - کڑوے ذائقے کے ساتھ ڈکار
ہائیڈروسائنک ایسڈ - پانی ایسے چھلکے جیسے کہ خالی ڈرم میں چھلکے -
آرسینیکم البم - خراشدار اور کڑوی ڈکاریں -
سورائینم - گلے سڑے انڈوں جیسے ڈکار -
ایتھوزا - خوراک کھانے کے ایک گھنٹہ بعد قے کی صورت میں الٹ دینا - قے بے چینی کو دور کر دے بہت پریشانی اور درد -
کیموسیلا - اگر علامتی ادویات ناکام ہو جائیں تو گرم پانی کے ہمراہ بطور عمل انگیز کیموسیلا دی جائے -
لاروسیراسس - کڑوے بادام کے ذائقے جیسے ڈکار - معدہ میں مواد لڑھکتا ہوا محسوس ہوا

خوراک کا زہر

نکس وامیکا - خوراک کے زہر کے لئے چوٹی کی دوائی ہے - قے معدہ میں درد پیچش
آرسینک البم - آئس کریم یا زیادہ پکے ہوئے پھل کھانے کے بعد -
بپٹیشیا } چھوت کی زہر کی وجہ سے خوراک کا زہر
کیوپرم } علامات کے مطابق دوائی کا انتخاب کیجئے!
کاربو ویج - خراب شدہ اور گلا ہوا گوشت کھانے سے -
ہائیوسائیمس - خوراک کے زہر کے دوران اینٹھن -
نیٹرم میور - شہد کھانے کے برے اثرات -
پلسٹیلا - چربیلی غذا کھانے کے بعد یا چاکلیٹ کھانے کے بعد
آرجنٹم نائٹریکم - حواس کا مکمل طور کھو دینا - بیہوشی اور اینٹھن - سیاہ قئیں

درد معدہ (ڈکار بھی دیکھئے)

نکس وامیکا - معدہ کے نظام کے درہم برہم ہونے پر بہترین دوائی ہے - بھوک کی کمی - کھانا

کھانے کے بعد درد بدہضمی۔ اس دوائی کی نمایاں علامت ہے۔ بالائی شکم سے مختلف اطراف کو جاتی ہوئی دردیں۔ دورے وار قفوں کے ہمراہ۔ اعصابی درد معدہ تکلیف کھانے کے نصف گھنٹہ بعد ہو۔ جب شراب کی وجہ سے تکلیف ہو۔

کاربوویج ۔ سست اور نامکمل ہاضمہ۔ معدہ اور انتڑیوں میں وزن۔ دھیما اور معدہ میں کچھ نہ ہونے کا احساس۔ کھانے سے جس کو افاقہ نہ ہو۔ لیکن چند لقمے کھانے کے بعد بھرے ہونے کا احساس۔ معدہ میں کچھ نہ ہونے کا احساس۔ معدہ میں بہت جلن۔ چھاتی اور پیٹ میں اینٹھن دار دردیں جو مریض کو دوہرا ہونے پر مجبور کردیں۔ معدہ میں وزن۔ تیزابی ڈکاریں۔ کھٹی اور گندی بُو والی۔ معدہ میں گیس یا پیٹ کے اوپر والے حصہ میں گیس۔

آرجنٹم نائٹریکم ۔ زیادہ تیزابیت کے لئے بہترین دوائی ہے۔ کھٹے اور کڑوے ڈکار جو دانتوں کو کھٹا کردے۔

روبینیا ۔ جب زیادہ تیزابیت کے لئے آئرس ورنا کام ہوجائے تو یہ آزمائی جائے۔

پٹیلیاٹی ۔ سردرد کے ہمراہ صفرا کی زیادتی۔ مزمن دردِ معدہ متواتر معدہ میں۔ متواتر کھائے جلائے۔ گرمی اور جلن کا احساس۔ قبض اور شام کا بخار۔ جگر سوجا ہوا دبانے پر دُکھے دھیمی اور مسلسل درد۔ جگر میں اجتماعِ خون۔ مزمن ورم جگر۔

چائنا ۔ جب تمام پیٹ میں گیس ہو اور تناؤ پُر درد ہو۔ ڈکاروں سے وقتی افاقہ ہو۔ کھٹے یا کڑوے ڈکار یا بدبودار گیس۔ فعل ہاضمہ کا سُست ہونا۔ رات کے کھانے کے بعد زیادتی۔ زرد پیچش اور رات کے وقت زیادتی اس دوائی کی نمایاں علامت ہے۔ بغیر بدبو یا سڑاند کے جلندار ڈکاریں۔ اس کو کاربوویج سے تفریق کرتی ہے۔ اس دوائی کی ایک اور اہم علامت یہ ہے کہ خوراک معدہ میں کافی عرصہ تک بغیر ہونے کے پڑی رہتی ہے اور آخر کار غیر ہضم شدہ خوراک قے کردی جاتی ہے۔

انٹم کروڈ ۔ پیچش چیکنے والے کھٹے اور بدبودار۔ بچہ ہر دفعہ خوراک کھلانے پر قے کردیتا ہے۔ زبان سفید گاڑھی فر سے ڈھانپی ہوئی۔ بچوں کے معدہ کی مزمن خرابیاں۔ متواتر جی متلائے۔

معدہ میں گولا۔ پیٹ تنا ہوا۔ بچہ تھکا ہوا۔

لائیکوپوڈیم - جب پیٹ کے نچلے حصہ میں گیس ہو تو یہ دوائی مظہر ہوتی ہے۔ شدید بھوک لیکن چند لقمے کھانے پر محسوس ہو کر پیٹ بھرا ہوا ہے اور کھانا ایک طرف کر دیتا ہے۔ پلسٹیلا اور ایناکارڈیم کے برخلاف تکلیف کھانے کے فوراً بعد ظاہر ہوتی ہے۔ جبکہ مذکورہ بالا دونوں ادویات میں آدھ گھنٹہ بعد۔ نکس وامیکا میں فوراً تکلیف ہوتی ہے اور کمر کے ارد گرد دباؤ برداشت نہیں ہو سکتا ہمہ وقت جیسے کریلیکس میں ہوتا ہے۔ اس دوائی کی ایک اور علامت مٹھائیوں کی زبردست خواہش ہوتی ہے۔ یہ موزوں ترین ہے۔ ناطاقتی یا کمزوری کی حالت میں تیزابی قسم کی بدہضمی میں کیونکہ یہ کھٹا ذائقہ رکھتا ہے۔ کھٹے ڈکار اور قے جب کبھی بھی یہ ہوتا ہے یہ کھٹا ہوتا ہے۔ معدہ کے گڑھے پر پُر درد سوزش۔ گیس کے ڈکار افاقہ نہ کریں۔ پیشاب میں سُرخ ریت۔ نوزائیدہ بچوں میں قولنج کا درد۔

پلسٹیلا - منہ خشک۔ صبح جاگنے پر منہ کا ذائقہ گندا اور یہ احساس کہ خوراک سینے کی ہڈیوں کے نیچے پڑی ہوئی ہے اس کی نمایاں علامات ہیں۔ زبان کھُردری گاڑھی فر سے ڈھانپی ہوئی۔ تیزابیت اور دل کی جلن۔ خوراک کا ذائقہ کڑوا۔ کھٹا یا بدبودار۔ منہ میں رال اور کھائی ہوئی خوراک کے کھٹے ڈکار۔ پیاس نہ ہو صرف منہ کو تر کرنے کی خواہش۔ بُرا ذائقہ پلسٹیلا کی مخصوص علامت ہے۔ چربیلی غذاؤں سُور کا گوشت پیسٹری یا ملی جلی خوراک سے معدہ کے بگاڑ کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ مریض ٹھنڈ محسوس کرتا ہے لیکن گرمی سے زیادتی نکس وامیکا کے برخلاف شام کے وقت زیادتی جبکہ پلسٹیلا میں صبح کے وقت زیادتی ہوتی ہیں۔

ڈوری فورا - معدہ اور دوسرے حصوں میں جلن۔

ایناکارڈیم - کھانا کھانے سے بہت افاقہ اس کی نمایاں علامت ہے۔ معدہ میں بیٹھنے کی کیفیت کھانا کھانے کے دو گھنٹہ بعد اور معدہ میں دھیما درد جو ریڑھ کی ہڈی تک جائے۔ بے ذائقہ ڈکار بعض اوقات کھٹے ڈکار۔ کھانا کھانے کے بعد زیادتی۔

فاسفورس - خوراک کا اُلٹ کر منہ میں آنا۔ ٹھنڈی چیزوں کی شدید خواہش جو یہ چیزیں معدہ

میں گرم ہوں تو قے کردی جائیں۔ بغیر جی متلانے کے خون تھوکنا اس دوائی میں عام ہے۔

معدہ میں کمزوری کا احساس جو سلفر اور سیپیا کے برخلاف انتڑیوں تک بڑھتا ہے بعض اوقات کندھوں میں بھی جلن پائی جاتی ہے۔ مزمن بدہضمی میں قے۔ یہ دوائی توڑ پھوڑ اور علیحدہ کرنے کے عمل کے ساتھ خاص تعلق رکھتی ہے اس لئے یہ کینسر کے لئے مخصوص دوائی ہے۔ سخت جگہوں اور کینسر کی رطوبت سے نئے پیدا شدہ زخموں وغیرہ کے لئے جلن دار۔ کاٹنے والی محدود جگہ کے اندر درد محسوس ہوتی ہے جسم کا جلدی کم ہو جانا۔ اور کمی خون۔

سٹانم۔ درد معدہ مریض کو مجبور کرتا ہے کہ وہ اِدھر اُدھر چلے لیکن کمزوری اسے آرام کرنے پر مجبور کرے۔ زیادہ دبانے پر افاقہ ہوتا ہے۔

جنشیانسی کیو۔ معدہ میں دباؤ جیسے کہ وہاں پاخانہ ہونے کا رجحان۔

اکونائٹ ایپ۔ معدہ اور معدہ کے گڑھے میں دباؤ جیسے کہ سخت پتھر ہو۔

ایسکولس ہپ۔ معدہ میں شدید جلن دار۔ بے چینی۔ معدہ کے گڑھے میں جیسے پتھر کا وزن ہو۔ ہوا کی خالی ڈکار۔

گریفائٹیس۔ درد معدہ جس کو کھانے سے افاقہ ہو۔ کھانا جلدی جلدی کھائے تاکہ پیٹ کے بالائی حصّہ میں سے درد کو افاقہ ہو۔ خاص طور پر دوپہر کے کھانے کے وقت اور رات کے کھانے پر۔

آرسینکم البم۔ معدہ کی خرابیوں کے لئے شاندار دوائی ہے۔ پریشان کن معدہ کا بگاڑ اور حاد سوزش پیٹ میں درد اور پیچش درد جلن دار قسم کی ہوتی ہے جن کے ہمراہ متلی اور قے۔ معدہ حساس ہو اور دُکھے۔ مریض کمزور معدہ میں ٹھنڈک پھل یا آئس کریم کے ذریعے۔

آرجنٹم نائٹریکم۔ بہت زیادہ گیس جس کو ڈکاروں سے افاقہ ہو۔ کاٹنے والی اور ناسوری درد پیٹ کے گڑھے میں جہاں سے درد ہر طرف کو جائے۔ درد معدہ خاص طور پر اعصابی اور نرم و نازک خواتین میں۔ یہ جذبات کی برانگیختگی۔ نیند کی کمی یا بعض خرابیوں سے لاحق ہو سکتا ہے۔ معدہ میں گولے کا احساس۔ مواد کی قے جو تاروں میں کھینچا جا سکتا ہے۔ مٹھائیوں کی زبردست خواہش جبکہ مٹھائیوں سے تکلیف میں زیادتی ہو۔ اور پیچش ہو جائے۔ معدہ کا کینسر۔ کھانا کھانے کے بعد

اور درد دبانے سے تکلیف زیادہ، خونی قے اور لیسدار قے کے ہمراہ، مزمن درد معدہ۔ نوزائیدہ بچوں میں درد قولنج۔

پیٹرو سیلینم۔ معدہ اور انتڑیوں کی تکلیف کے لئے۔

کالچیکم ۔ معدہ میں برف کی طرح کی ٹھنڈک۔

ہیپومینز۔ معدہ میں برف کی طرح کی ٹھنڈک ۶ یا ۳۰ طاقت میں دیجئے۔

گریشی اولا ۔ معدہ میں تیزابیت گنٹھیا کے ہمراہ۔

نیٹرم سلف ۔ عام صفراوی حالت جو نمی کی وجہ سے یا نمی سے زیادتی ہو۔

نیٹرم کارب ۔ دورہ سے بچیش۔ دل کی دھڑکن۔ معدہ کی درد کھانے پر کم ہو۔ صبح سویرے بستر سے اٹھائے۔ کچھ کھانے کے لئے۔

نیٹرم فاس ۔ گیس دہی جیسی قے کے ہمراہ۔ شدید تیزابیت۔ کھٹے پسینے۔ معدہ کی تیزابی حالت متلی کے ہمراہ اور جلن دار مواد کی قے۔ کھٹے ڈکار۔ سرکے جیسے کھٹے ڈکار۔ معدہ کا ناسور کھٹی رطوبت منہ کو آئے۔

لیک ویک ڈیفلو۔ معدہ کا درد اور انتڑیوں کی سوزش، مزمن سوزش بچیش اور قے۔

فاسفورس
فیرم میٹ
آرسینکم البم
ایسکولس ہپ

بدہضمی، جونہی خوراک اندر نگلی جائے۔ یہ کھٹی ہو جائے وہ ڈکار لیتا ہے، حتیٰ کہ مواد خارج کر دیا جاتا ہے
دل کی جلن اور متواتر معدہ میں جلن۔ معدہ کا ناسور۔

انٹم کروڈ۔ معدہ کی تکالیف ذہنی علامات کے ساتھ۔ موت کی خواہش۔ معدہ سے غذا کا اوپر اُبھرنا کھانے کے بعد قے اور متلی کے ہمراہ ۲۰۰ طاقت یا ایک ایم طاقت میں دیجئے۔

نکٹنتھس۔ معدہ میں جلن۔ متلی اور قے کے ہمراہ۔

کیڈمیم سلف ۔ انتڑیوں کی سوزش۔ معدہ میں جلن۔ پیٹ سوجا ہوا اور پھولا۔ بھالا لگنے جیسے درد خنجر لگنے جیسے درد۔ پائیلورس میں درد۔ خون والے بچیش خونی پیشاب کے ہمراہ۔

برائی اونیا - معدہ کی خرابیاں معدہ کے بخار - ٹھنڈا اور سردی کے ہمراہ - ٹھنڈک اور سردی کے ہمراہ پریشانی -

کرو ٹیلس ہور - حیران کن نایاب صفراوی دوائی ہے - سیاہ مواد کی قے بڑی مقدار میں سر درد کے ہمراہ

پٹرولیم - حمل کے دوران درد معدہ جب بھی پیٹ خالی ہو متواتر کھانا کھانے سے افاقہ -

ایسڈ سیلسلک - معدہ کی تیزابیت -

ویلیریانہ آف - اعصابی معدہ کا بگاڑ -

سلفیورک ایسڈ - جب معدہ میں نمک کے تیزاب کی زیادہ ہو -

الیومن - درد معدہ ضدی قسم کے درد معدہ کے ہمراہ - متلی قے اور مواد کا منہ کو آنا -

ا - ایم یا سی ایم طاقت میں دیجئے -

دیکھئے معدہ کے ناسور - پیٹ کے سلسلہ -

کلیجے کی جلن -

اپیکاک - کلیجے کی جلن - متلی یا قے کے ہمراہ بہت زیادہ گیس - یہ حمل کے دوران بھی مفید ہے -

نکس وامیکا - کلیجے کی جلن گیس اور بہت زیادہ تیزابیت کے ہمراہ لیکن بغیر متلی یا قے کے - زبان پر ملائی جیسی تہہ - عام طور پر معدہ خراب - جب اپیکاک ناکام ہو جائے تو یہ کامیاب ہو جاتی ہے - یہ اپیکاک سے ادل بدل کر دی جا سکتی ہے -

کلکیریا کارب - معدہ میں جلن کا احساس - خراشدار ڈکار - بعض اوقات کھٹے دوسرے وقت کھاری ذائقہ میں معدہ پر دباؤ کا احساس خوراک اور مواد کی قے کے ہمراہ -

سٹیفسیگریا - تمباکو نوشی کی وجہ سے معدہ کی جلن -

آرسینکم البم - گندہ کڑوا یا کھٹا ذائقہ - حلق اور گلے میں گرم جلن کا احساس - خراشدار مواد متلی ابکائی اور خون ملے ہوئے مواد و لیسدار مواد کی قے - ہاتھ پاؤں کا کانپنا اور سردی کا احساس

معدہ میں درد کے ہمراہ اور دباتے والی پریشانی - بے قاعدہ اور بے ہنگم نبض -

ہچکی

نکسوامیکا - بدہضمی کے ساتھ ہچکی - قے اور ہچکش -

اگنشیا - جب ہچکی کی زیادتی کھانا کھانے - تمباکو نوشی اور بالائی پیٹ میں خالی پن کے احساس کے ساتھ تمباکو کو چبانے سے تکلیف دہ ہچکی - خاموش غم سے بھی ہو سکتی ہے - صدمریا ناکامی - کھانا کھانے یا پینے کے بعد ہچکی -

رٹنہیا - کھانا کھانے کے فوراً بعد شدید ہچکی خاص طور پر جب وہ کافی دیر تک بغیر کھانے کے ہو - حملوں سے پہلے یا پیٹ کے تناؤ کی شکایت ہو -

سنا - شدید ہچکی - جب رٹنہیا ناکام ہو جائے تو یہ دی جائے -

کوکولس انڈ - ڈایافرام کے تشنج کے ساتھ ہچکی -

ہائیوسائمس - پیٹ کے اپریشن کے بعد ہچکی -

ٹیوکریم - دودھ پلانے یا خوراک کھانے کے بعد ہلا دینے والی ہچکی -

چائنا آف - کونین کے غلط استعمال سے ہچکی - ہچکی کی وجہ سے سردرد -

رننکولس بلب - شراب والے مشروبات کے بعد ہچکی - شرابیوں کی ہچکی بھی - ہچکی شدید اینٹھن دار اور ڈکاروں کے ہمراہ -

نیٹرم میور - شدید ہچکی کے لئے خواہ حاد ہوں یا مزمن خاص طور پر کونین کے زیادہ استعمال کی وجہ سے -

سائیکلیمن - حمل کے دوران ہچکی صبح کے جی متلانے کے ساتھ یا اس کے بغیر کھانا کھانے کے بعد -

سٹرامونیم - گرم مشروبات کے بعد شدید ہچکی، پانی جیسے تھوک کی موجودگی میں -

وریٹرم ایلبم - گرم مشروبات کے ہچکی -

آرسنیک البم۔ سرد مشروبات کے بعد ہچکی۔
پلسٹیلا۔ ٹھنڈے مشروبات یا تمباکو نوشی کے بعد۔
کاجوپیٹم } تھوڑے سے جذبات کی برانگیختگی پر ہچکی آئے۔
ایسڈ سلف } زبان پر سوجن محسوس ہو حلق اور حلق کا سکڑنا۔
وریٹرم ورائیڈ۔ مستقل ہچکی۔ تکلیف دہ خوراک کی نالی کے اُوپر والے حصہ میں درد ہے۔

بھوک - (بڑھی ہوئی بھوک یا کم بھوک دیکھئے - درد معدہ - تیزابیت -

زیادہ) نمک کے تیزاب کی معدہ میں کمی -

سٹرکنیم نائیٹریکیم۔ کم تیزابیت کے لئے چوٹی کی دوائی ہے۔ یہ معدہ کے مواد کو بڑھاتی ہے اور تیزابیت کو بڑھاتی ہے۔
کاربوویج۔ کم تیزابیت یا تیزابیت نہ ہونے کے لیے چوٹی کی دوائی ہے۔
ہائیڈروسائنک ایسڈ۔ مشروبات گلے اور معدہ میں گڑگڑاہٹ پیدا کریں۔ نمک کے تیزاب کی کمی۔ جب معدہ خالی ہو تو درد معدہ۔

قے - متلی - ناسور - قے - ناسور پیٹ کے باب

یوپیٹوریم پرف - گہری کمر درد جو ہڈیوں میں جائے - شدید پیاس اور سردی - یہ ملیریا کی خرابیوں کی وجہ سے ہو سکتی ہے -

کلکیریا فلور - کمر درد جو آرام کرتے وقت زیادہ ہو اور گرمی سے اضافہ ہو - کمر درد جو تکونیہ ہڈی تک جائے - جب رسٹاکس ناکام ہو جائے تو دیجئے -

سلفر - عیاش لوگوں میں کمر درد - سیدھے نہ چل سکیں - کندھوں کے درمیان کھینچنے والی درد - آرام کرتے وقت زیادہ ہو - رات کے وقت پاؤں کے تلوؤں اور ہاتھوں میں جلن - لہسن جیسی بو والا پسینہ -

ربھوڈوڈینڈرون - تمام بازوؤں میں پھاڑنے والی دردیں - خشک ٹھنڈ لگنے سے کمر درد - آرام کے وقت زیادہ اور طوفان آنے پر زیادہ - گرمی اور کھانا کھانے سے اضافہ -

ہڈیوں کا ٹوٹ جانا اور بے قاعدہ بڑھوتری -

کلکیریا فاس - یہ نرم اور آسانی سے ٹوٹ سے جانے والی ہڈیوں کے لئے شاندار دوائی ہے سر کی ہڈیاں ہیئت اور مقدار میں کم بڑھیں - وہ زیادہ موٹی اور تعداد میں کم - گردن کی ہڈیاں اتنی چھوٹی اور کمزور کہ بڑے سر کو سنبھال نہ سکیں - ہاتھوں اور ٹانگوں کی ہڈیاں کمزور اور ٹوٹنے والی - پاخانہ سبز بہضم شدہ اور بدبودار بھوک نہ لگنے - یہ ہڈیوں کو بنانے والی اور خون کے نئے خلیے بنانے والی ہے - یہ تمام جسم کو جنرل تقویت دیتی ہے -

کلکیریا کارب - یہ کھلے تالو والے اور کھوپڑی کی ہڈیوں کے کھلے جوڑوں والے مریضوں کے لئے مفید ہے - اگر ہڈیاں بنانے والے مواد کی بہم رسانی تو ٹھیک ہو لیکن وہ مناسب طور پر تقسیم نہ ہو -

کلکیریا آئیوڈ - جب پٹھوں کی کمزوری - چربی کی کمی اور ہڈیوں کی کمزوری تب اس کے متعلق سوچنا چاہئیے - غدود کی غیر صحت مند حالت کے لئے یہ دوائی بہترین ہے -

کلکیریا فلور - اس دوائی کی نمایاں علامت دانتوں کا انیمل قبل از وقت خراب ہو جائے کسی پٹھے یا عضو کے ڈھیلے ہونے کی حالت - یہ شریانوں اور وریدوں کے لچکدار ریشے تعمیر کرتی ہے۔

سلیشیا - کلکیریا فاس کے بعد یہ دوا دی جائے۔ جب کرتی ہڈی مناسب طور پر ہڈی میں تبدیل نہ ہو سکے۔ ہڈی سلیشیا اور کرتی مواد سے بنتا ہے۔ اس لیئے اس بیماری کے لئے سلیشیا بہت ضروری ہے۔ پسینہ اور پیپ بننے کا رجحان - اس دوائی کی نمایاں علامات ہیں۔ سلیشیا کے مریض کو ٹھنڈ سے تکالیف میں زیادتی کرتی ہے۔

مغزِ ہڈی کی سوزش

سوزش رڑھ - اعصابی نظام کے تحت۔

سلیشیا - زخموں کو ٹھیک کو ٹھیک رکھنے کے لئے یا انہیں مندمل کرنے کے لئے سٹانڈرڈ دوائی ہے۔ یہ ہڈی کے چھوٹے ٹکڑے خارج کر دیتی ہے جو کہ زخم کے ٹھیک ہونے میں رکاوٹ ڈالتے ہیں۔

میڈورنیم - جب سلیشیا ناکام تو یہ دوائی دی جائے۔ مریض چڑچڑا۔ گرم ہتھیلیاں گرم قبض میں مبتلا۔ ٹھنڈی خوراک اور ٹھنڈے مشروب پسند کرے اور نمکین خوراک کو پسند کرے۔ ٹھنڈے پانی سے نہانا پسند کرتا ہے۔ اگرچہ سخت ٹھنڈا موسم ہو۔ چھاتی اور گھٹنے ٹیکنے کی حالت میں لیٹے اس دوائی کی خاص الخاص علامت ہے۔

ایکینشیا - یہ اندرونی طور پر ۳× طاقت میں دی جائے اور بیرونی طور پر نصف اونس پانی میں ۱۰ قطرے ملا کر لگائی جائے

درد

گنٹھیا - وجع المفاصل

برائی اونیا - جب دردیں تھوڑی سی حرکت سے بڑھ جائیں۔ گرمی اور دبانے سے کم ہوں۔ جوڑوں کی سوجن جو گرم ہوں اور سوجے ہوئے ہوں۔ مریض سردی محسوس کرتا ہے۔ یہ ۹ طاقت میں دیجئے۔ جب یہ طاقت کام نہ کرے تو ۲۰۰ طاقت دیں۔

لیڈم پال۔ یہ گنٹھیے اور جوڑوں کی دردوں کے لیے مخصوص ہے۔ جب دردیں نیچے سے اوپر کو جائیں۔ انگلیوں کے جوڑوں۔ کلائیوں اور پنجوں میں چاک کا پتھر جمع ہو جائے۔ جوڑوں کی سوجن ہو سکتی ہے۔ مریض ٹھنڈ محسوس کرتا ہے لیکن پھر بھی ٹھنڈی چیزیں لگانے سے افاقہ ہو۔ چڑچڑا۔ اکیلا رہنا پسند کرے۔ درد خراب نوشی۔ کیڑوں کے ڈنگ لگنے یا زخموں کی وجہ سے تکلیف ہو سکتی ہے۔ گرم پٹیوں سے درد میں اضافہ۔

کالمیا لیٹیفولیا۔ گنٹھیاوی دردیں جب اوپر سے نیچے کو جائیں اور اعضاء سُن ہو جائیں۔ دل کی دھڑکن کے ساتھ اور سُست نبض کے ساتھ درد۔ دردیں تیزی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ جائیں۔ کلائی کے اعصاب میں درد۔

کالچیکم۔ گنٹھیے کے لئے عمومی دوائی ہے۔ خوراک سے نفرت (خوراک جس کے کھاتے وقت خوراک کی بُو آئے) جوڑوں کی سوزش جو سُرخ یا زرد ہوں۔ پیٹ ہوا سے بھرا ہوا۔ پیشاب میں البیومن جو سیاہی کی طرح سیاہ ہو جائے۔ پیشاب کم استسقائی سوزش کے ہمراہ۔ دردوں اور خوشبوؤں سے بہت ہی بے چینی ہو جائے۔ حرکت سے۔ چھونے سے اور دماغی کام سے زیادتی ہو۔ گرمی سے آرام سے اور بیٹھنے سے افاقہ ہو۔ تمباکو نوشوں میں گنٹھیا اور نقرس۔

رسٹاکس۔ جب گرم ہو اور ٹھنڈا ہو جاتے پر بار بار درد کے حملے۔ نمدار موسم میں گنٹھیا اور موسم نمدار میں زیادتی بے چینی اور پہلی حرکت پر زیادتی۔ کچھ حرکت کرنے پر افاقہ لیکن، لیکن جب زیادہ دیر حرکت رہے تو تکلیف زیادہ ہو حتیٰ کہ مریض ٹھہرنے پر مجبور ہو جائے۔ یہ ۱۔ ایم طاقت میں بہترین نتائج دیتا ہے۔

کیلمئس گرینڈی۔ استسقاء کے ساتھ گنٹھیا ہاتھوں اور پاؤں کی استسقائی سوزش۔ گردے اور انتڑیاں ملوث ہوں یا متاثر ہو چکی۔ دل کا درد جب دِل متاثر ہو جوڑوں کے درد سے افاقہ ہو۔

سٹیلریا میڈیا۔ یہ تبدیل ہونے والی دردوں میں جو ہر حصّہ میں شدید دُکھن کے ساتھ ہوں۔ جگر میں درد کے ہمراہ۔ حرکت سے زیادتی ہو۔ بڑھے ہوئے اور سُوجے ہوئے گنٹھیاوی جوڑ جو درد کریں۔ (یہ مدر ٹنکچر میں روغن زیتون کے ساتھ ملا کر جوڑوں پر لگائی جا سکتی ہے)۔

ڈلکا مارا۔ ٹھنڈا اور گیلا ہونے پر جوڑوں میں دردیں۔ نمدار جگہوں پر رہنے یا ۲۴ گھنٹے میں درجہ حرارت میں شدید تبدیلی کی وجہ سے گرمیوں کے گرم دنوں میں جب راتیں ٹھنڈی ہو جائیں۔ پسینے کے دب جانے سے گنٹھیا۔

پلسٹیلا۔ گھٹنے ٹخنے اور ہاتھوں کے چھوٹے جوڑ اور پاؤں کو متاثر کرتی ہے۔ دردیں ایک جگہ سے دوسری منتقل ہوں رات کے وقت آئیں۔ گرم کمرہ میں اور آرام کی حالت میں کھلی ہوا میں حرکت سے اور گرم چیزیں لگانے سے افاقہ۔ ایڑیوں میں سوئیاں چبھنے جیسی دردیں۔ شریف الطبع۔ بزدل یا ڈرپوک اور آسانی سے آنسو بہنے لگیں۔

گلتیھریا آئل۔ ۱۰ سے ۲۰ قطرے درد کو روکنے میں کبھی بھی ناکام نہیں ہوتے۔

اسکلی پیاڈ ٹیب۔ دردیں آڑی ترچھی یا ورتری یعنی ایک طرف کے بازو اور دوسری کی طرف کی ٹانگ میں دردیں ہوں۔

ملیریا آف۔ ملیریا بخار کے بعد گنٹھیاوی دردیں۔

فیرم پکریکم۔ چلنے پر جو گنٹھیاوی درد زیادہ ہو۔

لائیکو پوڈیم۔ انگلیوں کے جوڑوں کا گنٹھیا پیٹ میں گیس کے ساتھ۔

لیکٹک ایسڈ۔ ذیابیطس کے ہمراہ گنٹھیا۔

گوائیکم۔ آتشکی اور ٹی بی والے مزاج کے آدمیوں میں گنٹھیا اور نقرس۔ دکھنے والے سوجے ہوئے جوڑ جن میں چلنے اور گرمی سے زیادتی ہو۔ جوڑوں پر گنٹھیاوی پھوڑے۔ ٹانگ۔ ٹخنے کی ہڈیاں خاص طور پر متاثر ہوں۔ ٹانگوں میں پاؤں سے گھٹنوں تک گولی لگنے جیسا درد ہو۔ پنڈلی کی بڑی ہڈی میں درد ہو۔ پنڈلی کی بڑی ہڈی میں درد۔ ٹھنڈے پانی سے نہانے اور ٹھنڈی چیزیں لگانے سے آرام حاصل ہو۔

فارمیکا اینڈ فارمک ایسڈ۔ پیشاب میں یوریٹ اور البیومن خارج ہونے کی وجہ سے گنٹھیاوی اور نقرسی درد۔ جوڑوں کی سوزش جو بہت تکلیف دہ ہو۔ حرکت پر زیادہ۔ ٹھنڈ اور طوفان سے پہلے زیادتی دباؤ سے افاقہ۔

لیتھم کارب - یورک ایسڈ کی وجہ سے مزمن گنٹھیا - دل کی دھڑکن اور دل کے صدمے - تلیوں کی دردیں اور چھوٹے جوڑوں میں درد اور جلن کا احساس -

کالی کارب - سوئی لگنے جیسے یا چھرا گھونپنے جیسے اور جلندار درد جو ٹھنڈی چیزیں لگانے سے وقتی طور پر افاقہ ہو - آرام اور حرکت سے افاقہ نہ ہو - درد کی وجہ سے مریض چلاتا ہے شدید کمزوری کے ساتھ بہت زیادہ پسینے کے ساتھ کمر درد - اگر درد والے حصہ کو ڈھانپ لیا جائے تو ننگے حصہ پر درد چلے جاتے ہیں - کھانا کھانے اور نہانے پر زیادتی ہو - ایک اہم طاقت میں دیجئے -

کلکیریا کارب - ہڈیوں کا آہستہ آہستہ بڑھنا - ہڈیوں کا بے قاعدہ طور پر نشوونما پانا - ہڈی کا ایک حصہ کو خوراک ملے جبکہ دوسرا حصہ بھوکا رہے - رسٹاکس کی طرح اس دوائی میں بھی متواتر چلنے سے افاقہ اور لیٹنے سے زیادتی - گنٹھیا دی سوزش یا ہاتھوں اور انگلیوں کے جوڑوں کا گرہ دار یا گانٹھ دار گنٹھیا یا گھٹنوں کا پر گوشت یعنی موٹے تازے اور پسینے والے اشخاص میں - ٹھنڈک سے زیادتی ہو -

میگنیشیا میور - دردیں جب بیٹھنے سے زیادہ ہوں، حرکت سے اور لیٹنے سے مکمل طور پر ہٹ جائیں یا دور ہو جائیں -

سیلیسلک ایسڈ - جوڑوں کا گنٹھیا طور پر کہنی اور گھٹنے کے جوڑوں پر حملہ آور ہو - شدید سوزش سرخی اور تیز بخار - حاد اور چھیدنے والی درد جس کو گرمی سے افاقہ ہو اور ٹھنڈے سے زیادتی ہو -

سٹکٹا پلمونیریا Q - دائیں کندھے یا جوڑ کا گنٹھیا - کلائی کے جوڑ کا - ٹخنے یا گھٹنے کا - یہ گھٹنوں میں رطوبات کو کم کرتا ہے -

ایسڈ ٹارٹیریکم - پاؤں کی ایڑیوں اور تلیوں میں درد

ٹرامیتھائیل امینم - کلائی اور ٹخنوں میں درد بخار کے ساتھ یورٹیس کی مقدار کو کم کرتی ہے -

سارسپریلا - 200x - سائیکوٹک اشخاص میں سوزاک کے دبنے - ٹیکوں کی وجہ سے یا دوسری چیزیں لگانے کی وجہ سے دردیں -

بربیرس ولگیرس - ایڑیوں میں دردیں جن پر بہت زیادہ وزن ڈالنے سے افاقہ ہو - جوڑوں کی اور گنٹھیا دی اثرات اگر گردوں میں چبھنے والی درد اور کمر درد -

مائیر سٹیکا سیبی لینز ا۔ جوڑوں کی سوزش یا ان میں پیپ پڑ جانا یا دوسرے حصوں میں انگلیوں کے ناخنوں اور ہاتھوں کی چھوٹی ہڈیوں میں درد۔

چیلیڈونیم ۔ سوزش یا سوجن گرمی ۔ نازک پن اور سختی کے ساتھ گنٹھیا دی دردیں۔ سفید پاخانے کے ساتھ قبض۔ تھوڑی حرکت یا چھونے پر درد یا زیادتی۔ صرف گرم پانی سے نہانے سے آرام آئے۔

کیوپرم ایسٹیکم۔ دائیں طرف کے پاؤں کے تنجے کے پٹھوں کی اکڑن شدید درد کے ساتھ۔

نیفالیم ۔ لنگڑی کا درد زیادہ زور اور سُن ہونے سے ادل بدل کر ٹھنڈ میں نمدار موسم میں زیادتی۔

گریشی اولا ۔ تیزابیت اور قبض کے ساتھ گنٹھیا ۔ کندھوں ۔ بازوں ، انگلیوں خاص طور پر کہنی اور کلائی کے جوڑوں میں گنٹھیا دی اور نقرسی درد۔

لیو پیٹیوریم پرف۔ انگلیوں کے جوڑوں کی گنٹھیا دی سوزش۔ کہنی کے جوڑوں۔ ٹخنوں۔ گنٹھیا دی اور اور نقرسی سر درد جو جوڑوں کی درد سے ادل بدل کرتے۔

کالی آئیوڈ۔ گنٹھیا دی نقرس جو ہر جوڑ کو متاثر کرے۔ بوڑھے گنٹھیا کے شکار جنہیں کھلی ہوا میں حرکت سے افاقہ ، حرکت میں رہیں ۔ جب وہ چُپ کر کے لیٹ جائیں تو تھک جائیں۔ گرم۔ بدمزاج۔ چڑچڑا اور سخت ہوتا ہے۔

رہوڈوڈنیڈرون ۔ گنٹھیا دی دردیں جو ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ تک منتقل ہوں۔ جوڑوں کی سوزش کے ساتھ طوفان سے پہلے یا طوفان میں ٹھنڈے یا نمدار یا ناصاف موسم میں زیادتی ہو۔ گرم کپڑے لپیٹنے سے افاقہ۔ جوڑوں کا بڑھ جانا گنٹھیا دی مادہ جمع ہونے پر۔ گنٹھیا دی گانٹھیں۔

فائٹولاکا ۔ جسم کی نرمی چوٹ کھائی ہوئی حالت یعنی بہت زبردست چوٹیں لگی ہوئی ہوں۔ ہڈیاں دکھیں۔ جسم میں مستقل درد۔ جوڑوں میں درد۔ رات کو بستر کی گرمی سے یا گرم چیزیں لگانے سے درد دکھیں اور درد میں زیادتی ہو۔ وہ ٹھنڈی چیزیں چاہتا ہے۔ جوڑوں کا گنٹھیا۔ کان کے پاس کے غدود اور نچلے جبڑے کے غدود بڑھے ہوئے۔ دل کے حصہ میں درد ہو دائیں بازو تک جائے۔

نیٹرم سلف ۔ جب پیشاب میں یورک ایسڈ گیس کی تکالیف کے ہمراہ ہو۔

میگنولیا۔ دل کی تکالیف کے ساتھ گنٹھیا۔ تلی اور دل کی تکالیف ادل بدل کر مریض تھکا ہوا ہو۔

لیکن سخت نہ ہو۔ بے قاعدہ تبدیل ہونے والی دردیں۔ تنگی تنفس۔ جب تیز چلے تو دم گھٹنے کا احساس۔

بنزوائک ایسڈ ۔ گنٹھیاوی اور نقرسی دردیں۔ خون میں پیشاب یا پیشاب میں کھار والی طبیعتوں میں، جب پیشاب کم مقدار میں مریض زیادہ تکلیف محسوس کرے بہ نسبت جب پیشاب میں زیادہ مواد یا تلچھٹ ہو اور کثرت سے ہو۔ تکالیف میں افاقہ ہو۔ اس حالت میں پیشاب بہت ہی رنگدار اور گھوڑے کے پیشاب کی بو والا ہو۔ اس مواد کو کم کرنے سے تکالیف بڑھ جاتی ہیں۔ پیشاب میں یورک ایسڈ جو سرخ تلچھٹ بنائے نزلہ زکام ہونے پر گنٹھیاوی دردیں رک جائیں زبان یا معدہ کی سوزش شروع ہو جائے معدہ کی سوزش۔ مریض ہر کھائی ہوئی چیز قے کر دیتا ہے۔ دبی ہوئی دردیں معدہ میں چلی جاتی ہیں تب بنزوائک ایسڈ۔ انٹم کروڈ۔ اور سیکوئیر یا مفید ہو سکتے ہیں۔ دمہ کی پیچیدگیوں کے ساتھ۔ ٹانگوں کی سوزش لکھتے وقت بھول جائے جب لیسینہ آئے۔ غمی اور پریشانی۔ یوریمیا یعنی خون میں پیشاب شامل ہو جائے۔ ٹھنڈا۔ اور ننگا ہونے پر۔ ٹھنڈی ہوا۔ موسم کی تبدیلی۔ حرکت اور شراب سے زیادتی ہو۔ گرمی یا زیادہ پیشاب سے افاقہ ہو۔ چلتی پھرتی دردیں۔ جو اپنی حالت اچانک بدلیں۔ جوڑوں پر گنٹھیاوی تلچھٹ۔ یہ گنٹھیا کی دردوں کو دور کرتی ہے۔

اگزالک ایسڈ ۔ بائیں طرف گنٹھیا بائیں پھیپھڑے کے نچلے حصہ میں دردیں خاص طور پر نمایاں ہوں اس دوائی میں قابل غور ہیں۔ یہ کوئی بات نہیں کہ مرض خواہ کوئی ہو۔ پلورسی۔ نمونیا یا دق جب وہ درد موجود ہو اگزالک ایسڈ اسے آرام دے گا۔ جوڑوں کا گنٹھیا خاص طور پر لیسینوں سے زیادہ ہو۔ خراب معدہ بے ذائقہ ڈکار معدہ میں جلن وغیرہ یہ پیشاب میں کیلسیم اگزالیٹ کے اخراج کو دور کرتا ہے۔ کندھے کے جوڑ کے نیچے درد۔ کندھوں کے درمیان جو نیچے کی طرف چھوٹی کمر تک بڑھے۔ کمر میں شدید درد جو کولہے تک جائے جس کو حالت بدلنے پر افاقہ۔

میگنم ۔ بازو بے چینی سے پر یعنی شدید بے چین گنٹھیے کو بھی ہڈیاں دکھیں۔ تلوؤں میں جلن۔ جوڑوں کی سوزش کا بڑھ جانا۔ ہڈیوں کے غلاف میں درد۔ جوڑ دکھیں۔ یہ دوائی بار بار آنے والی تکالیف میں مفید ہے۔ اور پہلی دفعہ کے حملہ میں بمشکل کام آتی ہے۔

کیمفر ۔ تکالیف نیم خوابی سی کیفیت میں محسوس ہوں اور جب ان کے متعلق سوچا جائے تو ہو جائیں۔

کیموميلا - شدید تیز دردیں جو اچانک آئیں جو مریض کو خبطی بنادیں۔ مریض کہتا ہے کہ وہ ان دردوں کی بجائے موت کو ترجیح یا کسی اور چیز کو پسند کرے بہ نسبت دردوں کی تکلیف کے۔ سُن ہونے کے ساتھ دردوں کیلئے مخصوص ہے۔

سیکرم لیکٹس - برف کی طرح ٹھنڈی دردیں جو ہر طرف پھیلیں۔

انٹم کروڈ - گنٹھیا قے کے ساتھ ادل بدل کر جب گنٹھیا رک جائے تو قے شروع ہوں۔ انگلیوں کے جوڑوں پر گنٹھیاوی گانٹھیں اور ایک جگہ سے دوسری جگہ تبدیل ہونے والی دردیں جس کے ہمراہ سفید تہ والی زبان ناک اور منہ کے کناروں پہ چیرے۔ ٹھنڈے پانی سے نہانے سے نفرت۔

میفائٹس - آوارہ دردیں یا چلتی پھرتی دردیں پیشاب کرنے کے لئے دباؤ ڈالیں۔

فیرولس این - گنٹھیاوی دردیں جن کے ہمراہ ذیابیطس ہو۔

سبائنا - گنٹھیا اور رحم سے خون بہے ادل بدل کر جیسے کہ خون کا بہنا شروع ہو جائے جب گنٹھیاوی درد کو افاقہ ہو یا اس کے الٹ۔

سلفر - گرمی کے موسم صاف اور بادلوں کے دن زیادہ دردیں۔ نمدار اور ٹھنڈے دن میں افاقہ مزمن جوڑوں کی دردیں۔ تلووں کی جلن اور سر کی چوٹی کی جلن کے ہمراہ۔

لائیکوپس وی - جب دردیں گرم کرہ یا بستر میں کم ہوں۔ لیکن براہ راست گرمی سے کم نہ ہوں۔

اکونائٹم نیپ - گولی لگنے جیسی دردیں جو شراب یا کسی محرک سے دوبارہ پیدا ہو جائیں۔ رات کے وقت زیادہ عام طور پر بیٹھے ہونے کی صورت میں غائب ہو جائیں۔

ایکٹا آر - گنٹھیا جس سے ریڑھ کے جوڑ خاص طور پر گردن کے متاثر ہوں۔ گردن کی گدی میں درد اس کا مخصوص درد ہے۔ جب گنٹھیاوی درد رک جائے تو دماغی علامات ظاہر ہوں یا جب دماغ پراگندہ نہ ہو تو اسہال شروع ہو جائیں۔ آرام حاصل کرنے کیلئے کچھ نہ کچھ رطوبات بہنی چاہئیں۔

اکٹیا سپائیکیٹا - چھوٹے جوڑ اور کلائیوں میں پھاڑنے والے اور کھینچنے والے درد۔ تھوڑی سی مشقت سے جوڑ سوج جائیں۔

ابروٹینم - اسہال کو روکنے پر گنٹھیاوی درد شروع ہو جائیں۔ جوڑوں کا درد۔ دل کے درد میں

تبدیل ہو جائے ۔ ریڑھ کے درد ۔ کمر میں اچانک درد جس کو حرکت کرنے پر افاقہ ہو ۔ رات کو اور ٹھنڈی ہوا میں علامات زیادہ ہوں ۔

آرسینکم البم ۔ جلن دار دردیں آدھی رات کے وقت اور درد والی طرف لیٹنے سے گرمی اور متاثرہ حصّہ کو ہلانے سے افاقہ ہو ۔ کہنی سے کندھے تک گنٹھیا وی درد ۔

جیلسیمیم ۔ جلن دار دردیں جن کو گرمی سے آفاقہ نہ ہو ۔ ۱۰ بجے صبح زیادہ ہوں ۔ چلتی پھرتی دردیں ہڈیوں اور جوڑوں میں رات کے وقت ۔

ہائپیریکم ۔ گنٹھیاوی جوڑوں کے درد ۔ یہ زخمی اعصاب کو ٹھیک کرنے میں حیران کن اثر دکھاتی ہے ۔ گھٹنا تنا ہوا ۔ ٹانگ ۔ پاؤں نیچے کافی سخت ۔

مرک سال ۔ گنٹھیاوی اور نقرسی دردیں شدید بدبودار پسینے کے ساتھ جتنا زیادہ پسینہ آتا ہے اتنی ہی تکالیف بڑھتی ہیں ۔ ناتوانی ۔ بستر میں افاقہ ، لیکن جونہی بستر گرم ہو جائیں دردیں بڑھ جائیں اسے اپنے کپڑے دور پھینکنا پڑیں تاکہ اچھا ہو جائے یا دردیں کم ہو جائیں ۔ دوسری حالت بھی دردوں کو بڑھاتی ہے تب دوبارہ اسے بستر میں اپنے آپ کو ڈھانپنا پڑے بس تمام وقت ایسا ہی ہوتا ہے رات کے وقت زیادتی ۔

کالی بائیکرومیکم ۔ دردیں حرکت سے زیادہ اور گرمی سے افاقہ ۔ ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ میں چلتی ہے دردیں کم ہوں جب اسہال یا نزلہ زکام کے اخراج دوبارہ ظاہر ہوں جو اس دوائی کی نمایاں علامات ہیں ۔ ریڑھ کی ہڈی میں درد بیٹھتے وقت ۔ تھوڑی جگہ میں دردیں جن کو ایک انگلی سے ڈھانپا جا سکتا ہے چلتے وقت کولہے اور گھٹنے کے جوڑوں میں تکلیف ۔

ایپس میل ۔ جوڑوں کی سوزش ۔ ڈنگ لگنے جیسے جلندار درد جو گرم کمرہ میں اور گرم پٹیوں سے زیادہ ٹھنڈی پٹیوں اور ٹھنڈی ہوا سے افاقہ ۔ حصے سرخ نظر آئیں اور چھونے پر گرم محسوس ہوں ۔ استعمال اونچی طاقت میں دیجئے ۔

سیلینیم ۔ ٹی بی والا گنٹھیا ۔ لمبے بخار کے بعد شدید کمزوری ۔ بڑی اور بہت عام کمزوری ۔ بازوؤں کا مرجھا جانا ۔ بالوں کا گرنا ۔ جھل ۔ شراب یا چائے پینے کے بعد اسہال ۔

کاسٹیکم۔ گنٹھیاوی دردیں جو گرم اور نمدار موسم میں اچھی ہوں۔ ٹھنڈے اور خشک موسم میں زیادہ بند عضلوں کی سکڑن اور سختی کمزوری اور کانپنے کے ساتھ۔ گنٹھیاوی دردیں خاص طور پر جہاں جوڑ سخت اور بند چھن چھوٹے ہو جائیں۔ بازوؤں بد وضع ہو جائیں۔ جوڑوں کی بد وضعی۔ جب بارش ہو تو مریض افاقہ محسوس کرے۔ بازوؤں کا فالج کے نتیجہ میں کانپنا اور کمزوری۔

میڈورینم۔ جب اچھی طرح سے منتخب کی ہوئی ادویات ناکام ہو جائیں تو یہ دوائی دی جائے یہ ان گنٹھیاوی مریض کے لئے موزوں ہے جس میں دردیں مریض کو نیند سے جگا دیں۔ کم مقدار میں بہت رنگ دار اور تیز بو والا۔ پیشاب۔ سردی سے متاثر ہونے والے۔ تلوے دکھیں۔ ٹانگوں کو اوپر کھینچ کر لیٹے یہ حالت اس کو افاقہ دیتی ہے۔ تلوؤں میں درد۔ یادداشت کمزور۔ چڑچڑی طبیعت۔ ۲۰۰× طاقت یا اس سے اوپر کی طاقت استعمال کریں۔

سفلینم۔ آتشکی مریضوں میں یا مزاج والے مریضوں میں جب اچھی طرح سے ظاہر ہونے والی ادویات ناکام ہو جائیں۔ رات کے دردیں زیادہ ۱۰۰۰ طاقت میں سوتے وقت دیں۔

لیکسس۔ گھٹنوں اور کہنیوں میں گنٹھیاوی دردیں۔ گھٹنوں کا سوج جانا۔ خون بہنے سے چہرہ زرد۔ پانی کے لئے شدید پیاس۔

پائیرو جینیم۔ پہلی حرکت پر درد میں افاقہ اور درد زیادہ جب حرکت وقفوں کے بعد جاری رکھی جائے۔ (رسٹاکس کے الٹ) درد سے افاقہ حاصل کرنے کیلئے مریض تھوڑی سی حرکت کرے پھر ٹھہر جائے تب پھر تھوڑا سا چلے پھر ٹھہر جائے تب پھر تھوڑا سا چلے پھر ٹھہر جائے اور اسی طرح مزید۔

ڈروسیرا۔ ران کی ہڈی میں اور لمبی ہڈیوں میں دردیں۔

آرنیکا مانٹ۔ گنٹھیاوی درد کے لئے جب مریض چھوئے جانے یا قریب آنے سے ڈرے۔ وہ محسوس کرتا ہے کہ جو بھی چیز اس کی طرف آتی ہے اسے تکلیف دے گی۔ کیونکہ اس کا جسم دکھتا ہے اور نرم ہے۔ گنٹھیاوی بخار جب دل ملوث ہو۔

آرم میٹ۔ دردیں ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ میں جائیں اور آخر کار دل میں ٹھہر جائیں جس کے نتیجے کے طور پر درد دل ہو۔ جوڑوں کی سوزش ہو۔ کرّی ہڈیاں دکھیں۔ ہڈیوں کے غلاف کی سوزش رات کے وقت زیادتی ہو۔

آرم میور - پھاڑنے والے اور کھینچنے والے درد - دبانے اور چپکنے والے درد جن کو ٹھنڈک سے افاقہ ہو اور گرمی سے اور گرم چیزیں لگانے سے زیادتی ہو - رات کے وقت زیادتی - زندگی سے سخت متنفر ہو -

نیٹرم فاس - راؤنڈ ورمز کی وجہ سے گنٹھیا - دل کے بینڈے میں درد جب بازوؤں اور پنجوں کی دردوں میں افاقہ ہو یا اس کے الٹ ہو -

آرجنٹم میٹ - گنٹھیادی دردیں اعصاب کے ساتھ اور کری ہڈیوں خاص طور پر کہنی اور گھٹنے کی ٹانگیں کمزور اور کانپتی ہوئی - سیڑھیاں اترتے وقت زیادہ دردیں - گھٹنوں کا سوج جانا - کری ہڈی سوجی ہوئی - اس میں تریڑیاں ہو اور سخت گانٹھیں بن جائیں - کری ہڈیوں کا موٹے ہو جانا -

کالوفائیلم - چھوٹے پٹھوں کا گنٹھیا اور ہاتھوں اور پاؤں کے چھوٹے جوڑوں - انگلیوں کے جوڑوں اور کلائیوں اور انگلیوں کے جوڑوں کے درد - حیض کے وقت گنٹھیادی دردیں زیادہ ہوں - جگہ بدلنے والے درد ہر چند منٹ بعد جگہیں تبدیل کرلیں -

پیٹرولیم - ایڑیوں میں سوئی چبھنے جیسی دردیں جیسے کہ ان میں لکڑی کی نوکدار تیلیاں لگی ہوئی ہوں - چلنے پر زیادتی -

ارٹیکا یورنس - گاڑھے پیشاب کے ساتھ گنٹھیادی دردیں - ہر دو یا تین گھنٹے بعد مدر ٹنکچر کے پانچ پانچ قطروں کی خوراکیں - یہ صرف درد کو ہی دور نہیں کرے گی بلکہ کافی زیادہ پتھریوں کو خارج کر دے گی -

نیٹرم میور - ایسے مریضوں میں گنٹھیادی دردیں جو ہمدردی، ہنگامہ یا شور - چربیلی غذا اور نمکین غذا کو پسند نہ کریں - ایسے افراد میں گنٹھیا جنہوں نے بہت زیادہ کونین کھائی ہوئی ہو اور ٹھنڈے ہوں - سمندر کے کنارے رہتے ہوں -

کلکیریا فاس - ہڈیوں کی کمزوری اور نرمی - سردیوں میں یا ٹھنڈے موسم میں گنٹھیا آئے کہ گرم موسم آنے پر بہتر ہو -

کاربونیم سلفت - مزمن گنٹھیا اور نقرس کے لئے خاص طور پر جوڑوں کے گنٹھیے کے لئے -

کونیم۔ جب بازوؤں کو لٹکانے سے دردوں میں افاقہ ہو۔
اگزیکیس میکسیرس۔ آڑی ترچھی دردیں ہوں یعنی بایاں بازو اور دائیں ٹانگ یا اس کے الٹ۔
سٹرنٹولا۔ آڑی ترچھی دردیں جیسے کہ دایاں بازو اور بائیں ٹانگ میں درد ہو۔
لائیکوپر سیکیم۔ گنٹھیاوی دردیں جیسے کہ گھر سے باہر زیادہ ہوں۔ دائیں کندھے کے پٹھے میں زیادہ تکلیف ہو۔
سیلیشیا۔ دمچی کی ہڈی میں درد جیسے کہ گاڑی کے لمبے سفر کے بعد دمچی میں ڈنگ لگنے جیسے درد جو دباؤ سے زیادہ ہوں۔ گھٹنے میں درد جیسے کہ سختی سے بندھا ہوا ہو۔
سٹیفسیگریا۔ جوڑوں کا گنٹھیاوی۔ جوڑوں میں سختی اور سخت مشقت کا احساس۔ جوڑوں پر سوزشی گانٹھیں، معمولی چھونے پر درد میں زیادتی۔ اس دوائی کی نمایاں علامت ہے۔
ایلیومنا سلیکیٹا۔ جوڑوں میں دردیں۔ بازوؤں میں کندھوں میں۔ کہنیوں میں اگلے بازو۔ ہاتھ، ٹانگوں اور پاؤں میں دردیں۔ نیچے سے اوپر کی طرف دردیں جائیں۔
امونیا فاس۔ گنٹھیا اور نقرس کے لیے مزاجی دوائی ہے۔ جب جوڑوں میں گانٹھیں ہوں۔ جوڑوں میں ٹھوس جماؤ اور ہاتھ ٹیڑھے ہو جائیں اور بدوضع ہو جائیں۔
ٹھوجا۔ یہ گنٹھیاوی ریشہ دار ٹھوس مواد میں مدد دیتا ہے۔ خاص طور پر کندھے کے پیچھے اور کمروں کے حصوں میں۔ یہ گھٹنوں کی چکنائی نکلنے کو ٹھیک کرتی ہے۔ ۱۔ ایم طاقت میں دیجئے۔ سوزاکی قسم کی جوڑوں کی گنٹھیاوی سوزش۔ یہ جوڑوں کو ڈھیلے کرنے میں حیران کن عمل کرتی ہے حرکت کرنے کے عمل کو جاری کر دیتی ہے۔ جبکہ دوسری نظر آنیوالی ادویات ناکام ہو جائیں۔
ویلیریانہ۔ تبدیل ہونے والی گنٹھیاوی دردیں جن کو اوپر نیچے چلنے سے اور ملنے سے افاقہ ہو۔ گرمی کے اچانک جھونکے سے پیاس اور متلی کے ساتھ۔ آدھی رات سے پہلے بے خوابی۔
کلکیریا فلور۔ جو نقص دار ہڈیوں کے اگاؤ کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ ہڈیوں کے ناسور اور پھوڑے۔ مریض گرمی سے افاقہ محسوس کرتا ہے اور سردی سے زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔
فلورک ایسڈ۔ یہ ہڈیوں کو نرم کرنے اور گانٹھوں کو اور دوسری زائید گی ہوئی چیزوں کو جذب

کرنے میں استعمال ہوتی ہے۔ کافی درد، کچھ کمزوری اور سرخی ہوتی ہے۔ ناخنوں کا جلدی بڑھنا اور ٹوٹنا۔

پکرک ایسڈ۔ ڈاکٹر ہال برٹ کے تجربے کے مطابق اس دوائی نے سب سے زیادہ اچھے نتائج دیے ہیں۔

سمفائیٹم۔ زخم کی وجہ سے یا ویسے ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کے لئے۔ یہ ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کے لئے بہترین دوائی ہے۔ خواہ وہ سادہ ہوں یا ٹکڑوں کی صورت میں پیچیدہ ہوں۔

روٹا۔ بڑی ہڈیوں میں درد خواہ زخم۔ گنٹھیے کی وجہ سے ہو۔ یہ زخموں اور ہڈی ٹوٹنے کیلئے مفید ہے۔

یوفوربیم۔ ہڈیوں میں جلن دار درد یا کینسر کی طرح کے بجلی کے جھٹکے۔ گلے کے غدودوں کی سوزش اور پیپ اور ہڈیوں کا گلنا سڑنا۔ ریچی کی ہڈی میں درد۔

تھیمس۔ ہڈیوں کے بیرونی طور پر دردوں پر لگانے کیلئے اس دوا کی مدر ٹنکچر لگائی جائے۔

ہڈیوں کا نرم پڑ جانا۔

کلکیریا کارب۔ ریڑھ کی ہڈی کا خاص طور پر یا لمبی ہڈی کا خم کھا جانا۔ خنازیری لوگوں میں ہڈیوں کا ٹھیک نہ بننا۔ ہڈیوں کے سرے غلط کے، بدوضع۔ ٹیڑھی۔ نامکمل طور پر بڑھیں۔ تالو کی ہڈیاں دیر بعد جڑیں۔ دانت دیر سے نکلیں اور تکلیف سے نکلیں۔ بچہ جو بڑے پیٹ والا بچہ۔

کالی کارب۔ ہڈیوں کا گھٹ جانا۔

کلکیریا فاس۔ ہڈیوں کا ٹھیک طرح سے نہ بننا وزن میں کمی کے ہمراہ۔ ہڈیوں کے نرم ہونے کے لئے بہترین دوائی ہے۔ بچہ دبلا پتلا۔ کمزور اور پیٹ پھولا ہوا ہونے کی بجائے اندر دھنسا ہوا۔ بڑا سر اور تالو کھلا رہے۔ کلکیریا کارب کے بچے کے مقابلہ میں۔

ٹیوبرکولینم X۲۰۰۔ اس دوائی سے علاج شروع کیجئے اور ہر تیسرے ماہ ایک خوراک دہرایئے اس دوائی سے دو دن پہلے اور دو دن بعد کوئی دوائی نہ دیجئے۔

فلورک ایسڈ۔ آتشکی اور ریڑھ کی ہڈی کی سوزش کے میلان رکھنے والے اصحاب کیلئے بہترین دوائی ہے۔ جسمانی حالت کمزور اور زرد رو پٹھے نرم اور پلپلے پاؤں اور ہاتھ متواتر پسینے میں نہائے رہیں۔

سیلیشیا - کھلا تالو پیٹ پھولا ہوا اور گرم زیادہ مقدار میں سر پر کھٹا پسینہ اور جسم خشک۔ پھوڑے پھنسیاں - غدود جن سے پیپ بہنے کا ڈر ہو اس دوائی سے ہو جاتے ہیں۔

بریٹا کارب - جب ذہنی اور جسمانی بونا پن ہو یعنی ذہنی طور پر اور جسمانی طور پر ٹھوتری نہ ہو۔ گلے کے ٹانسلز اور گردن کے غدود بڑھے ہوئے ہوں اور سخت ہوں۔

کلکیر یا فلور۔ نوز آئیڈو۔ بچوں کی کھوپڑی کی ہڈیاں بڑھ جائیں اور سوزش زدہ ہوں۔ ذاتوں پر کم مقدار انیمیل۔ سرویکل غدود غیر معمولی طور سخت اور ہڈیوں پر گانٹھیں پیپ کے ہمراہ۔

کریازوٹ - بچوں کے قبل از وقت دانت گل سڑ جائیں۔ خاص طور پر دودھ کے دانت جن پر سیاہ دھبے اور جو نہی نکلیں وہ ٹوٹ پھوٹ جائیں۔

آرجنیٹم نائیٹریکم - ذہین اور قبل از وقت دماغی طور پر بالغ۔ بچوں کے لئے، پاخانے نرم اور سفید۔ مٹھائیوں کی زبردست خواہش یعنی مٹھائیوں کے رسیا۔

بریٹا میور - زرد۔ کند ذہن اور کمزور ہڈیوں والے بچے جو بغیر مدد کے کھڑے نہ ہو سکیں۔ ٹانسلز بڑھے ہوئے۔ کمزور دل اور بہت جلدی سردی سے متاثر ہوں یعنی ٹھنڈ لگ جائے۔

عرق النسا۔ یا لنگڑی کا درد یا درد رینگن۔

کالوسنتھ - حاد لنگڑی کے درد کے لئے چوٹی کی دوائی ہے۔ چوتڑ میں کند سوئی چبھنے جیسی دردیں جو اچانک آئیں اور نیچے کی طرف، پچھلے حصہ کو لیے یا گھٹنے کو یا پاؤں کو جائیں۔ گرمی سے درد کو افاقہ، چھونے یا حرکت، حرکت سے زیادتی۔ یہ بڑی طاقت میں دی جاسکتی ہے یعنی 200X طاقت ۴-۵ گھنٹے پر تین یا چار خوراکیں دی جاسکتی ہیں۔

رسٹاکس - جب درد کھلار کھنے یا پٹھوں کی شدید مشقت کی وجہ سے ہو۔ رات کے وقت بستر میں زیادہ ہو۔ یا آرام کرتے وقت زیادہ ہو۔ پہلی حرکت سے بہت زیادہ تکلیف جسکو چلنے پر افاقہ ہو۔

نیفالیم - اعصاب میں شدید درد، جس کے ساتھ اینٹھن اور سُن ہونے کے ساتھ ادل بدل کر لیٹنے سے زیادہ پنڈلی اور پاؤں میں دردیں ہوں۔

میکرڈینیم - لنگڑی کے درد کے لیے شاندار دوائی بتائی جاتی ہے ۲x طاقت میں دی جائے۔

ڈائسکوریا - ٹانگوں میں پھاڑنے والی درد جو حرکت کرنے پر یا بیٹھنے پر ہو۔

میگنیشیا فاس - بجلی کی مار کی طرح کی دردیں جو گرمی سے کم ہوں۔ دائیں طرف کی دوائی ہے۔

ایسڈ سلف - جب اچھی طرح سے منتخب کی ہوئی دوائیاں ناکام ہو جائیں تو اس سے بہت کیس ٹھیک ہو گئے ہیں۔

آرسینکم البم - جب مریض ملیریا کے بار بار کے حملوں کا نشانہ بن چکا ہو اور دردیں وقفہ دار ہوں۔ شدید کھینچنے والی۔ جلن دار۔ بائیں جوڑ میں پھاڑنے والی دردیں جو کولہوں تک بڑھیں شدید بے چینی جس کو گرم چیزیں لگانے سے آفاقہ ہو۔

روٹا - یہ رسٹاکس سے ملتی جلتی ہے۔ ہر علامت میں سوائے اس کے کہ روٹا کی درد یہ اعصاب کی بر انچوں کو گہری جاتی ہے اندر کی طرف کو بجائے باہر کی طرف جانے کے ٹھنڈ اور لیٹنے سے زیادتی ہو۔

کیموملا - لنگڑی کا درد جس کے ساتھ دماغی علامت کہ درد سے تو موت بہتر ہے۔

کلکیریا کارب - لنگڑی کا درد پاؤں ٹھنڈے اور چپچپے رسٹاکس کی طرح چلنے سے افاقہ ہو۔

ماربیلینیم - جب چیچک کے بعد لنگڑی کا درد ہو تو یہ بطور عمل انگیز کے دی جا سکتی ہے ایکہزار طاقت میں دیجئے۔

ایسکولس - لنگڑی کا درد گہری کمر درد کے ہمراہ جس سے چلنا مشکل ہو۔ ٹیڑھا ہونا اور وہاں سے اٹھنا تکلیف دہ ہو۔

گلنیکم - لنگڑی کے درد کے لئے مخصوص ہے۔ جب اچھی طرح منتخب کی ہوئی ادویات ناکام ہو جائیں۔ یہ تیزابیت۔ زبان پہ تہہ جمی ہوئی۔ گندہ ذائقہ اور گندہ سانس یعنی منہ کا ذائقہ اور سانس گندا۔ ایک ایم طاقت میں دیجئے۔

امونیم میور - لنگڑی کے درد جیسے کہ اعصابی پٹھے چھوٹے ہو گئے ہوں۔ بیٹھنے اور چلنے پر زیادتی ہو۔ اور تکلیف بہت زیادہ ہو۔

میڈورینم ۲۔ جب اچھی طرح منتخب کی ہوئی ادویات ناکام ہو جائیں اور مریض بستر میں ٹانگوں کو کھینچ کر لیٹتا ہے۔ یہ حالت اس کے لئے افاقہ بخشتی ہے۔

کالچیکم۔ دائیں طرف کی تیز دردیں جو گھٹنوں تک بڑھیں حرکت سے زیادہ۔ اچانک دردیں مستقل اور ناقابل برداشت۔

برائی اونیا۔ لنگڑی کا درد گنٹھیاوی قسم حرکت سے زیادہ سخت دباؤ سے افاقہ ہو۔

پلمبم۔ پٹھوں کے کمزور ہونے پر لنگڑی کا درد۔ بجلی کی طرح کی دردیں دوروں میں اینٹھن ہو۔ یا اینٹھن کے دورے

پٹھے

دوسرا حصہ

جب پٹھے سکڑنے کے نااہل ہوں

جیلسیمیم۔ پٹھے ڈھیلے۔ آسانی سے تھک سے جائیں۔ تمام نظام میں کمزوری اور کپکپاہٹ اعصاب کا ڈھیلا پن۔ ہاتھ پاؤں میں طاقت نہ رہے۔ گھٹنوں میں احساس کہ ہڈیاں ٹھیک طرح فٹ نہ آتی ہوں۔ اور ہڈیوں کو مضبوط ہو جاتی ہے۔

کوکولس۔ جب چکروں کے ہمراہ۔

کاسٹیکم۔ جب جیلسیمیم ناکام ہو جائے تو یہ دوائی استعمال کی جائے۔ پٹھوں کا چھوٹے ہونا اور سخت ہونا جو ہاتھ سے محسوس کیا جا سکتا ہے جیسے کہ سخت کنارہ ہو۔ پٹھوں اور اعصابی بندھنوں کا سکڑنا۔

اینٹھن

(لکھنے والی کی اینٹھن بھی دیکھئے۔)

بنزوائک السیڈ۔ جب چلے تو جوڑوں میں کڑکن۔

رسٹاکس۔ ایسی اینٹھن جو آرام کرنے پر زیادہ اور چلنے پر افاقہ ہو، حرکت کرتے وقت جوڑوں میں۔

کلکیریا کارب۔ اینٹھن رات کے وقت بستر میں اور ٹانگیں پھیلانے پر زیادہ ہو۔

کیوپرم میٹ۔ شدید اینٹھن خاص طور پر پنڈلیوں میں۔

سیکل کار۔ پنڈلیوں میں اینٹھن ۲۰۰ × طاقت میں دیجئے۔

پیٹرولیم۔ پٹھوں کی اکڑن۔ جوڑوں کا کڑکڑانا۔ جوڑوں کا نرم نہ ہونا یا نہ مڑنا۔ اینٹھن مڑنا یا خارش۔

کلکیریا فاس۔ پنڈلیوں میں اینٹھن۔ پنجوں میں ڈنگ لگنے اور گولی لگنے جیسے درد۔

میگنیشیا فاس۔ زیادہ مشقت کی وجہ سے اینٹھن سختی۔ سن ہو جانا۔ بدھا پن۔ اعصاب کا مردہ ہو جانا۔ لکھنے والوں کے ہاتھوں اور انگلیوں میں دیر تک لکھنے کی وجہ سے اینٹھن۔

نیٹرم فاس۔ پنڈلیوں اور پاؤں میں اینٹھن۔ لکھتے وقت ہاتھوں میں اینٹھن جوڑوں میں کڑکڑن۔

کیمفر۔ بازوؤں اور پنڈلیوں میں برف جیسی ٹھنڈک کے ساتھ اینٹھن

پٹھوں کی کمزوری۔

کلکیریا کارب۔ کمر کے پٹھے بری طرح ریشہ دار نسیج کے بننے کی واضح علامات جن کی وجہ سے کمر میں درد ہو

کاسٹیکم۔ اس دوائی سے علاج شروع کیا جائے۔ ایک ایم پوٹینسی کی خوراک دیجئے۔ یہ پٹھوں کی کمزوری کے لئے جس میں پھیپھڑوں میں مصنوعی یا جعلی فالج کا احساس ہو۔ یہ ایک ایسی بیماری رضاکارانہ پٹھے شدید ناتواں ہو جاتے ہیں جن پر مکمل طور پر کنٹرول ختم ہو جاتا ہے۔

فیرم میٹ۔ پٹھوں کی کمزوری کے لئے شاندار دوائی ہے۔ کمی خون کے ساتھ کمزوری۔

پلمبم۔ پٹھوں کی ناطاقتی پٹھوں کے فالج اور قبض۔ یہ ٹانگوں کے لئے خاص لگاؤ رکھتی ہے۔

سٹرامونیم۔ آسانی سے نقل و حرکت رضاکار پٹھے مرضی کے مطابق کام نہ کریں۔

ایناکارڈیم۔ رضاکار پٹھوں کو کنٹرول نہ کر سکے ضعیف العقلی کے ساتھ فالج۔

پٹھوں کی سوزش

برائی اونیا۔ جب پٹھوں میں کام اور نوعیت کی تبدیلیاں ہو جائیں خاص طور پر بازوؤں

اور ٹانگوں میں، بیلے بیل جھٹکے۔ سوئی لگنے جیسے پھاڑنے والے، چبھنے والی علامات اور پھر سوزش۔ گرمی اور سرخی اور پھر سختی اور چلنے میں نمایاں یا شدید تکلیف۔ یہ علامات جراثیم جسم میں داخل ہونے کی وجہ سے پٹھوں کی سوزش میں پائی جاتی ہیں۔

آرنیکا مانٹ ۔ جب سوزش کی وجہ سے چوٹ یا گندا اوزار سے زخم ہو۔

رسٹاکس ۔ جب مندرجہ بالا علامات گنٹھیا وی پیچیدگیوں کی وجہ سے ہوں۔

تھوجا ۔ جب سوزش میں ہڈی بننا شروع ہو جائے۔ یہ ہڈی کے بننے کو روک دیتی ہے۔

پٹھوں کی بڑھتی ہوئی ناطاقتی۔ لاغری۔

پلمبم ۔ یہ چوٹی کی دوا ہے۔ سادہ ہیجان سے لے کر پٹھوں کی مکمل تباہی تک کو درست کرتی ہے۔ یہ صرف دماغ کے پٹھوں ہی کو درست نہیں کرتی بلکہ دھڑ۔ ہاتھ پاؤں اور دوسرے اعضاء کے پٹھوں کو درست کرتی ہے۔ احساس کا مکمل طور پر جاتے رہنا۔ کمزوری اور کاٹنے والے درد۔ پکڑنے والے کانپتے ہوئے۔ بل کھائے۔ گردن میں گولی لگنے جیسے۔ کھینچاوٹ اور کندھے کے پٹھوں کی ناطاقتی۔ استسقاء۔ غیر مستقل چال یا لڑکھڑاتی چال۔ پٹھوں کا لمبائی میں کم ہونا۔ ۲۰۰ ہو یا ۱۰۰۰ طاقت میں دیجئے۔

آرجنٹم نائٹریکم ۔ ریڑھ کی ہڈی کی حساسیت۔ ریڑھ کی ہڈی میں شدید درد رات کے وقت ہاتھ پاؤں کا عمومی طور پر کانپنا اور کمزوری۔ آنکھیں بند کر کے نہ چل سکے۔ پنڈلیوں کی سختی اور کمزوری بھی۔ غیر مستقل یا ڈانواں ڈول چال چلے یا کھڑا ہو۔ رات کے وقت اور ٹھنڈ سے زیادتی، تازہ ہوا سے افاقہ ہو۔

بریٹا کارب ۔ بلوغت کی عمر میں پٹھوں کی ناطاقتی۔

فاسفورس ۔ بعض حصوں کا زیادہ بڑھ جانا اور بعض کا کمزور ہو جانا۔ مریض کا ڈھانچہ لمبا کھوکھلی چھاتی۔ ٹی بی اور آتشکی مزاج۔ جلن کا پنجے کے ساتھ سُن ہو جانا اور کمزوری نمایاں علامت ہے۔

میوز الیسنڈ ۔ افیم کے استعمال کی زیادتی کی وجہ سے پٹھوں کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔

تھیلیم ۔ پٹھوں کی کمزوری۔ لڑکھڑاتی چال میں تکلیف۔ لرزہ یا رعشہ۔ معدہ اور انتڑیوں میں بجلی کے جھٹکوں جیسی تکالیف۔

کالی فاس - پٹھوں کی کمزوری کے لئے - یہ اس حالت سے متعلقہ وائرس کو مار دیتی ہے یا تباہ کر دیتی ہے - یہ مزاجی دوائی ہے دوسری ادویات کے ہمراہ دی جائے -

آرنیکا ایم
کیوپرم میٹ
بریٹا آئیوڈائیڈ

} مندرجہ بالا بیماریوں میں مفید ہیں - یہ دی گئی ترتیب میں دی جائیں -
جب مندرجہ بالا ادویات ناکام ہو جائیں -


حرکت کرنے پر پٹھوں کا بہت زیادہ کھنچ جانا -

رسٹاکس : - یہ صرف واحد دوائی ہے جو پٹھوں کی کھنچاوٹ میں دی جاسکتی ہے -

پٹھوں کی عام سوزش اور اسکے ہمراہ ہڈی کا بننا -

کلکیریا فلور - یہ ایک شاندار دوائی ہے - یہ لمبے عرصہ تک دی جانی چاہیئے - اگر یہ دوائی ٹھیک کرنے میں ناکام ہو جائے تو درج ذیل ادویات دی گئی ترتیب میں دی جائیں -

(۱) - کلکیریا فاس (۲) - ویسٹ فلور - (۳) سمفائٹم -



تیرھواں

باب

جلد

بالوں اور ناخنوں

کی بیماریاں

468

جلدی بیماریاں

۱۔ ایک معالج کے لئے جلد کی بیماریاں بہت اہمیت کی حامل ہیں اسلئے کچھ متعلقہ معلومات حاصل کرنے کے لئے نہایت اہم باتوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔ چند ایک کے علاوہ تمام بیماریاں اندر سے ظاہر ہوتی ہیں، پس یہ اندرونی دوائی کے ذریعہ ہی اندر سے ٹھیک کی جائیں۔ جلد کی اپنی آزادانہ زندگی نہیں ہوتی۔ اس پر پھوڑے پھنسیاں اندرونی بگاڑ کا اظہار ہوتی ہیں۔ مکمل صحتمند جسم صحت مند جلد رکھتا ہے اور ایک بیمار جلد صحت مند جسم نہیں رہ سکتی۔ بیرونی طور پر دوائی استعمال کرکے مرض کو غائب کرنے کا مقصد اس کو دبا دینا اور کسی دوسرے عضو پر حملہ آور کرنا ہے۔ اور خطرناک نتائج ظاہر ہوں، جلدی بیماریوں کو بیرونی ادویات یا لوشنوں سے ٹھیک کرنا نظریاتی طور پر غلط ہے اور عملی طور پر نقصان دہ ہے۔

۲:— جلد کو ایک اہم کردار ادا کرنا ہوتا ہے۔ یہ ایک مادے کو خارج کرنے والا عضو ہے۔ اور جسم کے ہر حصہ پر پھیلا ہوا ہے۔ یہ قدرت کی طرف سے اندرونی اعضاء کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کا ایک ذریعہ ہے۔ جلد کا ہر حصہ کسی نہ کسی اندرونی حصہ سے گہرا تعلق رکھتا ہے۔ پس جلدی بیماری کسی اندرونی بیماری کا اظہار ہوتی ہے بلکہ اس کو جسم کے اندر کی بیماری کا خبردار کرنے کا سگنل اور خطرے کی گھنٹی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔

۳:— جلدی بیماری میں مبتلا انسان کے لئے دودھ اور سبزیاں اچھی خوراک ہیں۔ گوشت یا انڈوں سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ نظام انہضام کو صحیح حالت میں رکھنے کے لئے بہت احتیاط کرنا چاہیئے۔

۴:— متاثرہ حصہ کو صابن کے ساتھ دھونے سے پرہیز کیا جائے۔ چوکر یا بورے کے پانی سے متاثرہ حصوں کو صاف کیا جائے ——————— مرتب



پہلا حصہ

چہرے کے دانے

ایسٹریاز وب ۔ بلوغت پر چہرے کے دانوں یا پھنسیوں کے لیے چوٹی کی دوائی ہے۔

کالی بروم ۔ اگر ایسٹریا زوب ناکام ہو جائے تو یہ دوا دی جائے ۔

تھوجا ۔ چہرے کے دانے ناک کے دانے اور ناک کی جلد کی سوزش ۔

آرسینک آئیوڈ }
سلفر آئیوڈ } ضدی کیسوں میں دی جائے جو شدید قسم کے ہوں ۔

ہائیڈروکوٹائل ۔ یہ چہرے کے دانے جن کے ہمراہ رحم کی خرابیاں بھی ہوں ۔

اگریکس ۔ چہرے کے دانوں کے ہمراہ بوائیوں کا بھی رجحان ہو ۔

بربیرس اکوئیولیم ۔ لڑکیوں کے چہرے پر دانے ۔ بڑی پھنسیاں اور کیل مہاسے ۔ یہ چہرے کی رنگت کو نکھارتی بھی ہے ۔

ڈلکامارا ۔ حیض سے پہلے چہرے پر دانے ۔ نمدار پھنسیاں ، ٹھنڈے اور نمدار موسم میں زیادتی ہو ۔

سٹریپٹو کوکین ۔ دانے جو انڈے کھانے اور سردی سے زیادہ ہوں ۔ سر کے اگلے سر کا درد جس کو ٹھنڈی ہوا سے افاقہ ہو ۔

ایکوناٹٹ لائیکوٹونم ۔ چہرہ پر سخت ٹی بی والے کیل مہاسے ۔ ہونٹوں پر کیل مہاسے ۔

سورائینم ۔ چہرے کے دانے جو حیض ۔ چربیلی غذا ۔ کھانڈ یا میٹھی چیزوں ۔ کافی اور گوشت سے زیادہ ہوں ۔

کلکیریا فاس ۔ کمی خون والی لڑکیوں میں بلوغت پر ۔ چوٹی میں سر درد یا چندیا میں سر درد اور گیس کے ساتھ تنگی تنفس جس کو کھانا کھانے سے افاقہ ہو ۔

تھوجا ۔ چہرے پر دانے یا کیل مہاسے چیچک لگنے کے آثار ہوں یا ٹیکے لگائے گئے ہوں ۔

بوویسٹا - کاسمیٹکس یا کریم پاؤڈر لگانے سے چہرے پر دانے خاص طور پر گرمیوں میں زیادہ ہوں۔
آرم آرسینکم - چہرے اور ہاتھ پر دانے کیل ہاسے۔ پھوڑے۔ چہرے کی جلد کی دق۔
سینگوئنیریا - چہرے کے دانے جو حیض کے دوران زیادہ ہو حیض کم مقدار میں ہوں۔
سلفر - یہ دوائی بطور ایک عمل انگیز کے دیجائے جب اچھی طرح منتخب کی ہوئی ادویات آرام دینے میں ناکام ہوجائیں یا آرام آنے کی رفتار رک جائے۔ ۲۰۰ طاقت میں دیجائے۔
ہیپر سلفر - پھنسیاں جن میں سے سفید پیپ نکلے۔
آرسینکم سلف ابرم - جب اگزیما اور جلدی خارش بھی ساتھ ہو چہرے کے دانوں کیلئے مفید ہے۔

حجام کے اُسترے کی لاگ سے خارش

(داد بھی دیکھئے)

لیتھیم کارب - خارش، رخساروں پر داد والی خارش سرخ دکھنے والی جلد۔ اگر ۳۰ طاقت ناکام ہو جائے تو ۲۰۰ طاقت دیجئے۔
پٹرولیم - جلد خشک۔ حساس۔ کھردری اور پھٹی ہوئی۔ چیروں سے جلدی خون بہے۔
سلفر - آئیوڈ - چہرے پر گومڑ والی پھنسیاں۔ بال ایسے کھڑے محسوس ہوں۔
ٹیلیوریم - گول دائروں میں گڑھے متاثرہ حصوں سے بدبودار بو آئے۔ جلد میں ڈنگ لگنے جلد میں ڈنگ جیسا درد۔
رسٹاکس - نائی کے اُسترے کی لاگ کی خارش کے لئے شاندار دوائی ہے کوئی اور دوائی دینے سے پہلے یہ دی جائے۔
لیکس - نائی کے اُسترے کی لاگ کی وجہ سے جب مواد کے رسنے کیساتھ چیرے ہوں دبنے کے بعد پھر سے ظاہر ہوجائیں۔
لائیکوپوڈیم - پرت دار جن میں سے زرد منہ کے کناروں پر خون بہے۔
سلفر - خشک خارش۔ ناک اور آنکھوں پر زیادہ ہو۔
گریفائٹس - خارش۔ اگزیما کی طرح کی چپکنے والا مواد نکلے۔
سکوٹا واٹر - حجام کے اُسترے کی لاگ شیو کرنے پر۔

پھوڑے

بیلاڈونا - جب سوزش کی سٹیج میں پھوڑے سرخ ہوں - پیپ بنے بغیر تپکن دار درد - خونی پھوڑے -

کلکیریا کارب - جب پھوڑے سرخ نہ ہوں لیکن زرد اور بہت درد کرنے والے - ہر چار گھنٹے کے بعد ۲۰۰ طاقت کی ایک پڑیا دیجئے - تین یا چار خوراکیں کافی ہوں گی -

آرسینکم البم - گوشت خور پھوڑے کے لئے سب سے بڑی دوائی ہے جیسے کہ آگ کے کوئلے متاثرہ جگہ پر رکھے ہوئے ہوں - کاٹنے والی اور جلنے والی درد آدھی رات کے بعد جب انتھراکس ناکام ہو جائے تو یہ دوا دی جائے -

ہیپر سلفر - پیپ بننے کے ابتدائی مراحل میں متاثرہ حصے شدید حساس ہوں تیز چبھنے والی دردوں کے ساتھ ہر نصف گھنٹہ کے ۶ طاقت میں دیجئے - پیپ کا بننا بند کر دیگی یا چند گھنٹوں میں پیپ کو ختم کر دے گی - جب پیپ باہر آنا شروع ہو جائے تو یہ دوائی دی جائے - پیپ گاڑھی - زرد - اور مریض چھونے پر حساس ہو - مریض ٹھنڈ محسوس کرے لیکن سلیشیا کے مریض کے برخلاف نمدار موسم میں افاقہ محسوس کرتا ہے - یہ پھوڑوں میں بہت بڑی تکلیف ہٹانے والی دوائی ہے - ناخنوں کے اردگرد اور انگلیوں کے سروں پر پیپ کے لئے بہت اچھی دوائی ہے -

سلیشیا - جب تندرست کرنے کی رفتار کم ہو - پانی جیسی اور پتلی پیپ بغیر درد کے پھوڑے جو ٹھیک ہونے کا نام نہ لیں - ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ طاقت ہفتہ بعد مہینہ بالترتیب دیجئے - مریض ٹھنڈ محسوس کرے - خشک اور گرم موسم میں افاقہ محسوس کرے، نمدار اور ٹھنڈے موسم میں زیادتی محسوس کرے -

مرک آئیوڈ - سوزش کی سٹیج میں یہ ایک اچھی دوائی ہے جب پیپ نہ بن رہی ہو - غدودوں کے پھوڑے میں جب پیپ پڑ جائے تو یہ سبز پتلی پانی جیسی ہو - شدید چمکدار سرخی - تپکن دار اور ڈنگ لگنے جیسے درد -

آرنیکا مانٹ - ایک کے بعد دوسرے پھوڑے کے نکلنے کا رجحان جو بہت درد کریں - چھوٹے چھوٹے پھوڑے بہت زیادہ تعداد میں -

سلفر۔ چھوٹے پھوڑے زیادہ مقدار میں جب آرنیکا مانٹ ناکام ہو جائے۔

انتھریکینم۔ گوشت خور پھوڑوں کے لئے شاندار دوائی ہے۔ یہ تیز بخار کے ساتھ جلن رکھتی ہے ہر پندرہ روز کے بعد ۱۰۰۰ طاقت میں ایک پڑیا دیجئے یا تو ٹھیک کر دے گی یا حالت کو بہتر کر دیگی۔

کلکیریا سلف۔ پھوڑے جن کو آہستہ آہستہ آرام آئے متواتر زرد پیپ خارج ہو۔ مریض کھلی ہوا کو پسند کرے لیکن جھونکوں سے حساس ہو۔ پھوڑوں کے پکنے کا رجحان۔

لیکس۔ نیلے رنگ کے پھوڑے جن سے خراشدار۔ بدبودار۔ پیپ خارج ہو۔ جلن دار دردیں۔ چھونے سے حساس۔

ٹیرنٹولا کیوبنیز۔ پھنسیاں۔ پھوڑے۔ گوشت خور پھوڑے۔ لمبھری۔ خبیث پھوڑے اور گنگرین۔ سخت۔ زرم سوجے ہوئے بال توڑ۔ کسی بھی سٹیج کے پھوڑوں کے لئے مخصوص ہے یعنی ہر قسم کے پھوڑے کے لئے مخصوص ہے۔ کھرالی کے لئے بھی انتہائی مفید و موزوں ہے۔

گن پاوڈر۔ پھوڑے۔ داد۔ کرموں کا جلد میں داخل ہونا اور خون میں زہر کیلئے مفید ہے۔

مائرسٹیکا الیس۔ جوڑوں میں پیپ پڑ جانا۔ یہ پیپ پڑنے کے عمل کو تیز کرتی ہے اور اس کا وقت کم کر دیتی ہے۔ انگلیوں کے سروں پر پھوڑے اور پوروں پر پھوڑے۔ ۲ طاقت میں دیجئے۔

کاربالک ایسڈ۔ ذیابیطس کے ساتھ کمر کے پھوڑے، کئی سوراخوں سے گندی بدبودار پیپ بہے۔ مریض متلی اور بدبودار قے میں مبتلا ہو۔ ۲۰۰ طاقت میں دیجئے۔

سٹرامونیم۔ شدید تکلیف دہ پھوڑے۔ سوزش۔ مزمن گوشت خور پھوڑے۔ پھوڑے۔ جوڑوں میں پھوڑے خاص طور پر بائیں چولے میں پھوڑے۔ بڑی زہریلی حالت اور پیپ بنے۔

لیڈم پال۔ سوئی چھیدنے سے پھوڑے یا لمبھری۔

پکرک ایسڈ۔ بیرونی کان میں پھوڑے۔

ملز بیلینیم۔ کان کے بیرونی چھید پر بار بار نکلنے والے پھوڑے شدید دردوں کے ساتھ پرانے چیچک کی تاریخ ملے۔

سیکل کار۔ چھوٹے چھوٹے پھوڑے۔ بہت دور کریں سبز مواد آہستہ آہستہ بڑھیں۔

گوشت خور پھوڑے

(دیکھئے پھوڑے ا کٹے پھٹے ہاتھ اور ہاتھوں کی انگلیوں کے سرے پر چیرے۔

پٹرولیم۔ انگلیوں کے سروں پر چیرے اور ہاتھوں کی پُشت پر چیرے۔ جلد کھُردری یا کٹی پھٹی۔ خون بہے۔ نسیج سخت۔ اکثر بہت زیادہ خارش تھوڑی تھوڑی جگہ۔ معدہ۔ کمر اور پیٹ میں ٹھنڈک۔

رسٹاکس۔ جلد کی خارش، جھنجھناہٹ اور جلن کے ہمراہ۔ انگلیوں کے سرے پر لگنے کا احساس جلد سرخ اور سوجی ہوئی۔ ٹھنڈک میں۔ نمدار اور بارشوں کے موسم میں زیادتی۔

سلیشیا۔ نرم زرد مومی جلد۔ انگلیوں کے سرے پر چیرے۔ بدبودار پیپ۔ انگلیاں خشکی محسوس کریں۔ انگلیوں پر صرف دن کے وقت اور شام کے وقت خارش ہو۔ مریض ٹھنڈا۔ ٹھنڈ محسوس کرے آگ سے پیار کرتا ہے یعنی آگ تاپتا ہے۔ جھونکوں سے نفرت کرتا ہے۔ ہاتھ اور پاؤں ٹھنڈے۔

سلفر۔ چیرے۔ جلد پر دوائیاں لگانے سے گھاؤ۔ کھُرچنے اور دھونے پر زیادہ۔ جلد خشک پرت دار اور غیر صحت مند۔ خارش ہو اور جلے۔ گرم پسینے والے ہاتھ۔ نیند ہلکی جلدی جاگ جائے۔

نیٹرم میور۔ انگلیوں کے ناخنوں کے قریب خشکی اور چیرے ہتھیلیاں گرم اور پسینہ دار۔ ٹھنڈ میں شدید کمزوری اور تھکاوٹ معمولی معمولی چیزوں پر ناراض ہو جائے۔ ہمدردی زیادہ کرے۔ گریس لگنے کی طرح جلد۔

الیومنا سلیکٹا۔ ہاتھ متواتر پھٹے ہوئے۔ ہاتھوں کی ٹھنڈک۔ ٹانگوں اور پاؤں کی ٹھنڈک ہاتھ برف کی طرح ٹھنڈے اور انگلیاں نیلی۔ ناخن بھُر بھُرے۔

زخم کے نشان پر دانے دار ابھار۔ بوائیاں۔

اگریکس مسکیریس۔ چوٹی کی دوائی ہے۔ ٹھنڈے موسم تکلیف دہ بوائیاں۔ خارش۔ ٹھنڈک کی وجہ سے زخموں کے لئے یہ چوٹی کی دوائی ہے۔

سورائینم۔ جلد کھُردری آسانی سے پھٹ جائے یا چر جائے۔ موٹی اور پرت دار ہو جائے چیرے

چھوٹی چھوٹی پرت دار پھنسیوں میں بدل جائیں۔ میلے یا غلیظ۔ گندے اور بُرے دکھائی دیں جیسے کہ گردُ سے بھرے ہوئے ہوں۔

پٹرولیم – انگلیوں کے سروں اور ہاتھوں کی پُشت پر چیرے۔ جلد کھُردری۔ کٹی پھٹی پھر جائے اور خُون بہے۔ تسیجیں سخت۔ بوائیاں ٹوٹ جائیں۔ مریض چڑچڑا اور آسانی سے ناراض ہو جائے۔ خارش والی بوائیاں اور کٹے پھٹے ہاتھ۔

رسوین – یہ خارش والی جلن والی بوائیوں کے لئے مفید ہے۔ مدر ٹنکچر بوائیوں پر لگانے سے فوراً افاقہ اور آرام ہو جائے۔

رٹانکس – سوجی ہوئی بوائیوں کے لئے مفید ہے۔

ہیپر سلفر – بوائیوں میں جب پیپ متوقع ہو۔

سٹلس کین – سخت جگہوں پر چیرے خاص طور پر ہاتھ سے کام کرنے والے آدمیوں میں۔

سلفر – یہ پرانے ہیجان، جلد والے لوگوں کے لئے مفید ہے۔

پلسٹیلا – دیر سے اور کم حیض والی لڑکیوں میں۔ کھُلی ہوا میں افاقہ۔ گرمی میں زیادتی۔ پیاس نہ ہو۔ چربی سے نفرت کرے۔ بوائیاں جو نیلی یا نیلی مائل سرخ ہوں۔

کروٹیلیس – گنگرین ہونے کے قریب۔ مزمن لیکن بہت گرم موسم میں نہ ہوں۔ ناطاقتی کی وجہ سے۔

ٹیمس – بوائیاں اور کٹے پھٹے ہاتھ۔

الیسنڈ نائیٹرک – پنجوں میں بوائیاں۔ پاؤں کا پسینہ۔ پنجوں میں دکھن پیدا کرے مریض۔ چربیلی اور نمکین چیزوں کو پسند کرے۔

اندمالِ زخم کے بعد کا نشان

(زخموں کے نشان بھی دیکھئے)

مکڑی کا جالا۔

گریفائٹس – جلد پر متواتر مکڑی کے جالے کا احساس۔

رننکولس – جیسے کہ چہرہ مکڑی کے جالے سے ڈھانپا ہوا ہے۔

جسم یا چہرے کا رنگ۔

آئیوڈم۔ جسم کے رنگ کو نکھارنے کے لئے شاندار دوائی ہے۔ چھ ماہ تک ہر پندرہ روز کے ۱۰۰۰ طاقت میں استعمال کیجئے۔

کاسٹیکم } دی گئی ترتیب میں ۲۰۰ طاقت میں
لائیکوپوڈیم } ہر ہفتہ ایک پڑیا استعمال اگر آئیوڈم ناکام ہو جائے۔
سارسیپریلا۔ رنگ کو نکھارنے کے لئے۔

چنڈیاں۔

فیرم پکریٹ۔ چنڈیاں زرد بھورے رنگ والی۔
تھوجا۔ چنڈیوں کے لئے چوٹی کی دوائی ہے بیرونی طور پر مدر ٹنکچر لگائی جائے۔
سلفر۔ دباؤ کی وجہ سے گٹے اور چنڈیاں۔ اگر ایک جوتا کہیں زیادہ دباؤ ڈالے بہت بڑی چنڈی بن جائے یا سوجن ہو جائے۔
رننکولس۔ جب چنڈیاں چھونے پر دکھیں۔
اگنیشیا۔ پُر درد جیسے کہ زخم ہو۔
انٹم کروڈ۔ چنڈیاں سوجی ہوئی۔ پاؤں کے تلوؤں کی جلد پر سینگ جیسی جگہیں۔ تلوؤں کی شدید حساسیت، تمام جسم کی استسقائی سوجن۔ تلوؤں اور پاؤں کی جلد موٹی ہو۔
نیٹرم میور۔ چنڈیاں۔ پُر درد نشان۔

بیرونی ہیجان کیوجہ جلد کی حاد سوزش

کیلنڈولا۔ جب بیرونی زخموں کی وجہ سے جو السر کی قسم کے ہوں ۳۰ طاقت میں کھلایئے اور ۸ حصے پانی ایک حصہ مدر ٹنکچر ملا کر لگایئے۔ ناسور کے نتیجے کے طور پر جلد کا برباد ہو جانا۔

آرنیکا مانٹ - لاٹھی کی چوٹ سے آئے ہوئے زخموں کی سوزش - مدر ٹنکچر لگائیے بیرونی طور پر اور ۱۰۰۰ طاقت کی ایک خوراک ہر آٹھ گھنٹے بعد دیجیے حتیٰ کہ افاقہ شروع ہو جائے، پھر ہر چوتھے روز بعد ایک خوراک دیجیے -

ایپس ایم - حرارت کیوجہ سے یا زہریلی خارش جو ٹھنڈ یا گرمی کی وجہ سے ہو - جلن - سرخی اور جلد کی سوزش، یہ پارہ یا کاربالک ایسڈ کو پکڑنے سے بھی ہو سکتی ہے -

کینتھرس - پیشاب کی تکالیف کے ساتھ جلن - پیشاب جلندار اور زخراشدار - گرمی کی خارش -

رسٹاکس - پارہ یا کاربالک ایسڈ پکڑنے والے لوگوں میں زہریلی خارش - دھوبی - رنگریز یا کاکن اسی طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہوں -

کھال کا اترنا - بے رنگ ہونا - (دیکھئے کھال اتارنا)

آرسینکم البم - جلد دھبوں میں سیاہی مائل یا نیلی -

سلفیورک ایسڈ - جلد پر سیاہ یا نیلے دھبے -

فاسفورس - پیٹ پر زرد یا بھورے دھبے -

آئیوڈیم - جب زرد جلد بھوری ہو جائے -

لیکس - کاٹے جانے یا بخار کے بعد جلد نیلی ہو جائے - جلد جامنی -

ایتھوزا - سیاہ یا نیلے دھبے تمام جسم پر یا تمام جسم سیاہ یا نیلے رنگ کا ہو جائے -

فائٹولاکا - جلد سیسے کے رنگ کی ہو جائے -

ہائیپریکم - بازو یا ٹانگ تک سرخ لائنیں یا دھاریاں جائیں -

آرسینکم آئیوڈم - سینے میں جلد کا سیاہ ہو جانا -

آرنیکا درس - جب ہیضہ کے بعد جلد نیلی ہو جائے -

کونیم - سبز جلد -

لائیکوپوڈیم - جگر کے دھبوں کے لئے مخصوص ہے -

کالی آرسینکم۔ کھجلی اور کوڑھ کے بعد جلد کا رنگ بدل جائے۔
نیٹرم میور۔ بھوری جلد
سلفر۔ جب جلد ٹھنڈی معلوم دے۔ مریض عادت کے لحاظ سے گندہ ہو۔ نہانے سے نفرت ہو۔
بربیرس ولگیرس۔ زرد چہرہ گندہ بھوراپن۔ رخساریں دھنسی ہوئی۔ اندر گھسی ہوئی آنکھیں نیلی یا سیاہی مائل بھورے حلقوں میں۔
بسمتھ۔ چہرہ مُردوں جیسا زرد۔ آنکھوں کے گرد نیلے حلقوں کے ساتھ۔
کیپسیکم۔ رخسار سرخ اور گرم یہ زردی کے بدلیں یعنی کبھی سُرخ اور گرم ہوں کبھی زرد ہوں۔ چہرے پر سُرخ نقطے سے ظاہر ہوں۔
چائنا آف۔ چہرہ زرد۔ مرجھایا ہوا۔ آنکھیں اندر دھنسی ہوئی اور نیلے کناروں کے اندر ہوں۔
سنا۔ چہرہ زرد مردوں اور بیماروں جیسا۔ منہ کے ارد گرد سفید اور نیلا اور آنکھوں کے نیچے گہرے دائرے۔
سیپیا۔ چہرہ اور آنکھیں سفید پردے کی زردی۔ چھاتی پر زرد دھبے۔ رخسار اور ناک کے اوپر والے حصے میں زرد کاٹھی۔

چہرے کا بدصورت ہو جانا۔

ویریولینم۔ } چھوٹی چیچک کی وجہ سے چہرہ بدصورت لمبے عرصہ تک ویریولینم 200x
سارسینیا کی } ہر پندرہ روز بعد اور سارسینیا پی 6x دن میں تین دفعہ دیجئے۔
سلیشیا۔ } چہرے کے داغوں اور زخموں کے نشانوں کی وجہ سے
کلکیریا فلور } جو ناسور اور پھوڑوں سے چھوڑ گئے ہوں۔

اگزیما۔ دیکھئے پھنسیاں

سلفر۔ شدید جلن اور خارش کے اگزیما جو دھونے اور کھرچنے سے زیادہ ہو۔ جلد کھردری اور موٹی خشک اور پرت دار جسم کے سب سوراخ آگ کی طرح سرخ، ہونٹے اور کان وغیرہ بھی سرخ جسم سے

بہت بدبودار بُو آئے۔ معدہ میں ڈوبنے کا احساس۔ ہاتھ اور سر گرم۔ بستر کی گرمی۔ سرہانے کی گرمی سے ہیجان اور خارش زیادہ ہو۔ بالوں کے رنگ لگانے سے اگزیما۔ مریض عموماً گندہ اور بے سلیقہ ہوتا ہے۔ نہانے دھونے سے بے رغبت رہے۔

گریفائٹس ۔ بہنے والا اگزیما۔ کھرچنے پر شہد کی طرح کا چپکنا والا مادہ خارج ہو۔ ہاتھوں، چہرہ، ہونٹ اور کانوں کے پیچھے جلد گلنے کے بعد دکھے اور سخت ہو جائے۔ گرمی سے اور رات کو زیادہ ہو۔ حاد کیسوں میں نچلی طاقت دن میں چھ دفعہ۔ مزمن کیسوں میں 200 x یا 1000 x دیجئے۔ اول الذکر ہر ہفتہ ایک خوراک جبکہ موخر الذکر ایک ماہ بعد ایک خوراک دیجئے۔ اخراج چپکنے والا۔ چمٹنے والا اور لیس دار ہوتا ہے۔

رسٹاکس ۔ خشک اگزیما سُرخی اور سوزش کے ساتھ ناقابلِ برداشت خارش اور جلن کے ہمراہ جو گرمی سے زیادہ ہو۔ چھوٹے بچوں کی کھوپڑی کا اگزیما۔ پھنسیاں گڑھے دار جن میں پانی کی طرح کا مواد انتہائی بدبودار خارج ہو جو پرت سے بنائے گڑھوں سے پیپ کا رجحان۔ 200 طاقت ہفتہ میں ایک بار یا 1000 x طاقت کی ایک خوراک مہینہ بھر کے لئے کافی ہے۔

ارٹیکا یورنیس ۔ حاد کیسوں میں جب جلن اور خارش ہو۔

بووسٹا ۔ ہاتھ کی پشت پر اگزیما۔ نانبائیوں کا اگزیما۔ گھٹنوں کے اندر کی طرف نمدار اگزیما جو پورے چاند میں ظاہر ہو۔ اکثر عورتوں میں جن کو پُر درد حیض آئیں۔

کالی بائیکرومیکم ۔ کھوپڑی کا اگزیما، گاڑھے وزنی چھلکے جن میں سے زرد۔ گاڑھا اور چپکنے والا اور بہنے والا مواد۔

الیومنا ۔ خشک اور بہت ہی پُر ہیجان اگزیما قبض کے ساتھ۔

سکوکم چیک ۔ اگزیما۔ خارش۔ الرجی وغیرہ یا پتی اُچھلنا۔

سکوٹاوی ۔ بالوں والے حصوں میں اگزیما۔ پھنسیاں قریب قریب ہوں۔ پیپ والا اگزیما جو خشک ہونے پر سخت چھلکے ہوں اور ٹوپی کی طرح سخت ہو جائیں۔

نیٹرم سلف ۔ دمہ کے ہمراہ سانس لینے اور جلد کی علامات کے ساتھ۔

سورائینم۔ کھوپڑی اور چہرے پر خشک اور پرت دار اگزیما کھوپڑی پر چھلکے۔ بال گر جائیں خارج ہونے والا مادہ چھلکوں کو اوپر اٹھائے اور نئے گڑھے سے ظاہر ہوں۔ رات کے وقت اور بستر کی گرمی سے زیادتی۔ مریض مایوس۔ کم حوصلہ اور ناامید ہوتا ہے۔ پتلا۔ بدبودار۔ چبھنے والا گلے سڑتے گوشت کی بدبو والا۔ چپچپا اور بیمار کر دینے والی بو والا مواد رسے۔ یہ سورائینم کی علامات کے خلاف ہے جو ٹھنڈ سے زیادہ ہو۔

مینگنم۔ جلد تندرست نہ ہو۔ معمولی سے زخم یا خراشیں ناسور بن جائیں۔

انتھرم۔ کھوپڑی۔ آلۂ تناسل اور شرمگاہ پر پھنسیاں۔

ہیپر سلفر۔ جلد کی تہوں میں نمدار پھنسیاں۔ جوڑوں کے مڑنے والی جگہوں پر خارش۔ جلد پر پیپ بن جائے اور جلا پھوڑے بنیں یہ پارہ یا جست کو بگڑنے یا پارے اور جست کا کام کرنے سے ہو۔ چھونے پر حساس ہو۔ خشک ٹھنڈی ہواؤں میں زیادہ۔ نمدار موسم اور گرمی میں افاقہ۔

پٹرولیم۔ زردی مائل سبز موٹے موٹے چھلکے چہرے اور گردن پر جن میں بہت مواد رسے۔ یہ خونی چہروں والے اگزیما کو ٹھیک کرتا ہے۔ جس میں معمولی یا بالکل مواد نہ رسے۔ اگزیما خشک پپڑی دار یا نمدار جو گرمیوں میں غائب ہو جائے، سردیوں میں یا سرد موسم میں دوبارہ ہو جائے۔ ہاتھوں کی پشت یا کانوں کے پیچھے اگزیما۔ پتلا پانی جیسا مواد رسے۔

سٹریپٹو کوکینم۔ بار بار کا ظاہر ہونے والا اگزیما۔ خون بہنے والے چہرے۔ مریض خارش کرنے میں لطف اٹھاتا ہے ایک ایم یا سی ایم طاقت میں دیجئے۔

میزیریم۔ ناقابلِ برداشت خارش جو بستر میں اور چھونے پر زیادہ ہو۔ کافی زیادہ خون آب مواد رسے۔ سر موٹی چھڑے۔ چھلکوں سے بھرا ہوتا ہے جس کے نیچے سفید پیپ کی طرح کا مواد رسے۔ بال ایک دوسرے سے چپکے ہوئے اور اکٹھے ہو جائیں۔ پیپ کچھ دیر بعد بدبودار بن جاتی ہے اور کیڑے پیدا کر دیتی ہے۔ بالوں والی جگہ پر اگزیما۔ ۲۰۰ میں دیجئے۔

کلکیریا کارب۔ ہر وقت شدید خارش صبح کے وقت بستر میں زیادہ۔ احساس جیسے کہ وہ نمدار اور ٹھنڈی جرابیں پہنے ہوئے ہے۔ برائیوں میں مبتلا ہونے کا رجحان۔ کلکیریا کارب کا مزاج رکھنے والے بچوں میں اگزیما ۲۰۰ طاقت میں دیجئے۔

لونا ۔ جلدی بیماریاں۔ اگزیما۔ جو پورے چاند میں زیادہ ہو۔

ٹیلیوریم ۔ ہاتھوں اور پاؤں کی خارش۔ داد کی طرح کی پھنسیاں۔ گولائی میں گہرے زخم۔ بدبودار اخراج کے ہمراہ۔ ناک کے اندر سے کی لاگ سے خارش۔ ڈنگ لگنے جیسی کانوں کی پشت پر اگزیما۔ اور کھوپڑی پر اگزیما۔ پاؤں کا بدبودار پسینہ۔

لائیکوپوڈیم ۔ کانوں پر اور ان کے پیچھے اگزیما۔

کلکیریا سلف ۔ بچوں میں خشک اگزیما۔ زرد پیپ دار پرت اور چھلکے۔ بالوں پر چھوٹے چھوٹے پھوڑے جن کو کھرچنے پر خون بہے۔

آرسینکم البم ۔ جلن اور بے چینی کے ساتھ اگزیما۔ خارش۔ جلن اور سوزش جو سردی اور کھرچنے پر زیادہ خشک کھردری پرت دار جلد گرمی اور گرم مشروبات سے افاقہ۔ تھوڑی سی بھی محنت کرنے پر شدید کمزوری انگلیوں میں اگزیما اور انگلیوں کے سروں پر چھیے۔ کھوپڑی اور چہرے پر پرت دار پھوڑے۔ خراشدار اور بدبودار مواد خارج ہو۔ شدید جلن اور خارش۔

انٹم کروڈ ۔ معدہ کی خرابیوں کے ساتھ اگزیما۔ ٹھنڈے پانی سے نہانے سے حساس۔ جب بستر میں گرم ہو تو خارش۔ موٹے، سخت اور شہد کے رنگ کے پرت۔ بہت زیادہ جلن رات کو زیادتی۔

کالی سلف ۔ دانے جو زرد پیپ دار اور پانی کی طرح کے مواد سے بھرے ہوئے ہوں۔ ہاتھوں اور انگلیوں کے اندر کی طرف بہت زیادہ۔ ہونٹ پھٹے ہوئے۔ مٹھائیوں کی زبردست خواہش جن کی تکلیف بڑھے۔

زنکولس بلب ۔ جلد کے موٹا ہونے کے ساتھ اگزیما اور سخت، سینگ جیسے پرتوں کا بننا۔

سٹیفسگیریا ۔ اگزیما۔ زرد خراشدار مواد پرتوں کے نیچے سے بہے۔ مواد کے لگنے سے نئے پھوڑے بنیں۔ یعنی جہاں جہاں مواد لگے نئے پھوڑے بن جائیں۔ تر خارش۔ سر اور کانوں کے نیچے بدبودار پھنسیاں۔ کھرچنے سے جگہ بدل جائے لیکن مواد زیادہ بہے۔

نیٹرم میور ۔ بالوں کے کناروں پر خاص طور پر سر کے پچھلی طرف اگزیما۔

مانسینیلا ۔ جلد کی سوزش بہت زیادہ چھالوں کے ساتھ۔ چپکنے والا خون آپ مواد رسے پرت بنیں بھاری بھورے پرت اور تہیں بنیں۔

کلیمٹس - سوزش دار اور پھوڑوں والا اگزیما - پیپ دار اور پانی کی طرح کا مواد رسے جس سے پپڑی دار تہیں بنیں جو سوجی ہوئی ہوں - بڑھتے چاند پر اور خشک گھٹتے چاند پر - گرمی کمزوری اور معنبطی سے چھلکے والے پرت ٹھوڑی پر کھال اُدھڑنے کے ساتھ زرد مواد رہے - خارش بستر کی گرمی اور دھونے پر زیادہ ہو -

کالچیکم - بوڑھوں میں سرخ اگزیما - بئیر - شراب نوشوں میں نمایاں یورک حالتوں یا نظام کی کھاری حالتوں میں -

اگریکس مسیکرس - جلن کٹن اور شدید خارش کے ساتھ اگزیما سوئیوں سے چھیدنا جیسے درد جلد میں بجلی لگنے کے سے درد - جلد میں گہرے چھوٹے چھوٹے دانے یا گومڑ سردیوں میں اگزیما شدید اور پوائیوں کے ہمراہ -

تھوجا - سائیکوٹک مریضوں میں سوزاک کے دب جانے یا ٹیکے لگانے کے بعد اگزیما - گندی بھوری جلد - خارش والی پھنسیوں سے بھری ہوئی - اگزیما کا ٹیکوں کی وجہ سے دب جانا یا جب ٹیکوں کی وجہ سے اگزیما ہو جائے -

ایکسس نیرز - ہاتھوں اور پاؤں میں - گھٹنوں اور جوڑوں کے پھیلنے والی جگہ پر گہرے چیرے اور کریاں اور بہت ہی گہرے گھاؤ گہرے نیلے پھوڑے جو جلنے سے ملیں - جلد خشک، پرت دار - پھٹی ہوئی اس حصہ پر کافی سوزش - یہ گندھک کے غلط استعمال کو ٹھیک بھی کرتی ہے -

ٹیوبر کولینم - بطور عمل انگیز دوائی کے جب اچھی طرح سے منتخب کی ہوئی دوائیاں ناکام ہو جائیں - مریض ناامید اور غمگین - بہت جلد نزلہ زکام میں مبتلا ہو جاتا ہے - آگ کی طرح سرخ جلد، دکھن چبھن کے ساتھ تمام جسم پر اگزیما - خارش رات کے وقت زیادہ - جب کپڑے اتار رہا ہو تو شدید خارش ہو -

گن پاؤڈر - بہت بڑی اینٹی سورک دوائی ہے اور خون کو صاف کرنے والی بہت ہی اہم دوائی ہے - یہ جلد کی بہت سی خرابیوں کو دور کرنے میں مدد دیتی ہے - یہ ۳x طاقت میں لمبے عرصہ تک دی جانی چاہیے -

جلد، ہاتھی کی کھال جیسی

ہائیڈروکوٹائل ۔ جب انسانی جلد، ہاتھی کی کھال کی طرح ہو جائے ۔ اگزیما، کوڑھ
پھنسیاں اور دوسری جلدی بیماریوں کے لئے بھی

سوکھا مسان ۔ لاغری ۔

کلکیریا کارب ۔ جلد کی کمزوری پیٹ بڑھا ہوا ۔ جلد میں جھریاں پڑ جائیں ۔ ہڈیاں مکمل نہ ہو پائیں اور بڑھنا چھوڑ دیں ۔ دانت نہ نکلیں ۔

ابروٹینم ۔ ٹانگوں سے کمزوری شروع ہو اور آہستہ آہستہ اوپر کو آئے ۔

کلکیریا فاس ۔ یہ سوکھا مساں کے لئے شاندار دوائی ہے ۔ جلد کمزور ہو جاتی ہے ۔ جلد خشک اور جھریاں پڑی ہوئیں ۔

ٹیوبرکولینم ۔ یہ سوکھا مسان کے لئے شاندار دوائی ہے ۔ اور بطور عمل انگیز دوا کے طور پر ضرور دینی چاہیئے ۔ اور ہر ماہ ۲۰۰ طاقت میں دہرائی جائے اس دوائی سے تین دن پہلے اور تین دن بعد کوئی دوائی نہ دی جائے ۔

نیٹرم میور ۔ گردن اور بازوؤں کی کمزوری جو نیچے کی طرف بڑھے ۔

آیوڈیم ۔ جب بچہ چڑچڑا ہو اپنے قریب کسی کو بھی نہ آنے دے بہت زیادہ کھائے لیکن پھر بھی کمزور ہی رہے ۔

فاسفورس ۔ بے قاعدہ ۔ حیض کے بعد کمزوری ۔

ہائیڈراسٹس ۔ چیچک کے بعد کمزوری ۔

سیکل کار ۔ لاغر جلد کمزور ۔ غیر صحتمند جلد ۔ حامتی نیلی نیلگوں مائل جب دوران خون خصوصی طور پر کمزور ہو ۔

آرم میور ۔ آتشک کی وجہ سے کمزوری ۔

ببلیم ۔ کمی خون کی وجہ سے کمزوری ۔

جلد کی شاذونادر بیماری جسمیں

تھوڑے دباؤ پر جسم پر آبلے پڑ جائیں۔

زنکولس - اس لاعلاج مرض کو ٹھیک کرنے کی اکلوتی دوائی ہے۔

پھنسیاں - (ایگزیما بھی دیکھئے)

کلکیریا کارب - چھپاکی یا الرجی جو تھوڑی سی بھی تازہ ہوا لگنے پر غائب ہو جائے۔

رسٹاکس - بالوں والی جگہوں پر چھپاکی یا الرجی۔ ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر پھنسیاں جو مندمل ہونے کے بعد اسی جگہ پر نکلیں جب خارش کے ہمراہ تپ لرزہ اور گنٹھیا ہو۔ بڑے بڑے پانی کے چھالے مرد اور عورت کے جنسی اعضاء پر پھنسیاں۔

کلورال - بڑے بڑے دانے جس طرح کہ استسقائی سوزش ہو۔

سارسپریلا - حیض کے دوران خارش والی پھنسیاں۔ داہنے جبڑے میں حیض کے دوران پھنسیاں نکل آئیں۔

لائیکوپوڈیم - کھوپڑی پر پھنسیاں۔ چہرے پر۔ کانوں کے پیچھے جھنڈوں میں ہوں اور بال گر جائیں۔ پانی جیسا یا زردی مائل مواد بہے۔ نوزائیدہ بچوں کا اگزیما۔

نیٹرم کارب - انگلیوں کے سروں اور انگلیوں کے جوڑوں پر۔ پنجوں پر بھی پھنسیاں۔ گڑھے دار پھنسیاں جو پھٹ جائیں اور پھوڑے بنا دیں۔

کارڈس میریانس - پھنسیوں کے قطع یا ٹکڑے جو جوف سینہ کے نچلے حصہ کو ڈھانپ لیں۔ جگر اور دل کی خرابیوں کی وجہ سے سینے کا قطعہ۔

کوریٹیم - آتشکی گوشت کھانے والے جن سے بہت بری بو آ رہی ہو۔ آخوں آب سے۔ سرخ پھنسیاں جو تانبے کے رنگ میں تبدیل ہو جائیں۔

سورائینم - پرت دار پھنسیاں جو گرمیوں میں غائب ہو جائیں اور سردی میں دوبارہ آ جائیں۔ کہنیوں

اور گھٹنوں کے جوڑوں پر پھنسیاں شدید خارش جو بستر کی گرمی اور کھجلانے پر بڑھے۔ پھنسیاں یا الرجی گرمیوں میں غائب اور سردیوں میں دوبارہ عود کر آئے۔

کالی میور - پھنسیاں، پھوڑے، سفیدی مائل مواد کے اخراج کے ساتھ اور سفید زبان۔

سیلنیم - جلد کی تہوں میں خارش اور جوڑوں کے قریب خاص طور پر ٹخنے کے جوڑوں میں۔

تھوجا - تمام جسم پر پھنسیاں، گھٹنوں کے قریب پیپ دار پھوڑے۔ خارش والی پھنسیاں جن کو سہلانے سے افاقہ ہو۔ رات کو زیادہ تکلیف ہو۔

کاربونیم سلف - پھنسیاں، چھالے، اگزیما، کھوپڑی پر خارش، نمدار ریت دار پھوڑے۔ دُکھیں اور پُر درد ہوں۔ کھوپڑی کی پُر سوزش پھنسیاں۔

ایلنتھس گلینڈولوسا - قطعوں میں چھپا کی آئے۔ آہستہ آہستہ ظاہر ہو۔ جلد جامنی نظر آئے۔

اگریکس ایم - بالوں کی کھوپڑی کی خارش خاص طور پر صبح کے وقت۔ خارش کرنے کے بعد، خارش زدہ حصوں پر برف کی طرح ٹھنڈ پڑ جائے۔

انتھراکوکالی - کھجلی، پرانی خارش، مزمن داد۔ تھنوں کے چیرے اور پھوڑے جو پورے چاند میں اچھے ہوں۔

سلفر - بے چینی یا تکلیف گرمی سے زیادہ اور کپڑے اتارنے اور بستر سے باہر پاؤں لٹکانے پر افاقہ

پلسٹیلا - سلفر کی تمام علامات کے ساتھ خارش لیکن مریض جلد رونے والا اور چڑچڑا۔ ہمدردی کو پسند کرتا ہے، معدہ یا پیشاب کے آلات کی سوزش۔

کروٹن ٹگلیم - گڑھے دار یا گہری پھنسیاں، شدید جلن اور خارش اور کئی چھوٹے چھوٹے پھوڑے قریب ان کے دبنے سے خشک نہ رکنے والی کھانسی ظاہر ہو۔ آنکھوں کے گرد، کھوپڑی پر خاص طور پر آلۂ تناسل خصیوں کی تھیلی اور آلۂ تناسل پر پھنسیاں اور خارش۔ خارش کرنا چاہے لیکن سختی سے نہ کھرچے کیونکہ یہ حصے بہت حساس ہوتے ہیں۔

ڈولیکوس - پھنسیوں کے گرد خارش۔ رات کے وقت اور کھرچنے پر خارش میں زیادتی۔

لوبیلیا انفلیٹا - انگلیوں کے درمیان خارش اور پھنسیاں۔ ہاتھوں کی پشت پر ہوں۔ بازوؤں پر چھوٹے چھوٹے آبلوں پر مشتمل ہو۔

اولینڈر۔ کھوپڑی پر شدید خارش جیسے کہ جوؤں سے ہو۔ کمر تینے پر چبھنے والے درد۔ بدبودار بُو والی پھنسیاں۔

روٹا۔ گوشت کھانے پر چھپاکی ہو جائے۔

اینا گلس۔ ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر خارش اور پھنسیاں۔ وہ دوبارہ اسی جگہ پر ظاہر ہوں جہاں سے مندمل ہوئی تھیں۔

کاسٹیکم۔ پھنسیوں کے دبنے سے فالج۔ سردرد اور اعصابی دردیں شروع ہو جائیں۔

الیومنا۔ پھنسیاں اور خارش۔ جلد کی خارش بغیر پھنسیوں کے بھی کھجلائے حتیٰ کہ خون نکل آئے کھجلانے پر پرت دار نہیں یا چھلکے سے نہیں۔ پہلے پہل کوئی پھنسی نہیں ہوتی اور جب جلد پر خارش کی جاتی ہے تو چھلکے یا پرت بن جائیں۔ ٹھیک ہونے یا زخم مندمل ہونے کے وقت خارش زیادہ ہو۔ یہ صرف اس وقت کم ہوتی ہے جب جلد دُکھے۔ نمدار ہو یا اس سے خون بہے۔ بستر کی گرمی سے خارش میں اضافہ ہو۔

ایپس میل۔ جسم پر اچانک چھپاکی ظاہر ہو۔ لمبی زردی مائل سفید پھنسیاں جلد سے اُوپر کو اٹھیں، ناقابل برداشت خارش کے ہمراہ جلن اور ڈنگ لگنے جیسے درد۔ پھنسیاں زکام کا نتیجہ کے طور پر یا وقفے دار بخار کے دوران ہو سکتی ہیں۔

گرافائٹس۔ تمام جسم پر خارش پھنسیوں کے بغیر یا پھنسیوں کے ہمراہ رات کے وقت گرم بستر میں زیادہ ہو۔ داد اور اگزیما میں سے لیس دار مواد بہے۔

آرسینکم البم۔ ایپس ہی کی طرح لیکن پھنسیاں ایپس سے چھوٹی ہوتی ہیں۔ خاص طور پر جب مچھلی کھانے سے یہ مرض ہوئی ہو۔ ٹرینتھینا اور کو ہوا استعمال کیجئے۔ جب خاص طور پر شیل مچھلی کے کھانے سے چھپاکی ہوئی ہو۔

ڈلکامارا۔ جسم پر پھنسیاں جو گڑھے بنائیں۔ چھلکے وغیرہ بنائیں۔ گھٹن اور خارش کے ہمراہ۔ کھوپڑی پر پھنسیاں جن میں خارش لیکن خارش کرنے پر آرام نہ ہو۔

کالی بروم۔ جب اعصابی امراض کے ساتھ چھپاکی ہو۔

ہورلیٹی۔ خارش ہڈیوں کے اُبھرے ہوئے حصّوں پر پھنسیاں۔ ڈاڑھی کی ہڈیوں وغیرہ پر۔ انگلیوں کے سروں پر ایکزیما۔

میزیریم۔ جسم کے بیرونی حصّوں کی خارش۔ اعصابی احساس۔ کاٹنے والی جھنجھناہٹ والی۔ کھرچنے والی خارش ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلے۔ بڑے موٹے چمڑے چھلکوں سے بھر جن کے نیچے گاڑھی سفید پیپ اکٹھی ہو جائے۔ بال آپس میں جڑ جائیں۔

سٹرامونیم۔ بہت ہی گہری سرخ چھپاکی جو سرخ بخار سے مشابہ ہو۔ چمکدار ہو جلد کی سرخی۔

زنکولس بلب۔ ہاتھ کی ہتھیلیوں پر نیلگوں یا سیاہ رنگ کے چھالوں جیسی پھنسیاں۔

بیریم سلف۔ کھوپڑی کی خارش

اینا کارڈیم اور۔ جلد کی خارش شدید جلن اور خارش جو کھجلانے پر بڑھے۔

ایتھوزا۔ ناک کی نوک پر داد کی پھنسیاں۔

سفلینیم۔ تانبے کے رنگ کے پھنسیوں کے قطعے۔

بووسٹا۔ چھپاکی کے ساتھ اسہال اینٹھن اور نیچے کی طرف دباؤ۔

سیپیا۔ چھپاکی جو کھلی ہوا میں زیادہ ہو۔ ہونٹوں کا کینسر نتھنوں اور پلکوں کا کینسر۔

تھائیرائیڈینیم۔ جلد بہت سرخ بہت زیادہ خارش ہو۔ جلدی بیماری جس میں چھوٹے چھوٹے چھلکے جلد پر سے اتریں۔

ریومیکس۔ کھلی ہوا میں زیادتی۔ خاص طور پر کپڑے اتارتے وقت۔

وِنکا مائینر۔ کھوپڑی۔ چہرہ اور کانوں کے پیچھے پھنسیاں جن سے بدبو آئے۔ یہ ایک پرت بنا دیتی ہے جس کے نیچے گلی سڑی پیپ جمع ہو جاتی ہے۔ بال گر جاتے ہیں اور بھورے بال انکی جگہ اگیں۔

سٹریپٹو کوسین۔ جلدی پھنسیاں اور پھنسیاں جب دوسری ادویات ناکام ہو جائیں۔ گڑھے زردی چھلکوں کے ساتھ جو بعد میں نیچے سے خون بہنے سے سیاہ ہو جائیں۔

پکس لیکوئیڈا۔ ہاتھ کی پشت پر پھنسیاں جن پر رات کے وقت ناقابل برداشت خارش ہو اور کھجلانے پر خون بہے۔

بریٹا کارب - بچوں کی کھوپڑیوں پر خشک پھنسیاں۔ کھوپڑی پر تہدار چھلکے۔ بالوں کا گرنا۔ بچے ذہنی کمزوری کے ساتھ بونے قد کے ہوں۔

الیسٹاکس ایل - مزمن قسم کی چھپاکی۔ سارے جسم پر چھپاکی خارش کے ہمراہ ننگا ہونے پر زیادتی۔

پٹرولیم - پھنسیاں کھجلانے پر زیادہ خارش حتیٰ کہ جلن ہو۔ خون بہنے پر افاقہ ہو۔ ہاتھوں کی جلد کھردری اینٹھی ہوئی۔ انگلیوں کے سرے کھردرے اور ہر موسم سرما میں پھٹ جائیں۔ مرد اور عورت کے اعضائے تناسل پر پھنسیاں۔

پھنسیوں کا دب جانا۔

ایپس - پھنسیوں کے دب جانے سے دماغ کی سوزش۔ چھوٹا سانس۔ استسقاء گیس۔ دماغ کے پردوں میں پانی کا آجانا۔

کلکیریا کارب - پھنسیوں کے دب جانے سے مرگی۔

سلفر - تکلیف دار دانت درد۔ اسہال۔ دمہ یہ سب پھنسیوں کے دبنے سے ہو۔

کیوپرم میٹ - پھنسیوں کے دبنے سے دورے یا تشنج۔

گریفائٹس - سر درد۔ چکر۔ کمزوری اور بھوک کا نہ رہنا۔

سرخبادہ

اکونائٹ :- بہت ہی ابتدائی درجہ میں جھنجھناہٹ اور جلن جب جلد سرخ ہو چمکدار۔ گرم۔ اور سوجی ہوئی ہو۔

پیسی فلورا انک - یہ سرخبادہ کے لئے مخصوص ہے۔ مدر ٹنکچر میں چار یا پانچ قطرے فی خوراک دیجئے۔

بیلاڈونا - جلد خشک۔ ہموار اور تنی ہوئی۔ ابتدا میں سرخ چمکدار جلد۔ چہرے اور سر کے سرخبادے خاص طور پر دائیں طرف کے۔ تیز کاٹنے والی دردیں یا متاثرہ حصوں میں تپکن۔ بخار یا بعض اوقات ہذیان۔

ایپس میلیفیکا - گلے کا سُرخباده کافی سوزش کے ساتھ - جسم کے کسی حصّہ کی سوزش یا اپریشن کے بعد سوزش پھولی ہوئی اور استسقائی سوجن شدید درد کے ساتھ جس میں جلن ار اور ڈنگ لگنے، جیسے درد ہوں - ٹھنڈی چیزوں کی خواہش یا ٹھنڈی پٹیوں سے ان حصّوں کو افاقہ ہو - کم مقدار میں پیشاب اور اکثر البیومن والا -

آرسینکم البم - سرخبادوں کے اچانک حملے کمزوری کے ساتھ بے چینی اور جلن دار درد - تھوڑے تھوڑے وقفوں پر تھوڑی تھوڑی مقدار میں ٹھنڈے پانی کی پیاس - مرض ایک حصّہ جسم سے دوسرے حصّہ پر چلی جائے - استسقاء قے اور اسہال -

بوریکس - چہرے پر سرخباده چہرے پر مکڑی کے جالے کا احساس -

کینتھرس - گڑھے کی قسم کا خاص طور پر چہرے کا - ناک سے شروع ہو بے چینی اور جلن اور ڈنگ لگنے - جیسے درد - جلد کی شدید سوزش بڑے بڑے چھالے بننے کا رجحان - چھوٹی پھنسیاں اکٹھی ہو کر بڑا چھالا بنا دیں - شدید بخار -

کروٹیلس ایچ - نیلے نظر آئیں ٹیکے لگتے یا کیڑوں مکوڑوں کے کاٹنے کے بعد کے سرخباده کے لئے مفید ہو -

رسٹاکس - ٹائیفائیڈ کی علامات کے ساتھ گڑھے دار سرخباده سرخ کی بجائے گہری جلد ہموار ہونے کی بجائے کھردری - خشک کی بجائے نمدار - شدید جلن اور خارش - کمر اور ٹانگوں میں درد - بالوں والے حصّوں کے کنارے اکثر مبتلاء ہوتے ہیں - اسہال کے ساتھ - بے چینی پٹھوں میں شدید درد - بندھنوں اور جوڑوں میں شدید درد -

لیکسس - گہرا نیلا یا جامنی رنگ کی جلد - قوت حیات کا بہت دب جانا - ذہنی کمزوری - چہرہ پھولا ہوا اور سرخ جب بیلا ڈونا ناکام ہو جائے - متاثرہ اعضاء میں گنگرین کا خطرہ ہو - جال کی طرح کے نیسیج خاص طور پر ملوث ہوں -

ایکینیشیا - سرخباده بہت ہی پُر درد پھوڑوں کے رجحان کے ساتھ - ۲×۳ قطروں کی صورت میں میں استعمال کیجئے -

ہیپر سلفر ۔ جب پیپ پڑنے کا رجحان ہو تو سلفر دی جائے ۔

سیلیشیا ۔ جب پھوڑے ٹھیک ہونے میں ناکام ہو جائیں جبکہ پیپ خشک ہو چکی ہو کیلئے شاندار دوائی ہے ۔

سلفر ۔ بطور عمل انگیز دوائی کے مفید ہے ۔ تبدیل ہونے والے کیسوں میں اور طول پکڑنے والے کیسوں میں یہ دوائی انتہائی عمل انگیز ثابت ہوتی ہے ۔

گریفائیٹس ۔ بار بار ہونے والے مزمن حالتوں میں انتہائی مفید ہے ۔

روٹما اینڈ فاسفورک ایسڈ ۔ جب زخموں کے ساتھ ملے ہوئے ہوں یعنی زخموں کے ساتھ ہوں ۔

دیکھئے ۔ بوائیاں ۔ سردی کی وجہ سے ہاتھ پاؤں پھٹنا ۔ دیکھیے تیل والی جلد ۔ گریس والی ۔

سخت جلد

انتم کروڈ ۔ موٹی سخت ۔ شہد کے رنگ والی جلد ۔ جب بستر میں گرم ہو جائے

ہائیڈروکوٹائل ۔ جلد ہاتھی کی کھال کی طرح موٹی ہو جائے ۔

رننکولس جلیب ۔ اگزیما میں جلد سخت پرتوں کی صورت میں موٹی ہو ۔

داد

رسٹاکس ۔ خارش والی داد کے لئے روزمرہ کی دوائی ہے ۔ جلندار اور جھنجھناہٹ والی درد جو اکثر کیسوں کو ٹھیک کر دیتی ہے جس کے ساتھ علاج شروع کیا جائے ۔ نائی کے استرے کی لاگ کی خارش جب جلن اور خارش ہو ۔

رننکولس ۔ جلن کے ساتھ داد ۔ خراشدار اور سوئی لگنے جیسی دردیں ۔ جب پھنسیاں خشک ہو جائیں تو بہت زیادہ خارش گڑھے نیلگوں رنگ کے کھلی ہوا میں حرکت سے ۔ نمدار موسم میں موسم کی تبدیلی پر اور درجہ حرارت کی تبدیلی پر ۔ چھونے اور ٹھنڈی ہوا سے حساس ہو ۔

آرسینکم البم ۔ جلندار اور بھالا لگنے جیسے درد کے ساتھ ۔ رات کے وقت خاص طور پر ۱ سے صبح ۴ بجے تک زیادتی ۔ بڑے بڑے اور گہرے پرت جب اتارے جائیں تو خون بہے ۔ وقفے وقفے پر تھوڑے تھوڑے ٹھنڈے پانی کی پیاس ۔

مرک سال -
نائیٹرک ایسڈ - } پیٹرو کی داد - نائی کے اُسترے کی لاگ سے خارش بیرونی طور پر فاسٹولا کا لگائی جاسکتی ہے۔
نیٹرم میور

اشاکس ایف - مزمن چھپاکی کے لئے تمام جسم پر چھپاکی خارش کے ہمراہ -

میزیریم - پسلیوں کے بیچ یا آنکھ کے بالائی اعصاب پر داد- تیز درد- بجلی کی طرح بعض اوقات سوراخ کرنے والی درد-

سکوٹا دائمر - نائی کے اُسترے کی لاگ سے خارش، شیو کی وجہ سے تکلیف -

تھوجا - ہر جگہ داد شدید اعصابی دردوں کیساتھ - اگزیما جیسی یا پھوڑوں جیسی -

آئیرس ور - سیاہ قسم کی داد کے دائرے پھُنسیوں کے ساتھ اگزیما جیسی یا پھوڑوں جیسی -

ڈلکا مارا - پیپ دار داد ٹھنڈے اور تر دار گھروں میں رہنے سے -

کینتھرس - بڑے بڑے چھالے گہرے درد اور جلندار داد - اندرونی طور پر اور بیرونی طور پر دیجا سکتی ہے

پرونس سپائنوسا - داد جسم کے بائیں طرف استسقاء - انگلیوں کی نوکوں یا سروں پر خارش کے ہمراہ کہ جیسے کہ ٹھنڈے جم گئی ہوں -

سورائنیم - داد کی پھنسیاں خاص طور پر جوڑوں کے خموں پر اور کھوپڑیوں پر خارش کے ہمراہ - بدبو- قوت حیات کی کمزوری - پھنسیاں خشک - پرت دار چھوٹی نوکدار پھنسیاں سرخ کناروں کے ارد گرد- ٹھنڈ اور بستر کی گرمی میں زیادتی -

(دیکھئے پھنسیاں - چھپاکی - پھُنسیاں - خارش)

زخم کے نشان کے پاس ریشہ دار ابھار

سلیشیا - یہ سب سے پہلے ہر ہفتہ ۲۰۰ طاقت میں کچھ لمبا اس سے زائد وقت تک دی جائے -

الیسڈ فلور - جب سلیشیا ناکام ہو جائے تو یہ ۳۰ x میں دی جائے دن میں ۳ بار صبح دوپہر شام -

ٹیوبر کیولینم - جب مندرجہ بالا ادویات سے کوئی فرق نہ پڑے تو بطور مل ایگزر کے دی جائے -

کوڑھ - جذام

ہائیڈرو کوٹائل - کوڑھ اور جذام کے لئے چوٹی کی دوا ہے۔

بیسیلینم - یہ دوائی بطور عمل انگیز کے ۲۰۰x میں ۱۵ روز کے بعد دی جائے۔ اس دوائی سے ایک روز پہلے اور ایک روز بعد کوئی اور دوا ہرگز نہ دی جائے۔

آرم میٹ - جب ناک سے بدبودار مواد ہے۔

آرسینکم آئیوڈ - جب ناک سے بدبودار مواد ہے۔ سوئی چبھنے جیسا احساس۔ گندا دکھائی دے۔ انگلیوں اور پنجوں کا سوج جانا۔ غدود بڑھے ہوئے۔

ہونگ نان - ہاتھ اور پاؤں کے سُن ہونے کے ساتھ کوڑھ یا جذام۔

ہورا براز - کوڑھ یا جذام جب جلد کھال کے ساتھ بندھی ہوئی معلوم دے۔

گریفائٹیس - چیروں سے لیسدار مواد ہے۔

انٹم ٹارٹ - پٹھے اندر کی طرف جھکے ہوئے ہوں۔

تھائیرائیڈنیم - آتشکی پھنسیوں کے ساتھ جذام۔ جلد کی پرانی سوزش۔ شدید سرخی اور ٹانگوں پر چھلکے یا پرت (جلد کا سفید ہو جانا)۔

پھلبہری - برص

ٹیوبر کولینم - اس دوائی سے علاج شروع کرنا چاہیئے۔ ۲۰۰x کی ایک خوراک درج ذیل ادویات کے ہمراہ دی جانی چاہیئے۔

آرسینک سلف فلیو - پھلبہری کے لئے چوٹی کی دوا ہے۔ یہ کافی لمبے عرصہ تک تبدیل شدہ طاقت میں دی جانی چاہیئے، یعنی چھوٹی طاقتوں سے شروع کر کے بڑی طاقتیں بتدریج استعمال کرائی جائیں۔ پہلے پہل دو ماہ تک ۳x دی جائے، پھر اگر چھوٹی طاقت سے افاقہ رک جائے تو ۳۰x دیجائے۔ اور اگر ۳۰x بھی ۳-۴ ماہ دینے سے بیماری کو افاقہ نہ ہو تو پھر ہر ہفتہ ۲۰۰x دی جائے۔

آرسینکم البم ۔ خنازیر میں سفید جلد۔
ایپس ایم ۔ جلد سفید۔ بچہ دانیوں کی سوزش و استسقاء کے ساتھ۔ بچے کا الٹ پلٹ ہونا قطعوں کے گرد سرخی ہو۔
کالی کارب ۔ جب جلد دودھیا ہو۔
ہائیڈرو کوٹائل۔ اگر آرسینک سلف فلیو ناکام ہو جائے تو یہ دوائی دی جائے۔ یہ چھوٹی طاقت یعنی ۳x میں دی جائے یا ۳۰x میں دن میں ۳ بار لمبے عرصہ تک دی جائے۔
بوریکس ۔ سفید جلد سرخ قطعوں کے ساتھ۔
سورائینم ۔ سفید جلد کے قطعے اور سفید بالوں کے گچھے۔ اس دوائی کے تحت سیاہ قدرتی رنگ کے ہو جائیں گے۔

چہرے پر بھورے یا تانبے کے رنگ کے داغ

لائیکوپوڈیم ۔ بھورے داغ خاص طور پر پیٹ کے اوپر۔
ایپس ایم ۔ جسم پر سفید رنگ کے قطعوں میں یا ٹکڑیوں میں۔
سیپیا ۔ اگر لائیکوپوڈیم ناکام ہو جائے تو یہ دی جائے۔
پلمبم ۔ سن یاس یا کثرت حیض میں۔
مینز ریم ۔ چھاتی اور بازوؤں پر دھبے بہت گہرے رنگ کے۔
کیورارے ۔ زردی مائل بھورے رنگ کے دھبے۔
(داد اور چھپاکی ۔ چھائیاں دیکھئے)

تیل والی

برائی اونیا ۔ بہت ہی چکنا۔ خاص طور پر بال۔ چہرہ نیلا ۔ زرد ۔ سوجا ہوا ۔ استسقائی گرم اور بردرد۔ انتہائی تکلیف دہ۔
مرک سال ۔ متواتر بمقدار اور چکنا ۔ بہت زیادہ بے رنگ ۔ لیسدار پسینہ ۔ رات کے وقت زیادہ۔

نیٹرم میور - جلد چکناہٹ والی تیل والی خاص طور پر بالوں والی جگہوں پر۔
پلمبم - چہرہ کی چکناہٹ والی اور چمکدار۔

جلد اترنا -

ہیلی بورس - ناخنوں اور بالوں کے گرنے کے ساتھ جلد کا اترنا۔
انتھرکیسنیم - وسیع پیمانے پر جلد کا اترنا۔
آئیوڈیم - جلد اترے ڈھیلے پرت دکھائی دیں۔ چکنے بخارات کا اخراج -
میزریم - پرت دار جلد کا اترنا -
ایپس ایم - استسقائی سوزش کے ساتھ جلد کا اترنا۔
ایلیم سیٹائیوا - ہاتھوں کی جلد اتر جائے -

کھجلی

کھجلی کا علاج اس دوائی کی سی ایم طاقت سے شروع کرنا چاہیئے

سلفر - اس کے پندرہ روز بعد تک کوئی دوائی نہ دی جائے - کھجلی کا علاج اس دوائی کی سی ایم طاقت سے شروع کرنا چاہیئے۔
کالی بروم - آتشکی کھجلی۔ جلد ٹھنڈی۔ نیلی دھبے دار۔ جھریاں پڑی۔ بڑے بڑے بلدار پھوڑے۔
تھائیرائیڈ لائیم ٹھنڈ محسوس کرنے والے اور کمی خون والے مریض میں خارش۔ خشک کمزور جلد۔ ہاتھ اور پاؤں ٹھنڈے۔
ریڈیم بروم - آلۂ تناسل کی کھجلی - چہرے پر مواد نکلنے والی خارش والی پھنسیاں۔ ماتھے پر سرخ داغ کے قطعے۔ تمام جسم پر جلن کا احساس اور خارش۔
کوریلیم ابرم - ہتھیلیوں اور تلووں کی خارش - سرخ چپٹے ناسور - مونگے کے رنگ کے دھبے جو پہلے سرخ اور پھر تانبے کے رنگ میں تبدیل ہو جائیں۔
آرسینکم بروم ایک شاندار دوائی ہے جو 3x میں دی جانی چاہیئے۔
ایسڈ کرائیسوفینکم - اس کے 4 سے 8 گرین، ایک اونس ویزلین میں بیرونی طور پر استعمال کریں۔ یہ اندرونی طور پر تین طاقت میں دی جائے۔

آرسینکم سلف رب۔ جلدی امراض کے لئے خاص طور پر کھجلی اور اگزیما پھنسیاں اور پھوڑے۔

سیلینیم۔ ہتھیلیوں پر آتشک کھجلی۔ ہتھیلیوں کی خارش۔ ہاتھ چھوی دار۔ ہاتھوں میں پھاڑنے والے درد

اگر اس سے افاقہ نہ ہو تو علامات کے لحاظ سے دوائیاں دیجئے۔

ہائیڈرو کوٹائل۔ جلد کے بہت زیادہ موٹا ہونے اور کھال ادھڑنے کے ساتھ۔

میزریم۔ ہتھیلیوں کی خارش یا کھجلی جو گرمی سے زیادہ ہو یا بڑھے۔

پٹرولیم۔ ہاتھوں کی کھجلی دراڑوں کے ساتھ جو ٹھنڈے موسم میں زیادہ ہو۔

آرسینکم البم۔ کھجلی جو ٹھنڈی پٹیاں لگانے پر اور نمی سے بڑھے۔ گرمی سے افاقہ ہو۔ ہر ہفتہ

۲۰۰ طاقت میں ایک خوراک دیجئے۔

آرسینک آئیوڈ۔ کھجلی جو ٹھنڈے اور نمدار یا ٹھنڈی پٹیاں لگانے سے کم ہو گرمی سے زیادہ

ہو۔ نچلی طاقتیں 6x یا ۳۰x ترجیحاً۔ اگرچہ جب نچلی طاقتیں ناکام ہو جائیں تو ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ طاقتیں

نظر انداز نہیں کی جاسکتیں یعنی یہ بڑی طاقتیں دی جاسکتی ہیں۔

مینگنم۔ حیض کے دوران میں کھجلی ظاہر ہو یا بڑھے۔ پر درد دراڑیں یا چیرے۔

داد

بیسلینم۔ داد کے لئے یہ ایک چوٹی کی دوا ہے۔ ۲۰۰x میں دی جائے۔ ہفتہ میں ایک خوراک دی

جائے۔ اگر دو یا تین ہفتوں میں کوئی افاقہ نہ ہو تو مندرجہ ذیل ادویات دی جائیں۔

سیپیا۔ اگر کوئی اور علامات نہ ہوں تو اس کے بعد یہ دوائی دی جائے۔

کلکیریا کارب۔ ٹھنڈے۔ زرد۔ حد سے بڑھے ہوئے خون والے لوگوں کے لئے ہاتھ اور پاؤں نمدار۔

سلفر۔ جب داد کے ساتھ تیزابیت۔ بدہضمی۔ اُبکائیاں۔ بھوک کی کمی اور بے چینی ہو۔

ایپس میل۔ داد۔ خارش اور جلن کے ساتھ ٹھنڈی چیزیں لگانے سے افاقہ۔ ۲۰۰ x یا ۱۰۰۰ x

طاقت کی ایک خوراک دیجئے۔

ٹیلیوریم۔ داد خاص طور پر چہرے اور جسم پر۔ جسم اور پسینے کی بُو گندی اور لہسن جیسی۔

جلد کھُردری

سورائینم ۔ جلد کھُردری ۔ چیرے ۔ خون بہے اور پرت دار ۔ دھونے ڈرے ۔ میلی یا غلیظ نظر آئے ۔ گندی ۔ گندی جیسے کہ گرد و غبار سے ڈھانپی ہوئی ۔ جلد کی تکالیف نہانے سے اور بستر کی گرمی سے بڑھیں ۔

سلفر ۔ چیروں کے بغیر جلد کی خشکی ۔ (دیکھو خارش کا دب جانے سے ۔ خارش)

لال بخار

بیلاڈونا ۔ لال بخار کے لئے پہلی کی دوائی ہے ۔ ہموار سرخ اور چمکدار پھنسیاں ۔ گرم خشک اور سرخ چہرہ ۔ معدہ پر ہیجانی متلی اور قے ہو ۔ درجہ حرارت اونچا ۔ بطور حفظ ماتقدم بھی کام کرتی ہے ۔

ایلنتھس گلینڈ ۔ شدید جلن دار زکام جب متوقع چھپاکی باہر نہ نکلے ۔ خطرناک بخار ۔ منہ اور گلے سے گندی بو آئے ۔ بیہوشی کی حالت جس سے اٹھنا مشکل ہو ۔ قدرتی اخراجات کا رک جانا ۔ لال بخار کے دبنے کے بعد توجہ مرکوز کرنے کے ناقابل ۔ یادداشت نہ رہے ۔ بیہوشی ۔ ہذیان ہو ۔

رسٹاکس ۔ لال بخار کے علاوہ جب گڑھے دار پھنسیاں ۔ اونگھ بڑبڑانے والے ہذیان کے ساتھ ۔ پھنسیاں آہستہ آہستہ نکلیں ۔

ایپیس میل ۔ یہ صرف اس وقت فائدہ مند ہوتی جب گردے کی تکلیف کے ساتھ استسقاء ہو جلد چبھوں والی سرخ اور سفید قطعے ۔ چہرہ زرد اور پھولا ہوا ۔ گلے کی سوجن ڈنگ لگنے جیسی درد کے ہمراہ ۔ پیاس کی کمی اور گرمی سے بڑھنے کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے ۔

لیکس ۔ پہلے خون کا زہریلا ہونا اور پھر بلغمی جھلیوں کی تکالیف نمایاں ۔ گلے کے گلتے سڑتے ہوئے ناسور ۔ ٹانسلز میں تکلیف ۔

سکالیٹینم ۔ بطور حل انگیز دوائی کے اور بطور حفظ ماتقدم کے برائے لال بخار کے ۲۰۰x طاقت میں استعمال کی جائے ۔

زخموں کے نشان ۔

لیکس ۔ پرانے زخموں کے نشان کو لاسے آسانی سے خون بہے کھل جائیں ۔ سرخ زخم ۔

کالی آیوڈ۔ چھوٹے چھوٹے پھوڑوں کے نشان چہرے۔ گردن۔ کھوپڑی۔ چھاتی اور کمر پر۔

ویریولینیم
سارسینیا پی۔ } چہرے پر چھوٹے چیچک کے نشان پر پندرہ روز بعد ویریولینیم ۲۰۰ x دیجیے۔ سارسینیا پی ۹ x دن میں دو دفعہ سوائے اس دن کے جبکہ ویریولینیم دی جائے۔

کاسٹیکم۔ گہرے نشان۔ زخم دوبارہ دکھنے شروع ہو جائے۔

لوبیسین۔ کتے کے کاٹنے سے زخم کا نشان رہ جائے۔

گریفائٹس۔ پرانے سخت نشان۔

ایسڈ فلور۔ پرانے زخموں کے نشان جن کے کنارے سرخ ہو جائیں۔ ان پر یا ان کے قریب خارش دار پھنسیاں ہوں۔

تھائیوسینیم۔ زخم کے نشانوں کو گھلانے کے لیے بڑھے ہوئے غدود۔ چہرے کا دق۔ سکڑے ہوئے زخم۔ مسلے ہوئے زخموں کے نشان۔

فائٹولاکا۔ جب مندرجہ بالا ادویات ناکام ہو جائیں

کروکس۔ پرانے مندمل شدہ زخم بار بار کھل یا برے ہو جائیں اور ان سے پیپ نکلے۔

سلیشیا۔ پھوڑوں اور ناسوروں کے نشان۔

نوزائیدہ بچوں کی جلد میں سختی۔

لیکس۔ یہ دوائی ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ طاقت میں ہفتہ یا مہینہ بعد بالترتیب دی جا سکتی ہے۔

دیکھئے داد بھی۔ داد۔

دھاریاں

ہائیپریکم۔ سرخ لائنیں اور دھاریاں جو بازوؤں اور بغل تک جائیں۔ دھاریاں ٹانگوں کے اوپر نیچے۔

دیکھئے مائیرسٹیکا سیبل۔ نیلی مائل سرخ دھاریاں جو بازوؤں اور بغلوں تک جائیں۔ دھاریاں ٹانگوں کے اوپر نیچے۔

دیکھیے دھاریاں۔ دھاریاں۔ سخت۔ جلد موٹی۔

ناسور۔

سیلیشیا۔ ناسور جو جلدی مندمل نہ ہوں۔ نہ درد ہونے والے پھوڑوں کو ٹھیک کر دے۔ گرم چیزوں سے پٹی کرنے سے افاقہ ہو۔ اندمال مشکل ہو یعنی جلد ٹھیک نہ ہو۔ کھرنڈ آئے یا زخم کا انگور۔

الیسڈ فلور۔ ناسور جو ٹھنڈی ادویات یا پٹیاں لگانے سے افاقہ محسوس کریں۔

ہیپر سلفر۔ ناسوروں کو ٹھیک کرنے کے لئے شاندار دوائی۔

گن پاؤڈر۔ ٹخنوں سے شروع ہونے والے ناسور جو گھٹنوں تک بڑھیں جن سے بدبودار پیپ نکلے۔ سوزش زیادہ نہ ہو سرخ اور چمکدار۔

ارانیا ڈائیڈ۔ گنگرین والے ناسور جب لکیسیا اور سیلیشیا سے بڑھیں اور آرسینکم البم معمول افاقہ دیں۔ ارانیا ڈائیڈ مکمل طور پر آرام دیتا ہے۔ مریض ٹھنڈ محسوس کرتا ہے اور ایک دن ٹھیک رہتا ہے دوسرے دن وہ تکلیف محسوس کرتا ہے اور پھر اگلے روز افاقہ محسوس کرتا ہے۔

ہائیڈراسٹس کینیڈ۔ گہرے گوشت خور جلد جلتی چھتیوں پر ناسور۔ گاڑھی الیسٹک زرد پیپ کے ساتھ۔

کوموکلیڈیا ڈینٹیٹا۔ سخت کناروں والوں ناسور۔ مہلک قسم کی پھنسیاں، بہت زیادہ سوزش شدید خارش ہو۔

کاربو ویج۔ جلد کی جھریوں میں ناسور۔ نہ دکھنے والے ناسور جن سے متواتر خون بہے۔ جلندار خراشدار تیلا مواد بہے۔

سلفر۔ شدید خارش یا کھرچنے کے ساتھ ناسور۔

سٹیفسگیریا۔ سوکھا سان والے بچوں میں خارش۔

نکس ماسکاٹا۔ ہسٹریائی مریضوں میں خارش۔

نیٹرم کارب۔ چلنے کے بعد ایڑیوں پر ناسور یا چلنے پر ایڑیوں پہ ناسور ہو جائیں۔

سٹس کینا ڈینسس۔ بلا درد اور گنگرین والے گہرے۔ گوشت خور ناسور۔ ٹخنے اور پنڈلی پر کافی مقدار

میں خراشدار مواد ہے۔ ہنانے سے تکلیف ہو۔ کھلی ہوا سے حساس۔ گرمی سے افاقہ۔

کالی سلف ۔ کئی منہ والا پھوڑا یا ناسور۔ مریض کھلی ہوا میں افاقہ محسوس کرتا ہے۔

کروکس ۔ پرانے مندمل ہوئے ہوئے زخم جو بار بار کھل جائیں اور پیپ بہے۔

فاسفورس ۔ زخم جو مندمل ہوئے ہوئے معلوم ہوں لیکن بار بار کھل جائیں اور ان سے خون بہے۔

ناسور پر پتلی سی جلد (سکری) کی طرح تہہ کا بننا۔ جلد میں جلن۔

پی اونیا ۔ جوتے کی وجہ سے زخم یا ناسور کے لئے مفید ہے۔

پیٹرسٹولا کیوپینز ۔ مہلک گنگرین والے ناسور۔ ناسور اور پھوڑے۔ یہ پیپ کو بار بار بننے سے روکتی ہے جب سیلیشیا ناکام ہو جائے۔

کنڈورانگو ۔ گندی بو والے ناسور۔ پتلا مواد۔ بے ھدی اور پرانے ناسور۔ کھرنڈ دار۔

اوپیم ۔ ناسور جو مکمل طور پر بلا درد ہوں، جو ٹھیک نہ ہوں اور نہ ہی پھیلیں۔ زیادہ سوزش میں جلد میں حساسیت کی حس نہ ہو۔

سیینی کولا ۔ پنجوں میں ناسور۔ (پھنسیاں بھی دیکھئے)

چھپاکی۔ پتی۔

ایپس ایم ۔ چھپاکی کے لئے چوٹی کی دوائی ہے۔ بستر کی گرمی سے زیادتی۔ خارش اور جلن ہو۔ لیکن پیاس نہ ہو۔ دائرے دار سوزش جو سرخ اور زرد ہو شدید خارش ہو ۹x یا ۶x میں دیجئے۔

ارٹیکا یورنس ۔ یہ اس وقت دی جائے جب ایپس ناکام ہو جائے۔ یہ ایپس جیسی علامات رکھتی ہے۔ سوائے اس کے کہ اس میں پیشاب زیادہ آتا ہے۔

پلسٹیلا ۔ گیس کی وجہ سے چھپاکی کے لئے بہترین دوائی ہے۔ قے اور اسہال کے ہمراہ چھپاکی۔

انٹم کروڈ ۔ جب گیس نزلہ یا تیزاب کے استعمال سے ہو۔ گرمی سے زیادتی۔

اسٹاکس فلیو ۔ جلن اور خارش کے ساتھ چھپاکی جو گرمی اور حرارت سے کم ہو۔ چھپاکی تمام جسم پہ خارش کے ساتھ۔ مزمن چھپاکی۔

رسٹاکس۔ جلن اور خارش کے ساتھ چھپاکی جو گرمی اور حرارت سے کم ہو۔ کپڑے اتارنے سے جلن اور خارش زیادہ ہو۔

نیٹرم میور۔ ضدی قسم کے کیس قبض اور مٹی کے رنگ جیسا چہرہ کا رنگ ہو۔

ریڈیم۔ رات کے وقت تمام جسم پر خارش۔ جلد آگ کی طرح جلے۔

ڈلکامارا۔ تمام جسم پر چھپاکی۔ کھرچنے پر خارش جلندار ہو۔ گرمی میں زیادتی، ٹھنڈ میں اضافہ حیض سے پہلے چھپاکی ہو۔

آرسینکم البم۔ جب مریض تھوڑے تھوڑے وقفہ پر ٹھنڈا پانی پیئے۔ جب مچھلی کا گوشت کھانے سے چھپاکی ہو تو اس کے لیے مخصوص ہے۔ ابھرے نشانوں پر بہت زیادہ خارش اور جلن ہو۔ ساحل سمندر پر چھپاکی۔ (متفرق کے نیچے بھی دیکھیے)۔

مَوکے۔ مَسّے

تھوجا۔ تل یا مسّے۔ اعضائے تناسل پر یا اس کے ارد گرد مسّے ۲۰۰ طاقت میں دن میں دو بار دیجئے، صبح شام دیجیے۔

کاسٹیکم۔ چہرہ۔ ہاتھوں یا آنکھوں پر مسّے

ڈلکامارا۔ بڑے بڑے۔ پُر گوشت اور ہموار یا چپٹے، وہ انگلیوں۔ چہرہ اور آنکھوں پر ہو سکتے ہیں۔

سٹیفیگیریا۔ مسّے۔ سوزاک کی وجہ سے فرج یا ذکر پر مسّے۔ گوبھی کے پھول کی طرح کے اگاؤ۔ ہر ہفتے ۲۰۰x کی ایک خوراک دیجیے۔

پھوڑے بھی دیکھیے۔ انگلی کی نوک پر پھوڑا۔

بسہری۔ پہندرا۔

مائر سٹیکا۔ بسہری کے لئے شاندار دوائی ہے۔ یہ پیپ جلد نکالتی ہے اور پیپ جلد نکالتی ہے۔

ہیپر سلفر۔ یہ بسہری کے پھٹنے کے بعد دی جاتی ہے۔ یہ زخم کو مندمل کرنے میں مدد دیتی ہے۔

ناخن میں سے پیپ بہتی ہے۔ ڈھیلا ہوتا ہے اور باہر نکل جاتا ہے۔

سلیشیا - جب ہیپر سلفر ناکام ہو جائے تو یہ دی جائے یا جب مندمل ہونے کا عمل رک جائے۔

لیڈم پال - سوئیوں کے چبھنے سے لبہری ہو جائے۔

ڈائسکوریا - یہ بھی لبہری میں مددگار ہے۔

الیم سیپا - جب دوسری ادویات ناکام ہو جائیں تو یہ دی جائیں۔

بال

دوسرا حصہ

دیکھیئے گرنا بالوں کا - گنجاپن - بھوسی - سکری -

سینیکولا x۲۰۰ - کھوپڑی پر پرت دار سکری - بھنوؤں اور دوسری بالوں والی جگہوں پر - ہر ہفتہ بعد ایک خوراک دیتے رہیئے۔

فاسفورس x۲۰۰ - بہت زیادہ - بادلوں کی طرح گہرے - بال گچھوں کی طرح گریں - کھوپڑی کی خارش۔

گریفائیٹس - دادوال سکری (وہ سکری جس کے ساتھ اگزیما اور دوسری پھنسیاں ہوں) - کھوپڑی پرتدار اور بے چین کرنے والی خارش - تر - بالوں کا گرنا - چندیا پر جلن۔

کلکیریا سلف - کھوپڑی پر سکری، گاڑھے زرد قطعوں میں پھنسیاں - اگزیما - سکری وجہ سے چھوٹے چھوٹے پھوڑے - بالوں کا گرنا۔

تھوجا - سفید خشک اور سکری - بال خشک گریں۔

سیپیا - دائروں میں بھوسی - رنگ ورم کی طرح یا دھدری کی طرح - نمدار کھوپڑی - بال گریں ماتھے کے بالوں کے نزدیک چھوٹی چھوٹی پھنسیاں۔

کاربو ویجیم سلف - کھوپڑی پر سکری - پھنسیاں - پرت دار - اگزیما - خارش - نمدار - پرتدار - پھوڑے دکھیں اور پُردرد۔

نیٹرم میور - سفید بھوسی - نزلہ زکام اور بو سونگھنے کی حس کے خاتمہ کے ساتھ۔

سورائینم - بھوسی جس سے گندی بُو آئے۔

سلفر - جب اچھی طرح سے منتخب کی ہوئی ادویات ناکام ہو جائیں۔

آرسینکم البم ۔ کمزور مریضوں میں ۔ مریض اچھے رنگ والے ۔ کھوپڑی پر ناقابلِ برداشت خارش ۔ ننگے قطعوں پر گول دھبے ۔ خشک پرت دار ۔ رات کے وقت جلن اور خارش ۔

الیسڈ فلور ۔ خشک بھوسی والی پُر ہیجان کھوپڑی بال گرنے کے ہمراہ ۔

میزیریم ۔ بہت زیادہ خارش اور بالوں کے گرنے کے ہمراہ

بالوں کا گرنا

تھوجا ۔ خشک پرت دار بھوسی کی وجہ سے بالوں کا گرنا ۔

گریفائیٹس
انتھرم ۔ } ڈاڑھی اور بھنوؤں کے بالوں کا گرنا ۔

سفنگورس ۔ بالوں کا گرنا ۔ خاص طور پر داڑھی اور مونچھوں کے بالوں کا گرنا ۔

اسٹیلاگو ایم ۔ آتشک کی وجہ سے گنجاپن ۔ بال گر جائیں اور دوبارہ نہ اُگیں ۔

ویزباڈن ۔ ویزباڈن سے بال جلدی سے اُگیں گے ۔ اور گہرے ہو جائیں گے ۔

فاسفورس
کلکیریا فاس } بال گچھوں میں گریں ۔ اِدھر اُدھر بالوں کے بغیر قطع ہوں دی گئی ترتیب میں دی جائیں ۔

الیسڈ فاس ۔ سر کے بالوں کا گرنا اور بھنوؤں ، پلکوں اور اعضائے تناسل پر سے بھی بال گریں ۔

سیلینیم ۔ تمام سر سے بالوں کا گرنا اور سر کی کھوپڑی ہموار اور بغیر بالوں کے رہ جائے ۔ بھنوؤں اور چہرے پر سے بالوں کا جھڑنا جس کی وجہ سے چہرہ عجیب سا نظر آئے ۔

الیومنا ۔ کھوپڑی کے بالوں کا بڑی مقدار میں گرنا ۔ یا یہ حصے مکمل طور پر ننگے ہو جائیں ۔ تمام جسم پر سے بشمول پلکوں پر بھی بالوں کا گر جانا ۔

الیسڈ فلور ۔ آتشک کی وجہ سے بالوں کا گرنا ۔ بال خشک ۔ بال اُلجھے ہوئے ہوں ۔ وہ علیحدہ علیحدہ اور ٹوٹ جائیں ۔ وہ گچھوں میں اُلجھ جائیں اور بغیر چمک کے ہوں گے ۔

نیٹرم میور ۔ حمل کے دوران بالوں کا گر جانا ۔ مزمن سر درد کے بعد بالوں کا گر جانا ۔

لیکس ۔ حمل کے دوران بالوں کا گر جانا۔

بوریکس ۔ بال کھردرے اور سخت ۔ کنگھے سے ہموار نہ کیے جاسکیں ۔ بال سروں پر الجھ جائیں ۔ اور آپس میں جڑ جائیں ۔ اگر یہ گچھے کاٹ دیئے جائیں ۔ یہ دوبارہ بن جائیں ۔

پلسٹیلا ۔ آنکھوں میں بالوں کا احساس ۔

نائیٹرک ایسڈ ۔ بالوں کا بہت بڑی مقدار میں گرنا خاص طور پر چندیا پر پھنسیوں کا ساتھ یہ آتشک کی وجہ سے اعصابی سر درد ۔ کمزوری اور لاغری ۔ کھوپڑی حساس ۔

ونکا مائینر ۔ گنجے پن کے قطعے جن سے رطوبت رسے بال آپس میں الجھ جائیں ۔ کھرچنے یا خارش کی نہ رکنے والی خواہش ۔

امونیم میور ۔ بھوسی کے ساتھ بالوں کا گرنا ۔

ناسی نیلا ۔ شدید حاد امراض کے بعد بالوں کا گرنا ۔

کالی کارب ۔ بھنوؤں کے بالوں کا گرنا ۔

رسٹاکس ۔ پلکوں کے بالوں کا گرنا ۔

مرکیورس ۔ آتشک کی وجہ سے بالوں کا گرنا ۔

سلفر ۔ بہت ہی بے قاعدہ بال ۔ ریت جیسے ۔ سخت اور غیر چمکدار ۔ ہر طرف اگنے والے بال ۔

میڈورنیم ۔ کھوپڑی پر خارش کے ساتھ بالوں کا گرنا ۔ ساحل سمندر پر افاقہ ۔

سیپیا ۔ موقوفی حیض اور حمل کے دوران بالوں کا گرنا ۔ سر درد کے دوران بالوں کا گرنا ۔ جماع کی خواہش شدید نہ ہو ۔

بالوں کا گرنا

تھوجا ۔ بالوں کا ان جگہوں پر بڑی مقدار میں اگنا جہاں ضرورت نہ ہو ۔ ہر ماہ ۱ ۔ ایم طاقت کی ایک خوراک کافی ہوتی ہے ۔

اولیم جیکو ۔ یہ دوائی ۳۰ x طاقت میں ، گرمیوں میں اور ۳ طاقت میں سردیوں میں دن تین دفعہ ۔ ایک ایم تھوجا کے ساتھ دی جائے ۔ یہ دوائی تھوجا کے ساتھ دی جائے ۔ یہ دوائی تھوجا

دینے سے دو دن پہلے اور دو دن بعد نہ دی جائے۔

نوٹ:۔ آرسینک کا زرد سلفیٹ اور ان بجھا ہوا چونا برابر مقدار میں لے کر ان کا گرم پانی کے ساتھ پیسٹ تیار کیجئے اور چہرہ پر لگاتے رہیئے اور اسے خشک ہونے دیجئے۔ ہفتوں تک بال نہ اگیں گے۔ چند بار دہرانے سے ہمیشہ کیلئے بال اگنا بند ہو جائیں گے۔

بال قبل از وقت سفید ہوں۔

تھائیرائیڈین ۔ اس دوائی کے ساتھ علاج شروع کیا جائے۔ یہ ایک ماہ تک دن میں تین دفعہ ۳۰× طاقت میں دی جائے اور اس کے بعد ۲۰۰ طاقت میں ہر ہفتہ ایک ماہ تک دی جائے۔

ایسڈ فاس۔
لائیکوپوڈیم۔ } ۲۰۰ طاقت میں چھ ماہ تک اول بدل کر دی جائیں۔
وائیسباڈین

پائلوکارپینم ۔ اگر مندرجہ بالا ادویات ناکام ہو جائیں تو ۸۔ طاقت میں دیجئے۔ ہر ماہ ایک خوراک کیلئے۔

نیٹرم میور } کمزور کر دینے والی تکالیف کی وجہ سے بال سفید ہو جائیں
فاسفورس } ہر ہفتہ ۲۰۰ طاقت میں اول بدل کر دی جائیں۔

آرسینکم ہائیڈ ۔ مُردہ حصوں پر برف کی طرح سفید بال۔

نکس وامیکا ۔ بال سفید ہو جائیں (رحم کی اعصابی تکلیف کی وجہ سے)

ناخن

تیسرا حصہ

ناخنوں کی عام بیماری

تھوجا ۔ انگلیوں کے ناخن بیمار جھریدار نظر آئیں۔ موٹے ناخن۔

مائرشیکا سیبرلیفیرا ۔ انگلیوں کے ناخنوں میں تکلیف انگلیوں کی ہڈیوں کی سوزش کے ساتھ۔

کلکیریا کارب - بھُربھرے، غیر ہموار ناخن - دھبے دار اور بے قاعدہ -

سیلیشیا - پنجوں کے ناخنوں کا گوشت میں گھسنا - ٹیڑھے ترچھے ہونے - یہ نئے ناخنوں کے اُگنے میں تحریک پیدا کرتی ہے -

فلورک ایسڈ - ٹوٹی پھوٹی اطراف -

گریفائیٹیس - جب ناخن موٹے ہوں - سینگ کی طرح اُگیں -

ایپس ایم - ناخنوں کے نیچے خون جمع ہو جائے -

کاسٹیکم - جب گوشت میں گھسنے والے ناخنوں کے لیے جب سیلیشیا ناکام ہو جائے -

میگنیٹس پولس آسٹ - ناخنوں کے اندر کی طرف درد جیسے کہ یہ گوشت میں گھس گیا ہو - چھونے پر بہت درد ہو یا پنجوں پر جوتے کے دباؤ سے ناخنوں پر جیسے کہ چھنڈی یا گئے -

لیکسس - اندر کی طرف گھسے - کھُرنڈ - جامنی اور ڈنگ لگنے والے -

ناخن کی جڑ کے قریب پیپ پڑ جانا

نیٹرم میور - انگلیوں کا ناخنوں کے قریب خشک ہونا اور انگلیوں کا پھٹنا - سُن ہونا اور جھنجھناہٹ بازوؤں اور گھٹنوں کی کمزوری - نچلے ہونٹ کے درمیان میں چیر - چھپاکی -

سلفر - خشک پرت دار غیر صحت مند جلد - خارش اور جلن - کھُرچنے اور دھونے پر زیادتی - پھُنسیاں اور پیپ پڑنا - کانپتے ہوئے اور گرم پسینے والے ہاتھ -

کلکیریا کارب - غیر صحت مند جلد - آسانی سے ناسور بن جائیں - چھوٹے چھوٹے زخم آہستہ آہستہ مندمل ہوں - مسّے اور لوائیاں - ٹھنڈے نمدار پاؤں - رات کے وقت ٹھنڈے اور مُردہ محسوس کرے -

پھٹنے والے اور دھبے دار ناخن -

اینٹم کروڈ - ناخن بھُربھرے - بھدے اُگیں - سخت مسّے ہاتھوں اور پاؤں کے تلووں پر پیدا ہوں - جلد خشک - جب بستر گرم ہو تو خارش ہو - بہت سے چھالے اور زبان پر گاڑھی لیسدار سفید تہہ - گرمی اور ٹھنڈے پانی میں نہانے سے زیادہ ہو -

سلیشیا۔ انگلیوں کے ناخنوں کی بیماریاں اگران پر سفید دھبے ہوں۔ خشک ٹھنڈے پاؤں۔
پسینے کے ساتھ۔ بے ڈھنگے ناخن۔

الیومنا۔ بھربھرے ناخن۔ انگلیوں کے نیچے کاٹنے والا درد خشک جلد۔ آسانی سے ٹوٹیں جب بستر میں گرم ہوں تو خارش۔ انگلیوں کی جلد بھربھری۔ قبض۔

ایسڈ نائٹرک۔ ٹھنڈے نیلے ناخن۔ ہاتھوں پر مسوں جنکو دھونے پر خون بہے۔ شور پھرنے اور درد حساس۔


تھوجا۔ ناخن نرم اور بھربھرے۔ بے ڈھنگے یا تڑے مڑے۔ ہاتھوں اور بازوؤں پر بھورے داغ۔ چکناہٹ والی جلد۔ بالوں میں بھوسی یا سکری۔ پسینہ میٹھا اور زبردست۔

گریفائیٹیس۔ ناخن موٹے ہو جائیں۔ پھٹے ہوئے اور بے ڈھنگے۔ مریض غمگین۔ ناامید۔ رہتا ہے۔ موت کے سوائے کسی چیز کے متعلق نہیں سوچتا۔

ہیلی بورس۔ جلد کے چھل جانے یا اُدھڑ جانے سے ناخنوں کا گر جانا۔

الیومنا سلیکیٹ۔ ناخنوں کا بھربھراپن۔ ہاتھ متواتر کٹے پھٹے۔ ہاتھ اور پاؤں برف کی طرح ٹھنڈے۔ ناخنوں کے قریب ناسور۔

ایسڈ فلورک۔ ناخن تڑے مڑے یا بے ڈھنگے۔ لمبائی کے رخ ناخنوں جھریاں۔ ناخن تیزی سے اگیں اور بھدے ہوں یعنی وہ بدوضع ہوں اور بے ڈھنگے بعض جگہوں پر بہت موٹے اور بعض جگہوں پر بہت پتلے آسانی سے ٹوٹیں اور ٹوٹنے والے۔



چودھواں باب ۱۴

عام بخار

حمیات

عام بخار

ایکونائٹ - سخت بخار - بے چینی - شدید پیاس - بہت زیادہ مقدار میں پانی پینے کی خواہش - چہرہ پُر خون - ٹھنڈی ہوا لگنے سے یہ صرف ابتدائی حالت میں دی جانی چاہیئے -

بپٹیشیا - پیاس اور بھوک کے ساتھ بخار - کھانا کھانے کے بعد تمام جسم بہت گرمی محسوس کرتا ہے - بے چینی اور بستر میں ادھر اُدھر ہلے جب بخار تیز ہو تو باتونی ہو - گندی بو والے اسہال یا مریض گہری بیہوشی میں ہو -

بیلاڈونا - چہرہ پُر خون - چمکدار سرخ - زیادہ بخار - پیاس نہ ہو - آرام سے لیٹنا چاہے - اس دوائی کی نمایاں علامت ہے - سر درد - گردن میں نالیوں میں ٹیکن - سورج کی گرمی میں کام کرنے یا چلنے سے بخار -

جیلسیمیم - چہرہ پُر خون - گُدلا - گردن کی گُدی سے درد شروع ہو - پیاس نہ ہو - آرام سے لیٹنا چاہے -

نکس وامیکا - مریض دن کے گرم ترین حصے میں بھی ٹھنڈ محسوس کرے - اگرچہ ٹھنڈ محسوس کرے لیکن کپڑے اتار پھینکے - ضدی قبض منہ کا ذائقہ کڑوا - دن کے ۱۰ اور ۱۱ بجے بخار زیادہ ہو -

آرسینکم البم - بے چینی کے ساتھ بخار - تھوڑے تھوڑے وقفہ پر تھوڑی تھوڑی مقدار میں پیاس - کمزوری اور لاغری - بخار کی سردی شدید قسم کی - ایسا معلوم ہو کہ جسم میں دوڑتا ہوا خون برفانی پانی ہے - بخار کی حالت میں محسوس کرے کہ ابلتا ہوا پانی خون کی نالیوں میں دوڑ رہا ہے -

برائی اونیا - خشک کھانسی کے ساتھ بخار تمام جسم میں دردیں ہوں - آرام سے لیٹ جانا چاہے - کسی سے بولنا بھی پسند نہ کرے - بہت لمبے وقفے پر بڑی مقدار میں زیادہ پانی پیئے -

ٹرائی او سٹیم - ٹیس یا ٹائیفائیڈ بخار کے لئے شاندار دوائی ہے - یہ ہر قسم کے بخاروں کیلئے مخصوص ہے -

کیلیڈیم - ہر شام بخار کے دوران سو جائے - اور جب بخار اتر جائے تو جاگ جائے -

نکس تھس - قے کے ساتھ صفراوی بخار - معدہ میں جلن - متلی - ٹھنڈ کے ساتھ شدید پیاس - وقفہ دار بخار - اشتعائی سوزش کے ساتھ -

اگنیشیا - سردی کے دوران بخار اور پیاس - دوسری حالت میں نہ ہو - بیرونی گرمی سے سردی میں افاقہ ہو - بیرونی طور پر لپیٹنے سے گرمی بڑھے - سردی کے دوران چہرہ سرخ -

عام بخار

ایکونائٹ - سخت بخار - بے چینی - شدید پیاس - بہت زیادہ مقدار میں پانی پینے کی خواہش - چہرہ پُر خوف - ٹھنڈی ہوا لگنے سے یہ صرف ابتدائی حالت میں دی جانی چاہئیے۔

پسٹیشیا - پیاس اور بھوک کے ساتھ بخار - کھانا کھانے کے بعد تمام جسم بہت گرمی محسوس کرتا ہے - بے چینی اور بستر میں ادھر اُدھر ہلے جب بخار تیز ہو تو باتونی ہو - گندی بو والے اسہال یا مریض گہری بیہوشی میں ہو۔

بیلاڈونا - چہرہ پُر خون - چمکدار سرخ - زیادہ بخار - پیاس نہ ہو - آرام سے لیٹنا چاہے - اس دوائی کی نمایاں علامت ہے - سردرد - گردن میں نالیوں میں تپکن - سورج کی گرمی میں کام کرنے یا چلنے سے بخار -

جیلسیمیم - چہرہ پُر خون گہرا - گردن کی گدی سے درد شروع ہو، پیاس نہ ہو - آرام سے لیٹنا چاہے -

نکسوامیکا - مریض دن کے گرم ترین حصے میں بھی ٹھنڈ محسوس کرے - اگرچہ ٹھنڈ محسوس کرے لیکن کپڑے اتار پھینکے - ضدی قبض منہ کا ذائقہ کڑوا - دن کے ۱۰ اور ۱۱ بجے بخار زیادہ ہو۔

آرسینکم البم - بے چینی کے ساتھ بخار - تھوڑے تھوڑے وقفہ پر تھوڑی تھوڑی مقدار میں پیاس - کمزوری اور لاغری - بخار کی سردی شدید قسم کی - ایسا معلوم ہو کہ جسم میں دوڑتا ہوا خون برفانی پانی ہے - بخار کی حالت میں محسوس کرے کہ ابلتا ہوا پانی خون کی نالیوں میں دوڑ رہا ہے۔

برائی اونیا - خشک کھانسی کے ساتھ بخار تمام جسم میں دردیں ہوں - آرام سے لیٹ جانا چاہے - کسی سے بولنا بھی پسند نہ کرے - بہت لمبے وقفے پر بڑی مقدار میں زیادہ پانی پیئے۔

ٹائفائی اوسینیم - گیس یا ٹائیفائیڈ بخار کے لئے شاندار دوائی ہے - یہ ہر قسم کے بخاروں کیلئے مخصوص ہے -

کیلیڈیم - ہر شام بخار کے دوران سو جائے - اور جب بخار اتر جائے تو جاگ جائے -

نکٹینتھس - قے کے ساتھ صفراوی بخار - معدہ میں جلن - متلی - ٹھنڈ کے ساتھ شدید پیاس - وقفہ دار بخار - انتہائی سوزش کے ساتھ -

اگنیشیا - سردی کے دوران بخار اور پیاس - دوسری حالت میں نہ ہو - بیرونی گرمی سے سردی میں افاقہ ہو - بیرونی طور پر لپیٹنے سے گرمی بڑھے - سردی کے دوران چہرہ سرخ -

السلونیا۔ اسہال کے ہمراہ دھیما بخار
السڈفاس ۔ ہلکی قسم کا بخار۔
کیڈمیم ۔
کروٹیلس ہورر۔ } زرد بخار شدید قے اور متلی کے ہمراہ۔
ایسٹیک ایسڈ۔ رات کو پسینے کے ساتھ دھیما بخار۔ جلد ٹھنڈی ۔
ایبس کین ۔ تمام جسم کانپے جیسے کہ خون برفانی ہو پانی میں تبدیل ہو گیا ہو۔ ٹھنڈ کمر تک نیچے جائے۔
سورائینم ۔ بخاروں میں جب گرمی اور پسینہ بہت زیادہ ہو۔ ابلتا ہو پسینہ جیسے کہ بھاپ کی طرح گرم۔
ایبس ایم ۔ بخار میں خشک گرمی اور پسینہ ادل بدل کر آئے ۔ کالا ازار بخار جس میں تلی بڑھ جائے پیاس کے ساتھ یا اس کے بغیر یا پیاس نہ ہو۔

پانی کی پھنسی ۔ بخار کے آبلے۔

نیٹرم میور۔ بخار کے آبلوں کیلئے شاندار دوائی ہے ۔ یہ کسی بھی موقع پر دی جا سکتی ہے لیکن اگر یہ ناکام ہو جائے تو دوسری ادویات دی جا سکتی ہیں۔ وقفہ دار بخار میں ۔
اگنیشیا۔ وقفہ دار بخار۔ جب نیٹرم میور ناکام ہو جائے ۔
السڈفاس۔ پرت دار ٹائیفائیڈ بخار میں ۔
لیکٹک ایسڈ ۔ سرخ بنیادوں والی پھنسیوں سے جڑے ہوئے آبلے۔
ہیپر سلفر۔ پھنسیاں دکھیں ۔ چبھنے والے درد۔ سفید پھوڑے جو اندر سے سرخ ہوں ۔
سلیشیا ۔ پرت دار ۔ کانوں سے مواد بہے ۔
رسٹاکس ۔ بخار کے آبلے ۔
بپٹیشیا۔ ٹائیفس بخار میں دانتوں پر گندی میل جم جائے ۔

لاکڑا کاکڑا ۔

ویریولینم ۔ یہ دوائی علاج کے شروع میں دی جانی چاہیے ۔ ۲۰۰ میں صرف ایک خوراک دیجائے۔

اس دوائی کا دیا جانا بہت ضروری ہے کیونکہ یہ دوائی بیماری کا دورانیہ کم کر دیتی ہے۔

انٹیم ٹارٹ - یہ دوائی ویریولینم کے ۲۴ گھنٹے بعد دی جائے یہ ہر دو گھنٹے بعد دی جائے حتی کہ بخار اتر جائے۔

برائی اونیا - اگر بخار کے ساتھ خشک کھانسی بھی ہو تو یہ دی جانی چاہیئے۔ مریض چپ چاپ لیٹ جانا چاہتا ہے۔

مرک سال - جب بخار اتر جائے تو اس کے متعلق سوچا جائے۔ یعنی یہ دوا دی جائے۔

کلکیریا فاس - یہ دوائی بطور ٹانک چھوٹی چیچک۔ لاکڑا کاکڑا اور چیچک کے بعد دی جائے۔

ڈینگو بخار۔ کمر توڑ بخار۔

برائی اونیا - تمام جسم میں دردیں۔ لیکن گہری ہڈیوں میں نہ ہو۔ آرام سے لیٹ جانا چاہے۔ زیادہ وقفے پر زیادہ مقدار میں پانی کی پیاس۔

یوپیٹوریم پرف - کمر توڑ بخار کے لئے شاندار دوائی ہے۔ دردیں گہری ہڈیوں تک جائیں۔ قے اور بے چینی ہو۔

رسٹاکس - کمر توڑ بخار کے لئے جب پٹھوں میں تکلیف ہو تو دی جاتی ہے۔

خُناق - (ناک، گلا کے تحت خناق دیکھئے) **سُرخباده** - (جلد کے تحت سرخباد دیکھئے)

جسم کا شدید بخار۔ تیز بخار

بیلاڈونا - تیز بخار مقابلتہً خون میں زہر نہ ہو۔ جلندار۔ بھنے والی بھاپ کی طرح گرمی۔ ہاتھ پاؤں برف کی طرح سرد، پیاس نہ ہو۔

ورٹیرم وراٹیڈ - تیز بخار۔ بہت تبدیلیوں والا۔ یعنی کبھی زیادہ شدید بخار اور کبھی کم بخار۔

انفلوئنزا۔

آرسینکم البم - انفلوئنزا کیلئے چوٹی کی دوائی ہے۔ اگر یہ بغیر سوچے سمجھے بھی دے دی جائے تو بھی

دی جائے تو ۹۵ فیصد کیسوں کو درست کر دیتی ہے۔ اس کی علامات درج ذیل ہیں۔ چھوٹے چھوٹے وقفوں پر تھوڑی مقدار پانی کی پیاس۔ چھینکیں۔ ناک سے پتلا اور خراشدار پانی کا بہنا۔ انفلوئنزا کے بعد بھی دی جا سکتی ہے جب کاربو ویج ناکام ہو جائے۔

سلفر۔ یہ ایک عمل انگیز دوائی ہے جو انفلوئنزا میں کبھی نہیں بھولنی چاہیئے۔ اگر بخار ۴۸ گھنٹے میں نہ اُترے تو یہ صبح سویرے معدہ ۲۰۰x میں دی جائے۔ یہ مکمل طور پر ٹھیک کر دے گی یا دوسری ادویات کے لیے علامات کو واضح کر دے گی جب یہ دوائی دی جائے تو دوسری کوئی دوا ۱۲، گھنٹے کے اندر اندر ہرگز نہ دی جائے۔

جیلسیمیم۔ فلو کی ابتدائی سٹیج میں دی جائے۔ اس میں شدید سردی اور چھینکیں کمر کے اوپر نیچے جائے۔ چہرہ سُرخ۔ گہرا سُرخ۔ ناک سے پانی جیسا اخراج جو خراشدار نہ ہو۔ پٹھوں میں مستقل درد پیاس نہ ہو۔ شدید سر درد ۹x دیجئے۔

یوپیٹوریم پرف۔ بخار میں سردی اور قے کے لیے موزوں ہے۔ کپکپاہٹ کمر سے نیچے پاؤں تک پھیلے۔ ہڈیوں میں گہری تکالیف جو حرکت سے کم ہوں۔ پیاس معلوم ہو لیکن پانی کا ذائقہ نمکین یا تیل والا معلوم ہو۔ زکام چھینکوں کے ہمراہ گلا بیٹھا ہوا۔ اور قابو آنے والی کھانسی ۲x طاقت میں دیجئے۔ جسم خشک۔

برائی اونیا۔ جب فلو کے ساتھ نمونیا بھی ملا جلا ہو۔ پٹھوں میں گولی لگنے جیسے درد جو تھوڑی سی حرکت سے بھی زیادہ ہو جائیں۔ خشک کھانسی جو پھیپھڑوں اور چھاتی میں بہت تکلیف دے۔ جسم کو پسینہ آئے۔

کالی بائیکرومیکم۔ بخار کے بعد کھانسی جو پھیپھڑوں اور چھاتی میں تکلیف دے۔ جسم کو پسینہ آئے خشک کھانسی نہ ہو چپکنے والی بلغم جو تاروں میں کھینچی ہے یعنی تاردار بلغم کمزوری۔ ناک کی بلغمی جھلیوں پر پھنسیاں ناک کی جڑ میں خشکی کے ساتھ تکلیف اور سخت مواد کا جماؤ۔

نیٹرم سلف۔ یہ وبائی انفلوئنزا کے لیے مخصوص ہے۔

رسٹاکس۔ متواتر سردی لگنے کے ساتھ فلو جیسے کہ جسم پر ٹھنڈا پانی گرایا جا رہا ہے کہ وریدوں میں

ٹھنڈا خون گردش کر رہا ہو۔ بازوؤں میں دردوں کے ساتھ بے چینی مریض اِدھر اُدھر حرکت کرتا ہے۔
جس سے اس کو افاقہ ہوتا ہے۔ تکونے سے سرے کے ساتھ زبان خشک۔ سرسراہٹ والی سخت کھانسی
ڈلکامارا۔ حالت حاد میں ایک بہترین دوائی ہے۔ آنکھیں چڑھی ہوئی۔ گلا کھردرا۔ پٹھوں کی دکھن سے
کھانسی تکلیف دہ ہو نمی کی وجہ سے ہو یا گرم موسم ٹھنڈے موسم میں تبدیل ہو جائے۔
کالیسکم۔ تیز بخار۔ سرخ چہرہ۔ سردی نہ لگے۔ شدید کمزوری۔ بستر پر سے بمشکل اُٹھ سکے۔ ناک بند۔
ناک بند۔ زکام ہلکا پیلا۔ پانی والا۔ گلا بیٹھا ہوا۔ خشک متواتر کھانسی ایک ایم طاقت میں خوراک دیجئے۔
کارڈس میریانس۔ جب جگر متاثر ہو چکا ہو تو فلو کے لئے مفید ہے۔
انفلوئنزینیم۔ یہ ایک نوسوڈ ہے (بیماری کے مواد سے تیار کردہ دوائی ہے) یہ بطور عمل انگیز
دوائی کے دی جاتی ہے جب اچھی طرح منتخب کی ہوئی ادویات ناکام ہو جائیں۔ یہ وبائی فلو میں بطور
حفظ ماتقدم کے دی جاتی ہے۔ یہ آرام بھی دیتی ہے اس دوائی سے علاج شروع کیا جائے۔
کاربوویج۔ یہ دوا انفلوئنزا کے بعد کے اثرات یا علامات جیسے کہ کمزوری۔ طاقت کی کمی۔
برانکائیٹس کی باقیماندہ تکالیف۔ تلوؤں میں جلن۔ جیسے کہ سرخ مرچ سے ہو رہی ہے کیلئے مفید ہے۔
دن میں ۲۰۰ طاقت دو دفعہ دیجئے۔
امونیم کارب۔ انفلوئنزا کے بعد کھانسی جب برائی اونیا اور دوسری ادویات ناکام ہو جائیں ایسی
کھانسی کے لئے پہلے امونیم کارب دی جائے۔ x۲۰۰ میں دیجئے۔
بپٹیشیا۔ وبائی انفلوئنزا مدہوش چہرہ کے ساتھ۔ چندھی آنکھوں۔ سر میں درد۔ گلا دکھے۔ تمام جسم
میں دکھن اور دردیں شدید کمزوری۔ مدہوشی کے ساتھ۔ احمق دکھائی دے اور مدہوشی سے
بمشکل جاگے۔
لائیکوپوڈیم۔ جب ادبی فلو کے بعد اپنے آپ کو کام کرنے کے اہل نہ پائیں۔ یہ دوائی انکو ٹھیک کر دیگی۔

ملیریا۔

چھائنا۔ ملیریا کے لئے چوٹی کی دوائی ہے اس میں مریض ٹھنڈک محسوس کرتا ہے بغیر
پیاس کے پہلی دو ابتدائی سٹیجوں میں یعنی ٹھنڈک اور گرمی میں۔ دوسری سٹیج کے آخیر پر پیاس لگتی ہے۔

جب بخار اترنا شروع ہو جائے۔ پیاس پسینے کی سٹیج میں نمایاں ہوتی ہے۔ دوسرے معمول میں سردی سے پہلے اور بعد میں پیاس ہوتی ہے۔ ہر تیسرے روز علامات زیادہ ہو جاتی ہیں۔ حملوں سے پہلے متلی۔ ہیجان۔ دل کی دھڑکن سر درد اور بھوک کا احساس ہو۔ حاد کیسوں میں مدر ٹنکچر یا 9x طاقت دیں۔ مزمن کیسوں میں ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ طاقت میں دیں۔

چینیم سلف ۔ اس دوائی میں مرض کا دورہ ۱۰ یا ۱۱ بجے صبح یا ۲ اور ۱۰ بجے رات۔ سخت ہلا دینے والی سردی۔ پیاس کے ساتھ۔ گرمی کی حالت بہت شدید ہوتی ہے اور اکثر اوقات اس کے ہمراہ جمائیاں اور چھینکیں ہوتی ہیں۔ اس سٹیج میں پیاس بھی ہوتی ہے۔ پسینہ کی سٹیج کے ساتھ بھی۔ پسینہ کمزور کر دینے والا اور دیر تک رہنے والا ہوتا ہے۔

آرسینکم البم ۔ شدید کمزوری۔ پریشانی۔ بے چینی۔ شدید جلن اور پیاس معدہ کے ہیجان کے ساتھ منہ کا ذائقہ کڑوا۔ یہ مزمن کیسوں میں دی جائے۔ ٹھنڈ عام طور پر رات کی بے چینی سے پہلی ہوتی ہے۔ سردی اور گرمی ادل بدل کر۔ شدید ہلا دینے والی سردی جو سارا دن ہی رہے، تھوڑے تھوڑے پانی کی تھوڑے وقفوں پر پیاس، سردی کی سٹیج میں وہ محسوس کرتا ہے کہ خون کی نالیاں برف کی طرح ٹھنڈی ہیں اور پیاس نہ ہو۔ گرمی کی سٹیج میں محسوس کرے کہ اس کی نالیوں میں ابلتا ہوا پانی بہہ رہا ہے۔ تھوڑے وقفے پر تھوڑے تھوڑے پانی کی پیاس۔ پسینے کی سٹیج میں زیادہ مقدار میں پانی کی پیاس۔ کونین کے غلط استعمال کے لئے، جب بخار کی تینوں سٹیجیں صاف نہ ہوں تو یہ دوائی مفید ہے۔

یوپیٹوریم پرف ۔ ہڈیوں میں دردیں جیسے کہ ٹوٹی ہوئی ہوں متلی اور قے جب ٹھنڈ گزر جاتی ہے۔ کمر سے ٹھنڈ شروع اور تمام حصّوں کی طرف جائے۔ ٹھنڈ جو چھوٹی کمر سے شروع ہو جو حرکت کرنے پر پانی پینے اور کپڑے اتارنے پر زیادہ ہو۔ ٹھنڈ بند ہونے پر متلی زیادہ ہو اور مریض کڑوا پانی والا مواد خارج کرتا ہے۔ گرمی کے دوران شدید پیاس۔ اکثر کیسوں میں پسینہ آتا ہے۔ کڑوے ذائقہ کے ساتھ زبان پر گاڑھی تہ۔ کھوپڑی پر دباؤ۔

نیٹرم میور ۔ ٹیکن دار۔ ہتھوڑے لگنے جیسا سر درد اور شدید پیاس۔ جو مریض کو دوبارہ دورہ ہونے کی خبر دیتا ہے۔ ملیے۔ شدید۔ سخت کپکپانے والی سردی جس کے ساتھ پیاس جو مریض ڈرتا ہے۔ بزمردی

مواد کی قے سر درد کے دوران اور سردی میں - ہر بخار بہت زیادہ پسینہ کے ساتھ ختم ہو۔ ۱۰ اور ۱۱ بجے صبح دورہ ہو - اس دوائی کی یہ نمایاں اور سرخی سے لکھی جانے والی ہے۔ سردی انگلیوں - پنجوں اور کمر سے شروع ہو کر گھنٹوں رہے۔ انگلیوں کے سرے اور ہونٹ نیلے ہوں۔ گرمی کافی دیر تک رہے اور سر درد کے ساتھ بڑھے جو ناقابل برداشت ہو جائے۔ اور اکثر بدہوشی یا بیہوشی بھی ہو سکتی ہے۔ چہرہ زردی مائل بھورا - تلی اور جگر بڑھے - ہونٹوں پر چھالے۔

پلسٹیلا - معدہ کی تھوڑی سی گڑبڑ سے بخار کا حملہ ہو جائے کڑوا ، ذائقہ یا کھٹی بلغم کی قے یا صفراوی قے حملہ کے دوران پیاس نہ ہو یا گرمی صرف بخار کی گرم سٹیج پر ہو۔ شام کے وقت حملے ہوں۔

برائی اونیا - جب معدہ خراب ہو یا معدہ کی خرابیاں - ڈکار - منہ کا ذائقہ کڑوا - زبان پر فر - قبض یا اسہال - جمائیاں لے - بخار کے دوران پہلوؤں میں سوئیاں چبھتی ہوئی محسوس ہوں - پیاس بہت زیادہ یا سردی سے پہلے گرمی محسوس ہو ٹھنڈک کی حالت میں سرخ رخسار۔

جیلسیمیم - جب سردی ریڑھ کی ہڈی تک جائے یا پاؤں سے شروع ہو۔ گردن کی گدی میں سر درد۔ دن کے دوپہر کے وقت سردی لگے - اونگھ - لاپرواہی اور چکر - پیاس نہ ہو۔ بچوں کیلئے خاص طور پر مفید ہے۔

وتھیا - ۱۱ بجے صبح سردی - سردی کے دوران ٹھنڈے برف جیسے پانی کی پیاس - بخار کے ساتھ پیاس نہ ہو - تمام رات شدید پسینہ - پسینہ کے دوران شدید سر درد۔

رسٹاکس - ٹھنڈک کی سٹیج میں ٹھنڈ کا احساس اور بخار کی سٹیج میں گرمی کا احساس جو خون کی نالیوں میں چھید کرتی معلوم ہو - خشک زبان - سردی سے پہلے خشک کھانسی - ماتھے اور آنکھوں میں جلن منہ تمتمار - بے چینی جس کو حرکت سے افاقہ ہو - پانی جیسے زرد پاخانے - زبان کی نوک تکونی۔ سردی پہلو میں سے یا کندھوں کے درمیان میں سے شروع ہو۔

ایپس میل - اچانک اور شدید قے ، سردی کے ہمراہ بخار شام کے وقت ۶ اور ۷ بجے کے درمیان - ٹھنڈ چھاتی اور پیٹ سے شروع ہو - چھاتی پر وزن کا احساس - جلد خشک اور گرم - جلن اور چھاتی پر دباؤ - نمایاں علامات ہیں - اور تنگی تنفس خطرناک ہے

سیڈرن - گھڑی کی طرح مقررہ وقت پر بخار لوٹ آئے۔

مینا تھس - بخار جس میں دیر تک سردی محسوس ہوتا، ہاتھ اور پاؤں برف کی طرح ٹھنڈے ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ طاقت میں دیجیے۔

فیرم آرسینکم - ملیریا۔ تلی اور جگر کے بڑھنے کے ساتھ۔ یہ مزمن کیس کو ٹھیک کرتی ہے ۶ x میں دیجیے۔

نکس وامیکا - انگلیوں اور چہرہ کا ٹھنڈ کے ساتھ شدید۔ دیر تک کانپنا۔ خاص طور پر ہونٹوں اور انگلیوں کے سروں کا ٹھنڈے کپکپانا۔ کپکپاہٹ کے دوران میں پیاس نہ ہو اور بخار کی حالت میں شدید پیاس۔ سر چکرائے جیسے کہ شراب پی رکھی ہو۔ پیٹ اور پنڈلیوں کے پٹھوں میں اینٹھن۔

وریٹرم البم - صبح کے وقت شدید ٹھنڈک اور بہت زیادہ پسینہ کے ساتھ بخار آئے جو مریض کو کمزور کر دے اور لاغر بھی کر دے۔ بازو بہت ٹھنڈے ہوں یعنی مردوں کی طرح ٹھنڈے بازو۔

ملیریا آف - یہ ایک نوسوڈ ہے۔ مزمن کیسوں میں یہ اونچی طاقت میں دی جانی چاہیئے یا جب اچھی طرح سے منتخب کی ہوئی ادویات ناکام ہو جائیں۔ یہ علاج کو مکمل بھی کرتی ہے۔ مستقل دردیں جو بخار کے اترنے کے باوجود قائم رہتی ہیں اس دوائی سے ٹھیک ہو جاتی ہیں۔

کیلیڈیم - ہمیشہ بخار کے دورے کے دوران سو جاتا ہے اور بخار کے اترنے کے باوجود قائم رہتی ہیں اور بخار اُترنے پر جاگ جاتا ہے۔

نکٹیتھس - ملیریا بخار صفراوی قے۔ قبض۔ معدہ میں جلن۔ تلی شدید پیاس۔ سردی استسقائی سوجن کے ساتھ ہو۔

سائیمکس - ٹھنڈ سے پہلے پیاس۔ سردی کے دوران جوڑوں میں درد، کھنچاؤ جیسے کہ بندھنی پٹھے شدید طور پر سکڑ گئے ہوں۔ ٹانگیں پھیلائی نہ جا سکیں۔ پانی پینے سے کھانسی یا سر درد میں اضافہ ہوتا ہے یا دونوں میں اضافہ ہوتا ہے۔

چیچک

برائی اونیا - چیچک کے لئے شاندار دوائی ہے یہ ۲ طاقت میں دی جائے۔ یہ مرض کو ختم کر دیتی ہے اور یقیناً مرض کا دورانیہ کم کر دیتی ہے۔ یہ پھیپھڑوں کی تکلیف کو روک دیتی ہے جو کہ عام تکلیف ہو جاتی ہے۔

سیلیشیا۔ چیچک کے بعد کھانسی کے لئے یہ دوائی دی جاتی ہے۔

پلسٹیلا۔ یہ دوائی مرض کی ابتدائی سٹیج کے لئے مفید ہے۔ زکام اور بہت زیادہ آنسو بہیں۔

جیلسیمیم۔ جب مریض اونگھے اور لاپرواہ ہو۔ چہرہ سوجا ہوا اور سرخ، پیاس نہ ہو۔ نبض بھرا ہوا لیکن نرم اور دھیمی ہو۔

ڈروسیرا۔ چیچک کے دوران اور بعد تشنجی کھانسی۔

ایپس۔ چیچک کے دوران یا چیچک دب جانے کی وجہ سے ورم دماغ۔ مریض تکلیف دماغی کی وجہ سے اچانک چیخ مارے۔

کالی بائی۔ پلسٹیلا میں سادہ نزلہ کی بجائے قرنیہ پر پیپ دار پھنسیاں بن جائیں۔ تکلیف کی وجہ سے گلا سوجا ہوا گلے سے لے کر کان تک زکام کی وجہ سے بہرہ پن۔

میلینڈریم۔ چیچک سے کے لئے حفظ ماتقدم کے طور پر ۳۰ × میں ہر ہفتہ میں ایک خوراک دیجئے۔

یوفریزیا۔ آنکھوں اور ناک کی بلغمی جھلیوں کی سوزش۔ ناک سے سادہ پانی بہنے کے ساتھ چھینکیں۔ اور آنکھوں سے تحرانشدار پانی بہے۔ یہ چیچک کو سادہ قسم میں تبدیل کر دیتی ہے۔ پھنسیوں کو باہر نکال دیتی ہے۔ بخار کو کنٹرول کرتی ہے اور کھانسی سے نجات دلاتی ہے۔

نزع ۔ بوڑھے لوگوں میں کافی ایلوپیتھک ادویات کے استعمال کی وجہ سے ۔ مریض زندگی کے بغیر معلوم ہو ۔

سرگرم جسم اور سانس سرد ۔ پنکھا جھلانا پسند کرے اور کھڑکیاں کھول دینا چاہے ۔

وریٹرم البم ۔ حالت نزع کی مکمل تصویر ۔ کمزوری ۔ نیلاہٹ ۔ اپریشن کے بعد صدمہ ۔ ماتھے پر

ٹھنڈا پسینہ ۔ زرد چہرہ ۔ اور تیز نرم نبض ۔

ہائیڈروسائنک ایسڈ ۔ پھیپھڑوں کی حالت کی وجہ سے حالت نزع جیسی ۔ دل کی وجہ سے نہ ہو ۔

ٹھنڈک ۔ اینٹھن ۔ تشنج یا اسی طرح کی تکالیف ۔

انگلیوں کا ہتھیلی کیطرف کھنچ کر سکڑ جانا ۔

سلفر ۔ اچھے نتائج حاصل کرنے کے لئے کافی لمبے عرصے تک دی جانی چاہیئے ۔

لیکسس ۔ جب دریائی عصب کے درد کی وجہ سے ہو ۔

قبل از وقت موت

الفلفا ۔ بچے یا بڑے لڑکے جو اگرچہ مضبوط ہوں ۱۸ سال کی عمر میں گھل گھل کر مر جائیں ۔ مدر ٹنکچر میں

۲ قطرے تقریباً فی خوراک کے حساب چھ ماہ تک دیں ۔

سلفر۔ } اگر بچے بچپن میں مریں تو والدہ حمل کے دوران ۶x سلفر اور ۶x طاقت
کلکیریا فاس۔ کلکیریا اول بدل کر دیں ہر روز ایک خوراک دیں۔

وائبرنم پرونفس۔ جب بچے آٹھویں ماہ پیدا ہوں اور پیدائش کے فوراً بعد مرجانے والے بچوں کے لئے بہترین دوائی ہے۔ یہ آٹھویں ماہ حمل کے گر جانے کو روکتی ہے۔ ۹x طاقت میں والدہ کو متوقع پیدائش سے ۳ ماہ پہلے ۲ بار دن میں دیں۔

کمزوری (تھکن بھی دیکھئے)

انڈول۔ شدید اونگھ۔ کام کرتے وقت سو جائے۔ اونگھ کے ساتھ سر درد یا اونگھ کے ساتھ ذہنی تکلیف۔
بیلیس پرینس۔ تھکاوٹ کا احساس لیٹ جانا چاہے۔ گنٹھیے یا جوڑوں کے درد کے حملہ بعد تھکاوٹ۔
کارلسباد۔ کمزوری۔ لاغری۔ کپکپاہٹ تھکے ہوئے اور افسردہ خیالات۔
کیورارے۔ رطوبات کے ضائع ہونے سے اور بڑھاپے کی وجہ سے کمزوری۔
فارمیکا۔ نچلی ٹانگوں کی کمزوری۔
مرک ڈلس۔ مردہ جیسا زرد چہرہ ڈھیلا۔ ڈھالا ابھرا ہوا۔ زرد رو بچے سر ڈیکل اور دوسرے غدود پھولے ہوئے۔
نکس ماسکاٹا۔ ٹھنڈک کے ساتھ اونگھ لیکن پیاس نہ ہو۔
ٹیرنٹولا۔ کمزوری۔ سن ہو جانا۔ بازوؤں میں بے چینی۔ بازوؤں میں درد۔ فالج۔ کانپنا جھٹکوں والی اینٹھن۔ جلد پر آہستہ آہستہ چلنے اور رینگنے کا احساس۔
سیلینیم۔ تھوڑی سی حرکت سے بھی شدید تھکن اور کمزوری پیدا کر دے خاص طور پر گرمی کے موسم میں بیماری کے بعد اور جنسی بے اعتدالیوں کے بعد بھی۔
گریشی والا۔ اعصابی کمزوری نمایاں سستی ذہن اور جسمانی کمزوری کے ساتھ۔
سیکل کار۔ کمزور۔ گھلا ہوا۔ جھریوں والا جلد کا غیر تندرست نظر آنا۔ اندرونی طور پر سارے جسم میں جلن لیکن جب حصوں کو ہاتھ لگایا جائے تو وہ ٹھنڈے محسوس ہوں۔ گلے پھیپھڑوں۔ مثانہ اور

امعائے مستقیم سے خون کا رستا جبکہ کوئی سوزش نہ ہو۔ ڈھانپا جانا پسند نہ کرے۔

سارسپریلا۔ کمزور، گھلا ہوا۔ شراب اور عورت کی وجہ سے کمزور ہوا ہوا۔ بچے کمزور۔ چہرہ بوڑھے آدمی کی طرح دکھائی دے۔ بڑا پیٹ۔ خاندانی آتشک کی وجہ سے۔

پکرک ایسڈ۔ جسمانی اور دماغی کمزوری۔ جسمانی کام سر میں درد اور بازوؤں میں درد پیدا کردے۔

نلجا۔ شدید ناتوانی اور تھکاوٹ۔ تھکا ہوا محسوس کرے۔ دماغی اور جسمانی طاقت میں کمی۔ کھلی ہوا میں چلنے سے افاقہ۔ ٹھنڈی ہوا سے حساس۔ بستر میں کئی راتیں اور کئی راتیں لیٹا رہنا چاہیے کیونکہ ایک دن رات کا آرام اسے سکون دینے میں ناکام رہے۔ طاقت کی کمزوری خاص طور پر ٹانگوں کی۔ چلتے وقت لڑکھڑائے۔

سٹرکولیا۔ کافی دیر تک جسمانی مشقت کو برداشت کرنے کی طاقت دے دے بغیر کھائے پیئے اور کمزوری کے احساس کے۔ ۱۰ سے ۲۰ مشقت ایک بار فی خوراک دیجئے۔

کاربوویج۔ بچے کو دودھ پلانے سے کمزوری۔ حاد بیماری اسہال، انفلوئنزا کی کمزوری کو ٹھیک کرنے کیلئے شاندار دوائی ہے۔ ۲۰۰x میں ہر چار گھنٹے بعد یعنی دن میں ۳ بار دو ماہ تک دیجئے۔ تب ایک ایم طاقت میں اگلے دو ماہ ہر روز دو ماہ تک دیجئے۔

کوکا۔ یہ طاقت بخش اور طاقت دینے کا اثر رکھتا ہے وہ گرمیوں کی گرمی برداشت کرنے کے اہل ہو جاتا ہے بہ نسبت سردیوں کی سردی کے۔

ایلیومنا۔ سارے جسم کی شدید سستی۔ سست۔ لڑکھڑانی چال۔ شدید تھکاوٹ۔ خاص طور پر بولتے وقت شدید غنودگی۔ اور تھکاوٹ۔

کیمفورا۔ شدید طور پر سست نبض محسوس نہ کی جا سکے۔ گنتی نہ کی جا سکے۔ بہت تیز۔ تمام جسم پر برف جیسی ٹھنڈک یہ ہے پر مردوں جیسی زردی۔ ٹھنڈا۔ کمزور کر دینے والا پسینہ۔ چہرہ زرد یا نیلا ہونٹ، ہرے نیلے۔

ایسڈ فاس۔ اعصابی کمزوری، جسمانی کمزوری کے بعد دماغی کمزوری۔ پہلے دماغ تھک جائے۔

یہ بھول جائے اور تب جسمانی کمزوری ہو۔ نادانستہ وجوہات کی وجہ سے کمزوری۔

میوریٹک ایسڈ ۔ یہ ایسڈ فاس کا الٹ ہے۔ اس میں جسمانی کمزوری پہلے آتی ہے۔ تب اس کے بعد دماغی کمزوری۔

الیومن ۔ اعصاب کی فالجی کمزوری۔ مطابقت کی کمی۔ ٹانگیں اور بازو کمزور۔

نیٹرم میور ۔ کمزوری لاغری اور اعصابی کمزوری اور مریض کا چڑچڑاپن۔ چمکدار جلد کے ساتھ۔ زرد، موی، رنگت جیسے کہ گریس لگائی ہوئی ہو۔

سٹانم میٹ ۔ بڑھتی ہوئی کمزوری۔ جسمانی خلل۔ نزلاوی حالت۔ اعصابی کمزوری کافی سالوں سے گلے کا بیٹھ جانا۔ کمزوری کی وجہ سے آواز کا جلتے رہنا یا آلاتِ صوت کی فالجی کمزوری۔

الفلفا ۔ چربی پیدا کرتا ہے اور نسیجوں کی کمی کو پورا کرتا ہے۔ یہ اعصابی کمزوری۔ پیشاب میں کھار آنا۔ اعصابی بدہضمی۔ اعصابی کمزوری۔ ٹی بی یا ذیابیطس کی وجہ سے کمزوری۔ مدر ٹنکچر کے ۵ تا ۱۰ قطرے بقدا نہ دن میں تین مرتبہ دیجئے۔

کاربونیم سلفت ۔ نمایاں شدید سستی۔ اور لگاتار پڑے رہنے کی خواہش۔ جب کمزوری شراب جیسے محرکات کی وجہ سے ہو۔ سیڑھیاں چڑھنے سے دم گھٹتا ہے اور کمزوری۔ کھلی ہوا میں افاقہ لیکن تیز جھونکوں میں زیادہ مرض۔

آئیوڈیم ۔ چلنے سے شدید کمزوری اور تھوڑی سی مشقت سے بکثرت پسینہ (کالی آئیوڈ کا مریض بغیر تھکاوٹ کے کافی چل سکتا ہے)

کوکولس انڈیکا ۔ دردھ پلانے کے بعد جسمانی اور دماغی کمزوری۔ پریشانی سے۔ گھبراہٹ۔ اور نیند کی کمی کی وجہ سے کمزور لوگ۔ جسمانی کمزوری کے نتیجہ میں فالج ہو جائے۔ جسمانی یا ذہنی مشقت یا دباؤ۔ جھیلنے کے نا اہل یہ سب کام بعد از وقت کرے۔

الیٹیک ایسڈ ۔ کئی برسوں کی کمزوری۔ قلتِ خون۔ کمزوری۔ بھوک کی کمی۔ دراثتی دق۔ جلندار پیاس۔ زرد پیشاب بکثرت۔

سینا ۔ جب نائٹروجن کے مرکبات کے ضائع ہونے کی وجہ سے تمام صحت برباد ہو چکی ہو۔ تھکاوٹ

کھانا کھانے کے بعد دل ڈوبنے کا احساس۔

کالی فاس ۔ دماغی دباؤ کی وجہ سے کمزوری۔

چائنا فاس ۔ رطوباتِ زندگی بہہ جانے اور خون کے ضائع ہونے سے کمزوری۔ فلو کے حملے کے بعد۔ اسہال اور دیگر تکالیف یا رطوبات کے ضائع ہونے جیسے کہ خون۔ مادہ منویہ کے اخراج اور اسہال کے بعد زرد محسوس کرے۔ مرجھایا ہوا چہرہ۔ آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئیں اور نیلے حلقوں سے گھری ہوئیں۔

الٹرس فیری نوسا — رحم کے خروج کی وجہ سے کمزوری — یا
ہیلونیاس — رحم کے باہر نکلنے کی وجہ سے کمزوری۔

نکس وامیکا ۔ ایلوپیتھک ادویات کے استعمال کی وجہ سے کمزوری۔

امونیا کارب ۔ کمزوری۔ طاقت کی کمی۔ قوت۔ زور کی کمی۔ کمزور۔ تھکا ہوا۔ دماغ اور جسم کا تھک کر چور چور ہو جانا حرکت پر دل کی دھڑکن اور مشکل سے سانس لینا۔

جیلیڈونیم ۔ جمائیوں کے بغیر شدید سستی اور اونگھ۔ سست۔ تھکا ماندہ۔ سست طبیعت۔ یہ نہ جانتے ہوئے کہ انہیں کیا خرابی ہے اچھا محسوس نہ کرے۔ کمزوری اور سستی۔

آرنیکا مانٹ ۔ زیادہ مشقت اور پٹھوں کی تھکاوٹ کی وجہ سے کمزوری جو زخموں کی وجہ سے ہو۔

فیرم میٹ ۔ قلت خون کی وجہ سے کمزوری۔

الیومنا سلیکیٹ ۔ ذہنی اکساہٹ کی وجہ سے اعصابی کمزوری۔ غصہ سے اور زیادہ مشقت کے کام سے غیر حاضر دماغ۔ بازوؤں کی کمزوری۔ سیڑھیوں پر نہ چڑھ سکے جیسے کہ جسم بہت زیادہ وزنی ہو۔

سورائینم ۔ حاد امراض کے بعد کمزوری۔ افسردگی۔ ناامیدی۔ رات کے پسینے۔ تمام اخراجات کانوں سے۔ انتڑیوں سے لیکوریا۔ پسینہ۔ تھوک وغیرہ بدبودار۔

دانت

کیمومیلا ۔ دانت نکالنے کی تکالیف کے لئے چوٹی کی دوائی ہے۔ بچہ چڑچڑا اور بڑبڑائے بغیر

اور بدبودار اسہال کے ہمراہ، مسوڑھے سرخ اور دکھتے ہوں۔ درد سے چیخے اور جب کھلونے کو دیا جائے، پینے کو دیا جائے یا کھلونے دیئے جائیں تو وہ لینے سے انکار کر دے۔ دُھتکارا جانا پسند کرے۔

کلکیریا کارب۔ دانت آہستہ آہستہ بڑھیں یا دانت دیر سے نکلیں جب مسوڑھے زرد اور چمکدار ہوں۔ ماتھے پر پسینہ اس کی نمایاں علامت ہے۔

کلکیریا فاس۔ کمزور بچوں، کھلے تالو والے بچوں جن کے دانت آہستہ آہستہ نکلیں اور ان کے دانت، ہڈی بنانے والے مواد کی کمی کی وجہ سے تیزی سے گل سڑ جائیں۔ دانت نکلنے کے دوران اسہال۔

کالوسنتھ۔ جب کوئی بچہ اپنی خوراک بغیر چبائے جلدی جلدی کھاتا ہے۔ یا اسے پسند نہیں کرتا۔ گیس کی وجہ سے پیٹ کی تکالیف۔

پلسٹیلا۔ جب بچہ شریف۔ اچھی قسم۔ ڈرپوک اور صرف تھپتھپانے پر مطمئن ہو جانے۔

ٹیوبرکولینم۔ کمزور بچے جن میں۔ ذہنی اور جسمانی بڑھوتری رکی ہوئی ہو کمزوری کی وجہ سے دانت دانت نہ نکل رہے ہوں۔

فائٹولاکا۔ جب بچہ دانتوں اور ہونٹوں کو کاٹے۔

کریوزوٹ۔ جہاں دانت درد اور تکلیف سے نکلیں۔ مسوڑھے سفنج کی طرح ہوں اور درد کریں۔ جب دانت باہر نکلیں تو گلنے سڑنے کے عمل کا اظہار ہو چکا ہو۔ بے چینی اور ادھر اُدھر نکلنے کے لئے۔ ادھر ادھر کروٹیں بدلے۔ قبض اور غیر ہضم شدہ خوراک کے اسہال۔

زنکم میٹ۔ مسوڑھوں کو آپس میں دبانے کا رجحان۔ تکلیف دہ دانت نکلنے کے دوران دانت پیسنا۔ دانتوں کا ڈھیلے ہونا یا ہلنا اور مسوڑھوں سے خون کا بہنا۔

ذیابیطس۔

ایسٹیک ایسڈ۔ ذیابیطس جس میں بکثرت پانی جیسا پیشاب شوگر کے ساتھ یا شوگر کے بغیر شدید پیاس۔ کمزوری۔ زرد اور گوشت کی کمی ہو۔ یعنی مریض دُبلا پتلا ہوتا چلا جائے۔

لیک ڈیک ڈیفلو - پیشاب بکثرت پانی جیسا شدید پیاس - اور گاڑھا پیشاب بکثرت۔ کمزوری۔ قلت خون۔

آرسینکم برومیٹم - قبض اور پیاس کے ساتھ ذیابیطس کے لیے شاندار دوائی ہے x۹ میں ۳ قطرے فی خوراک ۳ بار ہر روز استعمال کرائیے۔

تھائیرائیڈین - ذیابیطس کے لیے شاندار دوائی ہے جس میں گال سوجے ہوئے ہوں۔ بہت تیزی سے علامات ظاہر ہوں شدید کمزوری ہو۔

ایسڈ فاس - اعصابی مریضوں میں ذیابیطس۔ پیشاب بہت زیادہ آئے۔ یہ دودھیا رنگ کا اور اس میں بہت زیادہ شوگر ہوتی ہے۔ شدید کمزوری اور پٹھوں میں شدید گھٹن۔ غم۔ پریشانی اور پشیمانی کی وجہ سے ذیابیطس۔ ابتدائی سٹیج میں ذیابیطس کا یقینی علاج۔ پھوڑے بھی ہو سکتے ہیں۔

سائیزیجیم - ذیابیطس اور بلڈ شوگر میں اس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ یہ بہت کارآمد دوائی ہے۔ شدید پیاس اور پیشاب بہت زیادہ۔ ذیابیطس کے لیے یہ ایک مخصوص دوائی ہے۔ ۵ تا ۱۰ قطرے ہر روز ہر ۳ گھنٹہ بعد دن میں چار بار۔

یورینیم نائٹریکم - قوتِ جاذبہ کی وجہ سے کمزوری اور اس کی وجہ سے ذیابیطس۔ نظام ہضم کمزور سستی اور پیشاب میں کافی شوگر۔ کافی بھوک اور پیاس۔ ضعفِ معدہ میں ذیابیطس میں اس کی کافی تعریف کی جاتی ہے۔ شدید پیاس۔ کثرتِ پیشاب۔ زبان خشک۔ شدید بھوک اگرچہ جب معدہ خوراک سے بھرا ہوا ہی کیوں نہ ہو۔

آرجنٹم میٹ - سوجے ہوئے ٹخنوں کے ساتھ ذیابیطس۔

آرجنٹم نائٹریکم - پیشاب میں شوگر کے ساتھ شدید پیشاب۔

نیٹرم میور - گنٹھیا والے لوگوں میں ذیابیطس جلد کی خشکی کے ہمراہ۔ تمام جسم پر خارش۔ بے جمائیاں اور افسردگی ہر گھنٹے بعد پیشاب آئے۔

لیکٹک ایسڈ - گنٹھیا کے ساتھ ذیابیطس۔

تھوجا - سوزاک کے مریضوں میں ذیابیطس۔ اعصابیت۔ بے خوابی۔ قبض۔ بعض اوقات دل کی دھڑکن۔ پیشاب میں شوگر۔

گلسرین - کمزوری کے ساتھ ذیابیطس - سردرد - تنگی تنفس الیسٹیون کے ہمراہ پیشاب میں شوگر -
البیومن کے ساتھ یا اس کے بغیر یا پھنسیاں - گنٹھیا کے ہمراہ یا اس کے بغیر -
پکرک ایسڈ - شدید پیاس کے ساتھ شوگر اور رات کے وقت پیشاب بکثرت -
ماسکس - شوگر جس کے ہمراہ نامردی ہو -
ٹارکسیکم - پیشاب کی خواہش کے ہمراہ ذیابیطس - پیشاب بکثرت آئے -
الیومن - ضدی قسم کی قبض کے ہمراہ ذیابیطس - پاخانہ پتلا اور چپٹا - پاخانہ خارج کرتے وقت بہت دقت لگے -
یجیو نتھس ویرہ - قبل از وقت ذیابیطس کی حالت اور جگر کے مریض جو ذیابیطس میں مبتلا ہوں - شدید پیاس - بہت زیادہ مقدار میں گہرا پیشاب صفراوی رنگوں اور گلوکوز کے ساتھ - انسولین کی مزاحمت -
الیومینم میٹ - ذیابیطس میں غشی - لوگوں کو پہچان نہ کر سکے یا سوالات کے جواب نہ دے سکے - قبض لیکن اکثر بلا ارادہ پیشاب خارج کر دے - ۲۰۰ طاقت میں دیجیے -
کاربو انیملس - موٹے آدمیوں میں ذیابیطس اور کئی دفعہ پیشاب خارج کریں - گیس اور قبض ہو -
آرسینکم البم - ایک شاندار دوائی ہے لیکن ڈاکٹروں نے اسے بہت زیادہ نظر انداز کیا ہے - ذیابیطس کے علاج میں اسمیں خشک ٹوٹنے والی جلد - منہ کی خشکی - زبان اور ہوا کی نالی میں نہ بجھنے والی پیاس - بھوک نہ ہو اور قبض ہو - پیٹ میں جلن کا احساس جو منہ تک ہو - مریض ہڈیوں کا ڈھانچہ بن جائے - وہ اپنی طاقت کھو دیتا ہے اور بعض اوقات دانت بھی گر جاتے ہیں - مریض خوش ذوق ہوتا ہے - صاف ستھرے کپڑے اور ہر چیز سلیقے سے رکھنا چاہتا ہے -
کینتھرس - پیشاب میں البومن کے ساتھ ذیابیطس
کاربو ویج - صبح کے وقت منہ میں بہت زیادہ خشکی - شدید بھوک - جگر میں درد جیسے کہ زخمی ہو - اچانک کمزوری اور غشی جسمانی سستی اور افسردگی -
آرنیکا مانٹ - جگر پر چوٹ یا دھکہ لگنے سے -
بکس وامیکا - ذیابیطس، بیہوشی اور چکروں کے ہمراہ - کانوں میں بھنبھناہٹ - بے خوابی یہ

سب دماغ اور حرام مغز کی خرابیوں کی وجہ سے ہو۔

گریفائٹیس ۔ تباہ شدہ صحت ۔ گنٹھیا دی مزاج ، لاغری اور عمومی کمزوری ۔ بازوؤں میں اینٹھن اور جوڑوں کی دائمی کمزوری ۔ راتوں کی بے خوابی کے ساتھ بے چینی ۔

پلمبم ۔ رخسار سوجے ہوئے قبض کے ہمراہ ذیابیطس پیشاب میں البیومن اور مچھلیاں ۔

فاسفورس ۔ ذیابیطس یا پنکریاز کی امراض خاص طور پر ٹی بی یا گنٹھیا دی مزاج لوگوں میں بے چینی اور منہ میں خشکی ۲۴ گھنٹے میں ۴ یا ۵ پنٹ پیشاب ۔ ٹھنڈے پانی کی پیاس ۔

ٹرنتھیا ۔ ذیابیطس میں کم پیشاب ۔

ناراض بچے" یا "پیچیدہ مزاج بچے"

کیموملا ۔ پُرہیجان ۔ بے چین بے صبرے لیکن جب اٹھایا جائے تو مطمئن اور چپ ۔ ایک چیز کی خواہش کرے لیکن جب پیش کی جائے تو دُور پھینک دے اور کوئی دوسری چیز مانگے ۔ نوجوان لڑکوں کی چھاتیوں میں ناقابلِ برداشت درد اور حساسیت نمایاں خصوصیات ہیں ۔

اگنیشیا ۔ اعصابی ۔ شدید جذباتی ۔ افسردہ ۔ اور غمگین ۔ چپکے چپکے غم میں گھلنے کا رجحان ۔ پریشان بلا ارادہ آہیں ۔ متواتر جمائیاں اور معمولی معمولی چیزوں پر رو دے ۔ ذہنی طور پر افسردہ ۔

پلسٹیلا ۔ غیر متوازن و تبدیل ہونے والی طبیعت ۔ ڈرپوک اور جذباتی ۔ معمولی معمولی باتوں پر رو دے ۔ ہنسنے پر آنسو بہیں ۔ ذہنی تھکاوٹ ۔ غیر حاضر دماغ ۔ ارادے کا کچا ۔ پریشان ۔ ناشکرا ۔ یا احسان فراموش ۔ صنفِ مخالف سے ڈرے ۔ بے خوابی ۔ پیاس بالکل نہ ہو ۔ پھنسیاں ۔

سیپیا ۔ کسی بھی چیز میں دلچسپی نہ لے ۔ ہر چیز سے لاپرواہ چاہے کھیل ہو یا نہ ہو ۔ انعام ۔ نمایاں پوزیشن وغیرہ ، کسی بھی چیز میں دلچسپی نہ لے اور کوئی بھی چیز اس کو خوش نہ کر سکے ۔ کم حوصلہ اور تھکاوٹ محسوس کرے ۔ کونے میں چھپ کر آہستہ آہستہ روئے ۔ بہت ہی جذباتی ۔ ناک پر زرد دھبے ۔ سرکہ کی خواہش ۔ گوشت سے نفرت ، دودھ ہضم نہ کر سکے ۔

آئیوڈم - لالچی، پریشان، آرام سے نہ بیٹھ سکے۔ ہمیشہ بھوکا، کبھی بھی کھانے سے تسلی نہ ہو۔ اچھا بھلا کھانے کے باوجود تیزی سے دُبلا ہو۔ غدود کی رطوبات کی غلط افرازات مثلاً تھائیرائیڈ بغل کے غدود۔ ماساریقی غدود۔ چھڑے کے غدود وغیرہ وغیرہ۔

ہیپر سلف - ظالم۔ غلط کام کرنے کی تحریک یا خواہش مارنے کی آگ لگانے کی کبھی بھی مطمئن نہ ہو۔ ہمیشہ جگہ تبدیل کرے۔ غیر متحمند جلد۔ خراشدار بکثرت پسینہ۔

اینا کارڈیم - محرک۔ جن سے محبت کرتا ہے انہی سے اختلاف کرے جانتے ہوئے ایسا کرے لیکن مجبور اگر سے یا اس کے بغیر نہ رہ سکے۔ سنجیدہ موقعوں پر ہنسے لیکن معمولی چیزوں پر یا باتوں پر سنجیدہ ہو۔ پریشان۔ چڑچڑا۔ ظالم۔ قسمیں کھائے اور لعنتیں بھیجے۔ کھانا کھانے کے بعد اچھا ہو۔

لائیکوپوڈیم - ناراض۔ شدید چڑچڑا۔ شدید الفاظ میں اظہار کرے۔ اچانک چونک پڑے اپنے اوپر کوئی کنٹرول نہ کر سکے۔ خود اعتمادی کا فقدان۔ ذمہ داریوں سے کنی کترائے یعنی ذمہ داریاں قبول نہ کرے۔ جب جاگتا ہو تو بد مزاج یادداشت جاتی رہے۔ لکھتے وقت الفاظ بھول جائے۔ اپنا مافی الضمیر ادا کرنے کے لئے مناسب الفاظ نہ پائے یعنی اپنے خیالات کے اظہار کیلئے موزوں الفاظ نہ ملیں

کاسٹیکم - ڈرپورک۔ نہ بیٹھا ہوا بچہ بولنے اور چلنے کے عمل میں دیر کرے۔ شام کے جھٹپٹے میں پریشانی اور چڑچڑا پن بچہ بستر میں نہ جائے۔

سینی کولا - ضدی۔ خود سر۔ بچہ جو روز بروز لاغر ہو رہا ہو۔ بچہ گندا نظر آئے۔ بوڑھا۔ گریس لگا ہوا معلوم دے۔ گردن کے قریب جلد جھریوں والی اور نیچے لٹکے۔

آرجنٹم نائیٹریکم - بچہ سکول جانا پسند نہ کرے۔ اس کی ۳-۴ دن میں ۳ بار دینے سے سکول جانے کی عادت پڑ جاتی ہے۔

سلفر - مخمور۔ وہم میں متواتر مبتلاء۔ آگزیا - صبح کے وقت اسہال۔ بے خوابی۔ کمزوری۔ شدید کمزوری۔ شدید کمر درد۔ کھڑا نہ رہ سکے۔ ورزش سے نفرت۔ نہانے اور دھونے سے نفرت۔ جلن۔

خواب - (دیکھئے بھیانک خواب)

نکسوامیکا - حادثات کے خواب نیند سے جگا دیں۔ ہر تیسرے چوتھے روز جنسی خواب احتلام کے ساتھ۔

علیحدہ کونے میں بیٹھ کر کڑھے۔ کافی یا شراب پینے کا خواب۔

پلسٹیلا۔ سیاہ درندوں کے خواب۔ بائیں طرف لیٹنے پر دل اور چھاتی میں اجتماع خون۔

مرکیورس۔ جانوروں کے خواب۔

میگنیشیا میور۔ جب نیند کے دوران بولے اور چلائے۔ پریشان کن خواب

رسٹاکس۔ ٹائیفائیڈ میں کاروبار کے متعلق خواب۔ ہوا میں اڑنے کے خواب۔

ڈفنے۔ سیاہ بلیوں کے خواب۔

چیلیڈونیم۔ جنازوں کے خواب۔

آرنیکا۔ قبروں کے خواب۔

تھوجا۔ مردہ لوگوں کے خواب۔ خوابوں کیو جہ سے غیر صحت نیند۔ بلندی پر سے نیچے گرنے ڈرانے کے خواب یہ سب زیادہ ٹیکے لگانے کیو جہ سے ہوتا ہے۔ ایک ایم طاقت میں دیجئے۔

سلفر۔ خواب کہ اس کو کتے نے کاٹ کھایا ہے۔ خواب میں پیشاب کرنے والے برتن کے اوپر بیٹھتی ہے لیکن اپنے بستر کو گیلا کر لیتی ہے۔

بیلاڈونا۔ آگ کے خواب۔

کالی کارب۔ بھوتوں کے خواب۔ تصورات۔ بد قسمتی کے خواب۔

کیمفر۔ روحوں کے خواب

سلیشیا۔ قتل کے ڈراؤنے خواب۔ لاشوں اور مردہ لوگوں کے۔ زہر دیئے جانے کے خواب دم گھٹنے کے خواب۔ گھر میں چوروں کے داخلے کے خواب سے نیند میں خلل پڑ جائے!۔ ایم طاقت میں دیجئے۔

کریوزوٹ۔ خواب میں اچھی طرح سے پیشاب کرے اور رات کے وقت بستر کو گیلا کر دے۔

گلونائن۔ آنسوؤں کے ساتھ خواب میں روئے۔ ڈراؤنے خواب۔

برائی اونیا۔ تمام رات اپنے کاروبار پر ختلاط اور پریشان کن توجہ۔ گھریلو مسائل تمام رات الجھا رہے۔

لیک کینیم۔ سانپوں کے خواب۔ پیشاب کرنے کے خواب۔ حادثے کو روکنے کیلئے جاگ جائے۔

چائنا آف۔ زندہ کیڑے قے کے ذریعے خارج کرنے کے خواب۔

پکرک ایسڈ - خواب دیکھے کہ وہ حاملہ ہے یا اپنے حاملہ ہونے کے خواب -

آرنیکا مانٹ - ڈراؤنے خوابوں سے پُر - بھیانک خواب - کیچڑ والے پانی کے خواب - ڈاکوؤں کے خواب - رات کے وقت خوف -

جبرانڈی - حادثات اور لڑائیوں کے خواب -

ایرکتھائٹس - ننگا ہونے اور شرمندگی کے خواب -

میگنیشیا کارب - آگ کے خواب - سیلاب - ڈاکوؤں - لڑائیوں - روپوؤں - خوشیوں - بدقسمتیوں مرے ہوئے لوگوں کے خواب -

کوکولس - پوشیدہ چیزوں کے ڈراؤنے خواب جب آنکھیں بند کرے اس پر ظاہر ہوں -

اگنیشیا - تمام رات ایک ہی قسم کے خواب -

نیٹرم میور - لٹیروں کے ڈراؤنے خواب - قاتلوں - چوروں اور آگ کے خواب - جلن اور پیاس کے خواب -

ایلو - پاخانہ خارج کرنے کے خواب -

کروٹلیس - قتل کے خوفناک خواب - موت کے - مُردہ لوگوں کے - مردہ جسموں کے - مردوں اور لاشوں کے ساتھ ٹھہرنے قبرستان میں ہونے کے خواب - نعش کے خواب بھی آئیں - ڈر کر نیند سے بیدار ہو جائیں

لیکس - خوفناک خواب نیند کو درہم برہم کر دے - دم گھٹنے کے خواب - کافی دیر تک سونے کے بعد -

نیٹرم سلف - لڑائیوں کے خواب

نیٹرم فاس - بہت زیادہ خواب آئیں - خواب پریشان کن - عشقیہ خواب - مرے ہوئے لوگوں کے - پریشان کن گزرے ہوئے واقعات کے خواب - آگ کے - خوفناک و خوشگوار پریشان اور زوردار خواب -

فیرم آئیوڈ - چوروں کے خواب

لوزاپن - (ذہنی اور جسمانی طور پر پیچھے بھی دیکھئے)

ٹیوبرکولینم - یہ اونچی طاقت میں دی جائے ۲۰۰ سے کم طاقت میں نہ دی جائے - اسے بار بار نہ دہرایا جائے - اس دوائی سے علاج شروع کیجئے -

سفلینم ۔ ٹیوبرکولینم سے ادل بدل کردی جائے ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ طاقت میں ٹیوبرکولینم اور سفلینم کی ہر ہفتہ یا پندرہ روز کے بعد دوائی کی طاقت کے مطابق دی جانے سے یہ بونا پن کو ٹھیک کر سکتی ۔

بیریٹا میور ۔ جسمانی اور ذہنی طور پر نہ بڑھنے والے بچوں کو ۲۰۰ طاقت میں دیں ۔ ٹیوبرکولینم کے ایک ہفتہ کے بعد دی جائے ۔

ارجنٹم نائٹریکم ۔ زردی مائل سبز اسہال کیساتھ سوکھا مسان ۲۰۰ طاقت میں دیجئے ۔

سلفر }
کلکیریا فاس } اگر بچے بچپن میں مرجائیں ۔ والدہ کو حمل کے دوران دیں ۔ سلفر ۶ طاقت اور کلکیریا فاس ۶ طاقت میں ہر روز ایک خوراک ادل بدل کر دیں ۔

زنکم فاسفوریکم(?) ۔ کند ذہن ۔ پڑھائیں لیکن پڑھائی پر توجہ مرکوز نہ کر سکے ۔ نام بھول جائے ۔ الفاظ کا آخری لفظ پہلے لکھ دے ۔ عام الفاظ کے غلط جوڑ کرے ۔

بیریٹا کارب ۔ جسم اور ذہن کا بونا پن ۔ دماغی بونا پن یا اعضاء کا بونا پن ۔ بچے دیر سے چلنا سیکھیں اگرچہ ان کی ٹانگیں کافی مضبوط ہوں ۔ بولنے اور سمجھنے میں سست ہوں ۔ ایک خاص عضو بڑھنا چھوڑ دے جبکہ دوسرے اعضاء مکمل طور پر یا اصل سے زیادہ بڑھ جائیں ۔ بچہ ڈرپوک اور اجنبیوں سے شرماتا ہے جونہی کسی اجنبی کو دیکھتا ہے اپنے آپ کو اُس سے چھپاتا ہے ۔ چہرے پر ہاتھ رکھ لیتا ہے ۔ اور انگلیوں کے درمیان میں سے شرمیلے پن سے دیکھتا ہے ۔ لڑکیاں بلوغت کے دور میں بھی بچوں کی طرح کے اعمال کا اظہار کریں اور گڑیوں سے کھیلیں ۔

نیٹرم میور ۔ بچے دیر سے بولنا سیکھیں ۔

کلکیریا کارب ۔ ٹانگوں کی کمزوری کی وجہ سے بچے دیر سے چلنا سیکھیں ۔ دیر سے دانت نکلیں ۔ تالو کی ہڈیاں آہستہ آہستہ ملیں ۔ سوکھا مسان اور ہڈیوں کا گلنا سڑنا ۔

اگریکس مسکیریس ۔ بچے بولنا اور چلنا دیر سے سیکھیں ۔

الفلفا ۔ بچے یا بڑے لڑکے اٹھارہ برس کی عمر میں کافی مضبوط ہونے کے باوجود مرجائیں ۔ مدر ٹنکچر کے دو قطروں کو بطور فی خوراک چھ ماہ تک دیں ۔

کلکیریا فاس ۔ بونے بچوں کے لئے جو چھوٹے ۔ کمزور ۔ زرد ۔ سر بہت بڑا ۔ تالو بڑا اور کھلا

ہوا اور ابھرا ہوا۔ کھوپڑی کی ہڈیاں پتلی اور دباؤ کے تحت پتلے کاغذ کی طرح آواز دیں۔

سیکل کار - حرام مغز کی بناوٹ میں تبدیلی کی وجہ سے جسم کی غلط بناوٹ۔ ہاتھ اور ٹانگیں نہ بڑھیں۔ وہ بڑھاپے کی گنگرین کی طرح گر جائیں۔

تنگیٔ تنفس -

(دیکھئے، دمہ۔ دل اور کالی کھانسی)

ناجا - دم گھٹنے اور دم رکنے کی وجہ سے چھاتی پر دباؤ۔

کلوریلیم - شدید تنگیٔ تنفس۔ چھاتی پر وزن اور تنگی کا احساس۔ بے خوابی کیساتھ دمہ۔

نکس وامیکا - پیٹ میں گیس بھرنے کی وجہ سے تنگیٔ تنفس۔

ویرم میور - ٹھنڈ کے ساتھ سانس کا نہ آنا۔ کھلی ہوا میں افاقہ اور اس کی خواہش رکھے۔ مشقت کرنے پر تنگیٔ تنفس۔

کاربوویج - سانس لینے میں شدید تکلیف میں پنکھا جھلانا چاہتا ہے۔

سیڈرن - مجامعت اور جنسی عمل کے دوران تنگیٔ تنفس۔

سٹیفسیگریا - مجامعت کے آخر پر تنگیٔ تنفس۔

آرسنک البم - پیشاب میں البیومن کے ساتھ تنگیٔ تنفس۔

ایپس میل - دماغی جھلیوں میں پانی پڑنے پر تنگیٔ تنفس۔

پٹرولیم - تمام دن تنگیٔ تنفس۔

گلونائن - سن سٹروک (لو لگنے) سے اپر۔ پیشاب میں البیومن بھی ہو سکتی ہے۔

لیکسس - نیند کے دوران دم گھٹ جانے پر سانس لینے کیلئے منہ کھولے۔ شراب پینے کے بعد تنگیٔ تنفس۔

فاسفورس - معمولی سی خوراک کھانے پر تنگیٔ تنفس۔

امونیا کارب - تنگیٔ تنفس دل کی دھڑکن، تھکاوٹ اور دل کی کمزوری کی وجہ سے لیکن کسی فعلی یا نامیاتی نقص اور دمہ کے بغیر۔ تھوڑی سی حرکت پر بھی تنگیٔ تنفس۔ گرم کرہ میں زیادتی۔ ٹھنڈی کھلی ہوا میں افاقہ ہو۔

کاربونیم سلف۔ تیز سانس یا سانس مشکل سے آئے۔ شراب یا کوئل گیس کی وجہ سے دم گھٹے۔ شام کے وقت یا سیڑھیاں چڑھتے وقت۔ بند کرے۔ کھانا کھانے کے بعد کھانسی۔ تھوڑی سی مشقت پر بھی زیادتی۔

گریفائٹس۔ جب سوجائے تو دم گھٹے اور اکثر رات کو سانس لینے کیلئے اٹھ کھڑے۔ 563

ایسپیڈو سپرما۔ دل کی تکلیف کی وجہ سے تنگی تنفس۔ پھیپھڑے کی آرٹری میں خون کے جم جانے پر۔ پیشاب کی وجہ سے تنگی تنفس۔ یہ دوائی خون میں آکسیجن کی مقدار کو زیادہ کرتی ہے۔

سیلشیا۔ ٹیک لگانے پر تنگی تنفس۔

فیرم میٹ۔ آرام کے دوران تنگی تنفس میں زیادتی۔ آہستہ آہستہ خاموشی سے چلنے پر افاقہ۔ تیز چلنے پر زیادتی۔

سورائینم۔ بیٹھنے پر تنگی تنفس، بازو جسم سے دور رکھ کر لیٹنے پر افاقہ۔ جب بازو جسم کے قریب لائے جائیں تو مرض میں زیادتی ہو۔

میڈورینم۔ سانس کی نالی کا منہ کا تشنج۔ ہوا تکلیف سے خارج ہو۔ لیکن آسانی سے اندر آسکے۔ منہ کے بل لیٹنے پر افاقہ ہو۔

اکونیٹم فیروکس۔ تنگی تنفس اس حد تک شدید ہو کہ مریض نصف بیٹھا ہوا ہو اور اپنے سر کو ہاتھ کی ہتھیلیوں پر لگائے ہوئے ہو۔

بجلی کے جھٹکے

ایلینتھس۔ سر سے بازوؤں میں بجلی کی رو بہنے کا احساس۔

یوفوربیم۔ بجلی کے جھٹکوں جیسی دردیں جو مریض کو بستر سے کودنے پر مجبور کردیں۔

سٹرکینم۔ کسی شخص میں بجلی کے جھٹکے لیکن جب اسے چھوا جائے۔ جب بستر میں لیٹا ہوا ہو۔ جب موٹر کار میں بیٹھے ہوئے شخص کو چھوا جائے تو بجلی کے جھٹکے لگیں۔

بیریم سلف۔ سر میں بجلی کے جھٹکے اور کنپٹیوں میں تیکن دار نبض۔

نوٹ:۔ اگر بجلی کا جھٹکا لگ جائے تو ملک شوگر میں بجلی کی رو گزار کر مریض کو دی جائے جس سے مریض فوری طور پر بحال ہو جائے گا۔

لاغری، شریانوں میں خون کے لوتھڑے بننا

(جھریاں۔ سوکھا مسان۔ بھی دیکھئے)

کیکٹس جی۔ جب لوتھڑا دل سے آئے تو اس کے باربار آنے کو روکتی ہے۔ مریض جذباتی اور اعصابی ہوتا ہے۔ تیز بھالا لگنے جیسی اور دم گھٹنے والی نبض۔ چلنے اور بائیں طرف لیٹنے پر زیادہ دل کو ایسے سکیڑے جیسے کہ لوہے کی پٹی سے بھینچا جا رہا ہے۔

زنکم فاس۔ زیادہ خون کے بہنے کی وجہ سے دماغ کا ابتر ہونا یا بگڑنا۔ مرگی کے دوروں کے تشنجی اثر کی خرابی اور برومائیڈ کے غلط استعمال کی وجہ سے۔

آرجنٹم نائٹریکم۔ جب دماغ کی ابتری شراب اور تمباکو نوشی کی وجہ سے ہو۔

کالچیکم۔ دماغ کا زم پڑ جانا۔ تمام جسم میں دردوں کے ہمراہ قوتِ شامہ کی شدت ہو۔

تھکاوٹ

(کمزوری بھی دیکھئے)

جنسنگ۔ تھکاوٹ کے احساس کو دُور کرتی ہے۔ طاقت کی خوشگن لہر دوڑا دیتی ہے اور بازوؤں میں لچک پیدا کرتی ہے اور ذہن میں صفائی پیدا کرتی ہے۔

آرنیکا مانٹ۔ زیادہ مشقت کا کام کرنے کی وجہ سے تھکاوٹ۔ سخت کھیل کھیلنے سے۔ تیزی سے چلنے سے زیادہ وزن اٹھانے پر تھکاوٹ۔

چیلیڈونیم۔ تھوڑی سی مشقت سے بھی تھک جائے۔ ہلنے یا چلنے سے نفرت۔

آرجنٹم میٹ۔ ذہنی اور جسمانی تھکاوٹ۔ قوتِ یادداشت۔ دلیل دینے کی قوت کا درہم برہم ہونا یہ کاروباری حضرات۔ طلباء۔ مطالعہ کرنے والے۔ زیادہ سوچنے والوں کے لئے مفید ہے۔ چلنے کے بعد تھکاوٹ۔

کاربو وجیج۔ تھوڑی دور چلنے پر تھکاوٹ

سیپیا۔ تھوڑی دور چلنے یا معمولی مشقت کرنے پر تھک جانا۔

پکرک ایسڈ۔ معمولی سی مشقت سے تھک جائے۔

سٹرگولیا۔ کسی بھی وجہ سے تھکاوٹ۔ کھانا کھانے کے نصف گھنٹہ بعد مدر ٹنکچر کے ۵ قطرے دن میں دو مرتبہ دیں۔

انگلیوں کا سُن ہونا۔

نیٹرم میور۔ اعصابی کمزوری کی وجہ چیزیں گرا دیں۔

میگنیزیم۔ ہاتھ ناطاقت ہونے کی وجہ سے کسی چیز کو پکڑ نہ سکیں۔

کالی برومیم۔ پکڑ کر تھام نہ سکیں۔ چیزوں کو جلدی سے نیچے رکھ دیں یا ان کو گرنے دیں۔

ہڈیوں کا ٹوٹ جانا

آرنیکا۔ ہڈی کے ٹوٹ جانے کے فوراً بعد یہ دوائی دی جائے۔ لیکن فوری طور پر کسی سرجن کے پاس مریض کو لیجایا جائے تاکہ ہڈی کو اچھی سے سیٹ کر دے۔ یہ پہلے ۱۲ گھنٹوں کے لئے... طاقت ہر ۲ گھنٹے بعد دی جائے۔ اس کے بعد درج ذیل ادویات دی جائیں۔ تاکہ جلدی سے ہڈیوں کے جڑنے کا عمل تیز ہو سکے۔

کلکیریا فاس۔ یہ دوائی ۶x طاقت میں ہر دو گھنٹہ بعد دن میں ۶ بار ایک ہفتہ تک دیں۔

سمفائیٹم۔ یہ دوائی کلکیریا ۶x کے ادل بدل کر دیجائے یعنی ایک ہفتہ کلکیریا فاس دوسرے ہفتے سمفائیٹم ۳x طاقت دی جائے۔ بہت زیادہ اثر پذیر ثابت ہوں گی۔

روٹا۔ ہڈی جڑنے کے بعد یہ دوائی ہڈی کو سخت کرنے اور لنگڑے پن کو ختم کرتی ہے اس سلسلے میں یہ نہایت کارآمد دوائی ہے۔ بہت قیمتی دوا ہے۔ یہ ۹x طاقت میں دی جائے اور ہر ایک دوائی ایک ایک ہفتہ ادل بدل کر دیجائے۔

اگنیشیا۔ زخموں کا اہم۔ افسردگی۔ کانپنا۔ اینٹھن۔ آواز کا برداشت نہ کر سکنا۔ نیند کم اور بے چینی کی نیند۔ دردوں کے لئے بہت زیادہ حساس۔

رسٹاکس - جب بند ھنی ریشے پھٹ جائیں یا ٹوٹ جائیں اور مریض گنٹھیا دی طبیعت کا ہو جائے۔

لیکسس - شدید پریشانی - باتونی - چڑچڑا اور ڈرنے والا - بے خوابی - پریشانی - بے چینی کیساتھ

جب کلکیریا فاس اور آرنیکا نے ٹوٹی ہوئی ہڈی کو ٹھیک کر دیا ہو تو مندرجہ بالا علامات کیلئے یہ دوائی ہے

کلکیریا کارب - موٹے آدمیوں میں ہڈی کا ایک طرف ٹوٹ جانا اور دوسری طرف سے مڑ جانا

یا دوہرا ہو جانا یا جھک جانا - موٹے یا سوجے ہوئے پیٹ اور پسینہ والے سر والے آدمیوں

کے لئے مفید ہے - 200x طاقت میں استعمال کرائیے۔

پھپھوندی کی بیماری

لیکسس - گرم پسینے کے ساتھ نیلگوں مائل جامنی نظر آئے - نیلگوں مائل کناروں کے

ساتھ ناسور -

فاسفورس - چھوٹے ناسور جن سے بہت زیادہ خون بہے -

تھوجا } اگرچہ مندرجہ بالا ادویات ناکام ہو جائیں تو
آرسینک البم } یہ دی گئی ترتیب میں دی جا سکتی ہیں -

ملف گانٹھ - ملفوف رسولی -

روٹا
بنزوائک ایسڈ } کلائی کی پشت پر ملفوف رسولی -
سیلیشیا -

نرم گوشت کا گلنا سڑنا

آرسینکم البم - بوڑھے لوگوں میں خشک گنگرین - دکھن اور جلن کو گرمی سے افاقہ ہو بے چینی

اکثر پھیپھڑوں کی گنگرین میں ظاہر ہو - بدبودار اسہال شدید کمزوری کے ساتھ -

لیکسس - زخموں یا چوٹ کے بعد گنگرین - خون میں زہر پھیل جائے - حصے نیلے اور جامنی رنگ کے ہو جائیں تب گہرا سڑا ہوا خون اور پیپ خارج ہو - ہاتھ پاؤں برف کی طرح ٹھنڈے ہونے کے ساتھ سردی محسوس ہو -

سیکل کار - بڑھاپے کی گنگرین، جھنجھناہٹ اور کیڑے رینگنے کا احساس - گرمی سے زیادتی - پنجوں اور پاؤں کی خشک گنگرین - پنجے اور انگلیاں علیحدہ ہو جائیں اور پھینک دی جائیں - جلد کھری دار خشک سکڑی ہوئی اور ٹھنڈی - احساس نہ ہو - بڑے بڑے داغ اور خونی چھالے جو گنگرین میں تبدیل ہو جائیں - اس دوائی کی طرف رہنمائی کرتے ہیں - مریض ٹھنڈ سے افاقہ محسوس کرتا ہے اور ڈھانپا نہیں جا سکتا - آرسینکم البم کے اُلٹ -

کروٹیلس ایچ - گرم، نیلی، نمدار یا تر گنگرین یا زرد سیاہ چھالوں سے بھر جائے اور بہت سوجا ہوا - بدبودار بو خارج ہو -

کریوزوٹ - پھیپھڑوں کی گنگرین -

کاربوویج - پھوڑے اور پھنسیاں گنگرین قسم کی ہوں - متاثرہ حصے جامنی رنگ کے نظر آئیں - برف کی طرح ٹھنڈے - اخراجات گندے اور شدید کمزوری -

سلفیورک ایسڈ - چوٹوں کے بعد گنگرین ہو جائے -

عام باتیں - عام علامات

بیلس پرینس - کوئی سی بیماری جو ٹھنڈا پانی پینے یا آئس کریم کھانے سے جب جسم گرم حالت میں لاحق ہو جائے - جب ایک آدمی گرم ہے یا پسینہ میں شرابور ہے اچانک سردی لگ جائے - تر ٹھنڈ یعنی گرم جسم یا پسینہ کے ہوتے ہوئے ٹھنڈی بارش میں بھیگ جائے -

لوریکس - پیشاب کرنے سے پہلے پاخانہ خارج کرنا -

ایسڈ میور - وہ بستر کے قریب گر پڑتا ہے اور اکثر اٹھایا جاتا ہے - بستر سے نیچے پھسل جاتا -

رنکولس بلب - گرم سے ٹھنڈی حالت یا ٹھنڈی حالت سے گرم حالت میں جانے پر زیادتی - ایا

درجہ حرارت کی تبدیلی پر کوئی بھی تکلیف ہو جائے۔

سٹرامونیم۔ سیڑھیاں اترتے وقت وہ دو پائیدان نیچے پاؤں رکھتا ہے اور گر پڑتا ہے۔

آرسینک البم ﴿ ٹھنڈے مریضوں کے لئے جو ٹھنڈ میں زیادہ
کلکیریا کارب ﴿ تکلیف محسوس کریں۔ گرم موسم اور گرم چیزیں
سیلیشیا۔ ﴿ لگانے سے افاقہ محسوس کریں۔

فلورک ایسڈ۔ گرم مریضوں کے لئے جو گرمی سے یا موسم گرما میں زیادہ تکالیف محسوس کریں یا ٹھنڈی
کالی آئیوڈ چیزیں لگانے پر افاقہ محسوس کریں۔

مرک سال۔ زیادہ گرمی یا زیادہ سردی برداشت نہ کر سکنا۔ درمیانے موسم میں اچھا محسوس کرے۔

ہائیوسائمس۔ بے تکے یا غیر مہذب کام کرتا ہے۔ جسم کو بگاڑنا۔

ایسنتھیم۔ تشدد پسند۔ متشدد۔ ظالم و بے رحم۔ بلاوجہ مصروف رہے۔

غدود (تھائیرائیڈ غدود کا صحیح طریقہ پر کام نہ کرنا)

ٹیوبرکولینم۔ گردن میں ٹی بی کے غدود۔ 200x سے 1M یا CM طاقت تک دیں،
یہ اکیلے ہی ایسے غدود کی سوزش کو ٹھیک کر دیتی ہے۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو درج ذیل ادویات کو آزمائیں۔

کلکیریا آئیوڈ۔ یہ دن میں 3x تین بار دیجائے۔ ٹیوبرکولینم جو بطور عمل انگیز دی جاسکتی ہے
200 طاقت ہر ماہ دیجیے۔

کلکیریا فلور۔ غدود کی سختی اور ان میں جماؤ۔ نسیج کا بناؤ اور ہڈی کا بننا۔ پتھر کی طرح سخت
غدود و گری ہڈی میں جالوں کا جماؤ۔

بریٹا آئیوڈائیڈ۔ جب غدود کے بڑھنے کے ساتھ ٹانسلز کی سوزش بھی ہو۔

ہیپر سلفر۔ ملف غدود کا بڑھ جانا جو سخت اور پیپ کے بغیر۔ سرد موسم آنے پر۔ غدود
سے پیپ بھی خارج ہو رہی ہو۔

سسٹس کینیڈنسس۔ غدود کی سوزش اور اس میں سے پیپ کا بہنا۔ یہ پرانے ناسور اور گلنے سڑنے

کے عمل کو روکتا ہے۔ گردن کے غدود لائنوں میں گانٹھوں والی رسی کی طرح بڑھ گئے ہوں۔
تھائیرائیڈین ۔ تھائیرائیڈ غدود کے نہ بڑھنے یا اپریشن کے ذریعہ خارج کردینے سے بیماریوں کا پیدا ہونا۔ ۳۰ طاقت تین دن تک دی جائے۔
کالی آئیوڈ ۔ بلا درد غدود سخت کناروں والے اور سوزش غدود میں سے دہی جیسی پتلی خراشدار پیپ بہے۔ غدود کا لاغر ہونا۔ سخت ہونے سے پہلے سوزش۔ آتشک۔
کالی میور ۔ کیسوی عمل درہم برہم چہرہ گردن وغیرہ پر پھنسیاں۔ سوزش کے بعد لمف کا رسنا۔

رسٹاکس **پلسٹیلا** **ایپیوز مینیا** **سلیشیا**	لمف غدود کی سوزش۔ دی گئی ترتیب میں دیجئے جب ہیپر سلفر ناکام ہو جائے۔

فیرم فاس ۔ لمف غدود کی سوزش۔ جذبات کی تھوڑی سی انگیخت کی وجہ سے چہرہ پُر خون ہو جائے۔ حیض بہت کثرت سے اور بہت زیادہ مقدار میں قلتِ خون۔
فاسفورس ۔ اسہال اور پسینہ میں مبتلا، کمزور لوگوں میں غدود کی بیماریاں۔
آئیوڈین ۔ تھائیرائیڈ غدود کی سوزش یا بڑھ جانا۔ میزنٹرک غدود کا گانٹھوں کی طرح محسوس ہونا۔ مریض کمزور اور قلتِ خون میں مبتلا۔ جبڑے کے نیچے کے غدود کی سوزش۔ معمولی سی بھی دل کی دھڑکن۔ غدود بڑھیں جبکہ جسم پتلا ہو رہا ہو۔
سپونجیا ۔ خارش۔ سوزش اور غدود کا سخت ہو جانا۔ خشکی۔ گرمی اور بے چینی۔
لائیکوپس ویر ۔ دل کی نمایاں علامات کے ساتھ غدود کی سوزش۔ یہ بلڈ پریشر کو کم کرتی ہے۔ نبض کی شرح کو کم کرتی ہے اور کافی حد تک سسٹول کی لمبائی کو بڑھاتی ہے۔
کاربوانیملیس ۔ گلے کے غدود۔ پستانوں اور بغل کے غدود جامنی ہو جائیں اور سخت ہو جائیں۔ نرم ہونے کا رجحان نہ ہو۔ یا پیپ پڑنے کا رجحان نہ ہو۔ غدود زیادہ نہ بڑھیں۔ لیکن ان میں کوئلے جلنے جیسی جلن ہو۔ یہ سخت قسم کو ٹھیک کر دیتی ہے۔

کونیم۔ غدود سخت اور دکھیں۔ بغل کے نیچے غدود سوج کر ناسور بن جائیں۔ گردن۔ چڈوں۔ اور پیٹ کے غدود بڑے ہو جائیں۔ غدود کی سوزش لمف کے راستے، زنجیر کی طرح کی گانٹھیں بنا لیں۔

غدود کی سوزش

بروميم۔ غدود کا بڑھ جانا خصیوں کا ورم پیپ پڑنے کا رجحان کے بغیر سختی۔
کلکیریا آئیوڈ۔ غدود کی سوزش اور سختی۔
کلکیریا فلور۔ سروکیل اور لمف غدود کی بلا درد بڑھنا اور سختی۔ براکائی اور میزنٹرک غدود کی بڑھوتری۔ مرطوب موسم میں زیادتی گرم پٹیوں اور ملنے پر افاقہ۔ ۶ طاقت میں استعمال کیجئے۔
بیلاڈونا۔ غدود کی سوزش جس میں پیپ پڑنے کا اندیشہ ہو۔ یہ بغل کے حصہ میں یا پستانوں میں جو ذرا سرخ اور حساس ہوں۔ سرخ دھاریاں جو سوجے ہوئے غدود سے نکلیں، شدید گرمی اور سوئی چبھنے جیسی دردیں ہوں۔
کلکیریا کارب۔ غدود کی سوزش جن میں پیپ پڑنے کا رجحان ہو۔ سر پر کھٹا اور بدبودار پسینہ۔
گریفائٹس۔ بغل۔ چڈوں اور گردن کے غدود کا بڑھ جانا جلدی علامات کے ساتھ۔ پیٹ بڑا اور سخت ہو۔
سکروفولیریا۔ غدود کی سوزش جن میں پیپ پڑنے کا رجحان ہو شاندار دوائی ہے۔ چھاتیوں کا گوٹڑ۔
مرک آئیوڈ۔ غدودوں میں درد کے ساتھ سوزش۔ سخت اور سرخ۔ یہ بیلاڈونا کے بعد اچھا کام کرتا ہے۔ بہترین دوائی ہے۔
لیپس البس۔ یہ مختلف قسم کے اگاؤ کو ٹھیک کرتی ہے۔ غدود بڑھے ہوئے کچھ نرم بہ نسبت پتھر کی طرح سخت ہونے کے جیسے کہ کلکیریا فلور میں سخت ہوتے ہیں۔ میزنٹرک غدود کی سوزش۔
آئیوڈم۔ غدود کا بڑھنا (بشمول ٹانسلز) تمام جسم کے پتلا ہونے کے ساتھ پٹھے سکڑ جائیں اور جلد میں جھریاں پڑ جائیں۔ سوائے پستانوں کے جو سب گھٹ جائیں تمام غدود بڑھ جائیں۔
کاربوانیمیلس۔ غدود کی سوزش۔ غدود آہستہ آہستہ بڑھیں۔ تب ٹھہر جائیں، وہ نہ بڑھیں اور

اور سرخی پیپ پڑے اور مادہ سخت ہو جائیں۔

جیلسیمیم ۔ غدود بڑھ جائیں اور سوج جائیں۔ بخار ہو ۱۰ اور ۱۱ بجے صبح ہو بغیر پیاس کے اور شام کو مکمل طور پر ٹھیک ہو جائے۔ دماغی علامات جیسے کہ سر میں بے چینی چکر وغیرہ بھی ہوں۔ خبیث گوئٹر۔

ایکونائٹ لائیکوٹونم ۔ سروائیکل۔ بغل اور پستانوں کے غدود کی سوزش اور جہاں ہاجکنز کی بیماری کا خطرہ ہو۔

ایتھوزا ۔ گردن کے قریب تسبیح کے دانوں کی طرح غدود کی سوزش۔

گلہڑ ۔

آئیوڈم ۔ یہ گلہڑ کے لئے چوٹی کی دوائی ہے۔ دُبلے پتلے گہرے چُست مریضوں کے لئے موزوں ہوتی ہے۔ یہ ۱۔ ایم طاقت میں دی جائے۔ نمایاں سختی کھنچاوٹ کے احساس کے ساتھ۔ دونوں لوؤں کا بڑھ جانا۔ گوئٹر بہت زیادہ سوج جانا اور انتہائی تکلیف دہ ہر بار حیض کے آنے پر۔ سائز میں بہت زیادتی خاص طور پر دائیں طرف اور نرم بغیر کسی نرمی کے۔ بغیر لوؤں کے گوئٹر بچے کے سر جتنے سائز کا۔ اندرونی حصہ یا درمیانی حصہ میں گلاب کی طرح سرخ۔ بیماری فوری اس دوائی سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔ مریض دبلا ہوتا ہے لیکن کھاتا بہت زیادہ ہے۔ گلہڑ نرم گرمی کے ساتھ اور نبض تیز۔ آئیوڈم کے مریض۔ مایوس کم حوصلہ اور خودکشی کرنے والے ہوتے ہیں۔

برومیم ۔ جب ایک ایم طاقت آئیوڈم ناکام ہو جائے تو یہ دوائی ایک ایم طاقت میں آزمائی جائے۔ غدودوں کا بڑھنا اور نرم ہونا۔ دل کی دھڑکن کی وجہ سے مریض دائیں طرف نہ لیٹ سکے۔ مریض کا رنگ ہلکا اور مزاج خنازیری۔ خوش مزاج اور خوش باش ہوتا ہے۔

لائیکوپوڈیم ۔ دائیں طرف۔ سخت۔ ہموار۔ چمکدار کھنچاؤ کے احساس کے ساتھ گوئٹر۔ اگرچہ زیادہ بڑا ہرگز نہ ہو۔

نیٹرم میور ۔ ابتدائی سٹیج میں مریض طوفان سے ڈرتا ہے۔ رات کے وقت اکیلے رہنے سے ڈرتا ہے۔ دل کی دھڑکن کم ہو جاتی ہے۔ جب سٹیتھوسکوپ استعمال کی جاتی ہے جب نبض دیکھی جائے تو نبض تیز ہو جائے۔ کنٹھ مالا۔ لاغری۔ کمزوری۔ کانپنا۔ دل کی دھڑکن۔ پیاس۔ اعصابی چڑچڑا پن اور بے خوابی۔

لیکس - ہلکا رعشہ گرم خون کا چہرہ کی طرف آنے کے ساتھ - دل کی دھڑکن اور گرم احساس - ابتدائی سٹیج کے لئے اچھی دوائی خیال کی جاتی ہے -

فیوکس ویکیس - قطروں کی صورت میں مدر ٹنکچر دیجئے - گلہڑ کی اصلی دوائی ہے یا بنیادی دوا ہے - بدہضمی - گیس اور قبض اس کی نمایاں علامات ہیں -

کلکیریا کارب - موٹے آدمیوں میں سادہ گلہڑ، سر اور گردن پر پسینہ - یہ ۲۰۰ طاقت میں ہر دو گھنٹہ بعد دن میں چھ مرتبہ دی جائے حتی کہ افاقہ شروع ہو جائے -

ایڈرینالین - گنٹھ مالا - تیز نبض - دل کا عمل تیز اور تنگئ تنفس - آنکھوں کے ڈیلے باہر کو نکلے ہوئے - گردن کی پچھلی طرف تکلیف دار شریانیں - یہ ۲۰۰ طاقت یا ۱ - ایم طاقت میں دی جائے - اگر یہ ناکام ہو جائے تو کیلکس دیجئے -

تھائیرائیڈین - اگر آئیوڈم اور برومیم ناکام ہو جائیں تو یہ دی جائے ۲x یا ۶x میں دیجئے -

سپونجیا - تکلیف دہ گلہڑ، قلت حیض کے ساتھ دم گھٹنے کی تکلیف - وادیوں میں رہنے والوں کے گلہڑ - یہ مریض کا روپ ورنگ اور غدودوں کی بڑھوتری تو برومیم جیسی رکھتی ہے اور ذہنی پریشانی اور کم حوصلگی آئیوڈیم جیسی یعنی جسمانی علامات برومیم جیسی رکھتی ہے - ذہنی علامات آئیوڈیم کی اکٹھی اس ایک دوائی میں پائی جاتی ہیں -

فیرم میٹ - گنٹھ مالا خاص طور پر حیض کے دب جانے پر -

لیپس البس - غدود کی خنازیری بڑھوتری - معدہ اور رحم اور چھاتیوں میں جلن اور ڈنگ لگنے جیسے درد کے ساتھ گلہڑ -

لائیکوپس - گنٹھ مالا دل کی تکالیف اور سانس کا نہ آنا کی تکالیف کے ساتھ -

اگنیشیا - جب اعصابی مریضوں میں گلہڑ میں درد ہو -

(دیکھئے خون بہنا - خون جاری ہونا بھی دیکھئے)

گرمی

ڈورلفورا - جسم کے مختلف حصوں منہ، گلا، حلق، معدہ، پیٹ، امعاء مستقیم اور چھاتیوں میں جلن -

کیمفر۔ اندرونی طور پر گرمی باہر کی طرف ٹھنڈ۔
ورٹیرم البم جلن جبکہ ٹھنڈے پسینے آ رہے ہوں۔ سردی اور گرمی بادل بدل کر۔
سلفر۔ گرمی کے جھونکے۔ گرمی کی لہر جسم کے کسی بھی حصہ میں جو بالآخر پسینہ میں تبدیل ہو جائے۔ ٹکیوں میں گرمی۔ پاؤں کے تلوؤں اور ہاتھوں کی ہتھیلیوں میں گرمی۔
آرسینکم البم۔ متواتر جلن دار گرمی جس کو گرم پٹیوں یا گرم کمرہ میں افاقہ ہو۔ لیکن سر کی اندرونی جلن۔ ٹھنڈے پانی سے دھونے سے افاقہ پذیر ہوتی ہے اور گنٹھیاوی حالت میں جو طور پر اور بیرونی اعصاب کو متاثر کرتی ہے۔ ایسی جلن کو گرمی سے افاقہ ہوتا ہے۔
ایکونائیٹ ایف۔ بے چینی کیساتھ جلندار گرمی۔ ٹھنڈی چیزیں لگانے یا کھلی ہوا میں افاقہ۔
لیکٹک ایسڈ۔ ذیابیطس کے دوران جلن۔
فاسفورس۔ جسم کے کسی بھی حصہ میں جلن۔ ہذیان یا ذہنی بگاڑ۔ ٹائیفائیڈ۔ چکن دار داد۔ مالش کرنے پر افاقہ
امونیم میور۔ تمام جسم میں ابلنے کا احساس جیسے کہ خون کی وریدوں میں ٹھنڈے حساس کھلی ہوا میں تکالیف بڑھیں۔ گرمی کے جھونکے جو پسینے میں تبدیل ہو جائیں۔
سیپیا۔ ہاتھ گرم اور پاؤں ٹھنڈے یا اسکے الٹ یہ اس کی نمایاں علامات ہیں۔
پلسٹیلا۔ صرف ایک حصہ کی گرمی جب کہ دوسرا حصہ ٹھنڈا ہو۔
تھریڈین۔ کر میں جلن آواز اور چھونے پر انتہائی حساس۔
لائیکوپوڈیم۔ کندھوں کے دوران خاص طور پر جلن۔
میڈورینم۔ پاؤں کے تلوؤں میں جلن۔ کمر کے گرد جلن دار گرمی جیسے کہ کمر دہکتے کوئلوں پر رکھی ہوئی ہو۔
اگنیشیا۔ ایک کان اور ایک گال کا رنگ سرخ اور دہکتا ہوا۔
آرسنکس ورر۔ منہ، زبان۔ گلے سے معدہ تک جلن۔ جب اسہال میں مبتلا ہو تو بازوؤں میں جلن۔
ایپس ایم۔ سرخی اور سوزش ڈنگ لگنے جیسے درد اور جلن دار درد چبھو۔ آنکھوں پپوٹوں ہونٹوں۔ زبان۔ گلے۔ بازوؤں اور خصیوں میں ہو۔

بیلاڈونا۔ سرخی کے ساتھ شدید جلن۔ چھونے پر شدید گرم۔

بکرک ایسڈ۔ تھوڑا سا مطالعہ کرنے پر بھی ریڑھ میں جلن۔ ذہنی مشقت پر جلن۔ تکلیف کے بستر پر جلن۔

ٹیلیپائی۔ جلد اور چہرے کی جلن دار جلن۔ سانس نتھنوں کو بھی جلادے۔

ٹیریبنتھینا۔ جسم کے تمام حصوں اور سوراخوں میں جلن۔ معدہ۔ امعاء مستقیم۔ مثانہ اور رحم میں جلن۔

فلورک ایسڈ شام کے وقت جسم میں شدید گرمی نکلنے کا احساس بغیر درجہ حرارت بڑھنے کے۔ پاؤں جلیں اور بستر سے باہر رکھنے پڑیں۔ رات کے وقت وہ سر اور چہرہ کو دھونا چاہے۔

ناجا۔ چہرے اور سر پر متواتر گرمی۔ ہتھیلیوں کی سوزش۔ حرارت ناقابلِ برداشت۔ گرم لوہے کا احساس۔

روٹا۔ آنکھوں میں حرارت اور آگ کا احساس۔

الیومنا سلیکٹا۔ شدید گرمی طاقت ہی کو سلب کرلے یا کمزور کردے۔ بمشکل چل سکے اور ریڑھ میں شدید جلن۔

لیکسس۔ دن کے وقت گرمی کے جھونکے اور رات کے وقت ٹھنڈک کے جھونکے۔ بیخوابی۔

ہک ورم

تھائیمول۔ ہک ورم کے لئے مخصوص دوائی ہے، ۶ طاقت میں دن میں دو دفعہ یعنی صبح شام دیجئے۔

چینوپوڈیم۔ ہک ورم کیلئے۔ اتنے سے مدر ٹنکچر صرف تین خوراکیں دیجئے ہر دو گھنٹے بعد ایک خوراک دیجئے۔

کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ۔ یہ ہک ورموں کے لئے بہترین دوائی ہے۔ جس ملک میں بہت زیادہ ہک ورم ہوں وہاں پر دی جائے۔ ۳-سی سی کی ایک خوراک جوان آدمیوں کے لئے ۹۵ فیصد ہک ورم اس سے ٹھیک ہوجاتے ہیں۔

ہارمونز

یہ تعریف ایسی اندرونی افرازات کے لئے جس میں بغیر نالی کے غدودوں میں سے ایڈرینالین۔ تھائیرائیڈین۔ انسولین۔ وغیرہ اندرونی طور پر خارج ہوتی ہیں۔ جب یہ بے نالی کے افرازات کم ہوجائیں تو مخصوص قسم کی بیماریاں لاحق ہوجاتی ہیں جن کا علاج ان غدود کو ٹھیک کرنے سے مناسب ہومیوپیتھک ادویات کے استعمال سے ہی ہو سکتا ہے۔

یہ تعریف ایسی اندرونی افرازات کے لئے ہے جس میں بغیر نالی کے غدودوں میں سے ایڈرینالین تھائیرائیڈین ۔ انسولین وغیرہ اندرونی طور پر خارج ہوتی ہیں جبکہ کسی وجہ سے یہ بے نالی غدود کی افرازات کم ہو جائیں تو مخصوص قسم کی بیماریاں لاحق ہو جاتی ہیں ۔ جن کا علاج ہومیوپیتھک ادویات کے استعمال سے ان غدود کو ٹھیک کرنے پر ہو جاتا ہے ۔ مثال کے طور پر بالوں کا قبل از وقت سفید ہو جانا اور گنجا پن تھائیرائیڈ غدود کی کمی کی وجہ سے ہوتا ہے ۔ تھائیرائیڈ ۳۰ × ۲۰۰ × میں صرف بالوں کو گرنے ہی سے نہیں روکتا بلکہ قدرتی رنگ بحال کرنے میں مدد کرتا ہے ۔ اسی طرح انسولین ۳۰× یا ۲۰۰ × ذیابیطس میں بطور عمل انگیز کے کام کرتی ہے اور ان غدودوں کو انسولین بنانے کے اہل بناتی ہے ۔

سوزش

بیلاڈونا ۔ جب سوزش سرخ ہو ، جلن کے ساتھ اور ٹپکن دار درد ۔ سوزش زدہ حصے چھونے پر بہت گرم محسوس ہوں ۔

ایپس ایم ۔ پھولی ہوئی سوجن جیسے کہ مکھیوں کے کاٹنے سے ہو ۔ پیشاب کم مقدار میں اوپر کے ہونٹ کی سوزش بغیر کسی چیز کے کاٹنے سے ۔

کلکیریا کارب ۔ جب سوزش زدہ جگہ سخت ہو تو ۲۰۰ × دن میں ۳ دفعہ دیجئے ۔

تھائیڈائیڈینیم ۔ ناٹیریا میں (ایک قسم کے ورم جو جلد کے نیچے اکٹھے ہو کر سوزش پیدا کرتے ہیں) سوزش بلا درد ہوتی ہے ۔

آرم سلف ۔ بغل کے غدود اور پستانوں کے غدود کی سوزش ۔

لائیکوپس ور ۔ سوزش درد کے ساتھ ۔ اس دوائی سے درد مکمل طور پر ہٹ جاتی ہے اگرچہ بلا درد سوزش رہتی ہے ۔

چوٹیں ۔

ہائیپریکم ۔ جب نرم حصے کے ساتھ اعصاب کو بھی چوٹیں آئیں جیسے کہ ناخنوں کا کچلے جانا ۔

سوئیاں لگنا۔ پنیں چبھ جانا۔ کیڑے مکوڑوں کا کاٹنا اور جانوروں کا کاٹنا۔ چھدے ہوئے۔ پھٹے ہوئے۔ یا زخمی حصوں کے لیے شاندار دوائی ہے۔ جن میں اعصاب بہت زیادہ ہوں جیسے کہ ہونٹ اور انگلیوں کے سرے۔ یہ ریڑھ ہڈی کے زخم اور دُمچی کی ہڈیوں کے زخموں کے لیے بھی مفید ہے ٹیٹنس کو روکنے کیلئے فوراً لیڈم پال دیجئے۔ ٹیٹنس کے دوران ناقابلِ برداشت تکلیف کی موجودگی میں جو کہ چوٹ کی وجہ سے ہو۔ پرانے زخموں کے نشانوں میں درد جسم کے ساتھ چلیں اعصاب کے ساتھ ساتھ۔

• سمفائیٹم۔ کُند آلات کے لگنے سے زخم۔ اپریشن کے بعد پر درد ٹنڈ۔ جب بند حصوں کے زخم میں روٹا ناکام ہو جائے تو یہ دی جائے۔ آہستہ آہستہ زخم مندمل ہوں گے۔

سٹیفسگیریا۔ تیز دھار کے آلے زخموں میں یا جب سوراخوں میں ڈنگ لگنے والے جلن دار درد یا کسی سرجن کے کئے ہوئے غیر صحت مند زخم ہوں۔

لیڈم پال۔ سوراخ والے زخموں کے لیے جو چھونے پر ٹھنڈے محسوس ہوں اور مریض کو بھی ٹھنڈے محسوس ہوں۔ لیکن ٹھنڈی پٹیاں لگانے سے افاقہ محسوس ہو۔ زخم جن میں سے خون کم نکلے۔ درد سوجن اور ٹھنڈک ہو۔ چوٹ لگنے پر سیاہ آنکھ کی طرح کا نشان۔ زنگ آلود میخوں کی وجہ سے ہونے والے زخم کیل یا میخ پر پاؤں رکھنے کی وجہ سے ہاتھوں یا پاؤں کی تلیوں میں زہریلے زخم ہو زخم ہو جائیں۔ یہ ٹیٹنس کو روکتی ہے لیکن جب ٹیٹنس شروع ہو جائے تو ہائیپریکم دوائی کرتی ہے۔ بیمار شدہ بازو کا زخم یا چھدنے کے بعد تباہ ہونے کی حالت میں مفید ہے۔

ایناکارڈیم۔ جب بند حصے متاثر ہو چکے ہیں۔

ارسٹولوکیا۔ جوتے کے لگنے کی وجہ سے۔ گھوڑے کی پیٹھ کے لاگے کی وجہ سے کشتی رانی یا باغ میں کام کرنے کی وجہ سے چھالے یا زخموں وغیرہ کیلئے مفید ہے۔

روٹا۔ موچ یا موچ کے بعد گلٹیاں۔ موچ کے بعد لنگڑا پن خاص طور پر ٹخنوں اور کلائیوں میں۔ زخموں یا موچ کی وجہ سے ہڈیوں پر بند حصوں کا الگ ہو جانا۔ فٹ بال اور ہاکی کے کھلاڑیوں کے پاؤں پر چوٹیں بڑی تیزی سے ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ ہڈیوں۔ بند حصوں اور کرکری ہڈیوں کی چوٹوں کیلئے مفید ہے۔

آرنیکامانٹ - شدید درد کی وجہ سے انتہائی حساس۔ گنٹھیا۔ چوٹ یا دوسرے زخموں کے لئے مفید ہے۔ نرم حصوں میں زخموں کے لئے۔ طاقت سے زیادہ مشقت - دباؤ اور موچ کے لئے تمام جسم دُکھے موچ کے۔ سیاہ یا نیلے نظر آنے والے نشان اس سے ٹھیک ہو جاتے ہیں ۔

کیلنڈولا - تیز دھار آلوں کے زخموں کے لئے مفید ہے ۔

ایلیم سیپا - اپریشن کے بعد ڈنگ لگنے جیسی دردیں - جلن دار دردیں ۔

رسٹاکس - موچ اور طاقت سے زیادہ وزن اٹھانے کے لئے شاندار دوائی ہے جب پٹھوں اور بند حصوں میں موچ آجائے اور آرنیکا ناکافی معلوم دے ۔

کلکیریا فاس - جب ہڈیاں ٹوٹ جائیں یہ دوائی۔ آرنیکا - ا۔ ایم سے بدل کر دی جا سکتی ہے روٹا اور سمفائیٹم ہر دوسرے روز ا۔ ایم طاقت میں استعمال کرائی جائیں ۔

پی اونیا - دباؤ سے ناسور جیسے کہ بستر پر پڑے رہنے سے زخم ہو جائیں یا تنگ جوتے پہننے سے زخم ہو جائیں ۔

بیلس پرینس - زخموں اور موچوں کے لئے شاندار دوائی ہے جس میں چھونے سے تکلیف ہو۔ یہ خون کی نالیوں اور اعصاب کو متاثر کرتی ہے۔ بیلس اس میں آرنیکا اور ہائپریکم کی خصوصیات ہوتی ہیں۔ چوٹ لگنے پر پستانوں کا سخت ہو جانے کے لئے مفید ہے ۔

کروکس - پیپ دار زخموں کے لئے ۔

ٹانگوں کا خم کھانا

چلتے وقت گھٹنوں کا رگڑ کھانا

ٹیوبر کولینیم x200 - اس دوائی سے علاج شروع کیا جائے اور ہر ماہ ایک خوراک دی جائے باقی وقت درج ذیل ادویات دی جائیں سوائے ٹیوبر کولینیم دینے کے دو دن پہلے اور دو دن بعد یعنی ٹیوبر کولینیم دینے کے دو دن پہلے - دو دن بعد کوئی دوائی نہ دیں ۔

کلکیریا فاس - کافی لمبے عرصہ تک دن میں تین دفعہ دی جائے ۔

لیتھائیرس - چلتے وقت گھٹنے آپس میں رگڑ کھائیں ۔ لنگڑا کر چال۔ سختی اور ٹانگوں میں اینٹھن ۔

علیلیشیا - ۲۰۰x - بعض اوقات یہ دوائی بھی دی جائے۔ پیوبر کولینم کی جگہ جب اس کی ضرورت پڑے۔

سُستی - خون میں سفید ذرّات کا بڑھ جانا

آرسینکم البم - زرد - کمزوری - چھوٹا سانس - دل کا عمل کمزور - خون میں بہت تبدیلیاں - غدود بڑھے ہوئے۔ اس کی نمایاں علامات - بے چینی - سہ پہر اور آدھی رات کے بعد زیادتی۔ اعصابی پریشانی اور پشیمانی کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے۔

چائنا - جب بخار کی درایت یعنی جب دورے دار بخار، سردی - تلی کا بڑھنا نمایاں علامات ہوں پاخانے درہم برہم اور جلد گرم اور خشک۔

فیرم فاس - قلت خون - خون کے بہہ جانے اور عام کمزوری اور قبض - نوجوان لڑکیوں میں سبز یرقان جن میں حیض دیر سے آئے۔

فاسفورس - مریض بہت ڈھیلا ڈھالا اور کمزور - تھوڑی سی مشقت سے دل کی دھڑکن اور چھوٹا سانس - پتلے اور بدبودار پاخانے جن کے بعد شدید کمزوری ہو۔

آرسنک آیوڈ - کھانے کے بعد دی جا سکتی ہے۔

نیٹرم میور - جب مریض کا رنگ مٹی جیسا زرد - جلد گریس دار ٹھنڈک کے ساتھ سردی، ٹھنڈے پاؤں اور کمر سے نیچے تک سردی۔

کلکیریا کارب
کلکیریا آیوڈ } خاص طور پر جب ملف غدود خاص طور پر سروکیل غدود ملوث ہوں کمزور کر دینے والا پسینہ۔

نیٹرم آرسنکم
نیٹرم سلف } شدید قسم کے لیوکیمیا میں دی گئی ترتیب میں دی جائیں۔

سینوتھس - قلت خون میں تلی کے بڑھ جانے کے لیے مخصوص ہے اس کے پانچ قطرے مدر ٹنکچر کے فی خوراک دیئے جائیں۔

جوئیں۔

سٹیفسگیریا۔ جب جوئیں زیرِ ناف پائی جائیں یہ سر کی جوؤں کے لیے بھی مفید ہے۔

لائیکوپوڈیم۔ جلد کی جوئیں۔ جلد کی جوؤں کیلئے مخصوص ہے۔ جوؤں کے بچوں کیلئے ـــــ یعنی بڑھتی ہوئی جوؤں کے لئے۔

سورائینم۔ سر کے بالوں کی جوئیں۔ اگر یہ ناکام ہو جائے تو کاربالک ایسڈ استعمال کیجئے۔

کاربالک ایسڈ۔ یہ دوائی جوؤں کے لیے شاندار دوائی ہے۔

چہرے کی جلد کا دق۔

بیسیلینم۔ اس دوائی سے علاج شروع کرنا چاہیئے۔ یہ ۲۰۰x میں دی جائے۔ اس کے ایک ہفتہ بعد دوسری ادویات دی جائیں۔

ریڈیم برومائیڈ۔ چہرے کی دق کے لیے چوٹی کی دوائی ہے۔

آرسینکم البم۔ شدید کمزوری۔ بے چینی۔ گرم چیزیں لگانے سے افاقہ اور ٹھنڈی چیزیں لگانے سے زیادتی۔

الیومن
الیومنا } چہرے کا دق۔ ناک کا کینسر مُردہ کی طرح چہرہ زرد۔ ہونٹ نیلے۔

نوٹ:۔ اوپر دی گئی ہر دوائی کو کافی عرصہ کیلئے استعمال کیا جائے تاکہ نتائج خوشگوار نکل ہو سکیں یعنی کم عرصہ دوائی استعمال کرنے سے کوئی اثر ظاہر نہیں ہوگا۔

سوکھا مسان (بھریاں بھی دیکھئے)

میگنیشیا کارب۔ بچے جن میں پشت کی ہڈی کے ذوبنے یا سر کی پشت اور اس کھوپڑی کی ہڈی سے اوپر ابھر کر ایک گڑھا پڑ جائے۔ یہ حالت عموماً ناجائز بچوں (اولادِ الزنا) میں پائی جاتی ہے جو چوری چھپے مجامعت کے نتیجے کے طور پر پیدا ہوتے ہیں۔

ابروٹینم - بچے جن میں ٹانگوں کی کمزوری نمایاں - جلد ڈھیلی اور جھریوں کی صورت میں ڈھلکے سر کمزور اس کو اوپر نہ اٹھا سکے -

کلکیریا فاس - سوکھا مسان کے لئے شاندار دوائی ہے - یہ ۶x میں دی جانی چاہیئے - جلد خشک اور جھری دار ہو -

نیٹرم میور - بچوں میں گردن کا سوکھا مسان - پانی کی شدید کمی غمگین اور حسرت بھرے انداز میں دکھائی دے - بچہ چھوٹا بغیر بالوں کے بندر دکھائی دے -

سلفرک ایسڈ - بچہ بوڑھا، گندا اور گریس لگا نظر آئے - بڑھتی ہوئی کمزوری، جلد کھردری، جھری دار گردن اور ہاتھوں کے قریب جھریں - ذہنی طور پر ضدی اور خود سر متواتر بدلتا رہے - رات کے وقت سر کو پسینہ آئے جو تکیہ کو تر کر دے - پاؤں کا پسینہ بدبو دار -

سینی کولا - بچہ کمزور ہو رہا ہو - شدید بھوک یعنی زیادہ کھائے پیئے -

آئیوڈم - جب سوکھے مسان کا رجحان ہو تو یہ دوائی کارآمد ہوتی ہے - چڑچڑاپن بچہ قریب پھٹکنے نہیں دیتا - یعنی بچہ نہیں چاہتا کہ کوئی اس کے قریب آئے لیکن پھر بھی دبلا پتلا - بگڑے ہوئے اور سوجے ہوئے جوڑ -

برٹیا کارب - بچوں کی لاغری بلوغت کی عمر میں - موٹے تازے خوش خوراک لوگوں کا آہستہ آہستہ پتلے ہونا - بڑھے ہوئے غدود اور پیٹ کے ساتھ بچوں کا کمزور ہونا -

آئیوڈم - جب سوکھے مسان کا رجحان ہو تو یہ دوائی کارآمد ہوتی ہے - چڑچڑاپن - بچہ اپنے قریب پھٹکنے نہیں دیتا یعنی بچہ نہیں چاہتا کہ کوئی اس کے قریب آئے - بہت زیادہ کھائے، لیکن پھر بھی دبلا رہے - بگڑے ہوئے اور سوجے ہوئے جوڑ -

ٹیوبرکولینم - یہ بطور عمل انگیز دوائی کے دی جاتی ہے ہر ہفتہ ایکبار ۲۰۰ طاقت میں دیجائے -

کنپٹیوں کی ہڈیوں کی سوزش

کیپسیکم - سوزش چھونے پر درد کرے - کنپٹیوں کی ہڈیوں کا گلنا سڑنا -

سیلیشیا۔ کنپٹی کی ہڈی گلنا سڑنا۔
پلاٹینیا۔ کنپٹی کی ہڈی کا سُن ہونا کنپٹی کی ہڈی کے ابھار میں شدید سُن ہونے کا رجحان جیسے کہ سر کے ساتھ سختی سے شکنجہ کس دیا گیا ہو۔
کینتھرس۔ پھاڑنے والی دردیں جیسے کہ ہڈی ٹکڑوں میں ٹوٹ جائیگی۔
مرک آئیوڈ۔ کنپٹی کی ہڈی کی سوزش۔
بیلاڈونا۔ ابتدائی دور میں جب سوزش ہو اور سُرخی ہو۔
فلورک ایسڈ۔ کنپٹی کی ہڈی کا پھوڑا متواتر گاڑھی زرد پیپ نکلے۔ ذیابیطس بہت زیادہ سفید ٹوگر اور پیاس۔ شدید جنسی تحریک یعنی مجامعت کی خواہش۔

ٹانگ کی ایک سوجن

جو خون کی نالیوں میں رکاوٹ پر واقع ہوتی ہے۔

پلسٹیلا۔ مذکورہ بالا مرض کے لیے چوٹی کی دوائی ہے۔ زردی مائل سفید سوجن۔ درید کے تننے کے ساتھ ساتھ درد اور دکھن۔ ٹھنڈ محسوس کرے۔ لیکن ڈھانپا جانا پسند نہ کرے۔
